حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ کا مجموعہ

# دعواتِ عبدیت

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبۂ تھانوی
مولوی مسافر خانہ ایم اے جناح روڈ کراچی ۱
فون: ۲۷۷۶۲۰ - ۲۷۰۰۹۴

کتب خانہ اشرفیہ
قاسم سینٹر، دوکان نمبر ۳۳، اردو بازار کراچی
فون: ۲۲۱۳۰۵۸

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً

(رواہ البخاری)

دعواتِ عبدیت جلد پنجم کا

پہلا وعظ ملقب بہ

# ضرورۃ العلماء

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ


ناشر محمد عبد المنان غفرلہٗ

## مکتبۂ تھانوی — دفتر الابقاء

مسافر خانہ بندر روڈ کراچی ۱

ایم۔ اے جناح روڈ

# دعوات عبدیت جلد پنجم کا

## پہلا وعظ ملقب بہ

# ضرورۃ العلماء

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تخمیناً تعداد | متفرقات |
| خورجہ چوپال رحمت اللہ خان صاحب | ۸ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۰ھ اتوار | ۳ گھنٹے | کھڑے ہو کر | دنیا میں سب سے زیادہ ضرورت علماء دین کی ہے | سعید احمد تھانوی | ۲۰۰ دوسو | |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اَمَّا بَعْد فَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً ط اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ○ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِھَا وَادْعُوْہُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ○

(تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو عاجزی سے بھی اور چپکے چپکے بھی (واقعی اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ناپسند کرتے ہیں جو دعا میں حدادب سے نکل جاویں اور دنیا میں بعد اُس کے کہ اس کی درستی کردی گئی ہے فساد مت پھیلاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس سے ڈرتے رہو اور اس سے امیدوار ہوتے ہوئے بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں سے)

ہرچند کہ اس وقت میں نے دو آیتیں پڑھی ہیں جن کے سننے کے بعد یہ انتظار ہوگا کہ ان دونوں کی تفسیر بیان کی جائے گی۔ مگر اس وقت مقصود ان آیات کے مدلول میں سے صرف ایک ہی جزو کا بیان کرنا ہے یعنی لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ کا کہ اس سے ایک دعوے کا مستنبط کرنا ہے باقی اس جزو کے سیاق وسباق کو اس دعوے کے لئے مؤید بنانا ہے اور اس سیاق وسباق سے اس دعویٰ پر استدلال کرنا ہے وہ دعوےٰ جس کو ثابت کرنا ہے نہایت عجیب ہوگا مگر بالکل سچا اور مانوس اور واقع کے مطابق ہوگا اور اگر غور کیا جائے گا تو معلوم ہوگا کہ وہ دعوےٰ پہلے کے نزدیک مسلّم تھا مگر عدم تدبر کی وجہ سے متکلم فیہ ہوگیا ہے بلکہ اس سے بڑھ کر بعض السنہ پر اس کی ضد کا دعویٰ ہونے لگا ہے لیکن اگر ذرا تدبر سے کام لیا جائے گا تو وہ دعویٰ بالکل فطری معلوم ہوگا۔ علماء کے نزدیک تو اس کا فطری ہونا مسلّم ہی ہے لیکن مدعیانِ عقل کے نزدیک بھی اس سے انکار نہ ہوسکے گا۔ مگر پھر بھی اُس دعوے کو عجیب اس لئے کہا کہ اس وقت قلّت علم سے بکثرت لوگوں کو اُس میں تعجب ہونے لگا ہے چاہیئے تو یہ تھا کہ وہ عقائد میں داخل ہوتا مگر اس وقت اس کی ضد عقائد میں داخل ہوگئی ہے توچونکہ وہ عام خیالات کے خلاف ہے اور دنیا کا اکثر حصہ اس وقت عامیوں ہی کا ہے اس لئے وہ دعوےٰ اس وقت عجیب ہوگیا اور وہ دعوےٰ اس سوال کا جواب ہے کہ دنیا میں سب سے زیادہ ضروری وجود کس کا ہے اور وہ ضرورت بھی دنیوی حیثیت سے جس کے لوگ طالب ہیں نہ کہ دینی حیثیت سے جس کو ترک کردیا گیا ہے اور اس قید سے ظاہر ہے کہ یہ سوال

عام لوگوں کی نظر میں نہایت باوقعت و قابل اہتمام ہوگا کہ وہ کونسی چیز ہے کہ فلاح دنیوی کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے۔

سو جواب اس سوال کا یہ ہے کہ فلاح دنیوی کے لئے بھی سب سے زیادہ ضروری وجود جماعت علماء کا ہے اور اس دعوے کا عام خیالات کے خلاف ہونا ظاہر ہے کیونکہ عموماً لوگ ان کو نکما سمجھتے ہیں پھر ان میں جو بے باک ہیں وہ تو صاف کہتے ہیں کہ یہ لوگ ایسے نکمے ہیں کہ انھوں نے دوسروں کو بھی نکما کر دیا اور جو ذرا تہذیب سے کام لیتے ہیں وہ عام مجمعوں میں تو ایسا نہیں کہتے مگر اس عقیدے کے جو آثار ہیں وہ ان میں بھی پائے جاتے ہیں۔ اور جب آثار پائے جاتے ہیں تو وہ بھی عملاً مدعی ہیں اور دعوے عملی قولی دعوے سے زیادہ قوی ہوا کرتا ہے۔ مثلاً ایک شخص تو یہ کہے کہ میں پانی پیوں گا اور ایک جا کر پی ہی لے تو اگرچہ دوسرے نے زبان سے پانی پینے کا دعوٰے نہیں کیا لیکن اس کا عمل پہلے کے لسانی دعوے سے زیادہ قوت کے ساتھ اس کے دعوے کو ثابت کر رہا ہے اور وہ آثار جو اس عقیدے کے خواص میں سے ہیں یہ ہیں کہ وہ شخص جو کہ اس مضمون کا کہ یہ جماعت نکمی ہے معتقد ہوگا وہ اس جماعت سے معرض ہوگا اور اس کی طرف متوجہ ہونے کو پسند نہ کرے گا بلکہ دوسروں کو بھی اس جماعت کے ساتھ تعلق رکھنے سے روکے گا اب دیکھ لیجئے کہ عقلاء زمانہ میں یہ آثار پائے جاتے ہیں یا نہیں اور وہ ان امور کے مرتکب ہیں یا نہیں سو ظاہر ہے کہ یہ آثار واقع ہو رہے ہیں اس لئے میں کہتا ہوں کہ عام طور پر یہ لوگ اس جماعت کو ناکارہ سمجھتے ہیں اس لئے یہ دعوٰے کہ سب سے زیادہ ضروری وجود ان ہی کا ہے اس طور پر عجیب ہوگیا۔ اب میں اس دعوے کے اثبات کی تقریر کرتا ہوں مگر اس دعوٰے کے اثبات سے پہلے میں ایک اور بات دفع توحش کے لئے یہ کہتا ہوں کہ اس کے ثابت کرنے سے مجھ کو یہ کوشش کرنا مقصود نہیں ہے کہ سب مولوی ہو جائیں۔ ممکن تھا کہ اس جماعت کو سب سے زیادہ ضروری الوجود سن کر لوگوں کو یہ خیال پیدا ہوتا کہ اب یہ رائے دی جائے گی کہ سب لوگ مولوی ہو جاؤ

اس لئے رفع وحشت کے واسطے ابھی سے کہے دیتا ہوں کہ میرا یہ مقصود نہیں ہے بلکہ مقصود یہ ہے کہ مسلمانوں میں ایک ایسی جماعت بھی رہنا چاہیئے اور دوسرے لوگوں کو اس جماعت سے وابستگی رہنا چاہیئے اب تو وحشت بالکل دور ہوجانا چاہیئے کیونکہ سب کو مولوی نہیں بنایا جاتا صرف تنی اصلاح کی جاتی ہے کہ ان لوگوں کو بیکار نہ سمجھو سو اس سے آپ کے کسی کام میں یا کسی قسم کی ترقی میں کسی نوکری میں کوئی فرق نہیں آتا ہاں ایک غلط خیال میں جو آپ مبتلا ہیں اس سے وہ غلطی جاتی رہے گی نیز اس جماعت کے فیوض سے اس وقت جو آپ محروم ہیں جب آپ کو ان کے ساتھ وابستگی ہوگی تو آپ ان کے فیوض سے متمتع ہوں گے۔ البتہ موجودہ حالت میں اور اس حالت میں ایک فرق ضرور ہوگا خواہ اس کو آپ دنیوی ضرر یا ترقی کی کمی سمجھ لیں تو ممکن ہے اور وہ فرق یہ ہے کہ اس وقت آپ تعزیرات الٰہیہ کے بہت سے جرائم میں مبتلا ہیں وہ اس وقت چھوٹ جائیں گے تو اس کو آپ خواہ نفع سمجھیں یا نقصان۔ آپ کے عادات میں بھی تغیر و تبدل ہوگا لیکن نہایت لطف اور تدریج نرمی کے ساتھ اس کی تائید یہ ہے کہ آپ دیکھیں عقل کا فتویٰ یہ ہے کہ اگر کوئی کسی جرم کا مرتکب ہو تو اس کو فوراً چھوڑ دینا چاہیئے لیکن قواعد شریعت بعض معاصی کی نسبت جو کہ جرائم ہیں یہ تجویز کرتے ہیں کہ چھوڑنے میں جلدی نہ کرو پہلے کوئی اس کا بدل تجویز کرلو اور اس زمانے تک اپنے کو گنہگار سمجھ کر استغفار کرتے رہو پھر جب دوسرا انتظام ہوجائے تو اس کو چھوڑ دینا بھلا دنیا کا کوئی قانون بھی ایسا ہے جس میں یہ سہولت ہو واللہ العظیم شریعت میں وہ حسن و جمال ہے وہ لطف ہے کہ اس کی نسبت بیساختہ یہ شعر زبان سے نکلتا ہے ؎

زفرق تا بہ قدم ہر کجا کہ می نگرم کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست

(چوٹی سے لیکر ایڑی تک جہاں بھی غور کرتا ہوں ہر خوبی دل کو کھینچتی ہے کہ اس کو دیکھو یہی قابل دید ہے)

مگر افسوس کہ لوگوں نے کبھی شریعت کو تحقیق کی نظر سے نہیں دیکھا اس لئے وہ لوگوں کو

ایک خونخوار دیو نظر آتا ہے۔ صاحبو! شریعت آپ کی دستگیری کرنے والی ہے بعض جرائم تک میں مثلاً ناجائز نوکری میں یہ اجازت ہے کہ اگر اس وقت کوئی دوسرا انتظام نہیں ہو سکتا اور کوئی سبیل نہیں نکل سکتی تو پہلے اس کا انتظام کر کے پھر چھوڑ دینا اور اگر اس پر بھی شریعت سے وحشت ہوتی ہے تو ہم ذمہ دار نہیں۔ غرض علم واہلِ علم کے ساتھ تلبس رکھنے سے کوئی دنیوی ضرورت ومصلحت فوت نہیں ہوتی صرف جرائم کا انسداد ہوگا اور وہ بھی اس لطف کے ساتھ سو اس کی نسبت میرا یہ کہنا کہ اس جماعت کے ساتھ وابستگی کرنے سے اتنا نقصان ہوگا کہ یہ جرائم چھوٹ جائیں گے ایسا ہے جیسے کسی شاعر نے کہا ہے کہ ؎

وَلَا عَیْبَ فِیْھِمْ غَیْرَ اَنَّ سُیُوْفَھُمْ

بِھِنَّ فُلُوْلٌ مِّنْ قِرَاعِ الْکَتَائِبِ

(ان لوگوں میں اس بات کے سوائے اور کوئی عیب نہیں ہے کہ دشمنوں کی گردنیں کاٹتے کاٹتے ان کی تلواروں کی دھاریں دندانے پڑ گئے یعنی وہ بہت بہادری سے لڑتے ہیں )

یہ تو جملہ معترضہ کے طور پر تھا اب اس دعوے کو عرض کرتا ہوں اور احتیاطاً پھر کہے دیتا ہوں کہ آپ اس دعوی سے متوحش نہ ہوں کہ شاید سب کو مولوی بنانا مقصود ہے۔ میں ہرگز سب کو مولوی نہیں بنانا البتہ جس غلط دعوے کے آپ معتقد ہیں کہ علماء کو نکما سمجھتے ہیں اس کو بدلنا چاہتا ہوں۔ واقعی ہمارے عقلاء میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کا یہ خیال ہے کہ اولاً علماء عموماً پھر ان میں وہ علماء خصوصاً جو کہ درس وتدریس میں مشغول ہیں محض بیکار ہیں کیونکہ واعظین کو تو بعضے کام کا سمجھتے بھی ہیں سو کتنے افسوس کی بات ہے کہ جو کام سارے کاموں سے زیادہ ضروری ہو اسی کو سب سے زیادہ بیکار کہا جائے۔ صاحبو! افسوس ہے کہ آپ کے ہم وطن ہندوؤں نے تو تعلیم کے اہم ہونے کو محسوس کیا کہ ان میں بکثرت لوگ امتحان سے فارغ ہو کر اس کی کوشش کرتے ہیں کہ ایک بڑی جماعت سررشتہ تعلیم میں داخل ہو اس لئے کہ سب شاخیں اسی کی فرع ہیں

تعلیم میں اپنا دخیل ہونا ذریعہ ہے ترقی قومی کا مگر ہم کو اب تک بھی اس کی خبر نہیں اور پھر بھی اپنے کو عاقل سمجھے ہوئے ہیں۔ تعلیم کی حالت دوسرے کاموں کے مقابلہ میں ایسی ہے جیسے انجن کا پہیہ کہ اسی کے چکر پر تمام گاڑیوں کو حرکت ہوتی ہے اگر اس کی حرکت بند ہو جائے تو تمام گاڑیوں کی حرکت بند ہو جائے گی مگر اس کی ضرورت کا احساس لوگوں کو اس واسطے نہیں ہوتا کہ جو چیز مدار کار ہوا کرتی ہے وہ اکثر لطیف زیادہ ہوا کرتی ہے جیسے گھڑی کا فنر اور بال کمانی کہ گنوار آدمی گھڑی کو دیکھ کر سب سے بڑی چیز اس کے گھنٹے کو سمجھتا ہے لیکن حقیقت شناس جانتے ہیں کہ گھنٹہ کی حرکت کا مدار فنر پر ہے اگر فنر کی حرکت بند ہو جائے تو گھنٹہ کو ایک دفعہ بھی حرکت نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح درس و تدریس سب محکموں کی روح ہے خواہ تقریر ہو خواہ تحریر خواہ تصنیف سب اسی تعلیم کی فرع ہیں، مگر اس وقت سب سے زیادہ اسی کو بیکار سمجھ رکھا ہے اور علامت اس کی یہ ہے کہ عام طور سے لوگوں کی نظر میں علماء کی وقعت کم ہے اور اس علامت کی بڑی علامت یہ ہے کہ اپنی اولاد کے لئے علمِ دین بہت کم تجویز کیا جاتا ہے۔ پھر ان میں بعض لوگ ایسے بھی ہیں کہ وہ مدارس میں چندہ بھی دیتے ہیں اور مدارس دینیہ کی ضرورت بقاء کو لساناً تسلیم کئے ہوئے بھی ہیں جن کے لئے اہل مدارس ان کے بڑے بڑے شکریئے ادا کرتے ہیں تاکہ ان کو زیادہ دلچسپی ہو لیکن واقع میں ان کو دلچسپی کچھ بھی نہیں ہوتی۔ صاحبو! دلچسپی اس کو کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فقر محبوب تھا تو اپنی اولاد کے لئے بھی اس کو قولاً و عملاً اختیار کر کے دکھلا دیا قولاً تو یہ کہ خدا تعالیٰ سے دعا کی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا (اے اللہ اولاد محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رزق بقدر کفایت مقرر فرما) اور عملاً یہ کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا جو سب خاندان سے زیادہ محبوب تھیں اور جن کے لئے آپ فرطِ محبت سے سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے اور جن کے لئے آپ نے یہ فرمایا کہ سَيِّدَةُ النِّسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطِمَةُ (اہل جنت کی عورتوں کی سردار فاطمہ رضی اللہ عنہا ہیں) نیز حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

جب نکاحِ ثانی کا قصد فرمایا تو آپ نے یہ فرمایا کہ یوذینی ما اذاھا (تکلیف دیتی ہے مجھے وہ چیز جو فاطمہ رضی کو تکلیف دیتی ہے) اتنی پیاری بیٹی نے جب ایک مرتبہ چکی چلانے سے ہاتھوں میں چھالے پڑ جانے کی شکایت کی جس کو آجکل اس قدر عیب سمجھا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ میں نے اپنے خاندان کی عورتوں کو بوجہ مصلحت صحت یہ رائے دی کہ نئی لڑکیوں سے چکی پسواؤ کیونکہ اکثر امارت کے لئے بیماری لازم ہوگئی ہے وہ امیر بھی کیا ہوا جس کے پاس صحت جیسی خدا کی نعمت نہ ہو اور وجہ اس کی یہی آرام طلبی ہے۔ اس لئے میں نے جو کہا کہ تم ایسا کیا کرو تو ان میں سے بعض کہنے لگیں کہ خدا نہ کرے تم ایسی فال کیوں نکالتے ہو اور یہاں تک ہم لوگوں کی شان بڑھ گئی ہے کہ اکثر عورتوں نے چرخہ کاتنا تک چھوڑ دیا۔ ہمارے وطن میں ایک عورت کا قصہ ہے کہ وہ چرخہ کات رہی تھیں اور اُس زمانہ میں اُن کی ساس مرگئی تھیں تو کوئی عورت جو ان کے یہاں تعزیت کے لئے آئی تو آہٹ پاتے ہی چرخہ کو اٹھا اور اندھے باؤلوں کی طرح ایک کوٹھری میں پھینک آگے سے کواڑ بند کر دیئے تاکہ مہمان کو معلوم نہ ہو۔ غرض حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے ہاتھ میں چھالے پڑ گئے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے کہا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی غلام لونڈی لے آؤ تاکہ کچھ مدد دے، چنانچہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئیں اپنی راحت کے لئے یا شوہر کے امتثال امر کے لئے جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر پہونچیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما نہ تھے، یہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے کہہ کر چلی آئیں جب حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میں تشریف لائے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے معلوم ہوا، آپ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے

---

ے ھذہ قصۃ طویلۃ و فیہ خصوصیتہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و قد رواھا البخاری۔

پاس تشریف لے گئے اس وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لیٹی ہوئی تھیں آپؐ کو دیکھ کر اٹھنے لگیں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لیٹی رہو۔ غرض اس وقت پھر حضور صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے عرض کیا گیا آپ نے فرمایا کہ اگر کہو تو غلام لونڈی دیدوں اور کہو تو اس سے بھی اچھی چیز دیدوں، یہ سن کر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے پھر یہ نہیں پوچھا کہ وہ اچھی چیز کیا ہے بلکہ فوراً عرض کیا کہ اچھی ہی چیز دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ سوتے وقت سُبْحَانَ اللہ تینتیس ۳۳ بار اور اَلْحَمْدُ لِلہ تینتیس ۳۳ بار اور اَللہُ اَکْبَرُ چونتیس ۳۴ بار پڑھ لیا کرو بس یہ غلام اور لونڈی سے بھی بہتر ہے۔ اس خدا کی بندی نے خوشی خوشی اس کو قبول کر لیا۔ تو دیکھئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فقر محبوب تھا تو اپنی اولاد کے لئے بھی آپ نے اس کو تجویز کر کے دکھلا دیا نیز ارشاد فرمایا کہ ہماری اولاد کے لئے زکوٰۃ حلال نہیں کیا یہ ممکن نہ تھا کہ ایسے قوانین مقرر ہوتے کہ سب روپیہ انہی کو ملتا مگر ایسا نہیں ہوا۔ تو دلچسپی اس کو کہتے ہیں۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ جو لوگ چندہ دیتے ہیں کیا انھوں نے اپنے لڑکوں کے لئے بھی کبھی اس تعلیم کو تجویز کیا ہے۔ اب تو یہ حالت ہے کہ ریاست رامپور میں ایک صاحب نے اپنے ایک دوست کو جن کا لڑکا قرآن شریف پڑھتا تھا انگریزی پڑھنے کی رائے دی، انھوں نے کہا ذرا قرآن ختم ہو جائے تو انگریزی میں لگایا جائے۔ انھوں نے پوچھا کتنا قرآن ہوا ہے اور کتنے روز میں ہوا ہے، انھوں نے کہا کہ دو سال میں نصف ہوا ہے۔ تو وہ فرماتے ہیں کہ میاں دو برس تو ضائع کئے اور دو برس بھی کیوں ضائع کرتے ہو۔ صاحبو! غضب تو یہ ہے کہ خدا کے قائل آخرت کے قائل اور پھر یہ خیالات اور یہ مقالات۔

مجھے ایک دیندار فلسفی کا قول یاد آیا کہ انہوں نے ایک معتقد ارتقا کو لکھا تھا کہ ڈارون نے جو ارتقاء کے مسئلہ کو مانا ہے اس کو تو یہ ضرورت پیش آئی کہ وہ خدا کا قائل نہ تھا تو جس امر میں اس کو مشاہدہ نہیں ہو سکا اس کی بابت تخمین کی رائے

قائم کر لی۔ انسان کا تکوّن بھی ایک واقعہ تھا اس کی نسبت بھی ایک رائے قائم کرنی پڑی تو انکار صانع کی صورت میں اس کا قائل ہونا چنداں بعید نہیں، لیکن جو شخص خدا کا قائل ہے اس کو کیا ضرورت ہے کہ وہ اس تخمین پر چلے اگر وہ یوں کہدے کہ خدا نے پیدا کیا تو اس میں کیا اشکال ہے پس وجود صانع کا قائل ہوکر اس کا قائل ہونا سخت بعید ہے۔ اسی طرح میں کہتا ہوں کہ تعلیم قرآن کو بیکار اور تضیع اوقات کہنا اس سے تو بعید نہیں جو آخرت کا قائل نہو مگر جو شخص آخرت کا قائل ہے اس کی زبان سے ایسا نکلنا کہ قرآن کی تعلیم میں وقت کے صرف کرنے کو اضاعۃ وقت کہنا سخت عجیب ہے کیا آخرت ہونے کی صورت میں اس کا ثمرہ نہ ملے گا۔

صاحبو! خدا تعالیٰ نے عقل اس واسطے دی ہے کہ اس سے انجام کو سوچے اور جیسا یہ انجام سوچنے کے قابل ہے کہ ہم آج پڑھ لیں گے تو کل ڈپٹی کلکٹری ملے گی۔ ایسا ہی اس سے آگے کا انجام بھی تو سوچنے کے قابل ہے کہ آخرت میں کیا ہوگا اور اگر کہو کہ آگے کوئی انجام نہیں تب تو پھر تم سے خطاب ہی نہیں لیکن چونکہ تم اگلے انجام کے بھی قائل ہو اس لئے پوچھا جاتا ہے کہ وہاں کیا ذخیرہ کی ضرورت نہ ہوگی اور اگر ہوگی تو پھر قرآن کی تعلیم کو تضیع اوقات کس منہ سے کہا جاتا ہے۔ افسوس کہ دنیا میں رہنا محض موہوم اور اس کے لئے یہ اہتمام اور کوشش اور آخرت میں جانا یقینی اور اس کے لئے سامان کی ضرورت نہ ہو اور اس کے سامان کو اضاعت وقت کہا جائے۔

اصل یہ ہے کہ خود آخرت ہی سے اس درجہ غفلت ہوگئی ہے کہ وہ یاد ہی نہیں آتی۔ ایک مرتبہ میں سہارنپور سے کانپور کو جارہا تھا، میرے ساتھ کچھ پونڈے بھی تھے میں نے وزن کرانا چاہا، جو لوگ رخصت کرنے آئے تھے انہوں نے تو رائے کی مخالفت کی ہی مگر خود اسٹیشن والوں نے بھی کہا کہ آپ لیجائیں ہم گارڈ سے کہدیں گے کوئی مزاحمت نہ کرے گا۔ میں نے پوچھا یہ گارڈ کہاں

ع انظر الی ھذا التقوی و تامل فیہ ۱۲ منہ

تک جائے گا، جواب ملا کہ غازی آباد تک۔ میں نے کہا آگے کیا ہوگا۔ جواب ملا کہ آگے وہ گارڈ دوسرے گارڈ سے کہدے گا۔ میں نے کہا آگے کیا ہوگا، جواب ملا پھر وہ کانپور تک برابر رہے گا اور کانپور آجائے گا۔ میں نے کہا آگے کیا ہوگا جواب ملا بس آگے تو کانپور آجائے گا اور سفر ختم ہو جائے گا، میں نے کہا کہ نہیں اس سے آگے آخرت ہوگی وہاں کونسے گارڈ مزاحمت سے بچائیں گے۔ سب چپ ہوگئے اور محصول لیا گیا۔ غرض آخرت ان اہل الرائے کو یاد نہ آئی یہاں سے ایک جملہ معترضہ بھی قابلِ ذکر ہے وہ یہ کہ اس قصہ میں جو باوجود اہلِ اختیار کی رعایت کے اس رعایت کو قبول نہیں کیا گیا اس کا سبب بجز اثر تعلیم شریعت کے کیا ہے کیا آج کل کوئی مہذب ایسا کر سکتا ہے کہ اگر صاحبِ حق کو حق کی اطلاع بھی نہ ہو تب بھی دوسرے کا حق ادا کرے لیکن شریعت اس کو ضروری بتلاتی ہے اب شریعت اور اپنی تہذیب مخترع کو مقابلہ کر کے دیکھ لیجئے واللہ، ہم نے دیکھا ہے کہ غریب دیندار لوگ جن کو کم عقل سمجھا جاتا ہے وہ تو ان باتوں کا خیال رکھتے ہیں مگر ہمارے معزز جو عقلاء کہلاتے ہیں ذرا بھی خیال نہیں کرتے۔ صاحبو! عاقل وہی ہے جو انجام پر بھی نظر کرے۔ پس جس میں دین نہیں وہ عاقل کیا ہو سکتا ہے۔ آج کل عقل اور دین میں منافاۃ سمجھی جاتی ہے حالانکہ ہمارے تمام بزرگ دنیا کی عقل کے ساتھ دین میں بھی ہمیشہ کامل ہوئے ہیں۔

ہرقل[1] نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت سفراء اسلام سے پوچھا تھا کہ وہ کیسے شخص ہیں اس نے جواب دیا تھا کہ ان کی حالت یہ ہے لَا یَخْدَعُ وَلَا یُخْدَعُ یعنی نہ کسی کو دھوکہ دیتے ہیں نہ ان کو کوئی دھوکہ دے سکتا ہے۔ ہرقل نے کہا کہ اگر وہ ایسے ہیں تو ان پر کوئی غالب نہیں آسکتا۔ کیونکہ جس میں دین اور عقل دونوں جمع ہوں اس کی قوت کا مقابلہ ممکن نہیں ہوتا۔ یہ جملہ معترضہ ختم ہوا۔

---

[1] یہ روم کا نصرانی بادشاہ تھا ۱۲

لیا ان اس کو کہ رہا تھا کہ آخرت سے بے خبری بے حد ہو گئی ہے اور اس بے خبری کی یہاں تک نوبت پہنچی ہے کہ جو باخبر ہو کر اس کی فکر کرتے ہیں ان کو احمق سمجھا جاتا ہے۔

میرے ایک دوست جو بی اے تک تعلیم پائے ہوئے ہیں مگر دیندار ہیں، اپنا واقعہ بیان کرتے تھے کہ ایک بار بوجہ تنگی وقت بدون اسباب وزن کرائے ہوئے ریل میں سوار ہو گئے منزل مقصود پر پہونچکر ٹکٹ کلکٹر سے اس کی اطلاع کی اور وزن کرا کر محصول دینا چاہا، ٹکٹ کلکٹر نے کہا کہ لے بھی جاؤ وزن کی کچھ ضرورت نہیں انہوں نے کہا کہ آپ کو رعایت کا حق نہیں آپ مالک نہیں اس کو تعجب ہوا اور اسٹیشن ماسٹر کے پاس لے گیا انھوں نے وہاں بھی یہی تقریر کی تو وہ دونوں باہم انگریزی میں یوں کہنے لگے تھے کہ معلوم ہوتا ہے اس شخص نے شراب پی رکھی ہے، گویا دوسرے کا حق دینا ایسا عجیب امر ہے کہ حق دینے والے پر نشہ پینے کا شبہ ہوا لیکن ہاں واقع میں وہ شراب محبت میں مدہوش تھے اور اسی کا نشہ ان کو چور کئے ہوئے تھا۔ آخر انہوں نے کہا کہ جناب میں شراب پئے ہوئے نہیں ہوں، لیکن اسٹیشن والوں نے ہرگز محصول نہ لیا۔ مجبور ہو کر دوسرے طریقے سے انہوں نے ادا کیا اور وہ طریق یہ ہے کہ اگر کسی ریلوے کا ہمارے ذمہ کچھ رہ جائے تو اس قیمت کا ٹکٹ اسی لین کا لیکر تلف کر دیں اور اس ٹکٹ کو استعمال نہ کریں۔ اس قصہ کو میں نے اس واسطے بیان کیا کہ انجام پر بھی نظر ہونا چاہیئے۔ بالخصوص جبکہ دنیا کے کاموں میں انجام پر نظر کرتے ہو تو آخرت کے انجام پر تو بہت ہی ضرور ہے صاحبو! کیا موت کے انجام کا انکار ہو سکتا ہے یہ تو وہ انجام ہے کہ اس سے کفار کو بھی انکار نہیں۔ البتہ کفار میں ایک شرذمہ قلیلہ جو اہل ملت نہیں وہ البتہ آخرت کے منکر ہیں وَهُمْ لَا يُعْتَدُّ بِهِمْ (وہ جو قابل شمار نہیں) غرض جب آخرت حق ہے اور اس کے لئے عمل کی ضرورت اور اس کے لئے علم اور تعلیم

کی ضرورت پھر اس میں مشغول ہونا اضاعۃ وقت چہ معنی مگر بہت لوگ پھر بھی اس کو اضاعۃ وقت سمجھتے ہیں اور اگر یہ اعتقاد بھی نہ ہو تو عمل تو اسی کے موافق ہے جس سے اعتقاد میں بھی ایک گونہ ضعف ثابت ہوتا ہے ورنہ اگر علمِ دین سے دلچسپی ہے تو علماء کی بے وقعتی کی کیا وجہ اور اگر ان کی وقعت بھی کی جائے تو اولاد کو علمِ دین نہ پڑھانے کی کیا وجہ یہ آثار بُرے ہی عقیدے کے ہیں علماء کی بے وقعتی کے متعلق بعضے یہ عذر کرتے ہیں کہ صاحب ہم نے وعظ سُنا اور معتقد بھی ہوئے مگر اخیر میں جو مولوی صاحب نے سوال کر دیا تو سارا اعتقاد دُھل گیا۔ مگر میں کہتا ہوں کہ آپ کی مثال ایسی ہے کہ جیسے کوئی شخص حکیم عبد العزیز صاحب وغیرہ سب کو اس وجہ سے چھوڑ دے اور سب کی برائیاں شروع کر دے کہ اس نے عطائیوں کو دھوکہ دیتے ہوئے دیکھا تھا تو آپ اس کو صائبُ الرائے سمجھیں گے اور کیا آپ نے بھی سب ہی حاذق اطبا کو چھوڑ دیا ہے تو جن کی حکائتیں آپ نے یاد کر رکھی ہیں وہ واقع میں اناڑی عطائی ہیں افسوس عطائیوں کے پھیل جانے سے آپ نے اطباء کو نہ چھوڑا مگر چند سائلوں کی وجہ سے محقق مولویوں کو چھوڑ دیا۔ مگر مولویوں کے نہ چھوڑنے سے میرا یہ مطلب نہیں کہ تم ان کے خالی معتقد رہو اور ان کے ہاتھ چوم لو۔ ہاتھ تو ہم خود تمہارے چوم لیں گے ۔مطلب یہ ہے کہ علماء سے دین کا نفع حاصل کرو اس وقت مولویوں کے ساتھ جو تمہارا خشک اعتقاد ہے اس کی ایسی مثال ہے جیسے مشہور ہے کہ دو کنجوس تھے ایک نے دوسرے سے پوچھا کہ تم کھانا کیونکر کھاتے ہو اس نے کہا بھائی ہر مہینے ایک پیسہ کا گھی لے آتے ہیں اور سامنے رکھ کر اس کو خطاب کرتے ہیں کہ میں تجھ کو کھا جاؤں گا پورا مہینہ یوں ہی کاٹ دیتے ہیں پھر اخیر میں اس کو کھا لیتے ہیں وہ بولا تم بڑے فضول خرچ ہو ہم تو روٹی پکا کر جس گلی میں گوشت بھننے کی خوشبو آتی ہو وہاں کھڑے ہو کر خوشبو سونگھتے جاتے ہیں اور روٹی کھا لیتے ہیں تو یہ دونوں بھی گھی کے معتقد تھے اور ایک گونہ تلبس بھی تھا لیکن ان کو اس کا

کیا نفع ہوا ایسے ہی آپ کو نرے اعتقاد سے اور محض ادب و تعظیم سے کیا نفع ہوگا غرض یہ آثار ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ علماء کو بالکل بیکار چیز سمجھتے ہیں۔ مجھ سے ایک شخص کی گفتگو ہوئی کہنے لگے کہ آپ نے اپنے بھتیجے کے لئے کیا تجویز کیا، میں نے کہا کہ عربی پڑھتا ہے تاکہ دین کی خدمت کرے۔ کہنے لگے مدرسہ دیوبند میں ہمیشہ سو ڈیڑھ سو آدمی فارغ ہوکر نکلتے ہیں وہ خدمت دین کے لئے کافی ہیں آپ نے اس کے لئے انگریزی کیوں تجویز نہ کی کہ دنیوی ترقی کرتا۔ میں نے کہا کہ جناب خادم دین ہونا اگر خسارہ کی بات ہے تب تو کیا وجہ ہے کہ طلبائے دیوبند کے لئے یہ پست حالت پسند کی جائے بلکہ چلو اور یہ مشورہ دو کہ سب چھوڑ کر انگریزی میں مشغول ہو جاؤ آخر وہ بھی قوم ہی کے بچے ہیں اور اگر خادم دین ہونا کوئی نافع امر ہے تو کیا وجہ کہ میرے بھتیجے کے لئے اس کو تجویز نہ کیا جائے۔ آخر بالکل خاموش رہ گئے۔ افسوس کی بات ہے کہ دیوبند کے طالب علم تو ایسے ذلیل کہ جس شغل کو آپ بالکل بیکار سمجھ رہے ہیں وہ تو ان کے لئے تجویز کیا جائے، اور آپ کی اولاد ایسی محبوب و معزز کہ اس کے لئے ڈپٹی کلکٹری اور تحصیلداری تجویز کی جائے۔

صاحبو! میں ڈپٹی کلکٹری وغیرہ سے منع نہیں کرتا لیکن یہ بھی تو دیکھئے کہ آپ نے اولاد کے لئے دین کی کیا فکر کی ہے، کیا آپ کو یہ اطمینان ہے کہ آپ کی اولاد دار آخرت میں نہ جائے گی اور اگر جائیں گے تو ان کا کیا حشر ہوگا اسی طرح یہ سوچئے کہ کیا خادمان دینی کی ضرورت نہیں اور اگر ضرورت ہے تو کیا سب مسلمانوں پر اس کا اہتمام ضروری نہیں تو آپ نے کیا اہتمام کیا، اس موقع پر ممکن ہے کہ بعض لوگ خوش ہوں کہ ہم اس الزام سے بری ہیں کیونکہ ہم نے ایک بچہ کو عربی میں داخل کر دیا ہے۔ لیکن یہ کوئی خوشی کی بات نہیں کیونکہ آپ نے جس معیار پر اس بچہ کو انتخاب کیا ہے اس طرز پر وہ بچہ خود اس مقصود کے لئے کافی نہیں کیونکہ آجکل معیار انتخاب یہ ہے کہ جو سب سے زیادہ غبی اور کم عقل ہوتا ہے

اس کو عربی کے لئے تجویز کیا جاتا ہے. حالانکہ دنیا کمانے کے لئے بڑے عالی دماغ ہونے کی ضرورت نہیں یہ تو چکی پیسنا ہے جس کو تھوڑی سی مناسبت بھی ہوگی وہ بھی اس کو بخوبی کرسکتا ہے دماغ کی ضرورت زیادہ اس کام کے لئے ہے جس کے لئے انبیاء علیہم السلام بھیجے گئے اللہ اکبر۔ کتنا قلب موضوع ہوگیا ہے آپ کو معلوم ہے کہ انبیاء کرام کیا چیز ہیں۔ صاحبو! دنیا کی عقل بھی ان کی برابر کسی کو نہیں ہوتی ۔ ان حضرات کو ہر ایک قسم کا شرف عطا فرمایا جاتا ہے۔ تو جو کام نیابت انبیاء علیہم السلام کا ہے اس کے لئے بھی تو اس ہی عقل کامل کی ضرورت ہے، اب بتلایئے کہ اولاد کا انتخاب کس قاعدے پر ہونا چاہیئے اور میں نے لوگوں کے اس خیال کا کہ یا کار اولاد کے لئے علمِ دین تجویز نہیں کرتے یہ ہے کہ یہ سمجھتے ہیں کہ عربی پڑھ کر لڑکا کھانے کمانے کے قابل نہیں رہے گا۔ سو اول تو یہ غیر مسلم ہے کیونکہ کھانا کمانا تو ایک محدود حاجت ہے تو اپنی حاجت کے لائق سب ہی کرلیتے ہیں اور اگر بہت ہی کمایا تو خاص اس کے کام میں تھوڑا ہی آئیگا بلکہ جو اصلی مقصود ہے کھانے کمانے سے کہ جان کو لگے اس میں اکثر غرباء اکثر امراء سے بڑھے ہوئے ہیں ۔

میں ایک امیر اور ایک غریب کی حکایت سناتا ہوں کہ وہ دونوں آپسمیں دوست تھے مگر غریب تو بہت موٹا تازہ اور امیر صاحب نہایت دُبلے پتلے ۔ ایک روز اس نے اپنے غریب دوست سے پوچھا کہ یار تم کیا چیز کھاتے ہو کہ اس قدر توانا ہو رہے ہو اس نے کہا کہ میں کھانا تم سے لذیذ کھاتا ہوں امیر بولا بھائی وہ کھانا ہم کو بھی کھلاؤ۔ اس غریب نے دعوت کردی وقت پر اس کے مکان پر پہونچے اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں آخر جب دیر ہوگئی اور بھوک لگی تو بے تکلفی کے سبب کھانے کا تقاضا کیا اس نے وعدہ کیا ابھی آتا ہے پھر اور دیر ہوئی اور زیادہ بھوک لگی زیادہ تقاضا کیا اور وہ یوں ہی ٹالتا رہا آخر جب وہ بہت ہی بے تاب ہوا اور سخت تقاضا کیا میزبان نے

کہا کہ بھائی کھانا تو ابھی تیار نہیں لیکن دن کی باسی روٹیاں موجود ہیں اگر کہو تو لے آؤں، اس نے کہا کہ خدا کے لئے تم باسی ہی لے آؤ چنانچہ وہ کچھ تھوڑے سے باسی ٹکڑے اور کچھ ساگ وغیرہ لایا' ان کی تو بھوک کے مارے بُری حالت تھی بس اُن ہی ٹکڑوں پر ٹوٹ پڑے اور نہایت مزے لے لے کر شکم سیر ہو کر کھائے۔ وہ غریب منع کر رہا ہے کہ صاحب زیادہ نہ کھایئے بہت مزہ دار کھانا پک رہا ہے۔ اس نے کہا کہ بھائی اب تو یہی بے حد مزہ دار معلوم ہوتا ہے۔ تب اس غریب نے کہا کہ صاحب جو مزہ دار کھانا میں ہر روز کھاتا ہوں وہ یہی ہے۔ مطلب یہ تھا کہ میں اسی وقت کھاتا ہوں جب سخت بھوک لگتی ہے اس لئے جو کچھ کھاتا ہوں جزو بدن ہوتا ہے اور تم محض ضابطہ پُری کرتے ہو کہ کھانے کا وقت ہوا خادم نے آکر عرض کیا حضور کھانا تیار ہے، تم نے سُنا اور کھانے کے لئے آمادہ ہو گئے، اگرچہ اس وقت تم کو بھوک بھی نہ ہو۔ غرض اگر کسی نے بارہ تیرہ سو کمائے بھی تو کھانا تو اس کا بھی جو کہ مقصود بالذات ہے محدود ہی ہوگا ہاں کمانا غیر محدود ہوگا مگر جبکہ کھانے کی غایت محدود ہے تو کمانے کا غیر محدود ہونا اس کو کیا کار آمد ہوا۔ جب مقصود بالذات ہی کم ہے تو مقصود بالغیر کے زیادہ ہونے سے کیا نفع۔ سو اول تو اسی مقدمہ میں کلام ہوا کہ مولوی ہو کر کما کھا نہ سکیں گے کیونکہ بقدر ضرورت تو سب ہی کما کھا لیتے ہیں اور اگر تسلیم بھی کر لیا جائے تو اس کو بھی ثابت کیجئے کہ وہ کمانا جو آپ لوگوں کے ذہن میں ہے یعنی نوکری۔ تجارت وغیرہ آیا وہ ضروری بھی ہے اس کا اندازہ اس طرح ہو جائے گا کہ آپ کسی خادم دین کو بھوکا ننگا دکھا دیجئے اور خدمت دین کی عام ہے خواہ وہ تدریس ہو یا وعظ ہو یا کسی خادم دین کو ذلیل دکھلا دیجئے پھر جب یہ بھوکے ننگے بھی نہیں ذلیل بھی نہیں تو وہ کونسی چیز ہے جو خادمان دین میں کم ہے اگر وہ کوئی چیز ہے تو آپ کی ہوسیں ہیں تو ان کے لئے یہ جواب کافی ہے کہ ؎

حرصِ قانع نیست صائبؔ ورنہ اسبابِ معاش    انچہ ما درکار داریم اکثرے درکار نیست

(ہماری لالچی طبیعت کو صبر نہیں ہے ورنہ اے صائب سامان جو ہمارے کام آتا ہے اس میں سے بہت سا تو ایسا ہے جو بے ضرورت ہے)

ذرا آپ اپنے ہی گھر میں جاکر اسباب کا جائزہ لیجئے تو نصف سے زیادہ وہ سامان نکلے گا جس کے استعمال کی کبھی نوبت بھی نہیں آتی اور چوتھائی سے زیادہ وہ نکلیگا کہ اس کی نسبت آپ کو آج تک یہ بھی خبر نہیں کہ وہ گھر میں بھی ہے تو ایسے اسباب کے جمع کرنے کی آپ ہی بتلائیے کیا ضرورت ہے اور اگر مراد آپ کی ناکارہ ہونے سے یہ ہے کہ وہ ترقی نہیں کرسکتا تو حضرت ایسا ناکارہ ہونا تو عین مطلوب اور آئین وفاداری ہے۔ مولانا فرماتے ہیں ؎

تا بدانی ہر کرا یزداں بخواند
از ہمہ کارِ جہاں بے کار ماند

(تو اس بات کو سمجھ لے کہ جس کسی کو خدا بلاتا ہے وہ دنیا کے تمام کاموں سے بیکار ہو جاتا ہے)

اور فرماتے ہیں ؎

ما اگر قلاش وگر دیوانہ ایم
مست آں ساقی وآں پیمانہ ایم

(اگرچہ ہم بظاہر مفلس اور دیوانے ہیں تو دراصل ہم اس ساقی کے دیوانے اور اس کے پیمانے کے مست ہیں)

لیکن یہ تو مولانا رومی کا کلام ہے اس سے تو صرف اہلِ دل متاثر ہوں گے اب میں آپ کے مسلمات سے ایک مثال دیتا ہوں، کہ آپ کا ایک نوکر ہے اس کو آپ دس روپے دیتے ہیں اور آپ کو اس پر اعتماد ہے، اتفاق سے کہیں باہر کا ایک شخص اس کو ملا اور اس سے پوچھا کہ تم کیا کرتے ہو اور تم کو کیا معاوضہ ملتا ہے۔ معلوم ہوا کہ نوکر ہیں اور دس روپے ملتے ہیں۔ اس کو سن کر اس مسافر نے

کہاکہ تم میرے ساتھ چلو میں تم کو بیس روپے دوں گا اور اس سے نصف کام تم سے لوں گا۔ اب دل میں ٹٹول کر بتلایئے کہ اس نوکر کے لئے خوبی اور فخر کی بات کیا ہے آیا یہ کہ ترقی کا نام سن کر پھسل جائے یا یہ کہ صاف جواب دیدے اور کہدے کہ آپ مجھے بہکاتے آئے ہیں یقیناً آپ دوسری شق کو اس کے لئے خوبی سمجھیں گے اب انصاف سے بتلایئے کہ اگر کوئی خدا کا نوکر ہے اور پانچ روپے میں گذر کرتا ہے اور اس حالت میں وہ ہزار روپے پر اس طرح لات مار دے کہ باوجود قدرت تحصیل اسباب کے وہ اسباب تعلیم معاش وغیرہ ترک کردے تو اس کو کم حوصلہ اور محروم الترقی کیوں کہا جاتا ہے۔ صاحبو! اس کی قدر تو اور بھی زیادہ ہونی چاہیئے نہ یہ کہ اس کو خشک دماغ بتلایا جائے۔ صاحبو! جس کا نام آپ نے ترقی رکھا ہے اس کا خلاصہ واللہ محض غرض پرستی، خود پرستی ہے اگرچہ اس کے پیچھے ساری عقل اور دین سلب ہوجائے۔ اسی کو کہتے ہیں ؎

عاقبت سازد ترا از دیں بری
ایں تن آرائی وایں تن پروری

(صرف بدن کا سنوارنا اور بدن ہی کی پرورش کرنا انجام کار تجھے دین سے دور کردیں گے)

تو مولانا رحمۃ اللہ کے قول سے اگر تسلی نہ ہوئی تھی لیکن آپ کے نوکر کی مثال سے تو تسلی ہوگئی ہوگی صاحبو! جس سے دل چسپی نہیں ہوتی اس میں انسان ترقی نہیں کرسکتا ؎

انبیا درکارِ دنیا جبریند اشقیا درکارِ عقبیٰ جبریند
انبیا را کارِ عقبیٰ اختیار اشقیا را کارِ دنیا اختیار

(انبیاء علیہم السلام دنیا کے کام کو مجبور ہو کر کرتے ہیں اور بدبخت لوگ دین کے کام کو مجبوری سے کرتے ہیں انبیاء علیہم السلام دین کے کام کو پسند کرتے ہیں اور بدبخت لوگ دنیا کے کام کو خوش ہو کر کرتے ہیں۔)

غرض اپاہج اور چست سب ہیں لیکن اہلِ دنیا کارِ دنیا میں چست اور کارِ عقبیٰ میں سست ہیں اور اہل اللہ کارِ دنیا میں سست اور کارِ عقبیٰ میں چست ہیں اور اگر اب بھی تمہارے نزدیک فیصلہ نہیں ہوا تو سمجھ لیجئے کہ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَ يَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿ (اگر تم ہم سے تمسخر کرتے ہو تو ہم بھی تم سے ٹھٹھا کرتے ہیں جس طرح تم ٹھٹھا کرتے ہو سو عنقریب معلوم کرلوگے کہ رسوا کرنے والا عذاب کس پر آتا ہے اور دائمی عذاب کس پر اُترتا ہے) اور ؎

فسوف ترٰی اذا انکشف الغبار
افرس تحت رجلك ام حمار

کہ ایک شخص گدھے پر سوار ہے اور دوسرا اس کو کہتا ہے کہ تو گدھے پر سوار ہے مگر کثرتِ غبار سے اس کو پتہ نہیں چلتا اور کہتا ہے کہ میں گھوڑے پر سوار ہوں۔ پہلا شخص جواب دیتا ہے کہ اچھا ذرا غبار بیٹھ جانے تو پھر تم کو معلوم ہوگا کہ تمہاری ران کے نیچے گدھا ہے یا گھوڑا۔

اسی طرح ہم کہتے ہیں کہ اگر آپ اس پر راضی نہیں تو ذرا صبر کیجئے سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ﴿ (ان کو عنقریب معلوم ہوجائے گا کہ جھوٹا شیخی باز کون تھا) ورنہ صاحبو جب آپ کے ملازم کے لئے ترقی نہ چاہنا خوبی اور وفاداری ہے تو خدا کے نوکر کے لئے کیوں یہ خوبی اور وفاداری نہیں ہے۔ تو صاحب یہ ہے وہ نکما ہونا جس کی حقیقت آپ نے اعتراض کرکے خود کھلوائی۔

میں پھر کہتا ہوں کہ وہ نکما کہنے سے بُرا نہیں مانتا بلکہ خود اس پر فخر کرتا ہے اور کہتا ہے اس کا یہ کام ہوتا ہے کہ ؎

عاشق بدنام کو پروائے ننگ و نام کیا
اور جو خود ناکام ہو اس کو کسی سے کام کیا

صاحبو! وہی نکمے تھے کہ اگر آج ان کی جوتیاں مل جائیں تو سر پر رکھی جاتی ہیں بس

یہ معنے تھا علم دین سے بے رغبتی کا کہ لوگ ان کو بیکار سمجھتے ہیں اور اسی لئے اس سے مطلق دلچسپی نہیں ہے ورنہ دلچسپی کی علامت تو یہ ہے کہ اس کو اپنے لئے اور اپنی اولاد کے لئے بھی تجویز کرتے ۔ مجھے عالمگیر رحمہ اللہ کی ایک حکایت یاد آتی ہے (یہ حکایت زبانی ہے کتابی نہیں) کہ ایک روز جامع مسجد میں انھوں نے طالب علموں کو دیکھا کہ سخت پریشان پھرتے ہیں اور خورد ونوش کی کوئی سبیل نہیں۔ سمجھے کہ سبب اس کا بے رغبتی امراء کی ہے چاہا کہ اس کی اصلاح ہو بس وضو کرتے ہوئے وزیر اعظم سے ایک مسئلہ پوچھا کہ اگر نماز میں فلاں شبہ ہو جائے تو کیا کرے ۔ وزیر صاحب اس کا جواب نہ دے سکے ۔ عالم گیر رحمہ اللہ نے ذرا غضب ناک نظر سے وزیر کی طرف دیکھا اور کہا تم کو یہ توفیق نہیں ہوتی کہ فقہ کے ضروری مسائل یاد کرو وزراء وغیرہ سب تھرا گئے اور فوراً ہی طلبہ کی تلاش شروع ہو گئی اور روزانہ ان سے سیکھتے اور اس طرح سے وہ سب اطمینان کی حالت میں ہو گئے پھر تو یہ حالت تھی کہ طالب علم ڈھونڈھے نہ ملتے تھے ۔

حضرت مولانا شیخ محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے تھے کہ عالمگیر رحمہ اللہ کو بارہ ہزار حدیثیں یاد تھیں ۔ دیکھئے جب امراء کو اس جماعت سے دلچسپی ہوئی گو بضرورت سہی تو اس کا یہ اثر ظاہر ہوا کہ ان سے مستفید ہونے لگے اگر آپ کو بھی اس سے دلچسپی ہوتی تو کم از کم ہفتہ میں ایک ہی دن کسی عالم سے مسائل پوچھ لیا کرتے اگر خود ان کے پاس نہ جاتے تو ان ہی کو اپنے پاس بلا لیتے کیونکہ آج وہ رئیس کہاں رہے ہیں جو خود طالبانہ حاضر ہوں۔ پہلے یہ حالت تھی کہ ہارون الرشید نے امام مالک رحمہ اللہ سے درخواست کی کہ شہزادوں کو حدیث پڑھا جایا کیجئے انہوں نے فرمایا کہ آپ ہی کے خاندان سے علم دین کی عزت ہوئی ہے اور آپ ہی بے عزتی کرتے ہیں ہارون نے کہا کہ اچھا شہزادے ہاں ہی حاضر ہوں گے مگر اس وقت عام رعایا سے الگ کر دیئے جایا کریں ۔ آج بھی بعض رئیس جماعت میں نہیں آتے کہ خلط ملط سے لوگ ہمارا رعب نہ کھائیں گے ۔

صاحبو! ذرا سنبھلو یہ طرز در پردہ حکم شریعت پر اعتراض ہے کہ ایسا مضر قانون تجویز فرمایا۔ دوسرے یہ بالکل غلط ہے کہ خلط ملط سے رعب جاتا رہے گا۔ رعب تو اس وقت بھی ہوگا لیکن اُنس کے ساتھ ہوگا۔ اب وحشت کے ساتھ ہے خدا تعالے کے احکام ایسے بے ڈھنگے نہیں ہیں کہ اُن کے مضر آثار ہوں۔ دیکھئے خلفاء راشدین کا کس قدر رعب رعایا پر تھا لیکن اس کے ساتھ ہی دیکھ لیجئے کہ خلفاء رضوان اللہ علیہم اجمعین کی طرف سے کیا تواضع حتیٰ کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے برسرِ منبر فرمایا کہ اِسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا (تم سنو حکم خلیفہ اور اطاعت کرو) سامعین میں سے ایک شخص نے کہا کہ لَا نَسْمَعُ وَلَا نُطِیْعُ (ہم نہیں سنتے اور نہ اطاعت کریں) حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے وجہ پوچھی تو اس شخص نے کہا کہ غنیمت کے چادرے جو آج تقسیم ہوئے ہیں سب کو تو ایک ایک ملا ہے اور آپ کے بدن پر دو ہیں۔ معلوم ہوتا ہے آپ نے تقسیم میں عدل نہیں کیا آپنے فرمایا بھائی تو نے اعتراض میں بہت جلدی کی۔ بات یہ ہے کہ میرے پاس آج کرتہ نہیں تھا تو میں نے اپنے چادرے کو ازار کی جگہ باندھا اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ان کا چادرہ مستعار لے کر اس کو کرتہ کی جگہ اوڑھا ہے۔ اس واقعہ سے آپ کو یہ بھی معلوم ہو گیا ہوگا کہ ان حضرات میں بڑے چھوٹے سب برابر حصے کے مستحق سمجھے جاتے تھے۔ آج بڑوں کا دوہرا حصہ ہوتا تو گویا لازمی امر ہے البتہ اگر مالک ہی دوہرا حصہ دے تو کچھ مضائقہ نہیں۔ غرض تواضع کی تو یہ کیفیت تھی اور باوجود اس نرمی کے رعب کی یہ حالت تھی کہ ایک مرتبہ آپ بہت سے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ جا رہے تھے اتفاقاً پشت کی طرف جو آپ نے نظر کی تو جس جس پر نظر پڑی سب گھٹنوں کے بل گر پڑے ؎

ہر کہ ترسید از حق و تقویٰ گزید
ترسد از وے جن و انس و ہر کہ دید

(جو شخص حق تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور پرہیز گاری اختیار کر لیتا ہے پھر جن و انسان

بلکہ ہر ایک چیز جس کو وہ دیکھ لے اس سے وہ ڈرتی ہے)

یعنی جو خدا سے تعالیٰ سے ڈرے گا اس سے سب ڈریں گے اور اگر کسی کے رعب میں کمی ہے تو تقوی کی کمی کی وجہ سے ورنہ ضرور ہیبت ہوتی ہے ہاں وحشت اور نفرت نہیں ہوتی اور اجتناب و عدم اختلاط کے ساتھ جو ہیبت ہوتی ہے وہ ایسی ہے جیسے لوگ بھیڑیے سے ڈرتے ہیں کہ اگر اس مجلس میں بھیڑیا آجائے تو ابھی سب کھڑے ہو جائیں تو جیسے آج کل رؤسا کو خیال ہے ایسا ہی ہارون الرشید کو یہ خیال ہوا کہ اگر شاہزادے سب سے الگ پڑھیں گے تو ان کا رُعب باقی رہے گا اس لئے امام مالک رحمہ اللہ سے عرض کیا کہ شاہزادوں کے ساتھ کسی کو نہ بٹھلایئے امام صاحب نے فرمایا کہ یہ بھی نہیں ہوسکتا غرض آخر شہزادے ہی حاضر ہوا کرتے اور حدیث سُنا کرتے۔ تو اس وقت تو بادشاہ ایسے تھے کہ ایک عالم نے ٹکا سا جواب دیدیا اور اس کو بادشاہ نے قبول کرلیا۔ لیکن آج وہ حالت نہیں ہے اس وقت بھی علماء کو چاہئے کہ اپنے کو ذلیل نہ کریں لیکن بہت زیادہ اجتناب بھی نہ کریں کہ اس میں اہل دنیا بالکل ہی محروم رہیں گے۔ یعنی اگر کوئی شخص انتفاع دین کے لئے اہل علم کو قدر کے ساتھ بلائے تو چلا جانا مناسب ہے اور میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ عالموں کو بلا کر آپ ان سے عربی پڑھیئے اس میں تو آپ کو پھر عذر سوجھیں گے۔ سو میرا یہ مطلب نہیں کیونکہ بحمداللہ اردو میں بھی ایسا کافی ذخیرہ مذہبی ہوگیا ہے کہ آپ کو عربی کی ضرورت نہ پڑے گی لیکن یہ خوب یاد رکھئے کہ مذہبی کتابوں سے مراد علماء باعمل کی کتابیں ہیں نیچریوں کے خرافات مراد نہیں اگرچہ لقب ان کا بھی مولوی ہو۔

مجھ سے ایک نائب تحصیلدار صاحب نے کہا کہ میں مذہبی کتابیں دیکھا کرتا ہوں دریافت جو کیا تو معلوم ہوا کہ آپ نیا چرہ کی کتابیں دیکھتے ہیں۔ میں نے کہا کہ صاحب اگر آپ قانون گورنمنٹ یاد نہ کریں اور اخبار ہی دیکھا کریں تو کیا آپ گورنمنٹ کی عملداری میں رہ کر کام چلا سکتے ہیں ہرگز نہیں کیونکہ جو نصاب گورنمنٹ نے تجویز کیا تھا آپ نے اس کو نہیں دیکھا بلکہ اپنی طرف سے ایک نیا نصاب تجویز کرلیا تو اسی طرح مذہب میں

بھی وہ کتابیں دیکھئے جو مذہبی نصاب میں داخل ہیں۔ اس وقت لوگوں نے نصاب تعلیم بھی اپنی رائے سے تجویز کرلیا ہے چنانچہ مردوں نے تو یہ نصاب مذکور تجویز کیا یعنی بددینوں کی تالیفات اور عورتوں نے موضوع قصے کہانیوں کی کتابیں تجویز کیں جیسے معجزہ آل نبی وغیرہ جس کا مہمل ہونا نام ہی سے ظاہر ہے کیونکہ معجزہ آل نبی کا نہیں ہوتا دوسرے اس میں حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ انہوں نے حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کو کسی فقیر کو ہبہ کردیا تھا اور اس نے کسی اور کے ہاتھ بیچ دیا تھا اور ایسے قصے پڑھنے والے تو جاہل ہی ہیں۔ ان جاہلوں سے بڑھ کر بعض مولویوں نے یہ غضب کیا ہے کہ نفع تجارت کے لئے وہ قصہ چھاپا اور چونکہ موضوع کی اشاعت ناجائز ہے اپنے کو بری کرنے کے لئے اخیر میں یہ لکھدیا کہ یہ قصہ موضوع طبع ہوا اول تو آپ کو اس کی اشاعت کی کونسی دینی ضرورت تھی پھر یہ کہ عوام تو موضوع کے معنے بھی نہیں سمجھتے اگر لکھنا تھا تو یہ لکھتے کہ یہ قصہ بالکل لغو اور جھوٹ ہے اس کا پڑھنا جائز نہیں لیکن اگر ایسا لکھتے تو وہ بکتا کہاں۔ خدا بچائے ایسے دین فروشوں سے اسی لئے کہا ہے ؎

بدگہر را علم و فن آموختن
دادن تیغ است دست راہزن

(بری فطرت والے کو علم و فن سکھانا ایسا ہے جیسا کہ ڈاکو کے ہاتھ میں تلوار دے دی جائے)

اب اگر کہو کہ پھر اس صورت میں تو انتخاب بہت مشکل ہوا تو واقعی تم کو انتخاب مشکل ہے مگر کسی عالم سے انتخاب کرایئے یہ تو نصاب تعلیم میں گفتگو تھی مگر اس کے ساتھ ہی یہ اس سے زیادہ ضرور ہے کہ ابتداء ہی سے اپنی اولاد کو کسی بزرگ کی صحبت میں وقتاً فوقتاً رکھئے اور خود بھی رہیئے اس کی صحبت میں خدا تعالیٰ نے اصلاح کا اثر رکھا ہے اسی کو فرماتے ہیں ؎

قال را بگذار مرد حال شو — پیش مرد کاملے پامال شو

صحبت نیکاں اگر یک ساعتست بہتر از صد سالہ زہد و طاعتست
ہر کہ خواہد ہمنشینی با خدا گو نشیند در حضورِ اولیا

ربانیں بنانا، چھوڑ دے اپنے اندر کیفیت پیدا کرنے والا بن اور کسی کامل پیر مرشد کے سامنے اپنے کو مٹا دے۔ نیکوں کی صحبت میں ایک گھڑی کو رہنا سو سال کے تقوے اور فرمانبرداری سے بڑھ کر ہے۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ حق تعالیٰ کی مجلس میں بیٹھے اس سے کہدو کہ اولیاء اللہ کی مجلس میں بیٹھے)

مگر صحبت کا ہم لوگوں میں بالکل ہی اہتمام نہیں۔ میں نے ایک موقع پر اس کو ایک مستقل تقریر میں بیان کیا ہے اور اب پھر کہتا ہوں کہ جہاں اور تمام ضروریات اپنی اولاد کے لئے تجویز کی جاتی ہیں چند روز کے لئے اس کا بھی انتظام کر لیجئے۔ کہ اس کو کسی بزرگ کی سپرد کر دیجئے اور کم سے کم ایک سال تک ان کے پاس ضرور رکھئے۔ اگر کہیے کہ اس میں تو ان کی دنیوی تعلیم کا بڑا نقصان ہو گا تو میں کہتا ہوں کہ اس کی یہ صورت کیجئے کہ ہر چھٹی میں چند روز رکھا کیجئے۔ اس طرح چند مرتبہ میں یہ مدت پوری ہو جائے گی۔ غرض صحبت کا بھی اہتمام ہو اور محقق علماء کے تجویز کردہ نصاب کی تعلیم ہو اس طرح دین کی درستی ہو سکتی ہے اگر فرصت کم ہو تو اردو سہی ورنہ وقت ملے تو عربی ہی سہی نہ چوکئے کہ تبحرّ و تحقیق کا یہی طریقہ ہے۔

اور میں تو ترقی کر کے کہتا ہوں کہ علوم عربیہ اگر دین کے لئے نہ پڑھائے جائیں تو دنیا ہی کی لیاقت اور استعداد کے لئے پڑھائیے میں نے دیکھا ہے کہ جو لوگ ایم۔ اے ہیں مگر عربی کی استعداد نہیں رکھتے ان سے لیاقت میں عربی خواں جو انٹرینس بھی نہیں پڑھے بڑھے ہوتے ہیں تو اگر عربی کی تعلیم دین کے لئے نہ ہو تو کم از کم دنیا ہی کے لئے ہو لیکن اس سے کوئی یوں نہ سمجھے کہ میں علم دین کی دنیا کے لئے حاصل کرنے کی رائے دیتا ہوں بات یہ ہے کہ علم دین کی خاصیت ہے کہ کبھی نہ کبھی اپنا اثر ضرور کرتا ہے اور حاصل کرنے والے کو دین دار بنا کر رہتا ہے یہ سمجھ کر میں نے کہدیا ہے کہ خواہ دنیا ہی کے لئے حاصل کرو غرض

جس طرح ہو علمِ دین کا اہتمام کرو گو اس کے ساتھ انگریزی بھی ہو میں انگریزی تعلیم سے منع نہیں کرتا مگر اس وقت تو اسلام ہی کے لالے پڑ رہے ہیں آخر اس کو بھی سلجھانے کی ضرورت ہے یا نہیں بس اس کی رائے دے رہا ہوں اور یہ دعوٰے کرتا ہوں کہ دنیا کے سنبھالنے کے لئے بھی دین ہی کی ضرورت ہے اس لئے میں نے تمہید میں یہ دعوٰی کیا ہے کہ سب سے زیادہ ضروری جماعت مولویوں کی ہے۔ اب ان آیتوں سے اس کو ثابت کرتا ہوں تو سمجھئے کہ ان دو آیتوں میں یہ بھی ارشاد ہے کہ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِھَا (دنیا کے درست ہو جانے کے بعد اب اس میں فساد مت پھیلاؤ) اور یہی جزو ہے جو اس وقت مقصود بالبیان ہے۔ یعنی اصلاح کے بعد زمین میں فساد مت پھیلاؤ۔ اب یہ دیکھئے کہ فساد کیا ہے اور اصلاح کیا ہے اسی کے فیصلے کیلئے میں نے یہ دونوں آیتیں پوری پڑھ دی ہیں تاکہ سیاق و سباق سے اس کی تعین ہو جائے تو پہلے تو یہ فرمایا ہے کہ اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً (اپنے رب کو تنہائی میں رُو رُو کر یاد کیا کرو) اور بعد میں یہ فرمایا کہ وَادْعُوْہُ خَوْفًا وَّطَمَعًا (اس کو اس سے ڈر کر بھی اور اس کے انعام کی امید کا خیال کر کے بھی ہر طرح یاد کرو) اور دعا میں دو احتمال ہیں یا تو دعا کے وہی معنی ہوں جس کو عرف میں دعا کہتے ہیں یا دعا کے معنے عبادت کے ہوں کیونکہ قرآن میں دعا کے معنی عبادت کے بھی آئے ہیں چنانچہ بعض نے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (تم مجھے پکارو میں تمہاری بات سنوں گا) میں عبادت کے لئے ہیں اور بعض نے دعا کو اپنے معنی میں رکھ کر لفظ عبادت کو جو اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ (بیشک جو لوگ خدا کی عبادت سے انکار کرتے ہیں) میں ہے دعا کے معنوں میں لیا ہے۔ نیز دوسری جگہ ارشاد ہے وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ (اس سے بڑھ کر کون گمراہ ہوگا جو خدا کو چھوڑ کر دوسروں سے امید رکھ کر پکارتا ہے) یہاں دعا بمعنی عبادت ہے غرض دعا، دونوں معنی میں استعمال ہوتا ہے تو اس آیت میں اگر عبادت کے معنی لئے جائیں تب تو خلاصہ یہ ہوگا کہ اول بھی عبادت کا حکم ہے اور بعد میں بھی اور

درمیان میں فساد کی ممانعت ہے جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ عبادت نہ کرنا فساد ہے اور اس سے اصلاح کی بھی تعیین ہو گئی کہ بعد انتظام عبادت کے ترک عبادت نہ کرو اور اگر دعاء کے معنے عبادت کے نہ لئے جائیں بلکہ اپنے ظاہری معنے پر رکھا جائے تو اگرچہ اُس وقت بظاہر یہ آیت اس دعوے کے اثبات کے لئے مفید نہ ہو گی لیکن غور کرنے سے معلوم ہو گا کہ اس صورت میں بہت زیادہ مفید ہے کیونکہ عبادت دو قسم کی ہے۔ ایک تو وہ عبادت جس سے مقصود دین بھی ہے اور ایک وہ عبادت جس سے کبھی دنیا بھی مقصود ہوتی ہے ہر شخص جانتا ہے کہ پہلی عبادت اپنے عبادت ہونے میں زیادہ قوی ہے۔ اب سمجھئے کہ دعا عبادت کی ایسی فرد ہے کہ اس سے دنیا کی بھی طلب ہو سکتی ہے تو اس اعتبار سے دعا دوسرے درجے کی عبادت ہو گی تو جب اس کے ترک کو فساد فرمایا گیا ہے تو جو عبادت خالصہ ہے اُس کا ترک تو کیوں موجب فساد نہ ہو گا۔

تو قرآن اس کا دعوٰے کرتا ہے کہ عبادت کا ترک کرنا موجب فساد فی الارض ہے اور انتظام عبادت کو اصلاح فی الارض فرما رہا ہے۔ باقی یہ کہ جس وقت یہ ارشاد ہو رہا ہے اُس وقت بہمہ وجوہ اصلاح کہاں تھی جس کے بعد فساد سے منع فرماتے ہیں کیونکہ کفار کی کثرت تھی جو ہر وقت فساد ہی میں رہتے تھے، اس کا جواب یہ ہے کہ مراد اصلاح سے سامان اصلاح ہو گیا یعنی بعثت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کہ وہ سامان تھا اصلاح فی الارض کا تو معنے یہ ہوئے کہ ہم نے یہ اصلاح کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیج کر سامان اصلاح کر دیا اگر تم ان کو چھوڑ دو گے تو تم فساد کرو گے۔ یہ تو آیت کا مدلول ہوا جس کا حاصل یہ ہوا کہ عبادت یعنی دین نہ ہونا موجب فساد ہے اب میں اس کو مشاہدہ سے ثابت کرتا ہوں لیکن اول اس کو سمجھئے کہ دین کیا چیز ہے تاکہ آپ کو پھر مدلول آیت میں تعجب نہ ہو تو دین حقیقت میں چند چیزوں کے مجموعے کا نام ہے مگر ہم لوگوں نے اس وقت دین کا یہ ست نکالا ہے کہ پانچ وقت کی

نماز پڑھ لی و بس اور بعض نے یہ بھی نہیں رکھا بلکہ محض مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ اپنی مزعوم تفسیر کے اعتبار سے ان کا مذہب ہے اور اس پر غضب یہ ہے کہ بعض نے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی بھی ضرورت نہیں سمجھی میں نے اس کی تصریح دیکھی ہے کہ (نعوذ باللہ) رسالت کا ماننا نجات کا موقوف علیہ نہیں۔

صاحبو! مولوی اسی کو روتے ہیں کہ آپ کے گھر میں آگ لگی ہے لیکن آپ کو خبر نہیں صاحبو! غضب ہے کہ غیر قومیں تو اسلام کی تعریف کرتی چلی جاتی ہیں اور ہم اسلام کو چھوڑتے چلے جاتے ہیں۔ غرض چونکہ ہم لوگوں نے دین کا ست نکال ا ہے۔ اس لئے میں بتلاتا ہوں کہ دین واقع میں چند چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ اور وہ پانچ چیزیں ہیں۔ عقائد، عبادات، معاملات، آداب معاشرت، اخلاق باطنی یعنی یہ کہ تکبر نہ ہو، ریا نہ ہو، تواضع ہو، اخلاص ہو، قناعت ہو، شکر ہو، صبر ہو۔ وعلیٰ ہذا۔ بس ان پانچ چیزوں کا نام دین ہے۔ اس وقت کسی نے کسی کو کسی لے کسی کو چھوڑ رکھا ہے۔ کسی نے اعمال کو چھوڑا کسی نے معاملات کو کسی نے معاشرت کو اس طرح سے کہ اپنی معاشرت کو چھوڑ کر غیروں کی معاشرت کو اختیار کر لیا ہے۔ اور بعض نے اخلاق باطنی کو چھوڑ دیا ہے بلکہ ان اخیر کے دو جزو کو تو قریب قریب سب ہی نے چھوڑ دیا ہے اس تفصیل کے بعد حاصل آیت کا یہ ہوا کہ دین کو یعنی ان پانچ چیزوں کو اصلاح فی الارض میں اور ان پانچوں کے اخلال کو افساد فی الارض میں دخل ہے بس اب اس کو دیکھ لیجئے مشاہدۃً کہ اصلاح فی الارض میں جُدا جُدا ہر ایک کا کیا دخل ہے۔ سو بعض کا دخل تو بین ہے۔ مثلاً اخلاق کہ ان کا اثر امن عام میں بین ہے اور ذرا سے غور سے معاملات کا اثر بھی امن عام میں ظاہر ہو جاتا ہے کیونکہ احکام معاملہ کا حاصل حقیقت یہ ہے کہ کسی کا حق ضائع

نہ کیا جائے پس معاملات کو بھی اتفاق میں بڑا اثر ہے بشرطیکہ وہ شریعت کے موافق ہوں کیونکہ آپ کی رائے ان مصالح کی رعایت نہیں کر سکتی جن کی شریعت نے کی ہے جیسے پھل فروخت کرنا کہ آپ نے قبل از وقت پھل فروخت کئے تو اس صورت کو شریعت نے حرام کیا ہے کیونکہ پھل آنے سے پہلے فروخت کرنے میں معدوم کی بیع ہے اور بیع معدوم میں کسی نہ کسی کا ضرر ضرور ہوتا ہے اور شریعت کے موافق کرنے میں کسی کا ضرر نہیں اور جب کسی کا ضرر نہیں تو امن قائم ہوگا۔ تو ان دونوں کا اثر تو دنیا کے انتظام میں صاف معلوم ہوتا ہے باقی اور تین چیزوں کا امن عام میں دخیل ہونا سو یہ کم ظاہر ہے اس لئے اس کو بھی ثابت کرنا ضرور ہے کہ یہ تین چیزیں بھی امن عام میں دخیل ہیں۔ سو اوّل یعنی عقائد کو تو یوں سمجھو کہ توحید اور رسالت اور معاد اُمّ العقائد ہیں اور ان سب کو امن عام میں بڑا دخل ہے۔ آپ نے اخلاق اور معاملات کو تو امن عام میں دخیل مان ہی لیا ہے اسی کی تسلیم سے یہ دعویٰ بھی ثابت ہو جائیگا ایک مثال بطور نمونہ کے عرض کرتا ہوں کہ مثلاً اخلاق میں جھوٹ نہ بولنا سچ بولنا، ہمدردی کرنا، خود غرضی نہ کرنا سب داخل ہے اور یہ اصول تمدن میں سے بہت بڑی چیزیں ہیں جن پر تمام دنیا کا مدار ہے۔ لیکن واقعات میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر یہ اخلاق دو شخصوں میں پائے جائیں جن میں ایک توحید و رسالت کا قائل ہو اور دوسرا اس کا قائل نہ ہو تو یقیناً دونوں میں بہت بڑا فرق ہوگا یعنی منکر توحید میں تو یہ اخلاق محدودُ العمر ہوں گے اس طرح سے کہ جب تک ان اخلاق پر عمل کرنے میں اس کے دنیاوی منافع فوت نہ ہوں یا اُن کے خلاف عمل کرنے سے دوسروں کو خبر ہو کر رسوائی کا اندیشہ ہو اس وقت تک تو ان اخلاق پر عمل کیا جائے گا اور اگر کوئی ایسا موقع آپڑیگا کہ ان اخلاق پر عمل کرنے سے دنیوی ضرر ہوتا ہو اور ان کے خلاف کرنے میں کسی کو خبر بھی نہ ہو۔ جس میں اندیشہ بدنامی نہ ہو تو اس منکر توحید و رسالت کو

کبھی ان اخلاق کے ترک کی پروا نہ ہو گی۔ ہم آئے دن دیکھتے ہیں کہ جب کبھی بے دین سلطنتوں میں آپس میں معاہدہ ہوتا ہے تو اس کی پابندی اسی وقت تک کی جاتی ہے جب تک اپنے منافع حاصل ہوتے ہیں یا خلاف کرنے میں اپنا ضرر ہوتا ہے اگر خلاف کرنے میں اپنا ضرر نہ ہوتا ہو تو عہد شکنی میں ذرا بھی پس و پیش نہیں ہوتا۔ یا فرض کرو کہ دو شخص ہم سفر ہوں جن میں ایک کے پاس ایک لاکھ روپے کے نوٹ ہوں اور دوسرا ایسا ہو کہ اس پر فاقے گذرتے ہوں اور اتفاق سے وہ متمول انتقال کر جائے اور دوسرے رفیق سفر کو ان نوٹوں کے لے لینے کا موقع ملے اور عاقل بھی یہ اتنا بڑا ہو کہ بلاتکلف ان کو فروخت کر سکے اور اس مرحوم کے ورثہ میں بھی صرف ایک نابالغ بچہ ہو اور ان نوٹوں کی کسی اور کو خبر بھی نہ ہو کہ اس شخص کے پاس یہ ذخیرہ ہے اس صورت میں اخلاق اور نفس میں سخت کشاکشی ہو گی اخلاق کا فتویٰ تو یہ ہوگا کہ یہ روپیہ اس وارث کو دینا چاہیے۔ اور نفس کا فتویٰ یہ ہوگا کہ جب اس روپے کے رکھ لینے میں کوئی بدنامی نہیں کسی قسم کا اندیشہ نہیں تو پھر ان کو کیوں نہ رکھ لیا جائے اس کشاکش میں میں نہیں سمجھتا کہ نری اخلاقی قوت انسان کو اس عظیم مہلکہ سے بچا لے پس جس شخص کو نری اخلاقی تعلیم ہوئی ہے وہ ہرگز اس خیانت سے نہیں بچ سکتا۔ البتہ جو اخلاقی تعلیم کے ساتھ خدا اور قیامت کا بھی قائل ہے وہ اس سے بچ سکتا ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اگر میں یہاں بچ گیا اور مجھے دنیا میں خمیازہ بھگتنا نہ پڑا تو قیامت میں تو ضرور ہی بھگتنا پڑے گا اسی طرح ایک اور جزئی یاد آئی کہ میرے پاس اکثر ایسے ٹکٹ آ جاتے ہیں کہ ڈاکخانہ کی مہر سے بالکل بچے ہوئے ہوتے ہیں اگر میں ان کو استعمال کر لوں تو کوئی بھی باز پرس نہیں کر سکتا کیونکہ نہ میرے پاس ڈاک خانہ والے ہوتے ہیں نہ کوئی دوسرا دیکھنے والا ہوتا ہے لیکن محض خدا کے خوف سے اکثر میں سب سے اول ان ہی کو چاک کر کے پھینک دیتا ہوں اس کے بعد خط پڑھتا ہوں

علیٰ ہذا اگر روزمرہ کے واقعات کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ دوسروں کے حقوق کی پوری حفاظت جب ہی ہو سکتی ہے جب دل میں خدا کا خوف ہو یہ مثال نمونہ کے طور پر بیان کی ورنہ غور سے معلوم ہوگا کہ تمام مسائل تمدن میں اس کی ضرورت ہے کہ مبدا ر و معاد کا معتقد ہو اس کے تفصیل کے لئے رسالہ مآل التہذیب دیکھنے کے قابل ہے اس میں دکھلایا ہے کہ اس مخترع تہذیب کا مآل دنیا ہی میں ہونے والا ہے۔ انہوں نے ایک ایک مفسدہ کو لکھا ہے اور ختم پر ہر جگہ یہ کہدیتے ہیں وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُهَذِّبِیْنَ (بس سخت عذاب ہوگا قیامت میں (نئے) مہذبین کو) فرض امن عام اور تمدن اس وقت باقی رہ سکتا ہے جب اخلاق درست ہوں اور اخلاق کی کامل درستی جب ہو سکتی ہے کہ عقائد درست ہوں۔ اب اعمال کا دخل لیجئے یہ بھی ان شاء اللہ تعالےٰ اخلاق کی ضرورت تسلیم کر لینے سے ثابت ہو جائے گا۔

سب کو معلوم ہے کہ اخلاق میں بڑی چیز تواضع ہے اس کے نہ ہونے سے تمام عالم میں فساد پھیلتا ہے کیونکہ فساد کا مبنےٰ ہے نااتفاقی اور نااتفاقی تکبر سے پیدا ہوتی ہے کیونکہ اگر تکبر نہ ہو اور آپ مجھ کو بڑا مانیں اور میں آپ کو بڑا مانوں تو نااتفاقی کی کوئی وجہ نہیں تو اتفاق کے لئے تواضع کے پیدا کرنے اور تکبر کے مٹانے کی ضرورت ہے۔ اور اس تواضع کی عادت نماز سے خوب ہوتی ہے نفس کا یہ خاصہ ہے کہ اگر کہیں اس کو ذلت نہ سکھلائی جائے تو اس میں فرعونیت پیدا ہو جاتی ہے اور نماز میں اول ہی سے اللہ اکبر کی تعلیم ہے تو جو شخص پانچ وقت زبان سے اور دل سے اللہ اکبر کہے گا اور جوارح سے رکوع اور سجدہ کرے گا، زمین پر پیشانی رکھے گا وہ کیونکر اپنے کو بڑا سمجھے گا۔ اگر کہو اس سے تو یہ ہوگا کہ اپنے کو خدا سے بڑا نہ سمجھیگا لیکن دوسروں سے تو بڑا نہ سمجھنے کی کوئی وجہ نہیں۔ جواب یہ ہے کہ یہ ناتجربہ کاری کا اعتراض ہے۔ دیکھو اگر تحصیلدار اپنے جوشِ حکومت میں تحصیلداری کر رہا ہو اور اچانک لفٹنٹ گورنر آجائے

تو خود ان کے ذہن میں بھی وجداناً سب اختیارات مسلوب سے ہوئے ہیں اس وقت اگر کوئی حضور بھی کہہ دیتا ہے تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کسی نے گولی مار دی تو جس کے دل میں خدا کی عظمت ہو گی وہ اپنے کو چیونٹی سے بھی مغلوب اور ناتواں سمجھے گا کیونکہ بڑوں کے سامنے ہوتے ہوئے چھوٹوں پر بھی حکومت نہیں رہتی تو اللہ اکبر کی تعلیم وہ ہے کہ اس سے تکبر کی بالکل جڑ کٹ جاتی ہے اور پھر اس سے نااتفاقی کا جاتا رہنا لازمی ہے علیٰ ہذا قوت بہیمیہ سے سینکڑوں فساد لڑائی جھگڑے دنیا میں ہوتے ہیں اور روزے سے قوت بہیمیہ ٹوٹتی ہے۔ اسی طرح زکوٰۃ کہ اس سے لینے والے کے علاوہ دوسروں کو بھی زکوٰۃ دینے والے کے ساتھ محبت ہوتی ہے دیکھو حاتم طائی سے بوجہ سخا کے سب کو محبت ہے اور اتفاق کا مبنیٰ یہی محبت ہے تو دیکھو زکوٰۃ کو اتفاق میں کتنا بڑا دخل ہے۔ علیٰ ہذا حج پر غور کیجئے کہ اس میں ساری دنیا کے آدمی ایک شغل میں ایک زمانہ میں ایک مکان میں جمع ہوتے ہیں اور تمام سامان تکبر سے خالی ہو کر ایک عظیم الشان دربار میں حاضر ہوتے ہیں جس کو اتفاق واتحاد میں بہت دخل ہے جیسا اوپر مذکور ہوا اور اسی اتفاق فی الخیال کا اثر ہے کہ دوسرے مجمعوں میں جن کو مجمع حجاج سے کچھ بھی نسبت نہیں ہوتی بہت سی واردات ہو جاتی ہیں اور وہاں بہت کم حادثے پیش آتے ہیں البتہ اکثر لوگ شاید بدوؤں کے شاکی ہوں گے سو اصل میں ان کا مقصود سلب وقتل نہیں ہے بلکہ وہ ایک درجہ میں حجاج کی بے پروائی کا انتقام لیتے ہیں ان کی حالت بالکل یہاں کے گاڑی بانوں کی سی ہے کہ اگر گھاس دانہ زیادہ دے دیا تو خوش ہیں ورنہ پھر دیکھئے کیسے پیر پھیلاتے ہیں ویسے ہی اگر بدوؤں کی مدارات کی جائے ان کو انعام کے طور پر کچھ زیادہ دیدیا جائے تو وہ بہت آرام پہونچاتے ہیں اور یہ جو سننے میں آتا ہے کہ بدو پتھر مار کر مال چھین لیتے ہیں تو اول تو ایسا بہت کم ہوتا ہے اور اگر ہوتا بھی ہے تو ایسے بدوؤں کے ہاتھ سے جو اس مجمع کے نہیں بلکہ وادیوں میں دیہات کے لوگ پھیلے رہتے ہیں وہ ایسی حرکتیں کرتے ہیں

اور وہ بھی اس وقت جبکہ خود اپنی حفاظت نہ کرے کہیں قافلے سے آگے پیچھے رہ جائے غرض حج کو اتفاق و امن میں بہت بڑا دخل ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ اعمالِ حج ازسرتاپا تواضع سے پرُ ہیں۔ اب رہی معاشرت سو تامل سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے جتنے طریقے ناجائز ہیں وہ سب کے سب وہی ہیں جن سے تکبر ٹپکتا ہے مثلاً ناجائز وضع سے شریعت نے منع کیا ہے سو جتنی ناجائز اوضاع ہیں ان سب میں تکبر ہے جو لوگ خلاف شریعت وضع رکھتے ہیں وہ غور کرلیں کہ اس وقت اُن کے دل کی کیا حالت ہے اور اس حالت کو یاد رکھیں اور پھر ایک ہفتہ شریعت کے موافق وضع ولباس اختیار کرکے اس کا اثر دیکھیں تو ان کو زمین و آسمان کا فرق معلوم ہوگا یہ تو سمجھ میں آنے والی تقریر ہے۔ ایک دوسری تقریر اور ہے جو ان تینوں میں مشترک ہے وہ یہ کہ ہر چیز میں ایک خاصیت ہوتی ہے پس اسی طرح اعمال میں بھی ایک خاصیت ہے اور عقائد میں بھی اور معاشرت میں بھی اور وہ یہ ہے کہ ان سب سے قلب میں ایک نور پیدا ہوتا ہے اور اس نور سے اس کی وہ حالت ہوجاتی ہے اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ (مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان سلامت رہیں یعنی ان کو کچھ ایذا نہ دے)

اب میں ایک اور بات کہتا ہوں جو تمام اجزاء دین کو عام ہے وہ یہ کہ دین کی یہ غرض ہی نہیں کہ دنیاوی نفع ہو بلکہ مقصود اس سے رضائے حق ہے اور جب خدا تعالیٰ راضی ہوں گے تو وہ خود ہی اس کی تمام مصالح دنیویہ کی رعایت فرمالیں گے مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (جو اللہ سے ڈرتا ہے تو وہ اس ڈرنے والے لئے رہائی (آفات دارین) کرتا ہے اور ایسی جگہ سے روزی پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا) پس دین کی درستی کو اس طرح دنیا کی درستی میں دخل ہوا اگر دین کے کام اس نیت سے بھی نہ کرنا کہ خدا راضی ہوگا تو دنیا کے کام بنیں گے بلکہ صرف اس لئے کہ ؎

دلآرامی کہ داری دل درو بند دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

(جو تیرا محبوب ہے اس میں اپنے دل کو لگا اور دوسرے سارے عالم سے اپنی آنکھوں کو بند کرلے)

اور جو مصلحتیں سامنے آئیں بھی تو یہ پڑھ دو کہ ؎

مصلحت دید من آنست کہ یاراں ہمہ کار بگذارند وخم طرۂ یارے گیرند

(میرے نزدیک صحیح مشورہ یہ ہے کہ میرے دوست سب کاموں کو چھوڑدیں اور صرف محبوب کے دامن کو پکڑلیں)

رند عالم سوز را با مصلحت بینی چہ کار

کار ملک ست آنکہ تدبیر و تحمل بایدش

(ایسے عاشق کو جس کا عشق اپنی گرمی سے دنیا کو جلا سکتا ہو اس کو ہر کام میں مصلحت سوچنے سے کیا کام مصلحتیں سوچنا اور ملک کی تدبیروں کا سوچنا اس شخص کا کام ہے جس کو تحمل اور صبر و برداشت کی عادت ہو)

ہمیں مصلحتوں سے کیا لینا مگر حاصل ضرور ہوں گی وفادار نوکر وہ ہے کہ آقا کی رضامندی کو اپنی مصلحت پر مقدم رکھے اور کوئی کام اس کی مرضی کے خلاف نہ کرے ورنہ اس کو خود غرض اور خود کام کہا جائے گا پھر آقا اپنے کرم سے خود ہی اس کی مصلحتوں کی رعایت فرمائے گا اور اگر دیکھا جائے تو راحت بھی اسی میں ہے کہ کسی کے حکم کا تابع رہے چاہے مصلحت سمجھ میں آئے یا نہ آئے اور اگر ہر کام میں مصلحت سوچتا رہے تو کام کچھ بھی نہ کر سکے گا۔ چنانچہ اگر کوئی شخص اہلمد کچہری کام کرنے کی حالت میں بھی ہر وقت تنخواہ کے روپئے کے مصارف و مداخل کے حساب میں لگا رہے تو یقیناً کچہری کا سارا کام برباد ہو جائے گا۔ جیسا ایک کاتب کی حکایت ہے کہ بیوی کو خط لکھ رہے تھے ایک چڑیا نے ہگدیا تو آپ نے اس چڑیا کو ایک گندی گالی دی چونکہ اس گالی میں مشغولی زیادہ ہوئی تو وہی گالی خط میں بھی لکھی گئی وہاں جو خط پہونچا تو تعجب ہوا اور وجہ پوچھی کہ مجھ سے کیا قصور ہوا آخر سارا

قصہ لکھا تو یہی حال ہو مصالح کے مشتغل کا کہ مقصود کام کا ستیاناس ہو جاتے حاصل یہ کہ اگر آدمی کام کے وقت ثمرات پر نظر رکھے تو وہ خود کام سے حجاب ہو جاتے ہیں۔ حضرت سڑک کوٹنے والا مزدور اگر کوٹتے وقت پیسوں کی فکر میں رہے تو ضرور کہیں چوٹ کھائے گا اگر چوٹ سے بچنا ہے تو اس وقت مزدوری پر بالکل نظر نہ کرے بلکہ کام پر نظر کرے مگر دنیا کے کاموں میں تو لوگ ان قواعد کو ضروری سمجھتے ہیں اور دین کے کاموں میں ان سے کچھ کام نہیں لیا جاتا حالانکہ ضروری بات ہے۔ میں نے تین تقریریں کیں ہر تقریر سے یہ ثابت ہو گیا کہ دین کو طاعت کو امن عام میں بہت دخل ہے اور یہ تین تقریریں اس لئے کیں کہ مذاق مختلف ہیں یہ قواعد دینیہ کی خوبی ہے کہ ان سے ہر مذاق کے پسند پر دین کا حُسن ثابت ہو گیا تو دین گویا اس شعر کا مصداق ہی ہے ؎

بہار عالم حُسنش دل وجان تازہ میدارد
برنگ اصحاب صورت راببو ارباب معنی را

(اس کے حسن کے عالم کی بہار دل کو اور روح کو خوش رکھتی ہے۔ جو صورت کو پسند کرنے والے ہوتے ہیں وہ رنگ و روپ سے خوش ہوتے ہیں)

غرض جس پہلو سے چاہو پرکھ لو پرکھا لو الحمد للہ یہ بات ثابت ہو گئی کہ امن کی صورت اگر ہے تو احکامِ خداوندی کی پابندی سے ہے اور اگر کہو کہ بہت تو میں مسلمان نہیں ہیں اور وہ پابندِ احکام نہیں ان میں امن کیسے قائم ہے تو ہیں اجمالی جواب تو پہلے دے چکا ہوں اور اس اجمال کی تفصیل کو مآل التہذیب پر حوالہ کرتا ہوں پتہ مطبع نظامی کانپور۔ اس کے نو مقالے ہیں وہ قابل اس کے ہیں کہ اپنے بچوں کو پڑھلائے۔ غرض یہ بات بلاشبہ ثابت ہو گئی کہ امن عام کی بقا محض دین پر ہے اور اس سے اس حدیث کا مطلب بھی سمجھ میں آگیا ہو گا کہ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُقَالُ فِي الْاَرْضِ اللّٰهُ اَللّٰهُ۔ معنی۔ جب تک کوئی بھی اللہ اللہ کہنے والا موجود ہے۔ قیامت نہ آئے گی اور مختصر وجہ اس کی یہ ہے کہ اسلام طاعت ہے اور کفر بغاوت ہے

تو دنیوی سلطنتوں کا تو یہ قاعدہ ہے کہ اگر کسی شہر میں باغی زیادہ ہوں تو شہر پر توپ خانہ لگا دیا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ بھی اگر یہی کرتے تو اکثر اوقات توپ لگنے کے ہوتے مگر یہ خدا تعالیٰ کی رحمت ہے کہ اس نے یہ قانون مقرر کیا کہ اگر کل باغی ہوں مگر صرف ایک غیر باغی ہو تو اس کی بدولت تمام عالم محفوظ رہے گا۔ ہاں جب بغاوت عام ہو جائے اس وقت پھر ہلاک عام بھی ہوگا اور یہیں سے ایک اور بات بھی سمجھ میں آگئی کہ بہت سے لوگ جن کو آپ حقیر سمجھتے ہیں جیسے اللہ اللہ کہنے والے غرباء۔ وہ آپ کی بقاء کے سبب ہیں اور اللہ تعالیٰ کے اس خلق کا اتباع ہم کو بھی کرنا چاہیئے کہ ایک کے لئے سب کی رعایت فرمائی، شیخ رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

ع مراعات صد کن برائے یکے

اور فرماتے ہیں

ع خورند برائے گلے خارگلے

یعنی ایک پھول کے لئے دس جگہ کانٹوں میں الجھتے ہیں تو ہم کو بھی ایسے لوگوں کیلئے مشقتیں اٹھانا چاہئیں غرض جب ان میں سے ایک بھی نہ رہے گا اس وقت توپ لگ جائے گی کہ گھر کا گھر گر پڑے گا تو تمدن اور امن اطاعت ہی سے ہے اب یہ بھی سمجھو کہ اطاعت ایک عمل ہے اور عقلی مسئلہ ہے کہ عمل بدون علم کے ہو نہیں سکتا تو امن عام کے لئے علم دین کی ضرورت ہوئی اور اس کے عامل علماء ہیں تو اب بتلاؤ کہ یہ جماعت دنیا میں سب سے زیادہ ضروری ہوئی یا سب سے زیادہ بیکار۔ اور اگر کسی مقدمہ میں کوئی خدشہ رہے تو بسم اللہ میں ہر وقت حاضر ہوں میں نے کوئی شاعری نہیں کی نہ کسی کی طرفداری کی اور صاف کہدیا کہ ان میں بعض بدنام کنندہ نیکاں بھی ہیں وہ ہماری بحث سے خارج ہیں لیکن اگر وہ بھی اپنی اصلاح کرکے اس مقبول جماعت میں آنا چاہیں تو بسر و چشم آئیں ؎

ہر کہ خواہد گو بیا و ہر کہ خواہد گو برو
دار و گیر و حاجب و درباں بریں درگاہ نیست

(جو آنا چاہے آجائے اور جو جانا چاہے وہ چلا جائے اس دربار میں کوئی کسی سے پوچھ گچھ اور روک ٹوک کرنے والا نہیں ہے)

لاکھ برس کا عابد اگر مچلے تو کان پکڑ کر باہر اور اگر لاکھ برس کا کافر آئے تو بسم اللہ۔

صاحبو! امید ہے کہ مسلمانوں کو اس بیان سے حقیقتِ حال منکشف ہو گئی ہو گی۔ اب میں نہایت ادب سے تھوڑا سا خطاب طالب علموں کو کرتا ہوں کہ آپ کی ضرورت محض علم و عمل کی وجہ سے ہوئی ورنہ آپ کوئی چیز نہیں اور یاد رکھو جتنا لطیف کھانا ہوتا ہے اس میں زیادہ اور جلدی بدبو ہو جاتی ہے۔ پس جس طرح آپ بحالت درستی نافع الوجود ہیں اسی طرح نادرستی میں مضر اور سبب فساد بھی ہوں گے اس لئے آپ کو بھی اپنی اصلاح کرنا ضرور ہے اور آپ کی اصلاح کے دو طریق ہیں ایک تو یہ کہ زمانہ تحصیل میں استاد دیندار ڈھونڈیئے بددین استاد ہرگز ہرگز اختیار نہ کرو۔ یہی طالب علمی وقت ہے تخم پاشی کا پھر اس کے بعد کچھ دنوں پڑھ کر کسی اہل اللہ کی چندے صحبت اختیار کرو تب البتہ تم خادم دین بن سکو گے پھر لوگ تمہارے قدم دھوئیں گے اور پھر پہلی جماعت غیر اہل علم سے خطاب کرتا ہوں کہ اگر کوئی صاحب علم ایسا نہ ہو تو اس کو چھوڑ دو اور اس کو نہ دیکھو وہ سرکاری آدمی نہیں مگر یہ یاد رہے کہ وہ کام کا آدمی بھی ان ہی ناکاروں میں ملا جلا ہوا ہے اور اس کی تلاش کے لئے البتہ ان سب کی بھی خدمت کرو ان ہی میں وہ مل جائے گا۔

ع۔ مراعات کن صد برائے یکے

کا یہی مطلب ہے شیخ نے حضرت ابراہیم کی حکایت لکھی ہے کہ وہ بغیر مہمان کے کھانا نہ کھاتے تھے۔ ایک دن مجوس مہمان ہوا جس نے کھانے پر بسم اللہ نہ کہی آپ نے ناراض ہو کر اٹھا دیا فوراً وحی سے ارشاد ہوا کہ ؎

گراو می بروپیش آتش سجود | تو واپس چرا میکشی دست جود
خورش دہ بگنجشک وکبک وحمام | کہ شاید ہمائے درافتد بدام
چو ہر گوشہ تیر نیاز افگنی | بنا گاہ بینی کہ صیدے کنی

(اگر وہ آگ کو سجدہ کرتا ہے تو سخاوت سے اپنا ہاتھ کیوں روکتا ہے
تو چڑیوں اور چکوروں اور کبوتروں سب کو دانے ڈالتا رہ شاید کسی
روز ہما پرندہ بھی جال میں آ پھنسے تو عاجزی کا تیر ہر طرف پھینکدے
ممکن ہے کسی وقت اچانک کوئی شکار مل جائے)

جب شکاری شکار ہما کرتا ہے تو چیل اور کوؤں کو نہیں اڑاتا اُن ہی کے ساتھ ہما بھی پھنس جاتا ہے۔ اسی طرح اگر ہم انتخاب کر کے تعلیم دین اور ان میں عیب نکالیں جیسا کہ آجکل لوگ طالب علموں میں عیب نکالتے ہیں تو بخدا بہت سے اچھے اچھے بھی دولت علم سے محروم رہ جائیں گے کیونکہ بہت لوگوں کو دیکھا ہے کہ اول اول ان میں قابلیت نظر نہیں آتی مگر بعد میں ان کے جواہر کھلتے ہیں۔ پس ان سب کی خدمت کرو۔ انہیں میں سے لعل وجواہر بھی نکل آئیں گے۔ ایک بادشاہ زادے کا لعل شب کو جنگل میں گر پڑا تھا تو حکم دیا کہ سب کنکروں کو جمع کر لو روشنی میں چھانٹ لیں گے اُنہیں کنکروں میں سے وہ لعل پا گیا۔

تو آپ اپنے اس انتخاب[ع] سے ہمیں معاف کیجئے اور آپ ان پر اعتراض نہ کیجئے البتہ اگر تم طالب علموں کے ساتھ اولاد کا سا برتاؤ کرو اور اپنی اولاد سمجھو اور پھر شفقت وخیر خواہی سے ان کی بے عنوانی پر ان کو تنبیہ بھی کرو تو پھر دیکھو وہ بھی سمجھیں گے کہ ؎

آنرا کہ بجای تست ہر دم کرمے
عذرش بنہ ار کند بعمری ستمے

عہ یہ عدم انتخاب اس طالب علم کے اعتبار سے ہے جس کا صرف غیر نافع ہونا محتمل ہو باقی جس کا مضر دین ہونا معلوم ہو جائے اسکو متبوع ہونے کے درجے تک ہرگز نہ پڑھائیں البتہ اپنے عمل کے لائق اسکو بھی تعلیم دینا فرض ہے ۱۲ منہ

(وہ ذات کہ جو تجھ پر ہر وقت بخششیں کر رہی ہے اگر عمر بھر میں کسی وقت یار اس کی طرف سے
تجھے دکھ اور گلہ بھی ہو تو اُسے معذور رکھ)

غرض اولاد کو جس درجے کی تنبیہ کرتے ہو اس کی اجازت ہے اور اس سے زائد اجازت نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ بہت بڑی ضرورت دنیا میں اہلِ علم اور دین کی ہے ان کے ساتھ والبستہ ہو جاؤ مگر وابستگی کے یہ معنے نہیں کہ چندہ میں روپیہ دیکر بے فکر ہو جاؤ۔ روپیہ تو خدا دے گا۔ بلکہ اُن سے کھل کر ملو اور ان سے مسئلے پوچھتے رہو تاکہ تم کو دین اور اہل دین کی محبت پڑھے اور تمہارے لئے یہ وعدہ صادقہ پورا ہو جائے کہ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (آدمی قیامت میں) اس کے ساتھ ہوگا جسے (دنیا میں) دوست رکھتا ہے) اور اگر تم کو ان کی محبت ہو گئی تو ان شاء اللہ تعالیٰ خدا تعالیٰ سے بھی تم کو محبت صادقہ ہو جائے گی اور بعض لوگ خود تو علماء کی طرف متوجہ ہوتے نہیں اور شکایت کرتے ہیں کہ علماء ہماری خبر نہیں لیتے تو صاحبو! مریض طبیب کے پاس جایا کرتا ہے طبیب مریض کے پاس از خود نہیں جایا کرتا کیا وجہ ہے کہ سول سرجن کی شکایت نہیں کیجاتی کہ ہماری خبر نہیں لیتا صاحبو! سول سرجن کی شکایت تو ناجائز اور علماء کی شکایت جائز۔

صاحبو! تم نے علماء کو اپنی خبر کب دی۔ اگر تم دو دفعہ جاکر ان کو اپنے مرض کی خبر دو گے تو وہ ایسے شفیق ہیں کہ چار دفعہ خود آئیں گے۔ اب تو مولوی اس لئے بھی بچتے ہیں کہ ان کا از خود متوجہ ہونا خود غرضی پر محمول ہوگا۔ مشہور مقولہ ہے :۔

نِعْمَ الْاَمِيْرُ عَلٰى بَابِ الْفَقِيْرِ وَبِئْسَ الْفَقِيْرُ عَلٰى بَابِ الْاَمِيْرِ (وہ امیر اچھا ہے جو فقیر کے دروازے پر حاضر ہو اور وہ فقیر بُرا ہے جو امیر کے دروازے پر جائے)

تو یہ معنی ہیں وابستگی کے اور جب آپ وابستہ ہوں گے تو وہ بھی آپ سے زیادہ متوجہ ہوں گے اور اس سے ملاپ پیدا ہوگا۔ مگر ابتداء اس کی اہلِ دنیا کی طرف سے ہونا چاہیئے اور اس وابستگی کے ساتھ اپنے بچوں کو بھی علم دین پڑھایئے۔

غرض یہ چیزیں ضروری الوجود ہیں ان کی فکر کیجئے۔ اب ختم کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے توفیق علم و عمل کی دعا کیجئے۔

تمت بالخیر

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً

(رواہ البخاری)

دعوات عبدیت جلدؔ پنجم

کا

دوسرا وعظ ملقب بہ

# طریق النجاۃ

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ناشر: محمد عبد المنان غفرلہٗ

مکتبۂ تھانوی ـــ دفتر الابقاء

مسافرخانہ بندر روڈ کراچی ۱

ایم۔ اے جناح روڈ

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

دوسرا وعظ ملقب بہ

# طریق النجاۃ

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہوکر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد کیرانہ ضلع مظفرنگر | ۲۲ر جمادی الثانیہ ۱۳۳۰ھ | ۳ گھنٹے | بیٹھ کر | نجاۃ کے دو طریقے ہیں یا تحقیق یا تقلید اہل تحقیق | مولوی سعید احمد تھانوی | تقریباً ۳۰۰۰ | |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی۔ وَقَالُوْا لَوْ کُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا کُنَّا فِیْ

اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝ (اور کافر کہیں گے کہ ہم سنتے یا سمجھتے تو اہلِ دوزخ میں شامل نہ ہوتے) یہ ایک آیت ہے سورۂ ملک میں اس میں حق سبحانہٗ وتعالےٰ نے کفار کی ایک حکایت نقل فرمائی ہے یعنی ان کا ایک قول ہے جو کہ وہ قیامت میں کہیں گے مگر مقصود حکایات سے خود وہ حکایات نہیں ہوتیں خواہ وہ حکایات ماضیہ ہوں یا حکایات مستقبلہ بلکہ ان سے مقصود کوئی عبرت یا کسی بات کا جتانا ہوا کرتا ہے چنانچہ اس کے متعلق ایک آیت میں ارشاد بھی ہے لَقَدْ کَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ۝ کہ ہم نے جو قرآن شریف میں اگلی قوموں کے قصے بیان کئے ہیں ان سے عقلمند لوگوں کو عبرت ہوتی ہے اس کا حاصل یہی ہے کہ قصوں کے نقل کرنے سے غرض عبرت دلانا ہوتا ہے عبرت کا ماحصل قیاس ہوتا ہے یعنی پہلی قوموں کے حالات پر اپنے حالات کو کسی امرِ مشترک کی وجہ سے قیاس کرنا اور اپنے لئے بھی ان کی حالت کے مشابہ اپنی کسی حالت کی تقدیر پر اُسی امر کو ثابت کرنا جو کہ ان کے لئے ثابت ہو چکا ہے۔ اس مقام پر بھی حکایت کو نقل کرنے سے یہی مقصود ہے کہ وہ حکایت ہم کو سنائیں تاکہ ہم غور کریں اور جانچیں کہ جس امر پر ان کو وعید ہو رہی ہے ہمارے اندر بھی وہ پایا جاتا ہے یا نہیں اور ہماری حالت اس پر منطبق ہے یا نہیں اور اس سے نجات کا کیا ذریعہ ہے کہ ہم اس کو اپنا دستور العمل قرار دیں یہ حاصل ہے مجملاً اس آیت کا جیساکہ ترجمے سے آپ کو معلوم ہوگا اور تفصیل اس کی بیان سے معلوم ہو جائے گی۔

ترجمہ اس آیت کا یہ ہے کہ قیامت کے دن کفار یوں کہیں گے کہ اگر ہم سنتے یا سمجھتے تو آج ہم اصحابِ جہنم میں نہ ہوتے۔ اس ترجمے سے معلوم ہوا کہ کفار اپنی بدحالی کو دیکھ کر یہ کہیں گے کہ ہم بہت چوکے کہ ہم نے دنیا میں کرنے کا کام نہ کیا اور اس کرنے کو خدا نے اس حکایت میں دو باتوں میں منحصر کیا ہے ایک تو سننے میں اور ایک سمجھنے میں۔ اور وجہ اس کی یہ ہے

کہ عمل علی الحق کے دو طریقے ہوتے ہیں ایک تو یہ کہ کسی سے سنا ہو دوسرے یہ کہ خود سمجھا ہو۔ کفار نے چونکہ نہ سنا تھا نہ خود سمجھا تھا اس لئے ان کو افسوس اور حسرت کی نوبت آئی۔ اس سے آپ کو آیت کا ماحصل مجملاً معلوم ہو گیا ہو گا خدا تعالےٰ نے اس حکایت کو نقل کر کے اس پر انکار نہیں فرمایا اور اس کو غلط نہیں کہا بلکہ اگلی آیت میں اس کی تصدیق فرمائی فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْبِهِمْ (انہوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کر لیا، جس سے معلوم ہوتا ہے ان کا ذنب یہی تھا تو معلوم ہوا کہ یہ امر حق ہے اور ان ہی دو کا نہ ہونا باعث دخول جہنم ہوا بلکہ اگر اس کو نقل فرما کر سکوت بھی کیا جاتا تب بھی یہ حق سمجھا جاتا کیونکہ عقلی قاعدہ ہے کہ جس بات کو بیان کر کے اس پر سکوت کیا جائے اور ردّ و انکار نہ کیا جائے تو وہ حاکی کے نزدیک امر مرضی ہوا کرتا ہے نیز اصولیین نے بھی یہ قاعدہ مقرر کر دیا ہے نیز قطع نظر اس مقدمہ کے اس کے حق میں ہونے کی ایک دلیل یہ ہے کہ یہ مقولہ قیامت کا ہے اور قیامت میں چونکہ سب امور منکشف ہو جائیں گے اس لئے کوئی جھوٹ نہ بولے گا اور اگر بعض آیات سے مثلاً وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ۝ (قسم ہے اللہ کی جو ہمارا پروردگار ہے ہم مشرک نہیں ہیں) یہ شبہ ہو کہ ان لوگوں نے جھوٹ بولا چنانچہ ارشاد ہے اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ (دیکھو تو اپنی جانوں پر کس طرح جھوٹ بول رہے ہیں) تو جواب اس کا یہ ہے کہ جھوٹ ایک عارض کی وجہ سے بولا اور وہ عارض یہ ہے کہ بولنے میں ان کو نفع کی توقع تھی اور یہاں یہ بات نہیں ہے بلکہ اس قول میں خود ان ہی کا ضرر ہے کہ اعتراف ذنب لازم آتا ہے اس لئے یہ قول غلط نہ ہو گا خلاصہ یہ ہے کہ قیامت میں کشف حقیقت کا اصل مقتضا یہ ہے کہ وہاں جو بات کہی جائے بالکل صحیح کہی جائے۔ لیکن بعض لوگ عارض نفع کی وجہ سے اس مقتضا کے خلاف کریں گے تو جس جگہ وہ عارض پایا جائے گا اس موقع پر تو ان کے قول میں کذب کا احتمال

ہوگا اور جس موقع پر وہ عارض نہ ہو وہاں اصل مقتضا کی وجہ سے قول کو صادق ہی سمجھا جائے گا لہذا کفار کا یہ قول بالکل سچا ہے اور پھر جبکہ اس کے ساتھ خدا تعالیٰ کی طرف سے تائید بھی موجود ہے تو اس کے صدق میں کوئی شبہہ ہی نہیں رہا۔ چنانچہ ارشاد ہے فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ○ انہوں نے اپنے گناہ کا اقرار کرلیا) جس کی اوپر تقریر ہو چکی ہے۔ اب میں اصل مقصود کو بیان کرتا ہوں اور اس آیت سے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو ثابت کردوں گا کیونکہ وہ مضمون اس آیت کا مدلول ہے اور اس کی ضرورت نہایت عام ہے ہر وقت ہر جگہ ہر مسلمان کو اس کی ضرورت ہے ایسے مضامین بتلانا نہایت ضروری ہیں اور جیسے اس کی ضرورت عام ہے ایسا ہی اس کا فائدہ بھی نہایت عام ہے یعنی اس کے استعمال کے بعد حتمی فائدہ اس میں ہے۔ نیز یہ مضمون نہایت سہل ہے۔ تو ان تینوں باتوں پر نظر کرکے اس کی ضرورت میں ذرا بھی کلام نہیں رہتا۔ دیکھئے عقلی قاعدہ یہ ہے کہ مرض جس قدر صعب ہوتا ہے اس کا علاج بھی اسی قدر صعب ہوتا ہے۔ مثلاً اگر کسی شخص کو یا کسی جماعت کو یا کسی ایک شہر میں کوئی سخت مرض پھیل جائے تو عقلاً اس کے لئے نہایت سخت تدابیر تجویز کرتے ہیں اور جب یہ قاعدہ مسلم ہے اور عقلاً اس کو برداشت کیا جاتا ہے اور اگر برداشت کی تاب نہیں ہوتی تو علاج سے مایوس ہونا پڑتا ہے چنانچہ بعض مرتبہ اطبا کہتے ہیں کہ تمہارا مرض امیرانہ ہے مثلاً کسی غریب آدمی کو جنون ہو جائے اور کوئی طبیب اس کا علاج شروع کرے اور کسی طرح اس کو فائدہ نہ ہو تو پریشان ہوکر طبیب کو یہ کہنا پڑے گا کہ بھائی تمہارا مرض تو امیرانہ ہے اور تم دو چار پیسے کی دوائیں اس کا علاج چاہتے ہو یہ کیونکر ہو سکتا ہے اس کے لئے تو بہت سخت تدابیر کی ضرورت ہے جن کی وسعت تم میں نہیں ہے لہذا تم اچھے نہیں ہو سکتے۔

تو از روئے عقل ہر مرض صعب کی تدابیر بھی صعب ہوتی ہیں اور بعض اوقات مایوسی کی نوبت آتی ہے۔ لیکن اس طب میں جس کا نام طبِ ایمانی ہے کوئی درجہ بھی ایسا نہیں ہے کہ وہاں پہونچکر مایوس کر دیا جائے اور یہ کہدیا جائے کہ اب تمہارا مرض لا علاج ہو گیا، بلکہ ہر مرض کے لئے علاج موجود ہے اور نہایت سہل علاج موجود ہے میں ان شاء اللہ تعالےٰ اس کو بدلیل بیان کردونگا کہ صعب سے صعب مرض میں بھی نہایت سہل نسخہ تجویز کیا ہے اور یہ دلیل ہے خدا تعالےٰ کی رحمتِ عامہ کی کہ اتنا بڑا مرض اور اس کا علاج اس قدر سہل۔ اور اس سے اس آیت کے معنی بھی منکشف ہو جائیں گے کہ یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ اور مَا جَعَلَ عَلَیْکُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ۔ یعنی خدا تعالےٰ نے دین میں تم پر کچھ تنگی نہیں کی۔ یہاں سے ایک جملہ معترضہ عرض کرتا ہوں شاید کسی کو یہ شبہ ہو کہ ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ دین میں کچھ تنگی نہیں ہے حالانکہ مشاہدہ اس کے بالکل خلاف یعنی اکثر دینداروں کو عمل بالشرع میں بہت تنگی پیش آتی ہے اور جو لوگ آزاد ہیں وہ نہایت مزے میں ہیں کہ جو جی میں آیا کر لیا ان کو کارروائی میں تنگی نہیں ہوتی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دین پر عمل کرنے میں تنگی ہے۔ اور آزاد رہنے میں آسانی کیونکہ دیندار آدمی کو تو قدم بقدم حرام کی فکر لگی رہتی ہے بلکہ جس بات کو ان سے پوچھئے اس کو حرام ہی کہتے ہیں اور اس کی وجہ سے ان کو نہایت پریشانی اور تنگی ہوتی ہے۔

مثلاً اب آموں کی بہار آرہی ہے۔ جو لوگ آزاد ہیں وہ تو نہایت چین میں رہیں گے کہ فصل شروع ہوتے ہی فروخت کر دیں گے۔ اگرچہ ابھی تک نرا پھول ہی ہو اور ان کو نہایت اچھے دام اٹھیں گے۔ اور جو لوگ دیندار ہیں وہ اس فکر میں لگے رہیں کہ پھول فروخت کرنا حرام ہے، لہٰذا اس وقت فروخت کرنا چاہیئے کہ جب پھل آجائیں اور پھل بھی بڑھ جائیں۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ ان کی حفاظت کے لئے کم سے کم پانچ روپیہ

ماہوار کا ایک ملازم رکھیں گے یا خود حفاظت کریں گے پھر آندھیوں میں جو کچھ آم گریں گے سب اُن کے گریں گے ان کی وجہ سے قیمت کم اُٹھے گی علیٰ ہذا اگر تجارت کریں تو شریعت پر عمل کرنے میں کوئی صورت قمار میں داخل ہونے کی وجہ سے حرام ہے کسی دادوستد میں سود لازم آگیا وہ اس لئے حرام ہے۔ غرض شریعت پر عمل کرنے میں ہر طرح تنگی و مصیبت ہے اور جب کوئی چیز بھی تنگی سے خالی نہیں تو یہ تو قرآن ہی میں شبہ پیدا ہو جاتا ہے (نعوذ باللہ من ذالک) تو یہ شبہ بعض لوگوں کو پیدا ہوتا ممکن ہے میں نے متعدد مقامات پر اس کا جواب عرض کیا ہے اس وقت بھی وہی جواب دیتا ہوں مگر توضیح کے لئے اول ایک مثال بیان کرتا ہوں۔ فرض کرو کہ ایک شخص مریض ہوا اور وہ کسی طبیب کے پاس گیا اور نسخہ دریافت کیا اور حکیم صاحب نے نسخہ لکھا لیکن اتفاق سے مریض ایسی جگہ رہتا ہے کہ اس جگہ کوئی دوا دستیاب نہیں ہوتی اس کے بعد حکیم صاحب نے پرہیز بتلایا اور اتفاق سے اس گانوں میں صرف وہی چیزیں ملتی ہیں جن کی ممانعت کی گئی ہے اور جن چیزوں کی اجازت ہے ان میں سے ایک چیز بھی نہیں ملتی۔ پس اگر یہ مریض حکیم صاحب کے نسخہ کو دیکھ اور پرہیز کو سن کر یہ کہنے لگے کہ طب میں نہایت ہی تنگی ہے کیونکہ دوائیں وہ بتلائیں جن میں سے ایک بھی میسر نہیں غذائیں وہ تجویز کیں جو کبھی گانوں بھر میں بھی نہیں آتیں اور جتنی چیزیں کھاتے کی ہیں وہ سب ممنوع کہ نہ بینگن کھاتا نہ آلو کھاتا نہ بھینس کا گوشت کھاتا اور اس کے ساتھ ہی حکیم صاحب کو بھی اپنے جہل کی وجہ سے بُرا بھلا کہنے لگے تو عقلاء اس کو کیا جواب دیں گے۔ یہی جواب دیں گے کہ طب میں تو ذرا بھی تنگی نہیں۔ اس شخص کے گانوں ہی میں تنگی ہے کیونکہ طب میں تنگی تو اس وقت سمجھی جاتی ہے جبکہ دو چار چیزوں کی اجازت ہوتی اور باقی سب چیزیں ممنوع ہوتیں اور جبکہ بیس کی اجازت ہے اور صرف چار کی ممانعت تو طب میں تنگی ہرگز نہیں بلکہ اس شخص کے گانوں میں تنگی ہے کہ اس میں صرف وہی چیزیں منتخب ہو کر آتی ہیں جو کہ سراسر مضر ہیں تو علاج اس کا یہ نہیں ہے کہ حکیم صاحب کا نسخہ

ردی کر دیا جائے اور اس پر عمل نہ کیا جائے بلکہ علاج یہ ہے کہ اپنے گانوں کی اصلاح کی جائے وہاں کی تجارت کو وسعت دی جائے لوگوں کو مفید چیزیں فروخت کرنے پر مجبور کیا جائے جب یہ مثال ذہن نشین ہوگئی تو اب غور و انصاف سے دیکھیے کہ تنگی شریعت میں ہے یا یہ کہ آپ کے معاملات میں شریعت کو تنگ اس وقت کہا جا سکتا تھا کہ جب تجارت اور داد و ستد کی صرف دو چار صورتیں شریعت نے جائز بتلائی ہوں اور ان کے ماسوا ساری صورتیں حرام کر دیں اور جبکہ شریعت نے دو چار صورتوں کو حرام کر کے باقی سب کو جائز قرار دیا ہے تو شریعت کو تنگ نہیں کہا جا سکتا لیکن شریعت اس کا کیا علاج کرے کہ آپ کے معاملہ کرنے والوں نے بدقسمتی سے ان ہی صورتوں کو اختیار کر رکھا ہے جو حرام کر دی گئی ہیں اس کا علاج یہ ہے کہ آپ متفق ہو کر اصلاح کریں اپنی تجارت کو درست کریں اور ان دو چار مروجہ صورتوں کو جو حرام ہیں چھوڑ دیں اور ان سیکڑوں صورتوں کو اختیار کریں جو شریعت نے جائز کہیں ہیں نہ یہ کہ شریعت کو تنگ کہکر اس پر عمل کرنا ترک کر دیں اور شتر بے مہار کی طرح آزاد ہو جائیں تو آپ لوگوں کا شریعت پر اعتراض کرنا واقع میں اپنے اوپر اعتراض کرنا ہے۔ مولانا فرماتے ہیں

ع حملہ بر خود میکنی اے سادہ مرد
ہمچو آں شیرے کہ بر خود حملہ کرد

(اے سادہ لوح شخص تو خود اپنے اوپر حملہ کر رہا ہے اس شیر کی طرح جو کنویں کے پانی میں اپنے عکس کو دیکھ کر کنوئیں میں کود پڑا تھا)

مشہور ہے کہ ایک حبشی چلا جا رہا تھا راستہ میں ایک آئینہ پڑا ملا کبھی آئینہ دیکھنے کا اتفاق ہوا نہیں تھا اس کو اٹھا کر دیکھا تو اپنی کالی بھجنگ صورت نظر پڑی کہنے لگا کہ ایسا بدصورت تھا جب تو کسی نے یہاں پھینکدیا تھا۔ یہی بعینہ حالت ہم لوگوں کی ہے کہ اپنے عیوب کو شریعت میں ثابت کرتے ہیں!

صاحبو! اگر کسی معاملہ کی دس صورتوں میں سے نو صورتوں کو حرام کر دیا

ایک کو حلال کہا گیا ہوتا تو بیشک شریعت کو تنگ کہہ سکتے تھے اور جبکہ دس صورتوں میں سے آٹھ حلال اور صرف دو حرام ہیں تو شریعت کو تنگ کیسے کہیں گے، البتہ اپنے کو ملزم کہیں گے ہم نے حلال صورتوں کو ترک کر کے صرف ان دو کو اختیار کر لیا جو حرام تھیں اگر آپ شریعت سے دریافت کر کے تمام معاملات کو کرتے اور پھر بھی کوئی صورت جواز کی نہ نکلتی تو شریعت پر تنگی کا الزام تھا۔ غضب ہے کہ ہم اپنی ہوا و ہوس سے معاملات کو مقرر کریں اور پھر شریعت کو مجبور کریں کہ ان معاملات کو جائز کہے گویا شریعت ہماری محتاج یا نوکر ہے کہ جو کچھ ہم کریں وہ اس کو جائز کر دیا کرے یہ تو بالکل ایسی بات ہے جیسے کہ مشہور ہے کہ ایک رئیس کو لغو بولنے کی عادت تھی بہت اور اکثر بے تکی باتیں ہانکتے تھے لوگ ان پر ہنسا کرتے، آخر انہوں نے ایک شخص کو اس لئے نوکر رکھا کہ ہم جو کچھ کہا کریں اس کی کوئی معقول توجیہ کیا کرو۔ چنانچہ ایک مرتبہ یہ کسی مجلس میں تھا کہنے لگا کہ ہم شکار میں گئے۔ ہرن کو جو گولی ماری تو وہ سُم توڑ کر ماتھا پھوڑ کر نکل گئی، یہ سُن کر تمام لوگ ہنسنے لگے کہ سُم اور ماتھے کو کیا تعلق فوراً اس نوکر نے کہا حضور بجا ارشاد ہے وہ اس وقت کُھر سے ماتھے کو کُھجلا رہا تھا تو ہمارے ہوا پرست اور دنیا پرست بھائی چاہتے ہیں کہ جو کچھ ہمارے منہ سے نکل جائے اس نوکر کی طرح شریعت اس کو جائز ہی کر دے تو گویا شریعت آپ کی لونڈی ہوئی۔ صاحبو! آپ خود شریعت کے غلام بن جائیے اور پھر دیکھئے کہ کس قدر آسانیاں شریعت میں ہیں حالت موجودہ میں دینداروں کو جو دقت پیش آتی ہے اس کا سبب زیادہ تر یہ بددین لوگ ہیں اس واسطے کہ دیندار آدمی معاملہ تو دوسروں سے کرے گا اور دوسرے وہی ہیں جو دین سے بالکل آزاد ہیں اور جنہوں نے کہ اپنے سب معاملات بگاڑ رکھے ہیں تو اگر ایک آدمی تقوٰی اختیار بھی کر لے تو اس کو بیشک تنگی پیش آنی چاہئے مگر یہ تنگی قوم کے معاملات میں تنگی ہونے کی وجہ سے ہوئی نہ کہ شریعت میں تنگی ہونے کی وجہ

سے۔ پس آپ لوگ دو طرح اپنی اصلاح کیجئے ایک تو اس طرح کہ شریعت مطہرہ کو کبھی الزام نہ دیجئے۔ دوسرے علماء سے طمع نہ رکھئے کہ وہ ناجائز صورت کو جائز کہدیں یا جائز کر دیں۔ صاحبو مسائل شریعت ایک قانون ہے اور قانون میں کسی شخص کی رائے سے تغیر نہیں ہو سکتا۔ البتہ اگر مقنن خود ہی بدل دے تو وہ دوسری بات ہے۔ اسی طرح اگر سب لوگ قانون پر عمل کرنا چھوڑ دیں تو اُن کے چھوڑ دینے سے قانون نہیں بدل سکتا بالخصوص خدا تعالیٰ کا قانون کہ ان کی حکومت کا مدار بندوں کی اطاعت پر نہیں اگر کوئی کہے کہ نزول وحی کے وقت ہماری آئندہ حالت پر نظر کر کے قانون دوسرا مقرر ہوتا کیونکہ شریعت میں ہر زمانہ کی مصالح کی رعایت ہونا چاہیئے تو جواب اس کا یہ ہے کہ قانون میں مصلحت عامہ پر نظر ہوتی ہے مصالح خاصّہ کی رعایت اس میں نہیں ہو سکتی مثلاً گورنمنٹ کا قانون ہے کہ کوئی شخص بغیر لیسنس کے بارود اور چھرّے نہیں بیچ سکتا اس قانون کو سُن کر اگر کوئی احمق یہ کہنے لگے کہ گورنمنٹ کے قانون میں بڑی تنگی ہے کہ ہمارا جی چاہتا ہے کہ ہم بارود اور چھرّے خوب فروخت کیا کریں لیکن قانون لیسنس کی قید لگاتا ہے تو عقلاء اس کو یہی جواب دیں گے کہ قانون مصلحت عامّہ کی بنا پر مقرر ہوا کرتا ہے نہ کہ مصلحت خاصہ کی بنا پر کیونکہ اگر مصلحت خاصہ کی رعایت کی جائے اور ہر شخص کو بندوق و بارود رکھنے کی اجازت دیدی جائے تو امن عام میں خلل پڑ جائے اور جس شخص کا جو جی چاہے سو کر دے بیسیوں خون روزانہ ہوا کریں تو امن عام کا مقتضا یہی تھا کہ ایسا جکڑ بند کیا جائے کہ عام طور پر اجازت نہ ہو اگرچہ کسی خاص شخص کا نقصان ہی کیوں نہ ہو البتہ اگر کسی شخص کا چال چلن اچھا ہو اور اس سے کسی قسم کا اندیشہ نہ ہو اور وہ لیسنس بھی حاصل کر لے تو اس کو اجازت ہو جائے گی تو معلوم ہوا کہ قانون مصلحت عامہ کی بنا پر مقرر کئے جاتے ہیں۔ اب جو لوگ شریعت پر اعتراض کرتے ہیں وہ غور کر کے دیکھیں کہ شریعت کے کسی قانون میں بھی مصلحت عامہ فوت ہوئی ہے ہاں

مصالح خاصہ بعض جگہ فوت ہو جاتی ہیں جہاں ان کی رعایت کرنے سے مصالحہ عامہ میں خلل ہونے والا ہوتا ہے اور انہی پر نظر کر کے لوگ اعتراض کرتے ہیں مثلاً اب آموں کی فصل آرہی ہے اس میں باغ والوں کو یہ وہم ہوتا ہے کہ شریعت نے بہت تنگی کی ہے اور وجہ اس وہم کی یہی ہے کہ شریعت کے قانون پر عمل کرنے میں اپنی ذاتی منفعت فوت ہوتی ہے حالانکہ شریعت مصلحت عامہ کی بنا پر یہ قانون مقرر کیا تھا اور وہ مصلحت عامہ یہ ہے کہ بیع المعدوم میں آئندہ احتمال ہے مشتری کے خسارہ کا کہ اگر پھل نہ آیا تو اس کا روپیہ مفت ہی ضائع گیا گو یا کسی ایک کا نفع اس میں زیادہ ہو جائے۔ اور پھل آنے کے بعد فروخت کرنے میں عام لوگ اس مصیبت سے محفوظ رہتے ہیں اگرچہ کسی ایک کے تھوڑے سے داموں کا نقصان ہو۔ اور پھر غضب یہ ہے کہ تنگی کا وہم کر کے بعض تو اس حکم کے حکم شرعی ہونے ہی سے انکار کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ سب مولویوں کی اختراع ہے حالانکہ یہ محض الزام اور افترا ہے اور اس کا سبب قلت علم اور کثرت جہل ہے جس شخص نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث یا اس کے ترجمے کو پڑھا ہے وہ جانتا ہے کہ یہ سب احکام جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکام ہیں اور بعض لوگ حکم شرعی ہونے سے تو انکار نہیں کرتے لیکن یہ کہہ دیتے ہیں کہ ہم تو دنیا دار لوگ ہیں ہم سے شریعت پر کیسے عمل ہو سکتا ہے میں اُن لوگوں کو مخاطب کر کے کہتا ہوں کہ اگر خدا تعالیٰ کے احکام پر عمل کرنا نہیں چاہتے تو خدا تعالیٰ کا دیا ہوا رزق بھی چھوڑ دو۔ یہ کیا کہ شریعت پر عمل تو کریں مولوی اور خدا تعالیٰ کا دیا ہوا کھاؤ پیو تم لوگ بھی۔ غرض شریعت میں تنگی محسوس ہونے کا راز یہ ہے کہ لوگ اپنی مصالح خاصہ پر نظر کرتے ہیں اور جب ان کو فوت ہوتا ہوا دیکھتے ہیں تو شریعت کو تنگ سمجھتے ہیں حالانکہ شریعت یا کوئی قانون صالح خاصہ کی حفاظت کا ذمہ دار نہیں ہوتا نہ ہو سکتا ہے کیونکہ مصالح خاصہ باہم متناقض ہوتے ہیں جن کا جمع ہو سکنا

بھی محال ہے بلکہ قانون مصالح عامہ کی حفاظت کرتا ہے سو بحمد اللہ قانونِ شریعت مصلحت عامہ کے خلاف نہیں ہے۔

مثلاً اسی آموں کی صورت میں آپ کہتے ہیں کہ پھل آنے کے قبل فروخت کی اجازت نہ دینا مصلحت کے خلاف ہے کیونکہ بسا اوقات آندھی وغیرہ سے سارا پھول یا چھوٹے آم گر جاتے ہیں اور اس میں نقصان ہو جاتا ہے لیکن میں پوچھتا ہوں کہ یہ نقصان خاص ہے یا عام۔ ظاہر ہے کہ یہ نقصان خاص ہے کیونکہ اگر کسی جگہ دس ہزار کی مردم شماری ہو تو بمشکل سو آدمی ایسے نکلیں گے جو کہ باغ رکھتے ہوں گے باقی نو ہزار نوسو وہ ہوں گے جو باغ نہیں رکھتے۔ پس یہ قانون مقرر کر کے شریعت نے ان سو کی خاص خاص مصالح کے مقابلہ میں نو ہزار نوسو کی مصالح کو ترجیح دی اور ان کی حفاظت کی کیونکہ بیع معدوم میں ان بقیہ کا نقصان محتمل ہے اور اگر کوئی کہے کہ ان بقیہ کی اگرچہ وہ عدد میں زیادہ ہوں رعایت ضروری نہ تھی کیونکہ یہ جب اپنے اختیار سے خریدتے ہیں تو نقصان خود گوارا کرتے ہیں پھر ان کی رعایت کیا ضرور تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ وہی شخص کہہ سکتا ہے کہ جس کو اپنے پیٹ اور اپنی ہوس کا جہنم بھرنے کے سوائے اور کوئی امر ہی پیش نظر نہ ہو اور دنیا میں کسی سے بھی اس کو محبت نہ ہو دیکھو اگر کوئی بچہ آگ میں گرنے لگے اور مشفق باپ دوڑ کر اس کو پکڑ لے اور باپ کی یہ حرکت دیکھ کر کوئی شخص کہے کہ آپ نے ناحق تکلیف اٹھائی آپ کو دوڑنے کی کیا ضرورت تھی وہ اپنے اختیار سے گرتا تھا سو گرنے دیا ہوتا تو عقلاء اس شخص کی بابت کیا فتویٰ دیں گے۔ ظاہر ہے کہ اس کو نہایت درجہ سنگدل اور بے رحم کہا جائے گا۔ تو حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور خداوند عالم جو شفیق باپ سے بھی بدرجہا زیادہ شفیق ہیں کیونکر یہ گوارا کرتے کہ ہم کو ضرر برداشت کرنے کی اجازت دیتے غرض یہ شبہہ علی وجہ الاحسن زائل ہو گیا اور یہ بات ثابت رہی کہ دین میں نہایت سہولت اور آسانی ہے البتہ عقل کی

بجا ویز بعض سخت ہیں مثلاً ایک یہی بات ہے جس کا اوپر ذکر تھا کہ مرض صعب کے لئے عقل علاج بھی صعب تجویز کرتی ہے اور شریعت مرض صعب کے لئے علاج سہل تجویز کرتی ہے پس کتنا بڑا فرق ہے اسلام کی تعلیم اور عقل کے فتوے میں کہ عقل تو مرض صعب کے لئے تدابیر بھی صعب تجویز کرتی ہے اور اسلام سخت سے سخت مرض کے لئے بھی نہایت سہل نسخہ تجویز کرتا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ مسلمانوں میں کیا مرض ہے جس کے لئے اس آیت میں علاج تجویز کیا گیا ہے اور مسلمانوں کی تخصیص اس وجہ سے نہیں کہ دوسروں میں امراض نہیں ہیں دوسروں میں وہ امراض ہیں کہ بحمد اللہ مسلمان اُن سے بالکل بچے ہوئے ہیں بلکہ تخصیص اس واسطے کی گئی ہے کہ دوسروں سے ہمیں کیا غرض اور مرض دریافت کرنے کے بعد ان کا سبب دریافت کیجئے تو مرض کی نسبت تو یہ کہا جاتا ہے کہ

ع تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

ہماری قوم کی یہ حالت ہے کہ اس کا کوئی عضو بھی صحیح نہیں۔ کیونکہ ہماری دو حالتیں ہیں ایک دنیا دوسرے دین اور پھر ہر ایک کے اجزاء ہیں اور اس کا مقتضا یہ تھا کہ دین کے ساتھ دنیا کی بھی ایک بڑی فہرست بتلائی جاتی بالخصوص اس وقت کہ ریفارمروں کی رائے یہ ہے کہ اگر دنیا کی اصلاح نہ کی جائے گی تو دین کی کیا اصلاح ہو سکتی ہے۔ افسوس ان مصلحین نے جتنی اصلاح کی کوشش کی اسی قدر مرض بڑھتا گیا۔ وہ حالت ہو گئی کہ ؂

ہر چہ کردند از علاج واز دوا
رنج افزوں گشت حاجت ناروا

(انہوں نے جو کچھ علاج اور دوا کی ہے تکلیف زیادہ بڑھتی رہی اور ضرورت پوری نہ ہوئی)

یہ ایک کنیز کا قصہ ہے مولانا نے مثنوی میں اس کو نقل کیا ہے یعنی طبیبان ظاہری جوں جوں علاج کرتے گئے مرض میں افزونی ہوتی گئی آخر جب طبیب روحانی آئے

اور انہوں نے حالت دیکھی تو یہ کہا ؎

گفت ہر دارو کہ ایشاں کردہ اند
آں عمارت نیست ویراں کردہ اند

بیخبر بودند از حال درون
استعیذ اللہ مما یفترون

یعنی جس قدر دوائیں کی ہیں سب نے تباہ کیا ہے اور حقیقت حال سے ان کو کچھ خبر بھی نہیں ملی اور یہ ہوا کہ ؎

دید از زاریش کو زار دلست
تن خوش است اما گرفتار دلست

عاشقی پیداست از زاری دل
نیست بیماری چو بیماری دل

کہ مرض دل کا تھا اور علاج بدن کا ہو رہا تھا جس میں مرض کا بڑھنا لازمی تھا یہی حالت اس وقت کے لیڈروں کی ہے کہ انہوں نے سب سے بڑا مرض روپیہ کے نہ ہونے کو سمجھا کہ روپیہ ہوتا تو یہ ہوجاتا اور وہ ہوجاتا۔

صاحبو! جہاں روپیہ بہت سا ہے وہاں کیا نور برس رہا ہے۔ ذرا امراء کی حالت کو ملاحظہ کرلیجئے اگر روپیہ کا نہ ہونا دین کے ضعف کا سبب ہے تو امراء میں دین زیادہ ہونا چاہیئے تھا اس لئے کہ ان کے پاس روپیہ زیادہ ہے۔ آج کل تو مشاہدہ کی بڑی پرستش ہوتی ہے سو آپ مشاہدہ کرلیجئے کہ روپیہ والوں میں دین زیادہ ہے یا غریبوں میں اور صورت اس کی یہ ہے کہ کیف ما اتفق چند غریبوں اور چند امیروں کو لے لیجئے اور دیکھ لیجئے کہ زیادہ دیندار کون ہے۔ خود خدا تعالیٰ اس کے متعلق فیصلہ فرما رہے ہیں کہ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰۤى اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى (ہرگز نہیں بیشک انسان اپنے آپ کو غنی اور دولت مند دیکھتا ہے تو وہ سرکشی کرنے لگتا ہے) بس ہم کو تو یہ کہنے کا حق ہے کہ دنیا کی ترقی کو مانع ہے جیسا کہ مشاہدہ و مضمون آیت دونوں اس کی شہادت دے رہے ہیں لیکن ہم اپنے بھائیوں کی خاطر سے یہ کہتے ہیں کہ روپیہ فی نفسہ نہ مضر ہے اور نہ مفید ہے اگر ہمارے بھائیوں کے پاس اس قسم کی کوئی دلیل ہوتی تو وہ ہرگز بھی رعایت نہ کرتے تو ہم اپنے اس دعوے سے کہ روپیہ مانع ترقی دین ہے دست بردار ہوتے ہیں لیکن کوئی یہ بھی ثابت نہیں

کرسکتا کہ روپیہ نافع ہے دین میں۔ پس معلوم ہوا کہ نافع فی الدین واقع میں کوئی دوسری چیز ہے اور وہ قلب سلیم ہے یعنی اگر قلب سلیم ہے تو روپیہ کا ہونا نہ ہونا دونوں مضر نہیں اور اگر قلب سلیم نہیں ہے تو روپیہ کا نہ ہونا تو کم مضر ہوتا ہے اور روپیہ کا ہونا زیادہ مضر ہو جاتا ہے روپیہ اور قلب سلیم کی مثال بالکل تلوار اور ہاتھ کی سی ہے کہ تلوار کاٹتی ہے لیکن اسی وقت جب ہاتھ بھی ہو اور اس میں قوت بھی ہو اور اگر ہاتھ نہیں یا ہاتھ تو ہے لیکن اس میں قوت نہیں تو نری تلوار کیا کام دے سکتی ہے بلکہ بعض اوقات خود اپنے ہی زخم لگ جاتا ہے اسی طرح اگر قلب سلیم نہ ہو تو نرا روپیہ کیا کام دے سکتا ہے اصل چیز قلب سلیم ہے اگر ایسے شخص کے پاس مال ہے تو وہ بیشک حدیث نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ عِنْدَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ (اچھا مال اسی وقت اچھا ہے جبکہ اچھے آدمی کے پاس ہو) کا مصداق ہے۔

مولانا علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

مال اگر بہر دیں باشی حمول — نعم مالٌ صالحٌ گفت آں رسول صلی اللہ علیہ وسلم

(اگر دین کی ترقی کے لئے ہی مال کام میں آتا ہو تو ایسے مال کے متعلق حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ایسا پاکیزہ مال اچھا ہوتا ہے)

اور فرماتے ہیں ؎

آب در کشتی ہلاکِ کشتی است — آب اندر زیر کشتی پشتی است

یعنی اگر کشتی کے اندر پانی بھر جائے تو اس کے ہلاک کا سبب ہوتا ہے اور اگر کشتی کے نیچے رہے تو اس کے لئے معین ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر مال قلب کے اندر گھس گیا تو وہ قلب کے لئے مہلک ہے اور اگر قلب سے باہر رہے تو وہ معین ہوتا ہے اور یہ اسی وقت ہوتا ہے کہ جب صاحبِ قلبِ سلیم کے پاس روپیہ ہو۔ غرض روپیہ کا ہونا نہ ہونا دونوں برابر ہی ہوئے۔ لہٰذا یہ دعوے غلط ہے کہ ترقی دین دنیا کی ترقی پر موقوف ہے۔

مولانا علیہ الرحمۃ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں ؎

زر و نقرہ چیست تا مفتوں شوی چیست صورت تا چنیں مجنوں شوی

کہ یہ صورت ہی کیا چیز ہے جس پر اس قدر مفتوں ہوتے ہو۔

صاحبو! اپنے بزرگوں ہی کو دیکھ لیجئے کہ ان کے پاس اس قدر روپیہ کہاں تھا اور پھر دینداری میں ان کی کیا حالت تھی۔ غرض ایک ضرورت کی چیز۔ تو دنیا تھی تو اس کے تو جاننے والے مجھ سے زیادہ ہیں۔ دوسرے دنیا کے متعلق کچھ بتلانا ان کے وہمیات میں ان کی مدد کرنا ہے۔ تیسرے ہم لوگ طالب علم ہیں ہمارا یہ کام بھی نہیں ہے اس کو آپ خود ہی کریں۔ البتہ مولویوں سے پوچھ کر اور حلال و حرام کو دریافت کر کے کریں آج کل بہت سی صورتیں آپ نے ایسی اختراع کر لی ہیں کہ وہ بالکل ناجائز ہیں۔ مثلاً شادی فنڈ، موت فنڈ کہ یہ سب قمار میں داخل ہے افسوس ہے کہ لوگ ترقی کی صورت تجویز کر کے ان پر خود ہی عمل کر لیتے ہیں یہ احتمال ہی نہیں ہوتا کہ ممکن ہے یہ جائز نہ ہو۔ صاحبو! جو چاہو وہ کرو لیکن خدا کے لئے مولویوں سے حلت و حرمت کو دریافت کر لیا کرو۔ اور یہ کوئی عار کی بات نہیں۔ دیکھو تم بہت سی ضرورتوں میں مختلف جماعتوں سے پوچھتے اور مدد لیتے ہو۔ مثلاً اگر تجارت کرنا چاہو تو قانون داں لوگوں سے پوچھتے ہو اس کی اجازت کے پہلو دریافت کرتے ہو علیٰ ہذا۔ تو اگر شریعت کے احکام پوچھنا بکھیڑا اور درد سر ہے تو گورنمنٹ کے قانون پوچھنا کیوں درد سر نہیں۔ جو آزادی کا نون شریعت پر عمل کرنے میں فوت ہوتی ہے وہ تو گورنمنٹ کے قانون پر عمل کرنے میں بھی فوت ہوتی ہے۔ تو سب سے بڑی آزادی تو اس میں ہے کہ کسی قانون پر بھی عمل نہ کیا جائے اور ڈکیتی ڈالنی شروع کر دی جائے پھر کیا کوئی عاقل اس کو آزادی کہے گا اور اگر چند احمق مل کر ڈکیتی ڈالنی تجویز کریں اور کوئی عقلمند آدمی اُن سے کہے کہ یہ قانون میں ناجائز ہے تو کیا ان کو محض اس بنا پر کہ یہ قانون آزادی کے خلاف ہے اس قانون پر عمل کرنا ضروری نہیں ہوگا معلوم ہوا کہ جس گورنمنٹ کے ملک میں رہو اس کے قوانین پر عمل کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے۔ پس بموجب

اس قاعدہ کے یا تو خدا تعالیٰ کے ملک سے نکل جاؤ۔ اور کوئی دوسرا ملک تلاش کرلو اور اگر خدا کے ملک میں رہو تو حیرت کی بات ہے کہ ساری گورنمنٹوں کے قانون پر تو عمل کرو مگر خدا کے قانون پر عمل نہ کرو۔ غرض دنیا کے کام آپ لوگ خود ہی کریں اور علماء سے پوچھ کر کریں - باقی علماء سے اس کی امید نہ رکھیں کہ وہ دنیا کے کاموں میں آپ کی اعانت کریں اور ان کی تدابیر آپ کو بتلائیں۔ دنیا کا کام آپ کا کام ہے علماء کا نہیں۔ علماء سے اس کی امید رکھنا ایسا ہے جیسے کوئی چمار حکیم عبد المجید سے جوتے گھٹوانے کے کام میں مدد چاہنے لگے مثلاً اگر حکیم عبد المجید کے پاس کوئی دق کا مریض جائے اور وہ نسخہ لکھدیں۔ نسخہ لے کر مطلب سے باہر آئے تو ایک چمار ملے اور مریض سے پوچھے کہ تم کہاں گئے تھے اور وہ بتلائے اس پر وہ چمار کہنے لگے کہ حکیم عبد المجید بھی عجب بے خبر آدمی ہیں کہ ان سے اتنا نہ ہوا کہ اس نسخے میں جوتی گھٹوانے کو بھی لکھ دیتے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قوم کی حالت سے بالکل بے خبر ہیں تو ساری دنیا اس چمار کو احمق بتائے گی اور یہ کہے گی کہ حکیم عبد المجید کا یہ کام نہیں کہ وہ جوتی گانٹھنے کی ترکیب بتلائیں یا اس کام کے چلنے میں مدد دیا کریں۔ حکیم عبد المجید کا کام امراض کے لئے ادویہ تجویز کرنے کا ہے۔ تو علماء کو بھی حکیم عبد المجید ہی سمجھنا چاہیئے کہ ان کا کام امراض باطن کے لئے نسخے تجویز کرنے کا ہے۔ نہ کہ دنیا کے کاموں میں تجاویز بتلانے کا۔ اگر حکیم صاحب پر جوتی سنوارنے کو نہ بتلانے کا الزام صحیح ہے تو علماء پر بھی سہی۔ البتہ حکیم صاحب کے ذمہ یہ ضروری ہے کہ اگر جوتی پہننے سے پہننے والے کے پیر میں زخم نہ پڑے اور پیر کے سڑنے کا اندیشہ نہ ہو تو جوتی پہننے سے منع نہ کریں ورنہ منع کرنا ضروری ہوگا۔ مثلاً ایک شخص نے پہنے پہنے اس طرح جوتہ سلوایا کہ سُوا پیر کی کھال کے اندر سے ہو کر نکلا تو حکیم صاحب کو اطلاع ہونے پر منع کرنا ضرور ہے اسی طرح علماء کے ذمہ بھی یہ ہے کہ اگر دنیا کے کام کرنے سے لوگوں کے قلب میں بددینی کا زخم نہ پڑے تو ان کاموں سے نہ روکیں اور اگر قلب زخمی ہونے لگے

تو پھر ان کو روکنا ضرور ہے۔ اور اگر زخم کے ڈر سے روکنے میں حکیم صاحب بڑے شفیق ہیں تو زخم قلب سے بچانے کے لئے روکنے میں علماء بھی بڑے شفیق ہیں۔ اور اگر ان دونوں میں کوئی فرق ہے تو میں دس برس کی مہلت دیتا ہوں۔ الحاصل جب کسی حکیم پر یہ ضروری نہیں کہ وہ جوتی سینے کی ترکیب بتلایا کرے یا اس میں مدد کرے علماء کو بھی جو کہ طبیبِ روحانی ہیں کامل حق ہے کہ وہ اس باب میں یہ کہدیں کہ ؎

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم چوں غلام آفتابم ہمہ زآفتاب گویم

(نہ میں رات ہوں نہ رات کا پوجنے والا کہ سونے کے بارے میں باتیں کروں میں جب آفتاب کا غلام ہوں تو ساری باتیں آفتاب ہی کی کروں گا)

دنیا کی مثال بالکل خواب کی ہے اس کو وہ بتلائے جو شب پرست ہو، ہم آفتاب دین کے غلام ہیں، ہم سے اس کی بات پوچھئے ہم اس کے سوا کچھ نہ بتلائیں گے۔ اور نہایت فخر سے یہ کہیں گے ؎

ما ہرچہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم الاحدیث یار کہ تکرار می کنیم

(ہم نے جو کچھ پڑھا تھا وہ سب بھلا دیا سوائے محبوب کی بات کے اور کسی بات کو یاد نہیں رکھا)

ہاں یہ علماء کا احسان ہوگا کہ وہ منع نہ کریں یہ تو آپ کے شبہات اور اعتراضات کے جواب کی بناء پر گفتگو تھی اب میں ترقی کر کے کہتا ہوں کہ دقتِ نظر سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ علماء دنیا بھی سکھلاتے ہیں وجہ یہ ہے کہ تاریخ اس امر کی شہادت دے رہی ہے کہ مسلمانوں کی دنیا دین کے ساتھ درست ہوتی ہے یعنی جب ان کے دین میں ترقی ہوتی ہے تو دنیا میں بھی ترقی ہوتی ہے اور جب دین میں کوتاہی ہوتی ہے تو دنیا بھی خراب ہو جاتی ہے تو جب ہم دین سکھلاتے ہیں معاملات معاشرت اخلاق کو درست کرتے ہیں تو گویا ہم دنیا کی ترقی کی تدابیر بھی بتلاتے ہیں۔ البتہ ہماری تدابیر اور دوسروں کی تدابیر میں تھوڑا سا فرق ہے اور وہ یہ کہ دوسروں کی تدبیر میں پریشانی زیادہ ہوتی ہے ان کی

یہ حالت ہوتی ہے کہ

ع - چو میرد مبتلا میرد چو خیزد مبتلا خیزد

(جب مرتے ہیں جب مصروف ہوتے ہیں جب اٹھتے ہیں جب مصروف ہوتے ہیں)

واللہ العظیم جو لوگ بظاہر نہایت آسائش میں معلوم ہوتے ہیں ان کی اندرونی حالت اگر دیکھی جائے تو معلوم ہوگا کہ ساری پریشانیوں کا نشانہ یہی ہیں۔ ان لوگوں کی حالت پر مجھے ایک لطیفہ یاد آیا۔ میرے استاد علیہ الرحمۃ فرماتے تھے کہ ایک شخص نے یہ دعا کی مجھے حضرت خواجہ خضر مل جائیں، چنانچہ خواجہ خضر اس کو مل گئے اس نے کہا کہ حضرت یہ دعا کر دیجئے کہ خدا تعالے مجھ کو اس قدر دنیا دے دیں کہ میں بالکل بے فکر ہو جاؤں۔ خواجہ خضر نے کہا کہ بیفکری اور راحت دنیا دار میں نہیں ہو سکتی، اس نے پھر اصرار کیا۔ انھوں نے فرمایا کہ اچھا تو کسی ایسے شخص کو انتخاب کر لے جو تیرے نزدیک بالکل بے فکر اور نہایت آرام میں ہو، میں یہ دعا کروں گا کہ تو بھی اسی جیسا ہو جائے اور تین دن کی اس کو مہلت دی آخر اس نے لوگوں کی حالت کو دیکھنا شروع کیا۔ جس کو دیکھا کسی نہ کسی تکلیف یا شکایت و پریشانی میں مبتلا پایا۔ بہت سی تلاش کے بعد اس کو ایک جوہری نظر پڑا جس کے پاس حشم و خدم بھی بہت کچھ تھے۔ صاحب اولاد بھی تھا اور اس کو بظاہر کوئی فکر نہ معلوم ہوتی تھی۔ اس کو خیال ہوا کہ اس جیسا ہونے کی دعا کراؤں گا، لیکن ساتھ ہی یہ خیال بھی ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ یہ بھی کسی بلا میں مبتلا ہو اور میں بھی دعا کی وجہ سے اسی میں مبتلا ہو جاؤں۔ لہذا بہتر یہ ہے کہ اول اس سے اس کی اندرونی حالت دریافت کر لوں چنانچہ اس جوہری کے پاس گیا اور اپنا پورا ماجرا اس کو کہہ سنایا۔ جوہری نے ایک آہ سرد کھینچی اور کہا کہ خدا کے لئے مجھ جیسا ہونے کی دعا ہرگز نہ کرانا میں تو ایک مصیبت میں گرفتار ہوں کہ خدا نہ کرے کوئی اس میں گرفتار ہو واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ میری بیوی بیمار ہوئی اور بالکل مرنے کے قریب ہو گئی۔ میں اس کو مرتے دیکھ کر رونے لگا اس نے کہا کہ تم کیوں روتے ہو میں مرجاؤں گی تم دوسری

کرلوگے۔ میں نے کہا کہ نہیں میں اب ہرگز نکاح نہ کروں گا۔ کہنے لگی کہ سب کہا ہی کرتے ہیں ایفاء کوئی بھی نہیں کرتا۔ میں چونکہ اس کی محبت میں مغلوب تھا اور اس وقت اس کے مرنے کا نہایت سخت رنج دل پر تھا میں نے اس کے کہنے پر استرا لے کر اپنا اندام نہانی فوراً کاٹ ڈالا اور اس سے کہا کہ اب تو تجھ کو بالکل اطمینان ہو گیا۔ اتفاق سے وہ اپنے مرض سے جانبر ہوگئی۔ اب چونکہ میں بالکل بیکار ہو چکا تھا اس لئے اس نے میرے نوکروں سے سازباز کرلیا' یہ جس قدر اولاد تم دیکھتے ہو سب میرے نوکروں کی عنایت ہے' میں اپنی آنکھوں سے اس حرکت کو دیکھتا ہوں لیکن اپنی بدنامی کے خیال سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اس واسطے تم مجھ جیسے ہونے کی دعا، ہرگز نہ کراتا۔ آخر اس شخص کو یقین ہو گیا کہ دنیا میں کوئی آرام سے نہیں جب تیسرے دن حضرت خضر سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ کہو کیا رائے ہے اُس نے کہا حضرت یہ دعا کر دیجئے کہ خدا تعالیٰ مجھے اپنی محبت کاملہ اور دین کامل عطا فرمائے چنانچہ آپ نے دعا فرمادی اور وہ نہایت کامل دیندار ہو گیا۔ تو حقیقت میں دنیا داروں میں کوئی بھی آرام سے نہیں ہے' اندرونی حالت سب کی پریشان ہے اس واسطے کہ دنیا کی حالت یہ ہے کہ لاینتھی ادب الا الی ادب ایک ارزو ختم نہیں ہوتی کہ دوسری شروع ہو جاتی ہے اور تفویض و رضا بالقضا ہے نہیں۔ ہر کام میں یوں چاہتا ہے کہ یہ بھی ہو جائے اور وہ بھی ہو جائے اور سب امیدوں کا پورا ہونا دشوار اس لئے نتیجہ اس کا پریشانی ہی پریشانی گو ظاہر میں اموال و اولاد سب کچھ ہے مگر اس حالت میں وہ خود آلۂ تعذیب ہیں اسی کو فرماتے ہیں فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ (ان کے مال و اولاد آپ کو حیرت میں نہ ڈالے) کہ بظاہر اگرچہ ان کے پاس مال و دولت بہت کچھ ہے لیکن وہ ان کے لئے عذاب ہے۔ میں نے کانپور میں ایک رئیس کو دیکھا ہے کہ ان کو اپنی اولاد سے اس قدر محبت تھی کہ اولاد کی بدولت کبھی چارپائی پر سونا نصیب نہیں ہوا کیونکہ بچے کئی تھے ایک چارپائی پر کیسے سمائیں اور سب اپنے پاس لیکر سوتی تھیں کسی پر ایک ہاتھ رکھ لیا کسی پر دوسرا ہاتھ رکھ لیا

کسی پر پیر رکھ لیا پھر غضب یہ کہ رات کو اٹھ کر ٹٹولتی تھیں کہ سب ہیں بھی یا نہیں۔ تمام رات ان کو اس مصیبت میں گذرتی تھی۔ اتفاق سے ان کا ایک بچہ مرگیا تو وہ اس قدر پریشان ہوئیں کہ اس کے کفن دفن میں بھی شریک نہیں ہوئیں اور کانپور چھوڑ کر لکھنؤ یا اور کہیں چلدیں علیٰ ہذا مال بھی اکثر لوگوں کو عذاب جان ہوتا ہے اور راز اس کا بھی یہی ہے کہ واقعات تو اختیار میں ہوتے نہیں اور ہوس زیادہ ہوتی ہے اس واسطے ہمیشہ مصیبت میں گذرتی ہے برخلاف اس شخص کے کہ اس کے پاس دین ہو کیونکہ اس کو خدا تعالیٰ سے محبت ہوتی ہے اور محبت میں یہ حالت ہوتی ہے کہ

ع۔ ہرچہ آں خسرو کند شیریں بود

(وہ بادشاہ جو کچھ بھی کرتا ہے میٹھا ہی ہوتا ہے)

حضرت غوث اعظم کا واقعہ ہے کہ ان کو کسی نے ایک آئینہ چینی نہایت بیش قیمت لاکر دیا آپ نے خادم کے سپرد کردیا کہ جب ہم مانگا کریں تو ہم کو دیدیا کرو۔ ایک روز اتفاق سے خادم کے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گیا خادم ڈرا اور حاضر ہو کر عرض کیا کہ

ع۔ از قضا آئینہ چینی شکست

(قضا سے چینی آئینہ ٹوٹ گیا)

آپ نے بے ساختہ نہایت خوش ہو کر فرمایا کہ :۔

ع۔ خوب شد اسباب خود بینی شکست

(اچھا ہوا خود بینی کے اسباب ختم ہوئے)

اور مال تو کیا چیز ہے اولاد کے مرجانے پر بھی یہ حضرات پریشان نہیں ہوتے یہ دوسری بات ہے کہ طبعی رنج ہو سو یہ کوئی مذموم نہیں انبیاء السلام کو بھی ہوا ہے۔ غرض دین کے ساتھ اگر دنیا ہوگی تو وہ دنیا بھی مزیدار ہوگی بلکہ اگر نرا دین ہو اور دنیا نہ ہو تب بھی ان کی زندگی نہایت مزیدار ہے اس لئے کہ وعدہ ہے مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً (جس کسی نے اچھا عمل کیا خواہ وہ مرد ہو یا

عورت بشرطیکہ وہ صاحب ایمان ہو پس ضرور ہم اس کو عطا کریں گے پاکیزہ زندگی)
ان حضرات کو بیچ نداریں بھی لطف آتا ہے۔ حضرت شاہ ابوالمعالی کی حکایت ہے کہ ایک مرتبہ آپ گھر پر موجود نہ تھے کہ آپ کے مرشد تشریف لائے اتفاق سے اس روز گھر میں فاقہ تھا۔ اہل خانہ نے دیکھا کہ حضرت تشریف لائے ہیں آپ کے لئے کوئی انتظام ہونا چاہیئے۔ آخر خادمہ کو محلے میں بھیجا کہ اگر قرض مل جائے تو کچھ لے آئے خادمہ دو تین جگہ جا کر واپس چلی آئی اور کچھ نہ ملا متعدد مرتبہ کے آمد و رفت سے حضرت کو شبہ ہوا اور آپ نے حالت دریافت فرمائی معلوم ہوا کہ آج فاقہ ہے آپ کو بہت صدمہ ہوا اور آپ نے ایک روپیہ نکال کر دیا کہ اس کا اناج لاؤ چنانچہ اناج آیا آپ نے ایک تعویذ لکھ کر اس میں رکھدیا اور فرمایا کہ اس اناج کو مع تعویذ کے کسی برتن میں رکھدو اور اسی میں سے نکال کر خرچ کرتے رہو چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور اس اناج میں خوب برکت ہوئی چند روز کے بعد جو شاہ ابوالمعالی صاحبؒ آئے تو کئی وقت تک کھانے کو برابر ملا آپ نے ایک روز تعجب سے پوچھا کہ کئی روز سے فاقہ نہیں ہوا معلوم ہوا کہ اس طرح سے حضرت ایک تعویذ دے گئے تھے۔ اب اس موقعہ پر ملاحظہ فرمایئے حضرت شاہ ابوالمعالیؒ کے ادب کا اور آپ کی خداداد سمجھ کا کہ ادب توکل کو بھی ہاتھ سے نہ جانے دیا اور ادب پیر کو بھی ملحوظ رکھا فرمانے لگے کہ اس اناج کو ہمارے پاس لاؤ چنانچہ لایا گیا آپ نے اس میں سے تعویذ کو نکال کر تو اپنے سر پر باندھا اور فرمایا کہ حضرت کا تعویذ تو میرے سر پر رہنا چاہیئے اور اناج کی بابت حکم دیا کہ سب فقرار کو تقسیم کر دیا جائے۔ چنانچہ سب تقسیم کر دیا گیا اور اسی وقت سے پھر فاقہ شروع ہوگیا۔ ان حضرات کا فاقہ اختیاری فاقہ تھا کیونکہ اس کو سنت سمجھتے تھے۔ حضرت شیخ عبدالقدوس رحمۃ اللہ علیہ پر تین تین دن فاقہ کے گذر جاتے تھے اور جب بیوی بہت پریشان ہو کر عرض کرتیں کہ حضرت اب تو تاب نہیں رہی۔ فرماتے کہ تھوڑا صبر اور کرو جنت میں ہمارے لئے عمدہ عمدہ کھانے تیار ہو رہے ہیں لیکن بیوی بھی ایسی نیک ملی تھیں کہ وہ نہایت خوشی سے اس پر صبر کرتیں۔ صاحبو! ان حالات پر آپ کو تعجب نہ کرنا چاہیئے۔ اور اگر تعجب ہے تو یہ ایسا ہی تعجب ہے جیسے

کوئی عنین تعجب کرنے لگے کہ صحبت میں بھی لطف ہوتا ہے کیونکہ اگر ذرا سا بھی ادراک ہوتا تو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی محبت کا کیا عالم ہوتا ہے محبت میں تو مطلقًا یہ عالم ہوتا ہے کہ ؎

چو در چشم شاہد نیاید زرت    زر و خاک یکساں نماید برست

(اگر تیرے روپے کی محبوب کی نظر میں کوئی وقعت نہیں ہے تو تیرے نزدیک بھی روپیہ اور مٹی برابر ہو جائیں گے۔)

دیکھو اگر محبوب کو ایک ہزار روپیہ دو اور وہ لات مار دے تو تمہارے دل میں بھی اس روپیہ کی قدر نہیں رہتی اور محبت مجازی میں جب یہ حالت ہے تو حقیقی کا کیا پوچھنا، اسی کو فرماتے ہیں ؎

ترا عشق ہمچو خودے ز آب و گل    رباید ہمہ صبر و آرام دل
عجب داری از سالکان طریق    کہ باشند در بحر معنی غریق

(تیرا عشق یونہی پانی مٹی سے ہے اس لئے تمام صبر اور دل کا آرام جاتا رہتا ہے تجھ کو تعجب ہوگا کہ درویشی کے راستہ پر صحیح طور پر چلنے والے ہر وقت معنے کے دریا میں غرق رہتے ہیں)

دیکھئے اگر کوئی محبوب اپنے پاس بیٹھنے کی اجازت دیدے اور اس درمیان میں کھانے کا وقت آجائے اور محبوب کہے کہ اگر بھوک لگی ہے تو جا کر کھانا کھالو۔ کیا کوئی سمجھ سکتا ہے کہ عاشق اس وقت اٹھنے اور کھانا کھالے کو گوارا کرے گا۔ ہرگز نہیں تو جب محبت کی یہ حالت ہوتی ہے تو شیخ کے فاقہ پر کیا تعجب ہے، وہ حضرت حق محبوب حقیقی سے معیت رکھتے ہیں۔ مولانا رحمہ اللہ کہتے ہیں ؎

گفت معشوقے بعاشق کای فتا    تو بہ غربت دیدۂ بس شہر ہا
پس کدامی شہر ازانہا خوشتر ست    گفت آں شہرے کہ در وے دلبر ست

(ایک معشوق نے اپنے عاشق سے کہا کہ اے جوان تو نے سفر میں بہت سے شہر دیکھے تو کونسا شہر ان میں سے تیرے نزدیک اچھا ہے اس نے جواب دیا کہ بس وہی شہر جس میں میرا

محبوب موجود ہے)

آگے مولانا رحمہ اللہ فرماتے ہیں ؎

ہر کجا دلبر بود خرم نشیں فوقِ گردون ست نے قعرِ زمیں
ہر کجا یوسف رُخے باشد چو ماہ جنت ست آں گرچہ باشد قعرِ چاہ

(جس جگہ محبوب خوشی سے رہتا ہو وہ تو آسمانوں سے بھی اونچا ہے زمین کے گڑھے میں نہیں ہے جس کسی کی جگہ چاند کی طرح حضرت یوسف علیہ السلام جیسے چہرہ والا موجود ہو وہی جنت ہے اگرچہ وہ کنوئیں کی گہرائی ہی میں کیوں نہ ہو)

تو اگر محبوب کنوئیں کے اندر ہو تو وہ بھی جنت ہے۔ تو جب محبوب مجازی کی معیت کی یہ حالت ہوتی ہے تو محبوب حقیقی کی معیت اگر میسر ہو جائے تو کیا حالت ہوگی، غرض دنیا دار آپ کو بے مزہ دنیا سکھلاتے ہیں اور ہم مزے دار دنیا سکھلاتے ہیں اور وہ وہی دنیا ہے جو کہ دین کے ساتھ ہو کہ وہ نہایت لطیف اور مزیدار ہوتی ہے اور اگر یہ سمجھ میں نہیں آتا تو ضابطہ کا جواب وہی ہے کہ دنیا کا بتلانا ہی میرے ذمہ نہیں ہے۔ یہ تو دنیا کے متعلق تھا۔ اب رہ گیا دین، سو اس کی یہ حالت ہے کہ اس کے پانچ جز ہیں۔ عقائد[۱]۔ دیانات[۲]۔ معاملات[۳]۔ معاشرت[۴]۔ اخلاق[۵]۔ ان میں سے ہر جز کے اعتبار سے ہماری حالت ناگفتہ بہ ہے۔ عقائد میں توحید و رسالت کے متعلق جو گڑبڑ کر رکھی ہے سبھی جانتے ہیں، کہیں تخیلی فلسفہ کی وجہ سے اس پر اعتراض کئے جاتے ہیں کہیں باطل تصوف کی وجہ سے شکوک گذرتے ہیں۔ اولیاء اللہ کو انبیاء کے درجے سے متجاوز کر دیا ہے، انبیاء کو خدا کے درجہ سے متجاوز بنا دیا ہے اور وہ حالت ہے کہ جس شخص کو شریعت سے جتنا بُعد ہے اُس کو خدا تعالیٰ سے اُسی قدر زیادہ مقرب کہا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ فساق اولیاء اللہ میں شمار ہونے لگے ہیں۔ دوسرا جز دیانات ہیں ان کے متعلق معلوم ہے کہ روزہ کتنے لوگ رکھتے ہیں، زکوٰۃ کتنے ادا کرتے ہیں، حج کتنوں نے ادا کیا ہے۔ تیسرا جز معاملات کا ہے ان کو لوگوں نے شریعت سے بالکل خارج ہی سمجھ رکھا ہے ان کے یہاں نہ

بیع المعدوم حرام ہے نہ معاملات سود حرام ہیں ان کا مطمح نظر یہ ہے کہ جس طرح ہو سکے بہت سارا روپیہ سمیٹ لیا جائے کھانے میں گھی خوب زیادہ ہو، کسی کی زمین دبی ہے تو کچھ پرواہ نہیں۔ ڈگریاں سود سمیت کرائی جاتی ہیں تو کچھ غم نہیں۔ چوتھا جز معاشرت ہے اس کی جو گت ہے سبھی واقف ہیں شادی غمی میں جس طرح جی چاہتا ہے کرتے ہیں نہ ان کو کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہ فتویٰ لینے کی حاجت جو کچھ بیوی صاحبہ نے کہدیا وہ کرلیا گویا وہی شریعت کی مفتی ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ وہ قوم ہرگز فلاح نہ پائے گی جن کی سردار عورت ہوگی۔ علیٰ ہذا وضع کو دیکھئے تو اس کی یہ حالت ہے کہ صورت سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ یہ مسلمان ہیں یا کافر، داڑھی بالکل صاف سر پر وحشیوں کے سے بال بڑھے ہوئے۔ صاحبو! آج قوم قوم پکارا جاتا ہے لفظ قوم کی بڑی پرستش کی جاتی ہے لیکن افسوس ہے کہ آپ کو امتیاز قومی کی بھی پرواہ نہیں اگر آپ پر داڑھی کا رکھنا فرض بھی نہ ہو تب بھی قومی شعار ہی سمجھ کر اس کو رکھنا چاہیئے تھا آخر قومی شعار بھی تو کوئی چیز ہے۔ کتنا افسوس ہے کہ مسلمان ہندوں کا شعار اختیار کریں اور ہندو مسلمانوں کا۔ میرے بھائی کے پاس دو شخص عہدہ دار آئے۔ ایک ان میں سے ہندو بہ شکل مسلمان تھا۔ ایک مسلمان بہ شکل ہندو تھے۔ مسلمان صاحب کے لئے گھر میں سے پان آیا، خادم چونکہ دونوں سے ناواقف تھا اس لئے اس نے ہندو کے سامنے پان پیش کیا اس پر وہ دونوں ہنسے اس سے وہ خدمتگار سمجھا کہ مسلمان یہ ہیں جن کی ڈاڑھی منڈی ہوئی ہے۔ صاحبو! اگرچہ گناہ بہ حیثیت گناہ ہونے کے تو سب ہی برے ہیں لیکن تاہم بعض گناہ ایسے ہیں کہ گو وہ ہم ہی کے درجے میں ہو لیکن انسان اس میں اپنی مجبوری اور عذر بیان کر سکتا ہے مثلاً رشوت کا لینا کہ اس کی جس قدر مجبوریاں بیان کی جاتی ہیں گو وہ سب وہمی ہیں لیکن تاہم ہیں تو یہ بھلا ڈاڑھی منڈانے کی ناشائستہ حرکت میں کیا مجبوری ہے اس میں کونسا کام اٹکا ہے اگر کوئی صاحب کہیں کہ اس سے حسن بڑھتا ہے تو میں کہوں گا کہ بالکل غلط ہے ایک عمر کے دو آدمیوں کو پیش کیا جائے جن میں ایک کی داڑھی منڈی ہو اور دوسرے کے چہرے پر داڑھی ہو اس کے بعد موازنہ

کرکے دیکھ لیا جائے کہ کس چہرے پر حسن برستا ہے اور کس پر پھٹکار برستی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک جماعت فرشتوں کی ایسی ہے کہ وہ ہر وقت یہی تسبیح پڑھتے ہیں سُبْحَانَ مَنْ زَيَّنَ الرِّجَالَ بِاللُّحٰى وَالنِّسَاءَ بِالذَّوَائِبِ (پاک ہے وہ ذات جس نے مردوں کو داڑھی سے خوبصورتی دی اور عورتوں کو بالوں کی چوٹی سے) جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مرد کے لئے داڑھی کا ہونا زینت ہے اور اگر اس زینت کے رکھنے کی ضرورت نہیں تو عورتوں کا سر بھی منڈانا چاہیئے۔ غرض داڑھی منڈانے کی وجہ حسن وجمال تو نہیں ہوسکتا۔

کلکتہ میں ایک ملحد نے مولانا شہید دہلوی رحمۃ اللہ سے کہا تھا کہ غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ داڑھی رکھنا خلاف فطرت ہے کیونکہ اگر فطرت کے موافق ہوتی تو ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے وقت بھی ہوتی۔ مولانا شہید رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ اگر خلاف فطرت ہونے کی یہی وجہ ہے تو دانت بھی خلاف فطرت ہیں ان کو بھی توڑ ڈالو کیونکہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے وقت دانت بھی نہیں تھے۔ غرض داڑھی کا منڈانا نہایت لغو حرکت ہے اور میں نے اس وقت بالقصد داڑھی کا تذکرہ نہیں کیا لیکن میں چونکہ اپنے عیوب وامراض کو بتلا رہا ہوں اسی ذیل میں اس کا تذکرہ بھی آگیا۔ صاحبو! واللہ بعض دفعہ داڑھی کے تذکرہ سے شرم آتی ہے کہ شاید کسی کو ناگوار گذرے مگر منڈانے والوں کو اتنا حجاب بھی نہیں ہوتا۔ اور اب تو غضب یہ ہے کہ بعض لوگ داڑھی منڈانی حلال بھی سمجھنے لگے ہیں اور جب اس کی بابت ان سے گفتگو کی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ قرآن میں اس کی حرمت دکھلایئے اور یہ سوال آج کل ایسا عام ہوا ہے کہ ہر شخص ہر بات کو قرآن سے مانگنے لگا ہے میں اس سوال کا ایک فیصلہ کن جواب دیتا ہوں یہ کوئی لطیفہ نہ ہوگا بلکہ قابلِ غور جواب ہوگا۔ لیکن اول ایک شرعی اور ایک تمدنی قاعدہ بیان کرتا ہوں۔ تمدنی قاعدہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص عدالت میں ایک ہزار روپے کا دعویٰ پیش کرے اور اس کی شہادت میں دو شاہد ایسے پیش کردے جن میں مدعا علیہ کوئی نقص یا عیب نہ نکال سکے تو مدعا علیہ پر ڈگری ہوجاتی ہے اور اس کے بعد مدعا علیہ کو یہ حق نہیں رہتا کہ وہ ان گواہوں کو تسلیم نہ کرے

اور یہ ہے کہ میں تو دعوے کو اس وقت تک تسلیم نہیں کرتا جب تک کہ خود صاحب جج اور مجسٹریٹ ضلع آکر گواہی نہ دیں اور اگر مدعا علیہ ایسا کرے تو عدالت اس کو کہے گی کہ دعوے کے اثبات کے لئے مطلق شاہد کی ضرورت ہے شاہد خاص کی ضرورت نہیں ہے پس یا تو ان گواہوں کو کلام کرو یا دعوے کو تسلیم کرو۔ یہ قاعدہ تمدنی ہے اور شرعی بھی۔ اور شرعی قاعدہ یہ ہے کہ شریعت کے چار دلائل ہیں قرآن، حدیث، اجماع، قیاس۔ تو گویا یہ شاہد ہیں احکام کے پس جو شخص یہ دعوٰی کرے کہ ھٰذَا حُکْمٌ شَرْعِیٌّ تو مطلب اس کا یہ ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ ان چاروں دلیلوں میں سے کسی ایک دلیل سے ثابت ہے اور یہ دعویٰ ایسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ کوئی ایک ہزار روپیہ کا دعوٰی کرے پس اسی شخص کی طرح اس کو بھی اختیار ہے کہ جس دلیل سے چاہے ثابت کردے خواہ حدیث پڑھ دے خواہ امام ابوحنیفہؒ کا قول نقل کر دے۔ ان دونوں قاعدوں کے معلوم کرنے کے بعد اب اُس سوال کا جواب سنئے وہ یہ ہے کہ ڈاڑھی کٹانے یا منڈانے کی حرمت حدیث شریف سے ثابت ہے اور حدیث بھی دلائل شرعیہ میں سے ایک دلیل ہے اگر یہ قرآن اس سے بڑا ہے تو قرآن سے دلیل کا طلب کرنا ایسا ہے جیسا کہ کوئی شخص خاص مجسٹریٹ کی گواہی پر ثبوت مدعا کا مدار رکھے۔ البتہ یہ حق ہر شخص کو حاصل ہے کہ اگر ممکن ہو حدیث میں کلام کرے لیکن اگر حدیث میں کلام نہ کر سکے تو آگے گنجائش باقی نہیں رہتی اور میں مجیبوں کو بھی کہتا ہوں کہ آپ بھی اتنی خوش اخلاقی نہ کیا کیجئے کہ جس کسی نے جس قید کے ساتھ کوئی بات پوچھی آپ اسی طرح جواب دینے کی فکر میں پڑ گئے۔ لوگ کہتے ہیں کہ مولوی بد اخلاق ہوتے ہیں، حالانکہ مولوی اس قدر خوش اخلاق ہوتے ہیں کہ ان کی خوش اخلاقی کی بدولت آپ خراب ہوگئے غرض قرآن شریف سے داڑھی منڈانے کی حرمت کو تلاش کرنا اور حدیث وغیرہ کو حجت نہ سمجھنا بڑی غلطی ہے اسی طرح مجیب صاحبوں سے عرض ہے کہ آپ جو اس کی حرمت کو قرآن سے ثابت کرنا چاہتے ہیں تو اگر فرض بھی کر لیا جائے کہ داڑھی منڈانے کی حرمت کو قرآن سے

ثابت کر بھی دیا تو ہر ہر مسئلہ کو کہاں تک قرآن سے ثابت کیجئے گا۔ مثلاً مغرب کی تین رکعتیں وتر کا وجوب اور اس کی تین رکعتیں قرآن کی کس آیت سے ثابت کروگے۔ رہے اخلاق اور یہ پانچواں جزء ہے سو اس کی بابت سبھی جانتے ہیں کہ اخلاق کی خرابی سے ہمارے علماء اور طلبہ بھی بہت ہی کم بچتے ہیں اکثر دیندار لوگوں کو اس کی تو فکر ہوتی ہے کہ داڑھی بھی ہو۔ ٹخنے سے اوپر پاجامہ بھی ہو لباس سارا شریعت کے موافق ہو لیکن اخلاق کو دیکھئے تو اس قدر خراب کہ گویا کبھی شریعت کی ہوا بھی نہیں لگی جس سے وہ حالت ہوتی ہے کہ ؎

از بروں چوں گور کافر پر حلل　　　　و اندروں قہر خدائے عز و جل

از بروں طعنہ زنی بر بایزید　　　　و از درونت ننگ میدارد یزید

(باہر سے تو ایسے جیسے کافر کی قبر سجی ہوئی ہوتی ہے اور اندر خدا کا غضب نازل ہو رہا ہے۔ باہر کی حالت تو ایسی بنا رکھی ہے کہ حضرت بایزید بسطامی جیسے بزرگ پر بھی اعتراض کرنے لگے اور تیرے اندر کی حالت ایسی ہے کہ اس کو دیکھ کر یزید جیسے شخص کو بھی شرم آنے لگے)

بہت لوگ ہماری پارسایانہ صورت کو دیکھ کر دھوکہ میں آجاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ خدا تعالیٰ کے خاص مقبولین میں ہیں حالانکہ ہم میں یہ جزء اخلاق کا جو کہ شعب دین سے ایک عظیم الشان شعبہ ہے ہم میں نشان تک نہیں ہوتا ہماری ساری حرکتیں تکلف پر مبنی اور سارے افعال بناوٹ سے ناشی ہوتے ہیں۔ تو یہ امراض ہم میں ہیں جن کا علاج نہایت ضروری ہے اور جن کی وجہ سے ہماری حالت نہایت ناگفتہ بہ ہے، سو میں ان کا علاج بتلاتا ہوں۔ علاج ہر مرض کا دو قسم کا ہوتا ہے ایک علاج کلی اور ایک علاج جزئی۔ علاج جزئی تو اس کو کہتے ہیں کہ ہر ہر شکایت اور ہر ہر مرض کا فرداً فرداً علاج کیا جائے اور علاج کلی اس کو کہتے ہیں کہ تمام امراض کی جڑ یعنی ایک امر مشترک کا ازالہ کر دیا جائے کہ اس سے ہر شکایت خود بخود جاتی رہے شریعت میں پہلی قسم کے علاج بھی ہیں اور دوسری قسم کے بھی لیکن پہلی قسم کے علاج کی آج

لوگوں میں ہمت نہیں رہی البتہ پہلے لوگ اسی طرح کرتے تھے کہ ریا عُجب، حسد، کبر، بغض وغیرہ سب کا علاج علیحدہ علیحدہ کرتے تھے اور معالج کے لئے یہی سہل بھی ہے گو مریض کے لئے اس میں دشواری ہے مثلاً اگر ایک شخص سر سے پیر تک بیماریوں میں مبتلا ہو اس کیلئے بہت اچھا یہ ہے کہ کوئی ایسا نسخہ تجویز کیا جائے کہ اسی ایک نسخے سے سب مرض جاتے رہیں مگر یہ معالج کو نہایت دشوار ہے۔ شریعت اسلامیہ کے قربان جایئے کہ اس نے ایسا علاج بتلا دیا کہ ایک ہی علاج میں ہر مرض سے رہائی ہو جاتی ہے اور راز اس کا یہ ہے کہ بعض شکایتوں میں اصل مرض ایک ہوتا ہے اور باقی سب اعراض ہوتے ہیں جو کہ اس مرض سے پیدا ہو جاتے ہیں ۔ جیسا ایک شخص کا قصہ ہے کہ اس نے ایک طبیب سے شکایت کی کہ مجھے نیند نہیں آتی اُس نے کہا بڑھاپے کے سبب۔ پھر اُس نے کہا کہ میرے سر میں درد بھی رہتا ہے۔ طبیب بولا کہ یہ بھی بڑھاپے کے سبب اسی طرح اس نے بہت سی شکایتیں بتلائیں اور طبیب نے سب کا یہی جواب دیا کہ یہ سب بڑھاپے کی بدولت ہے تو اصل مرض اس شکایت میں بڑھاپا تھا اور باقی سب اسی کے اعراض تھے ۔ ایک اور نظیر لیجئے ۔ رات کے وقت آپنے چراغ گل کر دیا اور چوہے چھچھوندر چھپکلی وغیرہ نکلنے شروع ہوئے تو بظاہر یہ بہت سے موذیوں کا ہجوم ہے کہ فرداً فرداً ہر ایک کا دفع کرنا دشوار ہے لیکن سبب ان سب کا صرف ایک چیز ہے یعنی ظلمت جب اس کو دور کر دیا جائیگا تو یہ سارے موذی خود بخود دور ہو جائیں گے۔ اسی طرح شریعت مطہرہ کی خوبی یہ ہے کہ اس نے تمام شکایتوں میں سے اصل مرض کو منتخب کر کے بتلا دیا اور اس کی تدبیر بتلا دی کہ اصل مرض ہم میں دو ہیں علی سبیل منع الخلو یعنی کبھی تو وہ دونوں ہوتے ہیں اور کبھی ایک ہوتا ہے دوسرا نہیں ہوتا لیکن یہ کبھی نہیں ہوتا کہ اس میں سے ایک بھی نہ ہو میں اس کو ذرا مفصل اس لئے بیان کرتا ہوں کہ ہماری حالت بہت کچھ محتاج اصلاح ہو رہی ہے اور اس کے ساتھ ہم نے یہ سمجھا رکھا ہے کہ ہماری اصلاح ممکن ہی نہیں کیونکہ اصلاح اس وقت ہو کہ ہم ساری دنیا کو آگ لگا دیں بیوی کو چھوڑ دیں

بچوں کو چھوڑیں غرض سب کو ترک کر کے بیٹھیں تب علاج ہو اور جب تک یہ نہ ہو تو سمجھتے ہیں کہ علاج ممکن نہیں حالانکہ یہ سمجھنا بالکل غلط ہے۔ صاحبو! اگر دین ایسا تنگ ہوتا تو قرآن شریف میں یہ ارشاد نہ ہوتا لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَ جَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّ ذُرِّيَّةً (بالبتہ تحقیق ہم نے بھیجا ہے رسولوں کو تجھ سے پہلے اور پیدا کئے ہم نے اُن کے لئے بیویاں اور بچے) نیز مسلمانوں کے لئے خلافت اور سلطنت عطا ہوتی بس یہ سمجھنا کہ اصلاح حالت کے لئے بالکلیہ ترک تعلق کر دینا ضروری ہے محض غلطی ہے وہ اصل مرض ایک تو یہ ہے کہ لوگوں میں تعلیم نہیں اور علم دین سے بالکل ناواقف ہیں دوسرے یہ کہ بزرگوں کی صحبت نصیب نہیں اور میرے اس جملہ سے عقلاء کو اس بیان کی اصل غرض کا پتہ چل گیا ہوگا اور ایک بڑا شبہ بھی حل ہو گیا ہوگا کیونکہ بعض لوگ علی العموم یہ سمجھتے ہیں کہ علماء کا مقصود تعلیم دین کی ترغیب سے پورا مولوی بنانا ہے اور بدون اس کے ان کے نزدیک مقصود حاصل نہیں ہوتا تو میرے اس عطف سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ ان کے نزدیک پورا مولوی بنانا ضروری نہیں بلکہ یا تو پورا مولوی بنایا جائے اور یا بزرگوں کی صحبت ہو۔ اس کو ذرا تفصیل سے یوں سمجھئے کہ ایک تو علم دین کی تعلیم بقدر ضرورت ہے اس تعلیم کا عام ہونا تو نہایت ضروری ہے اور ایک تعلیم ہے اصطلاحی عالم بننا یہ سب کے لئے ضروری نہیں اور اس کی مثال ایسی ہے جیسے گورنمنٹ کا قانون کہ بقدر ضرورت قانون کا جاننا رعایا میں سے ہر واحد کے لئے ضروری ہے اور قانون میں پاس کرنا ساری رعایا کے لئے ضروری نہیں اور اگر کوئی گورنمنٹ اس پر مجبور کرے تو بیشک یہ تنگی ہے تو اصطلاحی علماء سب نہیں بن سکتے بلکہ میں ترقی کر کے کہتا ہوں کہ ہم تو سب کا اصطلاحی عالم بنانا مناسب بھی نہیں سمجھتے اب تو آپ کے شبہ کی ذرا بھی گنجائش نہیں رہی۔ اور وجہ اس کی یہ ہے کہ اگر سب مولوی ہو جائیں اور مولویت میں مشغول ہو جائیں تو معاش کے اسباب بالکل گم ہو جائیں۔ اور ان اسباب کا محفوظ رکھنا خود شریعت کو مقصود ہے۔ اور اب میں ترقی کر کے کہتا ہوں کہ سب کا مولوی بنانا جائز بھی نہیں ہے۔ اس پر شاید لوگوں کو تعجب ہو لیکن

بات یہ ہے کہ مولوی ہونے سے مراد مقتدا ہونا ہے اور مقتدا ہونے کے لئے کچھ شرطیں ہیں جن میں سے بڑی شرط یہ ہے کہ اس شخص میں حق پرستی ہو نفس پرستی نہ ہو طمع اور لالچ اس میں نہ ہو کہ اپنی طمع کی وجہ سے مسئلے کو بدل دے۔ علماء بنی اسرائیل میں یہی بات تھی کہ جس کی وجہ سے وہ گمراہ ہوئے، اسی کی نسبت کہتے ہیں ؎

بے ادب را علم و فن آموختن دادن تیغ ست دست راہزن

(بری فطرت والے شخص کو علم اور فن سکھانا ایسا ہے جیسے ڈاکو کے ہاتھ میں تلوار دیدی جائے)

اور یہ مشاہدہ ہے کہ طمع میں بہت طبائع مبتلا ہیں جب یہ ہے تو فرض کیجئے کہ ایک شخص میں طمع اور نفس پرستی ہے اور اس کو مقتدا بنا دیا گیا تو وہ کیا کرے گا۔ ظاہر ہے کہ بجائے اصلاح قوم کے قوم کو تباہ کرے گا اور اپنی طرف سے تراش کر مسئلے لکھے گا۔ میں نے ایک شخص کا فتوے دیکھا ہے کہ اس نے ایک ہزار روپیہ لے کر سالی سے نکاح حلال کر دیا تھا۔ دہلی کے ایک بادشاہ کے متعلق مشہور ہے کہ اس کو ایک مرتبہ حریر پہننے کی طرف میلان ہوا۔ بعض تنخواہ دار مولویوں نے اس کی حلت کا فتویٰ دیدیا اور بہت سے وجوہ حلت کے لکھدیئے بادشاہ نے کہا کہ اگر ملا جیون بھی دستخط کر دیں تو میں پہن لوں گا، ملا جی کے پاس استفسار گیا۔ آپ نے کہلا بھیجا کہ میں دہلی آکر جواب دونگا۔ اور جامع مسجد میں جواب دونگا۔ چنانچہ آپ دہلی تشریف لائے اور جامع مسجد میں ممبر پر جا کر بعد نقل سوال و جواب کے استحلال معصیت کی بناء پر بطور زجر کے فرمایا کہ "مفتی و مستفتی ہر دو کافر اند" (فتوے کو پوچھنے والا اور فتویٰ دینے والا دونوں کافر ہیں) بادشاہ یہ سن کر نہایت غضبناک ہوا اور اس نے قتل کا حکم دیا بادشاہ کے ایک فرزند کو جو خبر ہوئی تو دوڑے ہوئے ملا جی کے پاس آئے اور کہا کہ آپ کے قتل کی تدابیر ہو رہی ہیں۔ ملا جی نے جو سنا تو بہت برہم ہوئے اور فرمایا کہ کیا میں نے ایسا

قصور کیا ہے اور فرمایا کہ وضو کے لئے پانی لاؤ کہ میں بھی ہتھیار باندھ لوں کیونکہ الوضوء سلاح المومن (وضو مومن کا ہتھیار ہے) حقیقت میں ان حضرات کو تنہا نہ سمجھنا چاہیئے۔ حافظ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

بس بتجربہ کردیم دریں دیر مکافات　　با دردکشاں ہر کہ درافتاد برافتاد

(ہم نے اس دنیا میں بہت تجربہ کیا تو یہ بھی بدلہ ملنے کی جگہ ہے جو بھی
عاشقانِ الٰہی کے ساتھ الجھتا ہے خود نقصان اٹھاتا ہے)

حدیث شریف میں ہے من عادی لی ولیًّا فقد اذنتہٗ بالحرب شہزادہ نے جو آپ کے جلال کی حالت دیکھی تو دوڑا ہوا باپ کے پاس گیا اور کہا آپ کیا غضب کرتے ہیں، ملاجی آپ کے مقابلہ کے لئے وضو کر رہے اور سلاح وضو درست کر رہے ہیں سج رہے ہیں، بادشاہ یہ سن کر تھرّا گیا اور کہا کہ اب کیا کروں میں تو حکم دے چکا ہوں۔ شہزادے نے کہا کہ سب کے سامنے میرے ہاتھ ایک خلعت بھیج دیا جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ تب ملاجی کا غصہ فرو ہوا۔ اس قسم کے لوگ البتہ مقتدا ہونے کے قابل ہیں اور ایسے بہت لوگ گذرے ہیں۔ برخلاف ان طماع لوگوں کے کہ بجز افساد کے اور کیا کریں گے۔ چنانچہ ایک ایسے ہی بزرگوار کا قصہ ہے اور میں نے ان کو دیکھا بھی ہے کہ ان سے ایک عورت نے جس کا دوسرے شخص سے تعلق تھا کہا کہ میں اپنے شوہر کے پاس رہنا نہیں چاہتی اور وہ مجھے طلاق نہیں دیتا انہوں نے کہا کہ تو کافر ہو جا (نعوذ باللہ) اس سے نکاح ٹوٹ جائے گا۔ فرمایئے جب ایسے لوگ مقتدا ہوں گے تو قوم کی کیا حالت ہوگی۔ اور عجب نہیں کہ ایسے لوگوں کی وجہ سے ان کے پڑھانے والوں سے بھی باز پرس ہو جبکہ ان کو قرائن سے معلوم ہو کہ یہ ایسے ہوں گے اور یہی وجہ تھی کہ سلف صالحین انتخاب کر کے پڑھاتے تھے ہر کس و ناکس کو علم دین مقتدائیت کے درجہ تک نہ سکھلاتے تھے اس مقام پر شاید متکبرین خوش ہوں کہ ہم کہا کرتے تھے کہ جلاہے تیلیوں کو نہ پڑھایا جائے وہی بات ثابت ہوگئی سو ان کو سمجھ لینا چاہیئے کہ حضرات سلف صالحین کا

انتخاب انساب سے نہیں ہوتا تھا بلکہ ملکات سے ہوتا تھا یعنی جس شخص میں ملکات فاضلہ دیکھتے تھے ان کو علم دین کی تعلیم کامل دیتے تھے اور جس شخص میں ملکات رذیلہ دیکھتے تھے اس کو بقدر ضرورت سکھا کر کسی دوسرے کام میں مشغول ہونے کی رائے دیتے تھے اگرچہ پہلا کسی ادنیٰ اور معمولی گھرانے کا ہوا اور دوسرا کسی عالی خاندان کا اور اگر آپ کو ان جلاہے تیلیوں سے اس قدر عار آتی ہے تو ان کی جنت میں بھی نہ جائیے گا بلکہ فرعون و ہامان کے ساتھ چلے جائیے گا کیونکہ وہ بہت بڑے لوگوں میں تھے۔ صاحبو! نسب کا علو اور تسفّل غیر اختیاری ہے اور ملکات کا مقتضا پر چلنا اختیاری ہے اور غیر اختیاری امور میں عزت و ذلت نہیں ہوا کرتی، عزت و ذلت کا مدار اختیاری افعال ہوا کرتے ہیں اسی وجہ سے قیامت میں ان انساب کا اعتداد نہ ہوگا۔ ارشادِ خداوندی ہے فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَھُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ (پس قیامت کے روز نسب کا کوئی اعتبار نہ ہوگا اور نہ اس کے متعلق سوال ہوگا) پھر یہ کہ شریف تو پڑھیں نہیں اور اسافل کو پڑھنے نہ دیں کیسا ظلم ہے۔ خدائی مذہب کا نشر اور اشیوع تو ضرور ہونے والا ہے اور اس کیلئے ہر زمانے میں غیب سے سامان ہوتا رہا ہے جس وقت تک شرفاء علم کی طرف متوجہ رہے خدا تعالیٰ ان میں بڑے بڑے لوگ پیدا کرتا رہا جن سے دین کی اشاعت ہوئی جب انھوں نے تقاعد کیا اور علم دین کی طرف سے روگردانی کی خدا تعالیٰ نے یہ دولت دوسری قوموں کو دیدی۔ غرض انساب کو نہ دیکھئے اخلاق کو دیکھنا چاہیئے میں اہلِ مدارس کو یہ رائے دیتا ہوں کہ وہ اپنی ضابطہ پری اور کارروائی دکھلانے کی غرض سے بدطینت لوگوں کو داخل نہ کریں کثرت و قلت تعداد طلبہ کی ذرا پرواہ نہ کیا کریں بلکہ جس شخص کی حالت مقتدائیت کے مناسب نہ دیکھیں اس کو فوراً مدرسے سے خارج کردیں۔ میں جب کانپور میں تھا تو ایک مرتبہ تقریباً آٹھ طالب علموں کو جو کہ قریب بلوغ تھے مدرسہ سے خارج کردیا تھا اہل مدرسہ نے بہت کچھ کہا سنا کہ ان کے نکلنے سے مدرسہ کی کارگذاری میں بڑی کمی واقع ہوگی اور اس سال کارروائی بالکل نہ دکھلائی

بنا سکے گی۔ میں نے کہا کہ آپ لوگوں کو کارروائی دکھلانے کا تو اس قدر خیال ہے اور اس کا خیال نہیں کہ یہ لوگ مقتدائے دین ہوں گے لوگ ان کی پیروی کریں گے اور حالت ان کی یہ ہے کہ بجز گمراہ کرنے کے اور کیا ان سے ہوسکے گا تب ان لوگوں کی سمجھ میں آیا غرض آپ لوگ اس کا ہرگز اندیشہ نہ کریں کہ ہم سب کو مولوی بنانے کی فکر میں ہیں کیونکہ ہم بہت سوں کو مولوی بنانا جائز بھی نہیں سمجھتے اور وہ ایسے لوگ ہیں جن کی نسبت کہا گیا ہے ؎

زیاں میکند مرد تفسیر داں　　　　که علم و ادب میفروشد بناں

(تفسیر کا جاننے والا ایسا شخص جو علم ادب کو روٹی کے بدلہ نہ بیچتا ہے (دین کو) سخت نقصان پہنچاتا ہے)

آجکل جو علماء کا گروہ بدنام ہے یہ انہی طماعوں کی بدولت۔ واللہ اگر علماء آج دست کش ہوجائیں جیسا کہ اہلِ حق بحمد اللہ ہیں تو یہ بڑے بڑے متکبرین ان کے سامنے سر تسلیم خم کریں۔ بلکہ علماء کے لئے تو یہ مناسب ہے کہ اگر کوئی دنیادار ان کے سامنے کوئی چیز پیش بھی کرے تو لینے سے انکار کردیں۔ صاحبو! علماء کا وجود فی نفسہٖ ایسا محبوب تھا کہ اگر یہ کسی کے گھر چلے جاتے تو اس دن عید ہونی چاہیئے تھی حالانکہ آج وہ دن یوم الوعید ہو جاتا ہے اور وجہ اس کی یہی ہے کہ ان طماعوں کی بدولت ہر عالم کی صورت دیکھ کر یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ یہ کچھ مانگنے آئے ہوں گے صاحبو! استغفار و آزادی میں علماء کا تو یہ مذہب ہونا چاہیئے کہ ؎

ای دل آں بہ کہ خراب از مئی گلگوں باشی　　　　بے زر و گنج بہ صد حشمت قاروں باشی

در رہِ منزلِ لیلیٰ کہ خطرہاست بجاں　　　　شرط اول قدم آنست کہ مجنوں باشی

(اے دل بہتر بات یہ ہے کہ عشق کی شراب میں مست ہوکر بغیر زر اور قارون کے خزانہ زندگی بسر کرے۔ لیلیٰ تک پہنچنے کے لئے راستہ میں جان کو بہت سے خطرات ہیں لیکن آگے قدم بڑھانے کے لئے پہلی شرط یہ ہے کہ مجنوں ہو جائے)

یعنی وہ حالت ہونی چاہیئے کہ مال اور جاہ دونوں کو آگ لگا دو۔ اگر تم ان امراء کے دروازے پر جانا چھوڑ دو تو یہ خود تمہارے دروازے پر آئیں گے تو ایسے لوگوں کا وجود

ہوتے ہوئے ہم تعلیم کامل کو عام نہیں کرنا چاہتے۔ البتہ تعلیم بقدر ضرورت عام ہونی ضروری ہے اور تعلیم کامل کا بدل ایک دوسری چیز ہے یعنی اہل اللہ کی صحبت کہ اس سے بھی وہی فائدہ ہوتا ہے بلکہ یہ ایسی چیز ہے کہ تعلیم کامل کے بعد بھی اس کی ضرورت ہے۔ دیکھئے بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایسے تھے کہ وہ بالکل بھی پڑھے نہ تھے۔ اور اسی حالت پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم فخر فرماتے ہیں نَحْنُ اُمَّۃٌ اُمِّیَّۃٌ لَا نَکْتُبُ وَ لَا نَحْسَبُ (ہماری جماعت ایسے ان پڑھوں کی جماعت ہے جو نہ لکھنے سے تعلق رکھیں نہ حساب سے) لیکن چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت اور معیت حاصل تھی وہی بالکل کافی ہوگئی یہ تو دینی پہلو سے گفتگو تھی۔ اب میں تمدنی پہلو سے صحبت کی ضرورت اور بدون صحبت کے تعلیم کامل کے مفاسد بتلاتا ہوں۔ یہ تو سب کو معلوم ہے کہ اجتماع اور تمدن کے تمام مصالح علی وجہ الکمال امن وامان سے اس وقت پورے ہوسکتے ہیں کہ جب تمام لوگوں کی زندگی میں نہایت سادگی اور معاشرت میں بالکل بے تکلفی ہو۔ بناوٹ اور چالاکی کے ساتھ تمام مصالح کا پورا ہونا ممکن نہیں نیز یہ بھی مشاہدہ ہے کہ اگر علم کامل ہو اور تربیت نہ ہو تو چالاکی اور دھوکہ دہی کا مادہ پیدا ہوجاتا ہے، اسی طرح اگر جاہل ہو اور تربیت نہ ہو تب بھی یہی حالت ہوتی ہے اور مصالح تمدن کا پورا ہونا ضروری ہے پس خلاصہ یہ نکلا کہ مصالح تمدن کا پورا ہونا ضروری اور وہ علی وجہ الکمال بدون سادگی اور امن وامان کے پورے ہو نہیں سکتے۔ اور سادگی بدون تربیت کے حاصل نہیں ہوتی اور تربیت بغیر علم بقدر ضرورت کے ممکن نہیں تو تربیت کے لئے علم بقدر ضرورت حاصل ہونا ضروری اور سادگی کے لئے تربیت ضروری اور مصالح تمدن کے پورا ہونے کے لئے سادگی زندگی ضروری لہذا مصالح تمدن کے لئے علم بقدر ضرورت اور تربیت ضروری ہے اور چونکہ علم بدون تربیت مورث عیاری ہے اور عیاری مضاری مصالح تمدن کے لئے مضر ہے لہذا علم کامل بدون تربیت کے مضر ہے اور چونکہ ہر شخص سامان تربیت کا حاصل نہیں کرتا لہذا ہر شخص کو

علم کامل پڑھانا مفید نہیں بلکہ مضر ہے لیکن اس پر ناخواندہ لوگ خوش نہ ہوں کہ ہماری امیت ایک درجہ میں مطلوب ہوگئی۔ پس اچھا ہوا کہ ہم نے علم حاصل نہ کیا بات یہ ہے کہ آپ کی اُمیّت تو حد سے بہت زیادہ گذری ہوئی ہے کہ صحبت سے بھی محروم ہو۔ لہٰذا یہ مطلوب نہیں ہوسکتی تو یا تعلیم کامل مع صحبت ہو یا نری صحبت ہو کیونکہ نری تعلیم کافی نہیں اور نری صحبت کافی ہے مگر ایک شرط کے ساتھ۔ وہ یہ کہ جس کے پاس جائے اس کو اپنے دنیوی قصوں میں مشغول نہ کرے اور اپنے تمام امراض باطن کو بلاکم وکاست اس کے سامنے پیش کر دے اور وہ جو کچھ کہے اس پر کاربند رہے۔ ہم نے ایسا ایک آدمی بھی نہیں دیکھا کہ پورا عالم ہو اور صحبت یافتہ نہ ہو اور پھر اس سے ہدایت ہوئی ہو اور ایسے بہت سے دیکھے ہیں کہ شین اور قاف بھی ان کا درست نہیں لیکن دین کی خدمت کرتے ہیں پس نرا علم۔ شیطان اور بلعم باعُورکا سا علم ہے لیکن پھر بھی ایک ایسی جماعت کی ضرورت ہے کہ وہ ان سب کے لئے مرکز ہو۔ یعنی سب تو پورے عالم نہ ہوں مگر چند لوگ ایسے ہوں کہ ضرورت کے وقت یہ لوگ ان کی طرف رجوع کرسکیں۔ حاصل یہ ہوا کہ مسلمانوں کو ایک تو ایسی جماعت کی ضرورت ہے جو کہ علماء کہلائیں۔ دوسرے یہ ضرورت ہے کہ ہر شخص بقدر ضرورت عمل عالم ہو۔ تیسرے اس کی ضرورت ہے کہ ہر شخص کو اہل اللہ کی صحبت حاصل ہو اب میں ہر ایک کی تدبیر بتلاتا ہوں ۔ سو اول کی تدبیر تو یہ ہے کہ مسلمانوں میں سے کچھ بچے ایسے انتخاب کئے جائیں جو کہ ذکی اور ذہین ہوں۔ طبیعت میں سلامتی ہو۔ اور ان کو باقاعدہ تعلیم دی جائے اور ان کے لئے ہر شہر میں ایک ابتدائی مدرسہ ہو مثلاً اس بستی میں ایک ابتدائی مدرسہ قائم کیا جائے کہ اس میں شرح وقایہ، نورالانوار تک تعلیم دی جائے اور یہاں تک پڑھ لینے کے بعد ان کو کسی بڑے مدرسہ میں بھیجدیا جائے کہ وہاں ان کی درسیات پوری ہوجائیں۔ اس کی فکر ہر شخص کے ذمہ ضروری ہے بالخصوص امراء پر اس کا حق زیادہ ہے کیونکہ ان کو خدا تعالے نے فراغ دیا ہے۔ اور ان چھوٹے مدرسوں کو کسی بڑے مدرسہ سے وابستہ کیا جائے کہ وہاں کی سند ان

لوگوں کے لئے حجت ہو اور وہ مدرسہ ان سب مدارس کے لئے دار العلوم کے طور پر ہو۔ پھر ایسے لوگوں کے فتوے اور تعلیمات پوری طرح قابلِ اطمینان ہوں گے بلکہ بہتر یہ ہے کہ جو لوگ وعظ کہنے کے لئے آئیں ان کی نسبت بھی تحقیق کر لیں کہ وہ کسی مدرسہ کے سند یافتہ بھی ہیں چونکہ آج کل کے واعظوں سے نفع کے بجائے بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔ میں نے دیوبند میں ایک واعظ صاحب کو وعظ کہتے سُنا اول اس نے یہ آیت پڑھی ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ اس کے بعد ترجمہ اس آیت کا کیا کہ تمہارے لئے یہ بہتر ہے کہ تم تالا لگا کر نماز جمعہ کو جایا کرو یہ خرابی کی تَعْلَمُوْنَ کی یعنی تالا موند۔ اس زمانے میں مولانا رفیع الدین صاحب دیوبندی مہتمم مدرسہ زندہ تھے، اس واعظ کو بہت ڈانٹا۔ اور ایک واعظ کانپور میں آئے تھے جامع العلوم میں انہوں نے وعظ کہا یہ آیت پڑھی وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۚ اور ترجمہ کیا کہ جنت میں ایک تخت ہوگا جس کا ایک ایک پایہ ایک ایک ہزار کوس کا ہوگا اور طرہ یہ کیا کہ کوس کی تفسیر بھی کی کہ بڑے کوس کو کہتے ہیں۔ اسی طرح ہم نے ایسے واعظ بھی دیکھے ہیں کہ وہ وعظ کہتے ہیں اور لوگوں سے معلوم ہوا ہوا کہ شراب پیتے ہیں۔ آج کل مقتدا بننا بھی ایسا سستا ہو گیا ہے کہ جس کا جی چاہے وہی مقتدا بن جاتا ہے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ لوگ کسی ایک بڑی جگہ اور مرکزی جماعت سے وابستہ نہیں اس لئے سب خود مختار ہیں لہٰذا بہت ضروری ہے کہ سب کے سب کسی ایسی جگہ اور ایسی جماعت سے وابستہ ہوں کہ ان کا ہر فعل وہاں کی اجازت اور سند کے بعد ہو۔ بدون خاص اہتمام کے یہ جماعت علماء کی قائم نہیں ہو سکتی اس لئے اس کا اہتمام نہایت ضروری ہے مگر اس کا تمام تر اہتمام مولویوں پر نہ رکھو کیونکہ اس میں بعض کام ایسے بھی ہوں گے کہ اس کو مولوی نہ کر سکتے ہیں نہ ان کے لئے مناسب ہے۔ مثلاً مدارس قائم کرنے کے لئے چندہ کرنے کی ضرورت ہوگی سو علماء کو مناسب نہیں کہ وہ چندہ کی تحریک میں حصہ لیں اس سے بڑی خرابی یہ ہے کہ عام لوگ ان کو دیکھ کر یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہم نے اپنی اولاد کو پڑھایا تو وہ بھی

یہی مانگنے کا کام کریں گے پس مولوی پڑھانے کا کام کریں اور رئیس چندہ وصول کریں کیونکہ ان پر یہ احتمال نہیں ہو سکتا کہ خود کھا جائیں گے۔ دوسرے جب مولوی پڑھانے کا کام کرتے ہیں تو کھانے کمانے کے کام بھی ان ہی کے سر کیوں ڈالے جائیں۔ آج کل عام مولویوں کو بھانڈ کا ہاتھی سمجھتے ہیں۔ مشہور ہے کہ اکبر نے کسی بھانڈ کو خوش ہو کر ایک ہاتھی دیدیا تھا۔ بھانڈ نے ہاتھی تو لے لیا لیکن اس کو خیال ہوا کہ میں غریب آدمی اس ہاتھی کو کھلاؤں گا کہاں سے اس کی تو چار خوراکوں میں میرا سارا گھر بھی ختم ہو جائے گا، آخر اس کو معلوم ہوا کہ آج اکبر کی سواری فلاں طرف سے فلاں وقت گذرے گی جب وہ وقت آیا تو اپنے ہاتھی کے گلے میں ایک ڈھول ڈال کر اسی طرف اس کو چھوڑ دیا۔ اکبر کی سواری جب گذری تو اس نے دیکھا کہ سامنے سے ایک ہاتھی چلا آرہا ہے اور گلے میں ڈھول پڑا ہوا ہے غور کیا تو معلوم ہوا کہ خاصہ کا ہاتھی ہے۔ لوگوں سے پوچھا کہ یہ ہاتھی اس حالت میں کیوں پھرتا ہے۔ لوگوں نے کہا حضور نے اپنے بھانڈ کو یہ ہاتھی دیدیا تھا۔ اکبر نے بھانڈ کو طلب کیا اور پوچھا کہ تم نے ہاتھی کو اس حالت میں کیوں چھوڑا ہے کہنے لگا کہ حضور نے مجھے ہاتھی تو عنایت فرمایا مگر میرے پاس کھلانے پلانے کو کیا دھرا تھا آخر یہ سمجھ میں آیا کہ جو میرا پیشہ ہے وہی اس کو بھی سکھلاؤں اس لئے میں نے گلے میں ڈھول ڈال کر چھوڑ دیا کہ مانگو اور کھاؤ۔ اکبر کو یہ لطیفہ پسند آیا اور اس نے ایک گاؤں بھی انعام میں دیا۔ تو لوگوں نے مولویوں کے لئے بھی یہی تجویز کر رکھا ہے کہ کام بھی کرو اور مانگو اور کھاؤ بھی۔ صاحبو! ان کو کیا غرض پڑی ہے خدا تعالیٰ نے ان کو دولت علم کی دی ہے ان کو کیا مصیبت پڑی ہے کہ وہ تم سے بھیک مانگیں۔ اور میں مولویوں کو بھی کہتا ہوں کہ آپ کو کامل توکل کرنا چاہیئے۔ نیز مولویوں کے مانگنے میں ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ لوگ ان پر یہ اعتراض کریں گے کہ یہ لوگ دوسروں سے

تو مانگتے ہیں لیکن خود کبھی نہیں دیتے اور جو محرک نہ دے اس کی تحریک میں شبہات پیدا ہوتے ہیں اور رہا یہ کہ اگر دوسروں سے پچاس مانگیں گے تو کم سے کم بیس تو خود بھی دیں گے۔ اس لئے ان پر اعتراض کرنے کا کسی کو موقع نہیں۔ تو یہ طریقہ ہے کام کرنے کا اس طور پر مدرسے کا قائم ہونا نہایت ضروری ہے بالخصوص اس شہر میں کہ یہاں کے لوگوں کو دین کی طرف بہت ہی کم رغبت ہے سراسر دنیا ہی میں کھپے ہوئے ہیں اور زیادہ تر وجہ اس کی یہ بھی ہے کہ ان لوگوں کو علماء کی صحبت بہت ہی کم ہے جس کے حاصل کرنے کا طریقہ ہے کہ خود علماء کو یہاں بلاؤ

---

ے اگرچہ لوگوں کا یہ اعتراض نظر بر واقع صحیح نہیں کیونکہ اول تو مولویوں کے پاس اس قدر سرمایہ کہاں ہوتا ہے کہ وہ چندے دیں، دوسرے وہ باوجود سرمایہ نہ ہونے کے بہت زیادہ دیتے ہیں۔ میں بطور مشتے نمونہ از خروارے چند مثال پیش کرتا ہوں۔

اول حضرت مولانا اشرف علی صاحب دامت برکاتہم نے زمانہ قیام کانپور میں مدرسہ کی آمدنی میں قلت دیکھ کر اپنی تنخواہ یکسر قلم چھوڑ دی تھی جو کہ صہ روپیہ ماہوار تھی۔

دوسرے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سلمہٗ مدرس اول مدرسہ مظاہر العلوم ملغہ روپیہ ماہوار پاتے ہیں اہل مدرسہ نے بہت کوشش کی کہ مولانا کی تنخواہ میں اضافہ کر دیا جائے لیکن مولانا نے صاف انکار فرما دیا اور فرمایا کہ میرے لئے یہی بہت کافی ہیں۔

سوم حضرت مولانا مولوی محمود حسن صاحب سلمہٗ مدرس اول مدرسہ دیوبند دار العلوم صہ روپیہ ماہوار پاتے ہیں اہل مدرسہ نے مولانا سلمہٗ کی ترقی کرنی چاہی لیکن آپ نے منظور نہیں فرمایا۔

چہارم مولانا مولوی عنایت الٰہی صاحب سلمہٗ مہتمم مدرسہ سہارنپور صہ۲۵ روپیہ ماہوار پاتے ہیں ارکین مدرسہ کے کہنے پر اپنے اس تنخواہ سے زیادہ لینے سے بالکل انکار کر دیا۔

میرے خیال میں آج کوئی شخص دنیا داروں میں اس کی ایک نظیر بھی پیش نہیں کر سکتا کہ کسی نے اپنے باب ترقی کو بالکل مسدود کر دیا ہو یا اپنی پوری تنخواہ محکمے کے حوالہ کر دی ہو اور یہ امداد بعض درجہ سے متعارف چندہ دینے سے بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے اور اسی قسم کی بہت سی مثالیں ہیں ۱۱ سعید

اور ان سے فیض حاصل کرو۔ عالم کی مثال آفتاب کی سی ہے کہ اس کے طلوع ہوتے ہی نصف کرۂ زمین منور ہو جاتا ہے اور ظلمت بالکل جاتی رہتی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وہ دیندار عالم ہو ایسا نہ ہو کہ تمہارے تابع بن جائے۔ اس کی صفت یہ ہو کہ لَا یَخَافُوْنَ فِی اللّٰہِ لَوْمَۃَ لَآئِمٍ (وہ اللہ تعالےٰ کے معاملہ میں کسی برا کہنے والے کے برا کہنے سے نہیں ڈرتے) اور اس کے لئے کم از کم بیس پچیس روپیہ ماہوار کا انتظام کرو۔ آج کل لوگ یہ چاہتے ہیں کہ عالم تو بہت بڑا ہو لیکن دس بارہ روپیہ ماہوار سے زیادہ نہ دینے پڑیں۔ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ کے پاس ایک عالم کی طلب میں ایک خط آیا تھا جس میں ان عالم کے لئے بہت سی شرطیں لکھی تھیں کہ وہ ایسے ہوں اور ایسے ہوں اور کل دس روپیہ تنخواہ لکھی تھی۔ مولانا فرمانے لگے کہ بھلے مانسو فی وصف ایک روپیہ تو رکھا ہوتا۔ صاحبو! خدا کا شکر ہے کہ اس نے آپ کو وسعت دی ہے کچھ مشکل نہیں کہ بیس، پچیس روپے ماہوار کا ایک مولوی کے لئے انتظام کر دیں۔ عمائد شہر اگر اس پر متوجہ ہو جائیں تو بہت آسانی سے سب کچھ ہو سکتا ہے یہ تو بقاء علماء کی صورت تھی۔ دوسرے کام یعنی عمل کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ مدرسہ میں جو عالم ہوں ان سے مسائل دریافت کر کرکے اور حلت و حرمت کو معلوم کر کے ان کے فتوے کے موافق عمل کیا جائے اور جس وقت تک مدرسہ کا انتظام نہ ہو اس وقت تک یہ کیجئے کہ کسی ذی علم کو وعظ کے لئے نوکر رکھ لیجئے اس کا کام یہ ہو کہ محلوں میں جا کر وعظ کہے اور ترغیب و ترہیب اور احکام شرع کو اس میں بیان کرے۔ آپ اس طریق پر عمل کر کے دیکھئے ان شاء اللہ تعالےٰ ایک سال میں کتنی حالت درست ہو جائے گی۔ دوسرے یہ کیجئے کہ ہر محلے کے لوگوں کو ہفتے بھر میں ایک دفعہ کسی جگہ جمع کر کے ایک آدمی مسائل کی کتاب لے کر ان کو مسائل سنا دیا کریں اور جو لوگ خود پڑھے لکھے ہیں وہ مسائل کی کتابیں خرید کر اپنے پاس رکھ لیں اور روزانہ ان کو دیکھا کریں اور جہاں شبہ رہے کسی عالم سے حل کر لیں بغرض اس کو عمر بھر کا

شغل رکھیں اور عورتوں کے لئے یہ کریں کہ جو پڑھی لکھی ہیں وہ تو یہ کریں کہ کتابیں خرید کر ان کو سبقاً سبقاً پڑھ لیں اور جو بے پڑھی ہیں وہ پڑھی لکھی عورتوں سے سن لیا کریں۔ رہی تیسری چیز یعنی صحبت کہ بدون اس کے نہ اعلیٰ درجے کی تعلیم کافی ہے اور نہ ادنیٰ درجے کی اور اسی لئے علماء طلباء سب کے ذمہ اس کا اہتمام ضروری ہے۔ پہلے زمانے میں جو سب لوگ اچھے ہوتے تھے اس کی بڑی وجہ یہ بھی کہ وہ سب اس صحبت کا اہتمام رکھتے تھے۔ اس وقت یہ حالت ہے کہ تعلیم کا اہتمام تو کسی قدر ہے بھی کہ اُس پر ہزاروں روپیہ صرف کیا جاتا ہے اور بہت سا وقت اس کو دیا جاتا ہے مگر صحبت کے لئے فی سال ایک ماہ بھی کسی نے نہیں دیا واللہ اگر صحبت کی طرف ذرا بھی توجہ کرتے تو مسلمان ساری تباہیوں سے بچ جاتے اور اگر کسی کو اس میں شبہ ہو تو وہ اب امتحان کر کے دیکھے اور خود کو بھی اور اپنی اولاد کو بھی بزرگوں کی صحبت سے فیضیاب کرے میں ان شاء اللہ تعالیٰ پانچ برس کے بعد دکھلاؤں گا کہ سب کے اقوال افعال اعمال کس قدر درست ہوئے اس وقت شائستگی کے عام ہونے سے یہ حالت ہوگی کہ ؎

بہشت آنجا کہ آزارے نباشد کسے را با کسے کارے نباشد

(جنت ایسی جگہ ہے جہاں کوئی تکلیف نہیں اور کسی کو کسی سے کوئی شکایت نہیں)

کارے نہ ہونے کے معنی یہ ہیں کہ کارموذی نہ ہوگا اور اس لئے دنیا جنت کی مثل ہوجائے گی اور راز اس کا یہ ہے کہ علم سے نیک باتیں معلوم ہوں گی اور صحبت سے اخلاق رذیلہ دور ہوں گی اور یہی دو چیزیں جہل اور بدخلقی ساری خرابیوں کی جڑ ہیں کیونکہ مثلاً اگر کسی شخص میں تکبر ہو اور اس سے کوئی غلطی ہوجائے تو اس کا تکبر کبھی اعتراف اور قبول حق کی اجازت نہ دے گا بلکہ وہ اپنی غلطی پر مصر ہوگا اور ہزاروں آدمی اس غلطی سے گمراہ ہونگے۔ اور جب تکبر کی اصلاح ہوجائے گی تو یہ بات نہ رہیگی اور اثر اسکا یہ ہوگا کہ ہر غلطی کو تسلیم کر لے گا۔ سنا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ میرٹھ میں تشریف

فرماتے تھے کہ ایک شخص نے عشاء کے وقت پوچھا آپ نے اس کا جواب دیدیا مستفتی کے جانے کے بعد ایک شاگرد نے عرض کیا کہ مجھے یہ مسئلہ یوں یاد ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم ٹھیک کہتے ہو اور مستفتی کو تلاش کرنا شروع کیا' لوگوں نے عرض کیا اس وقت رات زیادہ ہوگئی ہے آپ آرام فرمایئے ہم صبح ہونے پر اس کو بتلادیں گے' لیکن آپ نے قبول نہیں فرمایا اور اس کے مکان پر تشریف لے گئے گھر میں سے اس کو بلایا اور فرمایا کہ ہم نے اس وقت مسئلہ غلط بتلایا تھا۔ تمہارے آنے کے بعد ایک شخص نے صحیح مسئلہ ہم کو بتلایا اور وہ اس طرح ہے' جب یہ فرما چکے تب چین آیا اور واپس آکر آرام فرمایا۔ تو اس بے چینی کا سبب کیا نرا علم تھا ہرگز نہیں یہ صرف حال کا اثر تھا جو صحبت سے عطا ہوا تھا اسی کو کہتے ہیں ؎

قال را بگذار مرد حال شو　　　پیش مرد کاملے پامال شو

(باتیں بنانا چھوڑ دو اپنے اندر کیفیت پیدا کرنے والے بنو اور کسی کامل درجے کے بزرگ کے پاس رہ کر اپنے آپ کو مٹادو)

بعض لوگ جن کی تربیت نہیں ہوتی اور مقتدا ہوجاتے ہیں ان کے اخلاق نہایت خراب ہوتے ہیں اور وجہ اس کی یہی ہے کہ وہ چھوٹا ہونے کے قبل۔ بڑے ہوجاتے ہیں کسی نے خوب کہا ہے ؎

اے بیخبر بکوش کہ صاحب خبر شوی　　　تا راہ بیں نباشی کے راہبر شوی

در مکتب حقائق پیش ادیب عشق　　　ہاں اے پسر بکوش کہ روزی پدر شوی

(اے بے خبر تو کوشش کرکے معلومات حاصل کر جب تک تو خود راستہ نہ جانے گا راستہ بتانے والا کیسے بنے گا جہاں حقیقتوں کا علم سکھایا جاتا ہو وہاں عشق کا ادب سکھانے والے کے سامنے پیش ہوجاتا اور وہاں پیارے بیٹے کوشش کرتے رہو کسی دن باپ ہی بن جاوے گا)

تو پسر بننے سے پہلے پدر بن جانا بہت سی خرابیوں کا باعث ہے۔ اس لئے سخت ضرورت ہے کہ اول چھوٹا بن کر اخلاق کی درستی کی جائے کہ اس سے اعمال کی بھی

درستی ہو جائے گی اور تدبیر اس کی یہ ہے کہ جن لوگوں کو خدا تعالیٰ نے فراغ دیا ہے وہ تو کم از کم چھ ماہ تک کسی بزرگ کی خدمت میں رہیں لیکن اس طرح کہ اپنا تمام کچا چٹھا ان کے سامنے پیش کر دے اور پھر جس طرح وہ کہیں اس طرح عمل کریں اور اگر وہ ذکر وشغل تجویز کر دیں تو ذکر وشغل میں مصروف ہو جائے اگر وہ اس سے منع کر کے کسی دوسرے کام میں لگا دیں اس میں لگ جائے اور ان کے ساتھ محبت بڑھائے اور ان کی حالت کو دیکھتا رہے کہ کسی چیز کے لینے کے وقت یہ کیا برتاؤ کرتے ہیں اور دینے کے وقت کس طرح پیش آتے ہیں اس کا اثر یہ ہوگا کہ تخلق اخلاق اللہ ہو جائیگا اور پھر اس کی ذات سے سراسر نفع ہی پہونچیگا اور جن لوگوں کو فراغ نہیں ہے وہ یہ کریں کہ وقتاً فوقتاً جب ان کو دو چار یوم کی مہلت ہوا کرے اس وقت کسی بزرگ کے پاس رہ آیا کریں اور اپنی اولاد کے لئے یہ کرو کہ روزمرہ جیسا ہر کام کیلئے نظام الاوقات ہے ایسا ہی اس کے لئے بھی ایک وقت مقرر کر دو کہ فلاں مسجد میں فلاں بزرگ کے پاس جا کر کچھ دیر بیٹھا کریں۔ صاحبو! کس قدر افسوس کی بات ہے کہ فٹ بال کے لئے وقت ہو اور درستی اخلاق کے لئے وقت نہ نکل سکے اور اگر اس شہر میں کوئی ایسا شخص نہ ہو تو چھٹی کے زمانہ میں کسی بزرگ کی خدمت میں بھیجدیا کرو۔ اس زمانے میں تو ان کو کوئی کام بھی نہیں ہوتا، کمبخت دن رات مارے مارے پھرتے ہیں۔ نہ نماز کے نہ روزے کے ماں باپ خوش ہیں کہ ہم نماز کے بہت پابند ہیں، حالانکہ ان کو یہ خبر نہیں کہ قیامت میں وہ اولاد کے سبب ان کے ساتھ جہنم میں جائیں گے۔ حدیث شریف میں ہے کُلُّکُمْ دَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ (تم میں سے ہر ایک شخص ذمہ دار ہے اور تم سب سے اپنے اپنے ماتحت کے متعلق قیامت میں سوال ہوگا)

آج کل لوگ اپنی اولاد کی تربیت ایسی کرتے ہیں جیسا کہ قصائی گائے کی تربیت کیا کرتا ہے کہ اس کو کھلاتا ہے پلاتا ہے حتیٰ کہ وہ خوب موٹی تازی ہو جاتی ہے لیکن غرض اور مآل اس کا یہ ہوتا ہے کہ اس کے گلے پر چھری پھیری

جاتی ہے اسی طرح یہ لوگ اپنی اولاد کو خوب زیب وزینت تعیش میں پرورش کرتے ہیں اور انجام اس کا یہ ہوتا ہے کہ وہ لقمۂ جہنم ہوتے ہیں اور ان کی بدولت مربی کی بھی گردن ناپی جاتی ہے کیونکہ اس تعیش کی بدولت اولاد کو نہ نماز کی خبر ہوتی ہے اور نہ روزے کی۔ بعض نامعقول تو حد سے اس قدر آگے بڑھ گئے ہیں کہ ان کو اسلام کی کسی بات کی بھی خبر نہیں ہوتی۔ ایک نوجوان کی نسبت میں نے سنا ہے کہ وہ بیرسٹری پاس کرکے آرہے تھے ان کے باپ نے اپنے ایک دوست کو لکھا کہ میرا لڑکا لندن سے آرہا ہے تمہارے شہر سے اس کا گذر ہوگا اگر تم اسٹیشن پر اس سے مل لو تو بہتر ہو تاکہ اس کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ ان کے لکھنے کے موافق یہ مکتوب الیہ اسٹیشن پر گئے اور جاکر ان بیرسٹر صاحب سے ملے اس وقت بیرسٹر صاحب کھانا کھارہے تھے چونکہ رمضان شریف تھے اس لئے ان کو تعجب ہوا اور انہوں نے دریافت کیا کہ رمضان شریف ہے آپ نے روزہ نہیں رکھا۔ صاحبزادے پوچھتے ہیں کہ رمضان کیا چیز ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان ایک مہینہ کا نام ہے کہنے لگا جنوری، فروری الخ ان میں تو رمضان کہیں آیا نہیں۔ آخر اس کی یہ حالت دیکھ کر ان کو سخت صدمہ ہوا اور سمجھے کہ منبع الکفر کا مسخ شدہ ہے اس کی حالت میں تغیر آنا ناممکن اور اناللہ پڑھ کر چلے آئے۔ اب آپ غور کیجئے کہ یہ مسلمانوں کے بچے ہیں مسلمان خواتین کی گودوں کے پرورش کئے ہوئے ہیں اور آغوش جہنم میں دیئے جارہے ہیں۔

صاحبو! اگر یہی رنگ رہا تو عجب نہیں کہ پچاس برس کے بعد یہ لوگ اپنے کو مسلمان کہنا بھی ننگ و عار سمجھیں۔ اتنا اثر تو اب بھی آگیا ہے کہ اسلامی نام پسند نہیں ہے آپ خوش ہیں کہ ہم نے بی۔ اے کردیا۔ ایم۔ اے کردیا حالانکہ آپ نے جہنم کی پگڈنڈی پر چھوڑ دیا ہے اور آنکھوں پر ایسے چشم بند چڑھائے ہیں کہ شاہراہ جنت نظر ہی نہ آسکے۔

صاحبو! آپ کہتے ہیں کہ مولوی انگریزی پڑھنے سے منع کرتے ہیں، واللہ ہم منع نہیں کرتے۔ خدا کے لئے ان کا دین تو خراب نہ ہونے دو اور اس کا

طریقہ یہی ہے کہ ان کو اہل اللہ کی صحبت حاصل ہو خیر اگر چھ مہینے دوزخ میں جانے کا کام کریں گے تو چھ مہینے جنت میں جانے کے کام بھی تو کرلیں گے یاد رکھو کہ اہل اللہ کی صحبت وہ اکسیر ہے کہ ؎

گر تو سنگ خارۂ مرمر شوی چوں بصاحب دل رسی گوہر شوی

(اگرچہ تو سنگ خارہ اور مرمر جیسا سخت دل بھی ہو جب کسی صاحب دل کے پاس پہونچے گا گوہر کی سی قدر و قیمت پائے گا)

اور کہتے ہیں ؎

یک زمانہ صحبتِ با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

صحبتِ نیکاں اگر یک ساعت است بہتر از صد سالہ زہد و طاعت است

(تھوڑی سی دیر اللہ والوں کے ساتھ بیٹھ جانا سو سال کی بے ریا عبادت سے بڑھ کر ہے نیکوں کی صحبت اگر ایک گھڑی کی بھی حاصل ہو جائے تو سو سال کے زہد و طاعت سے بڑھ کر ہے)

صاحبو! صحبت سے وہ بات حاصل ہوگی کہ اس کی بدولت اسلام دل میں رچ جائیگا اور یہی مذہب کی روح ہے کہ دین کی عظمت دل میں رچ جائے اگرچہ کسی وقت نماز روزے میں کوتاہی ہو جائے اگرچہ یہ بات میرے منہ سے کہنے کی نہیں ہے کیونکہ اندیشہ ہے کہ کوئی شخص نماز روزے کو خفیف سمجھ جائے مگر مقصود میرا جو کچھ ہے ظاہر ہے غرض ضرورت اس کی ہے کہ مذہب دل میں رچا ہو اور اگر دل میں یہ حالت نہیں ہے تو ظاہری نماز کام کی اور نہ روزہ۔ وہ حالت ہے جیسے طوطے کو سورتیں رٹا دیں کہ وہ محض اس کی زبان پر ہیں۔ ایک شاعر نے طوطے کی وفات کی تاریخ کہی ہے کہتا ہے کہ ؎

میاں مٹھو جو ذاکر حق تھے رات دن ذکر حق رٹا کرتے

گر بہ موت نے جو آ دابا کچھ نہ بولے سوائے ٹے ٹے ٹے

اس میں سے سن ۱۳۲۱ھ ہجری تاریخ موت نکلتی ہے یہ تاریخ اگرچہ ہے تو مسخرہ پن لیکن

غور کیا جائے تو اس نے ایک بڑی حکمت کی بات کہی ہے یعنی یہ بتلا دیا کہ جس تعلیم کا اثر دل پر نہیں ہوتا۔ مصیبت کے وقت وہ کچھ کام نہیں دیتی تو اگر دین کی محبت دل میں رچی ہوئی نہ ہو تو حافظ قرآن بھی ہوگا تب بھی آٹے دال ہی کا بھاؤ دل میں لے کر مرے گا جیسا اس وقت غالب حالت رہتی ہے کہ دل میں سے اسلام کا اثر کم ہوتا جاتا ہے۔ اور صاحبو! اسی کو دیکھ کر میں کہتا ہوں کہ مسلمانوں سے اسلام نکلا جاتا ہے۔ خدا کے لئے اپنی اولاد پر رحم کرو اور ان کو اسلام کے سیدھے ڈگر پر لگاؤ۔ اب میں اپنے بیان کو ایک ضروری بات پر ختم کرتا ہوں وہ یہ کہ صحبت کے لئے جس شخص کو تجویز کیا جائے وہ کیسا ہو اور اس کے صاحب کمال ہونے کی علامتیں کیا ہیں سو علامتیں اس کی یہ ہیں کہ ایک تو بقدر ضرورت علم دین جانتا ہو۔ دوسرے شریعت پر پوری طرح کاربند ہو۔ تیسرے اس میں یہ بات ہو کہ جس امر کو خود نہ جانتا ہو علماء سے رجوع کرتا ہو۔ علماء سے اس کو وحشت نہ ہو۔ پانچویں یہ کہ اس میں روک ٹوک کی عادت ہو۔ مریدین اور متعلقین کو ان کی حالت پر نہ چھوڑ دیتا ہو۔ چھٹے یہ کہ اس کی صحبت میں یہ برکت ہو کہ اس کے پاس بیٹھنے سے دنیا کی محبت کم ہوتی جائے۔ ساتویں یہ کہ اس کی طرف صلحاء اور دین کے سمجھنے والے لوگ زیادہ متوجہ ہوں اور یہ بڑی علامت ہے کمال کی۔ جس شخص میں یہ علامتیں پائی جائیں وہ مقبول ہے اور کامل ہے۔ اس کے پاس جایئے اور اس کی صحبت سے مستفیض ہوجئے اور اس کی ضرورت نہیں کہ آپ اس سے بیعت ہو جائیں کیونکہ پیری مریدی کی حقیقت مقصود ہے اور وہ یہی ہے جو مذکور ہوئی اس کی صورت مقصود نہیں ہے جیسے آج کل کہ وہ محض رسم کے طور پر رہ گئی ہے جیسے کہ بعض جگہ نکاح ایک رسم سمجھ کر کیا جاتا ہے گو عنین ہی ہو۔ ایسے ہی بطور رسم کے مرید بھی ہوتے ہیں۔ ہاں اگر قلب میں نہایت تقاضا پیدا ہو تو مرید ہونے میں بھی مضائقہ نہیں لیکن مرید ہونے کے لئے سخت جانچ کی ضرورت ہے، ہر کسی کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دینا چاہیئے۔

یہ سات علامتیں جو اوپر مذکور ہوئیں ضرور دیکھ لے۔ مولانا روم علیہ الرحمۃ نے ان کو دو لفظوں میں ادا کر دیا ہے۔

فرماتے ہیں ؎

کار مرداں روشنی و گرمی ست
کار دُوناں حیلہ و بے شرمی ست

(مردوں کا کام روشنی اور گرمی اور کمینوں کا کام بہلانے بنانا اور بے حیائی ہے)

ایک دوسرے مقام پر کہتے ہیں کہ ؎

اے بسا ابلیس آدم روی ہست
پس بہر دستی نباید داد دست

(بہت سے لوگ جو آدمی کے جیسی صورت تو رکھتے ہیں مگر دراصل شیطان ہیں اس لئے ہر شخص کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دینا چاہیئے)

البتہ صحبت کے کچھ آداب بھی ہیں بدون اُن کے صحبت نافع نہیں، منجملہ ان آداب صحبت کے ایک یہ بھی ہے کہ اس کے پاس جاکر دنیا کی باتیں نہ بتلایئے جیسے کہ اکثر لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ بزرگوں کے پاس جاکر بھی دنیا بھر کے قصے جھگڑے اخبار کے واقعات ذکر کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ نیز حتی الوسع بزرگوں کو تعویذ گنڈوں کی تکلیف بھی نہ دینی چاہیئے ان حضرات سے تعویذ گنڈے لینا ایسا ہے جیسا کہ سنار کے پاس کھرپا یا کھاڑی بنوانا بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جو شخص ہاتھ میں ہاتھ لیتا ہے وہ اللہ میاں کا نعوذ باللہ رشتہ دار ہو جاتا ہے کہ جو کام بھی اس سے کہا جائے وہ اللہ میاں اسے ضرور پورا کرا دیتا ہے حالانکہ ایسا مختار سمجھنا خلاف توحید ہے۔ کسی کی کیا مجال ہے کہ بجز عرض کے ذرا کچھ دخل دے سکے۔

مولانا فضل الرحمن صاحب کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ میرا مقدمہ

ہے، مولانا نے فرمایا کہ دعا کروں گا۔ اس نے کہا کہ دعا کرانے نہیں آیا یہ تو میں بھی کر سکتا ہوں، یوں کہہ دیجئے کہ میں نے یہ کام پورا کر دیا۔ مولانا ناخوش ہوئے۔ پہلی بھیت میں ایک بزرگ کے پاس ایک بڑھیا آئی اور کچھ عرض کیا، انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فضل کرے اس نے سُنا نہیں ایک شخص اور بیٹھے تھے انہوں نے حکایت کے طور پر اس سے کہا کہ یوں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فضل کرے گا۔ وہ بزرگ سخت برہم ہوئے اور کہا مجھ کو کیا خبر کہ فضل کرے گا یا نہ کرے گا۔ تم نے اپنی طرف سے گا کیسے بڑھا دیا۔

اسی طرح تعویذوں کی فرمائشیں بھی ان حضرات کے مذاق کے بالکل خلاف ہے۔ جس نے عمر بھر طالب علمی اور اللہ اللہ کیا ہو وہ کیا جانے کہ تعویذ کیا ہوتے ہیں اور ان کو کس طرح لکھا جاتا ہے اور پھر لطف یہ کہ تعویذ بھی دنیا سے نرالے کاموں کے لئے۔

بمبئی سے ایک پہلوان کا خط آیا کہ میری کشتی ہونے والی ہے مجھے ایک تعویذ لکھدو کہ میں جیت جاؤں میں نے لکھا کہ اگر تمہارا مقابل بھی کسی سے تعویذ لکھالے تو کیا ہوگا۔ پھر تعویذ تعویذ میں کشتی ہوگی۔ عجب نہیں کہ لوگ چند روز میں مردوں کے بچہ پیدا ہونے کے لئے بھی تعویذ ہی لکھوالیا کریں جس میں نکاح ہی کی ضرورت نہ رہے کیونکہ جب تعویذ میں ایسا اثر ہے کہ وہ ہر ایک چیز میں کام آسکتا ہے تو مردوں کے بچہ پیدا ہونے میں بھی ضرور کام آنا چاہیئے صاحبو! اہل اللہ کے پاس اللہ کا نام دریافت کرنے کے لئے جاؤ۔ خلاصہ اس سب تقریر کا یہ ہے کہ اپنی اولاد کے لئے اہل اللہ کی صحبت طویلہ کو تجویز کرو۔ یہ تو مردوں اور تندرستوں کے لئے ہے۔ اور جو اپاہج ہوں یا عورتیں ہیں تو ان کے لئے صحبت کا بدل یہ ہے کہ ایسے بزرگوں کے ملفوظات دیکھا کریں یا سنا کریں، ان کے توکل صبر و شکر تقویٰ طہارت کی حکایتیں دیکھنا سننا یہی صحبت کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ ان دونوں کے متعلق کسی نے خوب کہا ہے

صحبت کے متعلق تو کسی کا قول ہے ؎

مقام امن دمے بیغش ورفیق شفیق
گرت مدام میسر شود زہے توفیق

(امن کا تو مقام ہو اور شراب بغیر کسی دھوکے کے ہو اور سچا دوست موجود ہو تو اگر یہ چیز ہمیشہ کے لئے حاصل ہو جائے تو بڑی خوش قسمتی ہے)

اور ان کے حکایات وارشادات کے متعلق کسی کا شعر ہے کہ ؎

دریں زمانہ رفیقے کہ خالی از خلل ست
صراحی مئی ناب وسفینۂ غزل ست

(اس زمانہ میں وہ دوست جو برائی سے خالی ہو عمدہ شراب کی بھری صراحی ہے اور غزل کی کشتی)

مگر یہ وصیت کرتا ہوں کہ مثنوی اور دیوان حافظ یعنی علوم مکاشفہ اور اہل حال کا کلام نہ دیکھیں کیونکہ اکثر اوقات ان کی بدولت ہلاک ہوتے ہیں۔ مولانا رحمہ اللہ فرماتے ہیں ؎

نکتہا چوں تیغ فولادست تیز چوں نداری تو سپر واپس گریز
پیش ایں الماس بے اسپر میا کز بریدن تیغ را نبود حیا

(تصوف کے نکتے فولاد کی تلوار کی طرح تیز ہوتے ہیں اگر تیرے پاس ڈھال حفاظت کا سامان نہ ہو تو واپس ہو جا اس الماس کے سامنے بغیر ڈھال کے مت جا کیونکہ تلوار کو کاٹتے وقت کسی کا لحاظ اور شرم نہیں ہوتا)

اور جب اہل حال صادق کے کلام میں اس قدر احتمال مضرت ہے تو جو جاہل بے شرع بدلگام ہیں ان کا کلام تو کس درجہ مضر ہوگا۔ ان لوگوں کے متعلق فرماتے ہیں ؎

ظالم آں قومے کہ چشماں دوختند
از سخنہا عالمے را سوختند

(وہ لوگ کیسے ظالم ہیں جو آنکھیں بند کر کے اپنی باتوں سے دنیا کو جلائے دیتے ہیں)

اسی طرح جو لوگ محض بزرگوں کے کلاموں کی نقل بے سمجھے کیا کرتے ہیں ان کی تحریر و

تقریر سے بھی بہ وجہ اس کے کہ اصل سے بدلی ہوئی ہوتی ہے کچھ نفع نہیں ہوتا، ایسوں کی نسبت فرماتے ہیں ؎

حرف درویشاں بدزدد مرد دوں
تا بہ پیش جاہلاں خواند فسوں

(نا سمجھ کمینے لوگ درویشوں کے الفاظ کو چرا کر ناواقف لوگوں کے سامنے منتر کی طرح پڑھتے ہیں)

ہاں احیاء العلوم کا ترجمہ دیکھو اربعینؔ کا ترجمہ دیکھو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کا فائدہ ہوگا یہ بیان ختم ہو چکا اس بیان میں آپ نے دیکھا ہوگا کہ خدا تعالیٰ نے وہ نسخہ بتلایا ہے کہ اس میں نہ معاش کا حرج ہے نہ کوئی نقصان ہے اور مسلمانوں کو اس کی بڑی ضرورت ہے۔

اس آیت میں اسی کے متعلق ارشاد ہے نَسْمَعُ میں تقلید اور نَعْقِلُ میں تحقیق کو ذکر فرمایا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ دوزخ سے بچنے کے دو طریق ہیں یا تقلید ہو یا تحقیق ہو۔

اب خدا تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ توفیق عمل عطا فرمائیں یہ بھی دعا کیجئے کہ یہاں مدرسہ ہو جائے کہ اس کے بہانے سے پھر آنا ہو۔

تمت

---

؎ اسی اربعین میں امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے وہ تیس اصول جن کے بغیر زندگی اپنی کوئی قدر و قیمت نہیں رکھتی بیان کئے ہیں۔ حضرت حکیم الامت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے تمام مسلمانوں کے فائدہ کے لئے ترجمہ کرا دیا ہے۔ نام اس کتاب کا مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے تبلیغ دین رکھا ہے۔

ملنے کا پتہ
مکتبۂ تھانوی مسافر خانہ ایم۔ اے جناح روڈ بندر روڈ کراچی

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً
(رواہ البخاری)

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

تیسرا وعظ ملقب بہ

# نِسیانُ النفس

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی
رحمۃ اللہ علیہ

ناشر: عبد المنان غفرلہٗ

مکتبہ تھانوی ـــــ دفتر الابقاء

مسافرخانہ بندر روڈ کراچی
ایم-اے جناح روڈ

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

تیسرا وعظ ملقب بہ

# نسیان النفس

| اَشْتَاتٌ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | مَنْ ضَبَط | مَاذَا | کَیْفَ | کَمْ | مَتٰی | اَیْنَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| متفرقات | کتنے سامعین تھے تقریباً | کس نے لکھا | کیا مضمون تھا | بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر | کتنا ہوا | کب ہوا | کہاں ہوا |
| | تقریباً ۱۰۰ آدمی | مولوی سعید احمد صاحب مرحوم | اپنے عیوب کو نہ دیکھ کر دوسروں کے عیوب دیکھنے پر ملامت کرنا | کھڑے ہو کر | ۲ گھنٹہ | ٥ رمضان المبارک [illegible] | مسجد خانقاہ تھانہ بھون |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ. اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى

أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝

یہ ایک آیت ہے جس میں ظاہراً اہلِ علم کو خطاب اور ان کے ایک عمل پر ان کو عتاب کیا گیا ہے۔ یہ آیت اس معنیٰ میں نہایت مشہور ہے اور اکثر لوگ اس سے یہی سمجھتے ہیں اور اس کا اثر یہ ہے کہ غیر اہلِ علم اپنے کو بوجہ فقدانِ علم اس سے بری سمجھتے ہیں لیکن ذرا غور کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس امر پر باز پرس کی گئی ہے اور جو امر اس باز پرس کی بنا ہے اس میں عوام الناس بھی بدرجہ اولیٰ شریک ہیں۔ اس آیت میں اول سے آخر تک غور کرنے سے عوام اور علماء سب کے لئے اس آیت کا عام ہونا بخوبی واضح ہو جائے گا اسی طرح قرآن کی دوسری وہ آیات بھی ہیں جن میں سے بعض میں بظاہر اہلِ علم کو خطاب معلوم ہوتا ہے جس کی بناء پر عوام الناس ان کے مضمون سے اپنے کو بالکل بری سمجھتے ہیں بلکہ بسا اوقات علماء کو کسی مضمون کی وجہ سے مورد عتاب دیکھ کر اپنا عالم نہ ہونا غنیمت سمجھتے ہیں اور اپنے جہل پر فخر کرتے ہیں اور بعض میں عوام الناس کو خطاب معلوم ہوتا ہے ان سے اہلِ علم اپنے کو بری سمجھتے ہیں لیکن یہ تقسیم اسی وقت تک ہے جب تک کہ سرسری اور ظاہری نظر کی جائے ورنہ غور کرنے سے صاف معلوم ہوتا کہ احکامِ شرعیہ سب عام ہیں ہر جاہل و عالم اس کا مخاطب ہے لہٰذا نہ کسی کو ناز کا موقع ہے اور نہ اعتقادِ برارت کی گنجائش ہے اور چونکہ یہ آیت بھی احکامِ شرعیہ میں سے ایک حکم ہے اس لئے اس کا مضمون بھی سب کو عام ہے یہ مجمل تعیین اس آیت کے مضمون کی۔

اب مجھے اس آیت سے جو بیان کرنا مقصود ہے اس کو مجملاً بیان کرتا ہوں اور تفصیل اس کی ان شاء اللہ تعالےٰ پوری بیان میں ہوگی۔ لیکن اس کے لئے اول آیت کا ترجمہ کر دوں کہ آیت کا مدلول ظاہری معلوم ہو جائے۔ فرماتے ہیں کہ کیا تم دوسروں کو تو نیک اور بھلی باتوں کی فرمائش کرتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو (یعنی یہ کیا لغو حالت ہے) حالانکہ تم کتاب اللہ پڑھتے ہو (اور اس میں یہ لکھا ہے کہ عمل قول کے مخالف ہونا مذموم ہے اور حکم خداوندی

کے بالکل غلاف) کیا تم سمجھتے نہیں ہو کہ یہ مذموم ہے اور خدا کے نزدیک بُرا ہے یہ حاصل ہے آیت کے مدلول ظاہری کا۔ اس آیت کے متعلق ایک شبہ تو اہلِ علم کو ہوا اس کو ان شاء اللہ تعالیٰ ضمناً بیان کر دیا جائے گا۔ اور ایک شبہ عوام الناس کو ہوا وہ یہ کہ انہوں نے صرف علماء ہی کو اس آیت کا مخاطب سمجھا اور اپنے کو بری سمجھا، اور سمجھا کہ صرف علماء پر ملامت ہے اور قرینہ اس شبہ کا یہ ہوا کہ عنوان ایسا اختیار کیا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مخاطب وہ شخص ہے جو کہ دوسرے کو امر یا نصیحت کرتا ہے اور یہ منصب صرف علماء کا ہے لہٰذا علماء ہی اس آیت کے مخاطب بھی ہوں گے۔ یہ عوام الناس کا شبہ ہے، اور اثر اس شبہ کا یہ ہوا کہ اپنے کو اس خطاب سے بالکل پاک سمجھا اور یہ بہت بڑی خرابی ہے اس واسطے کہ یہ سمجھنا ایسا ہے جیسا کہ کوئی مریض جو کہ مرض مزمن میں مبتلا ہو اپنے کو اس مرض سے پاک سمجھنے لگے سو ظاہر ہے کہ ایسا مریض نہایت بدقسمت ہے اور اس کا مآل نہایت بُرا ہے کیونکہ اگر یہ اپنے کو مریض سمجھتا تو اس کے معالجے اور ازالے کی فکر بھی کرتا، کسی طبیب سے رائے لیتا، اس کی تجویز پر عمل کرتا مضرات سے پرہیز کرتا۔ اور جبکہ وہ اپنے کو مریض ہی نہیں سمجھتا تو نہ کسی طبیب سے رجوع کرنے کو ضروری سمجھے گا نہ پرہیز کرے گا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہمیشہ مرض میں ترقی ہوتی جائے گی اور اس سے پھر دوسرے امراض پیدا ہوں گے۔ ایک خرابی تو اپنے کو پاک سمجھنے کی یہ ہوئی۔ دوسرے جب عوام نے سمجھا کہ علماء کو اپنے عمل نہ کرنے اور دوسروں کے نصیحت کرنے پر عتاب ہوا ہے تو انہوں نے اپنے عالم نہ ہونے کو غنیمت جانا بلکہ ایسا اوقات اپنے جاہل رہنے پر فخر کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس سے تو جاہل ہی اچھے حالانکہ یہ نہایت لغو فخر ہے اس کی حقیقت ان شاء اللہ تعالیٰ آگے معلوم ہوگی۔ آج کل ہم لوگوں کی کچھ ایسی عجیب حالت ہے کہ ہم کو نہ نقائص کی خبر نہ فخر و مباہات کی اشیاء پر اطلاع جس چیز پر جی چاہا

فخر کرنے لگے جس چیز میں جی چاہا عیب نکال دیئے۔ چنانچہ بعض لوگوں کو خبط ہوتا ہے کہ وہ اپنے غریب اور مفلوک الحال ہونے پر فخر کیا کرتے ہیں اور امارت میں عیب نکالا کرتے ہیں، بھلا امیر آدمی اگر فخر کرے تو ایک حد تک بجا بھی ہے کیونکہ اس کے پاس سامان فخر موجود ہے غریب آدمی نہ جس کے کھانے کو ٹکڑا نہ پہننے کو لنگوٹا وہ کس چیز پر فخر کرے اور پھر لطف یہ کہ یہ فخر قولاً ہی نہیں بلکہ عمل میں بھی اس کا اظہار ہوتا ہے چنانچہ جب کبھی موقع تقریب وغیرہ کا ہوتا ہے تو ہم نے ان غرباء ہی کو زیادہ اینٹھتے ہوئے دیکھا ہے ان ہی کو سب سے زیادہ نخرے اور ناز سوجھتے ہیں اور اس کی یہ بھی وجہ ہوتی ہے کہ وہ سمجھتا ہے کہ اگر میں ایسا نہ کروں گا تو لوگ مجھے ذلیل سمجھیں گے اور یہ خیال کریں گے کہ یہ شخص ہماری دعوت کا منتظر بیٹھا تھا۔ اسی طرح ان غرباء کا ایک اور مقولہ بھی مشہور ہے کہتے ہیں کہ میاں کوئی مال میں مست ہے کوئی کھال میں مست ہے ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ کھال میں مست ہونے کے کیا معنے ہیں لیکن خیر انہوں نے اتنا اقرار تو کیا کہ ہم میں عقل نہیں کیونکہ اپنے کو مست کہا اور مستی عقل کے خلاف ہوتی ہے اور اگر عقل ہوتی تو ایسی حرکت ہی کیوں کرتے۔ حدیث میں آیا ہے کہ خدا تعالےٰ کو تین آدمیوں سے سخت بغض ہے۔ ایک وہ شخص کہ بادشاہ ہو کر جھوٹ بولے کیونکہ جھوٹ بولنے کی مصلحت یہ ہوتی ہے کہ جو بات سچ بولنے میں حاصل نہ ہو سکے اس کو اس ذریعہ سے حاصل کیا جائے اور یہ ضرورت اس شخص کو پیش آسکتی ہے جس کے مزاحم کوئی ایسی قوت موجود ہو جو کہ اس کے اور مقصود کے درمیان حائل ہو جائے اور ظاہر ہے کہ بادشاہ کو کوئی ایسا مزاحم پیش نہیں آیا لہٰذا اس کا جھوٹ بولنا خبث باطن کی کھلی دلیل ہے۔ دوسرے وہ شخص کہ بڈھا ہو اور پھر زنا کرے کیونکہ زنا اول تو حرام ہے دوسرے بڈھے آدمی میں کوئی ایسا جوش بھی نہیں جس کی بنا پر کسی مرتبے میں اس کو معذور رکھا جا سکے اس لئے اس کا یہ فعل

بھی اس کے خبث باطن کی دلیل ہے۔ تیسرے وہ شخص جو کہ غریب ہو اور تکبر کرے گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اے شخص تیرے پاس کیا چیز ہے کہ جس پر تو تکبر کرتا ہے تو ایسے ہی جاہل کا فخر بھی بہت ہی بُرا ہے۔ بالخصوص جبکہ جہل پر فخر ہو یعنی جاہل آدمی کا دوسری اشیاء پر فخر کرنا بھی زیبا نہیں لیکن صفت جہل پر فخر کرنا بہت ہی نا زیبا ہے کیونکہ علم انسان کے لئے حیات ہے اور جہل موت اور اسی سے یہ بھی معلوم ہو گیا ہو گا کہ اکثر امراء جو روپیہ پیسے پر فخر کرتے ہیں یہ بھی حقیقت ناشناسی کے سبب سے ہے کیونکہ جب ان میں علم نہیں تو گویا فخر کی کوئی بات نہیں۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ؎

اَلنَّاسُ مِنْ جِهَةِ التِّمْثَالِ اَكْفَاءُ ۔۔۔ اَبُوْهُمْ اٰدَمُ وَالْاُمُّ حَوَّاءُ

مَا الْفَخْرُ اِلَّا لِاَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّهُمْ ۔۔۔ عَلَى الْهُدٰى لِمَنِ اسْتَهْدٰى اَدِلَّاءُ

(لوگ شکل و صورت میں تو سب ایک جیسے ہیں باپ ان کے حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور ماں حضرت حوا علیہا السلام ہیں پھر ایک دوسرے پر فخر کیسا سوائے اہلِ علم کے کیونکہ وہ اہلِ ہدایت ہوتے ہیں اور طالبِ حق کی رہنمائی کرتے ہیں)

دنیا پر فخر کرنے والوں کی نادانی بیان کرتے ہیں کہ کہتے ہیں کہ حسب ونسب کوئی فخر کی چیز نہیں کیونکہ تمام لوگ ایک آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام کی اولاد ہیں اور اسی کے حکم میں ہے مال پر فخر کرنا کیونکہ آگے جو علت مذکور ہے مشترک ہے آگے کہتے ہیں کہ البتہ فخر اگر کریں تو علماء کر سکتے ہیں کیونکہ وہ خود راہِ راست پر ہیں اور دوسروں کے لئے دلیل راہ بنتے ہیں اور مال کو تو اگر غور کر کے دیکھا جائے تو اس کا نہ ہونا موجب فخر ہو سکتا ہے کیونکہ مال کی حالت سانپ کی سی ہے کہ اس کا ظاہر نہایت دلکش دلفریب چکنا چمکدار لیکن اس کے باطن میں مہلک زہر بھرا پڑا ہے۔ اسی طرح مال اگرچہ ظاہر میں آسائش و آرائش و راحت

وآرام کا سبب ہے لیکن اس کا باطن تمام خرابیوں اور مصیبتوں کی جڑ ہے تو مال پر فخر کرنا ایسا ہی ہے جیسا کہ کوئی اس پر فخر کرنے لگے کہ میرے تمام جسم کو سانپ لپٹے ہوئے ہیں اگر کوئی اس پر فخر کرے تو ظاہر ہے کہ سب عقلاء اس کو احمق بتائیں گے اسی طرح مال پر فخر کرنے والے کو بھی احمق سمجھنا چاہیئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ؎

رَضِیْنَا قِسْمَۃَ الْجَبَّارِ فِیْنَا — لَنَا عِلْمٌ وَلِلْاَعْدَاءِ مَالٌ

فَاِنَّ الْمَالَ یَفْنیٰ عَنْ قَرِیْبٍ — وَاِنَّ الْعِلْمَ بَاقٍ لَا یَزَالُ

(اللہ تعالیٰ کی اس تقسیم سے ہمیں بہت خوشی ہے کہ انہوں نے ہمیں علم دیا اور دشمنوں کو مال اس لئے کہ مال بہت جلد فنا ہو جائیگا اور علم ہمیشہ باقی رہے گا)

یعنی مال تو فنا ہو جائے گا اور علم ہمیشہ باقی رہے گا۔ صاحبو! مال وہ چیز ہے کہ اکثر تو حالت ہی میں جاتا رہتا ہے ورنہ مرض الموت میں تو اس کا جاتا رہنا بالکل ہی یقینی ہے کیونکہ شریعت مطہرہ کا قانون ہے کہ مرض الموت میں دو تہائی مال سے مالک کا حق جاتا رہتا ہے اور وارثین کا حق اس کے ساتھ متعلق ہو جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی شخص مرض الموت میں وصیت کرے یا اپنا مال کسی کو ہبہ کرنا چاہے تو وہ ایک ثلث میں جاری ہوتا ہے مثلاً اگر کسی شخص کے پاس تین ہزار روپے ہو اور وہ ان تین ہزار کی وصیت کرے یا دو ہزار کی وصیت کرے تو یہ صرف ایک ہزار میں جاری ہو گی بقیہ دو ہزار ورثہ کو دیا جائے گا اور یہ ایک تہائی بھی اس کے آنسو پوچھنے کے لئے اس کو دیدیئے ورنہ وارثین کا حق کل مال کے متعلق ہو جاتا ہے چنانچہ اگر وصیت نہ کرے تو یہ ثلث بھی وارثوں کو ہی مل جاتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ مال جس کو ہم اپنا سمجھ رہے ہیں واقع میں ہمارا نہیں ہے بلکہ بسا اوقات ایسوں کو پہونچ جاتا ہے کہ جن کو دینا گوارا بھی نہیں ہوتا نیز اس تہائی پر جو کچھ اختیار رہتا ہے وہ مرنے کے قبل تک رہتا ہے اور مرنے کے بعد تو کچھ بھی اختیار نہیں رہتا۔ یعنی اگر کوئی کفن بھی نہ دے تو یہ کچھ نہیں کر سکتا۔ لہٰذا

معلوم ہوا کہ مال بہت جلد جدا ہونے والا ہے۔ حتیٰ کہ قبر تک بھی ساتھ نہیں دیتا کیونکہ قبر میں صرف ایک کفن جاتا ہے مگر کفن سے مردے کو کیا فائدہ۔ غرض نہ قبر میں گیا نہ حشر میں گیا اس لئے کہ وہاں یہ حالت ہوگی کہ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰی كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ۔ یعنی قیامت کے دن خدا تعالیٰ فرمائیں گے کہ تم ہمارے پاس بالکل تنہا آئے ہو کہ کوئی چیز بھی تمہارے ساتھ نہیں بالکل ایسے جیسا ہم نے تم کو اول مرتبہ پیدا کیا تھا۔ یعنی یکہ و تنہا ہاں اگر زندگی میں کچھ فی سبیل اللہ دیدیا ہے تو وہ جائے گا لیکن اس کا جانا کچھ مال ہونے پر موقوف نہیں کیونکہ فی سبیل اللہ خرچ کرنے سے خود مال تو جاتا نہیں بلکہ اس کا ثواب جاتا ہے جو کہ حشر میں کام آئے گا اور ثواب کا حصول مال پر موقوف نہیں بلکہ اس کا مدار نیت پر ہے حتیٰ کہ اگر کوئی شخص لاکھوں روپیہ فی سبیل اللہ خرچ کرے اور نیت درست نہ ہو تو اس کو کچھ بھی ثواب نہیں ملے گا اور اگر ایک پیسہ بھی پاس نہ ہو اور یہ نیت ہو کہ اگر خدا تعالیٰ ہم کو مال دیں تو ہم خوب نیک کاموں میں صرف کریں تو ثواب کامل مل جائے گا۔ برخلاف علم کے کہ جس کے ساتھ ہو وہ دنیا بھر سے مستغنی ہے اس کو نہ رفیق کی ضرورت نہ مونس کی ضرورت وہ ہر وقت خوش اور مطمئن ہے بلکہ اس کی خوشی اور اطمینان کی یہ حالت ہے کہ کسی بادشاہ کو بھی وہ خوشی اور اطمینان حاصل نہیں بادشاہ کو سب سے اول اپنے مصاحبوں ہی سے خطرہ ہوتا ہے کہ یہ مجھے زہر نہ دیدیں مار نہ ڈالیں ایسے متعدد واقعات ہیں کہ خود بادشاہ کے حرم سرائے اس کو زہر دیا اور عالم کے اطمینان کی یہ حالت ہے کہ تن تنہا جنگل میں ہے مگر محفوظ بادشاہ سے زیادہ اطمینان میں ہے اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کیونکہ علم کے ثمرات اس سے بھی کہیں زیادہ ہیں ہاں جن لوگوں کو علم نہیں ہے ان کو تعجب ہو تو تعجب نہیں مگر علم سے مراد یہ نہیں کہ قَالَ دراصل قَوَلَ بود جانتا ہو بلکہ علم ایک نور ہے جس کی نسبت خدا تعالیٰ فرماتے ہیں وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ (ہم نے علم کو ایک نور بنایا ہے جس کے ذریعہ وہ لوگوں میں چلتے پھرتے ہیں) اور اس نور کے ہوتے ہوئے قلب کی یہ حالت ہوتی ہے کہ ؎

موحد چہ برپای ریزی زرش چہ فولاد ہندی نہی برسرش
اُمید و ہراسش نباشد ز کس ہمین ست بنیاد توحید و بس

(موحد کے پیر پر خواہ تم سونا بکھیر دو یا اس کے سر پر ہندی تلوار رکھ دو وہ نہ کسی سے خوف کھاتا اور نہ کسی سے امید وابستہ کرتا ہے اور توحید کی بنیاد یہی ہے)

اگر چاروں طرف سے اس کو تلواروں میں گھیر لیا جائے تب بھی اس کے دل پر ہراس نہیں ہوتا ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی سفر میں تھے دوپہر کے وقت ایک درخت کے نیچے آرام فرمانے کے لئے اترے۔ اتفاق سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے بھی کوئی اس وقت قریب نہ تھا آپ نے اپنی تلوار درخت میں لٹکا دی اور درخت کے نیچے سو گئے اسی وقت آپ کے ایک دشمن کو خبر ہوئی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تن تنہا فلاں درخت کے نیچے سو رہے ہیں۔ اس نے اس موقع کو غنیمت سمجھا اور فوراً وہاں آیا آکر دیکھا تو واقعی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تن تنہا سو رہے تھے اور تلوار درخت میں لٹک رہی تھی اس نے اول دبے پاؤں آکر تلوار پر قبضہ کیا اس کے بعد اس کو نہایت آہستگی سے نیام سے نکالا اور آپ کے پاس آکر کھڑا ہو گیا جب بالکل تیار ہو گیا تو آپ کو بیدار کیا اور پوچھا مَنْ يَعْصِمُكَ مِنِّيْ اس وقت آپ کو مجھ سے کون بچا سکتا ہے آپ نے اس کی یہ ہیئت دیکھ اپنی جگہ سے جنبش بھی نہیں فرمائی اور اس کے سوال کے جواب میں نہایت اطمینان سے فرمایا کہ اَللّٰہُ یعنی مجھے اللہ بچائے گا۔ بھلا کوئی ایسا کر تو دکھلا دے۔ بدون خدا کے تعلق کے کوئی ایسا نہیں کر سکتا۔ تو علم اس کا نام ہے ورنہ نرے الفاظ تو شیطان بھی خوب جانتا ہے۔ اس ارشاد کا اثر یہ ہوا کہ وہ لرزنے لگا اور تلوار چھوٹ کر زمین پر گر گئی آپ نے فوراً لپک کر تلوار اٹھا لی اور فرمایا کہ اب تجھ کو مجھ سے کون بچائے گا وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس حالت کو دیکھ کر نہایت گھبرایا اور کہنے لگا کہ مجھے آپ ہی بچائیں گے آخر آپ نے اس پر کرم فرمایا اور اس کی گستاخی کو معاف فرما کر اس کو چھوڑ دیا۔ تو یہ ہے علم اور اس کا اثر جس کو کہتے ہیں کہ ؎

موحد چہ بر پائے ریزی زرش چہ فولاد ہندی نہی بر سرش
امید و ہراسش نباشد زکس ہمیں ست بنیاد توحید و بس

اور راز اس کا یہ ہے کہ علم کامل سے معرفت کامل ہوتی ہے وہ جانتا ہے کہ عَسٰٓی اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ (بسا اوقات ایک چیز ظاہرًا بری معلوم ہوتی ہے لیکن فی نفسہ وہ اچھی ہوتی ہے) اس لئے گھبراتا نہیں اور سمجھتا ہے کہ یہ میرے لئے علاج اور کفارۂ سیئات ہو رہا ہے نیز اس میں یہ خیال ہوتا ہے کہ ہم خدا کے ہیں اپنے نہیں اُن کو اختیار ہے کہ جس حالت کو ہمارے لئے مناسب سمجھیں اس میں ہمیں رکھیں چنانچہ اسی کو مصیبت کے موقع پر فرماتے ہیں وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ○ (آپ ان صابر لوگوں کو جو مصیبت پڑنے پر کہتے ہیں کہ میں اللہ ہی کا ہوں اور مجھے اسی کے پاس لوٹ جانا ہے خوشخبری دے دیجئے) مگر افسوس ہے کہ ہم لوگوں نے اب اس آیت کو موت ہی کے موقع کے لئے خاص کر لیا ہے ایک بڑھیا کا واقعہ ہے کہ اس کا بچہ اکثر مصیبت کے موقع پر اِنَّا لِلّٰہ پڑھ دیا کرتا تھا ایک دن وہ بڑھیا کہنے لگی کہ بچے خیر مانگ کس کو مارنیکا ارادہ ہے۔ اسی طرح سورۂ یٰسین کہ اس کو مصیبت کے آسان کرنے کے لئے پڑھا جاتا ہے لیکن اب عام طور سے لوگوں کا عقیدہ ہے کہ سورۂ یٰسین صرف نزع کے وقت پڑھنی چاہیئے چنانچہ آج دیکھ لیجئے کہ اگر کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کو جائے اور اس کی تکلیف دیکھ کر سورۂ یٰسین پڑھنے لگے تو اس پر کیسی ملامت اور لعنت ہوتی ہے حالانکہ نزع کے وقت بھی سورۂ یٰسین کو اس واسطے پڑھا جاتا ہے کہ اس کی برکت سے مشکل آسان ہو اگر حیات ہے تو اچھا ہو جائے اور اگر موت آگئی ہے تو اس کی برکت سے آسانی سے خاتمہ ہو جائے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک مرتبہ شب کے وقت گھر میں چراغ گل ہو گیا تو حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ○ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا فرمانے لگیں کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ بھی کوئی مصیبت ہے یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا

کو یہ معلوم تھا کہ اِنّا لِلّٰہِ مصیبت کے وقت پڑھا جاتا ہے لیکن ان کو اس واقعہ کے مصیبت ہونے میں تامل تھا کیونکہ ظاہراً یہ واقعہ ایک معمولی بات تھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو بات مومن کو ناگوار ہو وہ مصیبت ہے اور چراغ کے گل ہونے سے جبکہ قصد نہ ہو ناگواری ہوتی ہے لہٰذا یہ بھی مصیبت ہوئی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشاد سے معلوم ہوگا کہ خدا نے اپنے بندوں کو ثواب عطا فرمانے کے کیسے معمولی معمولی طریقے رکھے ہیں اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ

ع ۔ رحمت حق بہانہ می جوید

(اللہ تعالیٰ کی رحمت ایک بہانہ ڈھونڈتی ہے)

اور اس سے بڑھ کر لیجئے حدیث شریف میں ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی کوئی چیز جیب میں رکھ کر بھول جائے اور ادھر اُدھر اس کو تلاش کرے تو اس تلاش کرنے میں جو پریشانی اس کو ہوگی خدا تعالیٰ اس پر بھی ثواب عطا فرمائیں گے اور کفارۂ سیأت فرمائیں گے۔ بالکل ایسی حالت ہے کہ جیسے ہمارا چاہتا بچہ ہو کہ اس کے چلنے پھرنے اٹھنے بیٹھنے حتیٰ کہ گرنے پڑنے پر بھی ہم کو پیار آتا ہے اسی طرح خدا تعالیٰ بھی ہم کو ہر ہر فعل پر ثواب عطا فرماتے ہیں مَا لَمْ یَکُنْ مَعْصِیَۃً وَّعِنَادًا (جبکہ وہ کسی گناہ اور دشمنی کی بنا پر نہ ہو) تو اِنّا لِلّٰہ جو سکھلایا گیا ہے اس لئے کہ اس کے ذریعے سے تخفیف حزن ہو کیونکہ جب اس کو پڑھیگا تو اس مضمون کی یاد تازہ ہوگی کہ ہم خدا کی ملک ہیں وہ ہمارے مالک ہیں اور مالک کو اختیار ہوتا ہے کہ اپنے ملک میں جو چاہے تصرف کرے لہٰذا خدا تعالیٰ کو بھی اختیار ہے کہ ہم میں جو چاہیں تصرف کریں اور اس کا مخفف حزن ہونا ظاہر ہے دوسرے اس خیال کے تازہ ہونے سے خدا تعالیٰ سے محبت بڑھتی ہے اور محبت کا خاصہ ہے کہ اس کی بدولت سخت سے سخت مصیبت بھی ہلکی ہو جاتی ہے

ع۔ از محبت تلخہا شیریں بود

(محبت کے سبب تلخیاں شیریں ہو جایا کرتی ہیں)

دیکھئے جن لوگوں کو امردوں یا بازاری عورتوں سے تعلق ہو جاتا ہے وہ ان کے پیچھے کیا کیا مصیبتیں برداشت کرتے ہیں حتی کہ اگر وہ جوتیاں بھی مارے تو ان میں لطف آتا ہے اور فخر کرتا ہے مشہور ہے کہ ایک شخص بیوی پر توجہ نہ کرتا اور کسی بازاری عورت سے تعلق پیدا کر لیا تھا بیوی کو یہ خیال ہوا کہ شاید وہ بازاری مجھ سے زیادہ حسین ہو لیکن تحقیق کیا تو معلوم ہوا کہ بالکل کالی بھجنگ ہے سخت تعجب ہوا اور اب وہ اس فکر میں لگی کہ آخر اس میلان کا سبب کیا ہے چھان بین سے معلوم ہوا کہ جب یہ شخص اس کے پاس جاتا ہے تو دور ہی سے دیکھ کر اس کو برا بھلا کہنا شروع کرتی ہے اور خوب جوتیوں سے خبر لیتی ہے۔ کہنے لگی کہ کیا مشکل کام ہے آج سے میں بھی یہی وتیرہ اختیار کروں گی چنانچہ جب شوہر آیا تو اس نے دروازے ہی سے اس کی خبر لینی شروع کی اور خوب جوتیوں سے پیٹا کہنے لگا کہ بس اب میں کہیں نہیں جاؤں گا آج تک تجھ میں یہی کسر تھی سو اب وہ پوری ہوگئی اس حکایت سے معلوم ہو کہ اگر محبت میں اگر محبوب کی طرف سے کوئی مصیبت بھی آئے تو وہ موجب فرح ہوا کرتی ہے۔ حالانکہ یہ محبت مجازی کیا ہوتی ہے اس محبت کی حقیقت یہ ہے کہ ؎

عشقہائے کز پئے رنگے بود  عشق نبود عاقبت ننگے بود

(وہ عشق جو فقط اچھے رنگ اور خوبصورتی کے باعث ہو وہ عشق نہیں ہوتا بلکہ آخرت کی بربادی ہوتی ہے)

البتہ خدا تعالیٰ سے جو محبت ہو وہ قابل اعتبار ہوتی ہے فرماتے ہیں کہ ؎

عشق با مردہ نباشد پائدار  عشق را باحیّ وباقیوم دار

(مرنے والوں کے ساتھ عشق پائدار نہیں ہو سکتا عشق صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ پیدا کرو جس کی صفت زندہ اور باقی رہنے والا ہے)

تیسرے اس معرفت سے یہ ، معلوم ہوگا کہ خدا تعالیٰ کو ہم سے محبت ہے اور

کوئی محب محبوب کو تکلیف نہیں دیا کرتا لہٰذا ہم پر جو ظاہراً تکلیف آئی ہے یہ ایسی ہی ہے جیسے کہ ماں باپ کسی بچے کے دنبل میں جس نے اس کو بیحد تکلیف دے رکھی ہو یا آیندہ تکلیف پہونچانے کا اندیشہ ہو نشتر لگواتے ہیں کہ وہ ظاہراً تو تکلیف ہوتی ہے لیکن واقع میں کامل راحت کا سامان ہوتا ہے اس تکلیف کی وہ حالت ہوتی ہے کہ ؎

طفل می لرزد زنیش احتجام  مادر مشفق ازاں غم شادکام

کہ بچہ تو ڈرتا ہے لرزتا ہے اور ماں خوش ہو رہی ہے حتیٰ کہ نشتر لگانے والے کو انعام دیتے ہیں سو اگر کوئی اجنبی تعجب کرنے لگے اور کہے کہ یہ انعام کس بات کا دیا ہے اس شخص نے تو تکلیف پہونچائی ہے اس کو تو سزا دینی چاہیئے تو ماں باپ کہیں گے کہ احمق یہ تکلیف نہیں یہ عین راحت ہے کیونکہ یہی تکلیف ہے جس کی بدولت لڑکے کی زندگی کی امید ہوگئی ورنہ یہ دنبل بڑھتا اور اس کا زہریلا مادہ تمام جسم میں سرایت کر جاتا اور لڑکا ہلاک ہو جاتا۔ تو جب ماں باپ کا نشتر لگوانا اور اس کی تکلیف دینا بوجہ ذریعہ راحت ہونیکے ناگوار نہیں ہے تو خدا تعالیٰ کو تو ماں باپ سے بدرجہا زیادہ محبت اپنے بندوں سے ہے پھر اگر وہ فقر و فاقہ ڈالدیں یا کسی اور مصیبت میں گرفتار کر دیں تو اس کو نشتر کے قائم مقام کیوں نہیں سمجھا جاتا تو علم سے یہ فائدے ہیں جو کہ مال سے نہیں ہوسکتے اور یہ فائدے تو دنیا میں ہوتے ہیں اور سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ایمان پر خاتمہ ہو اور یہ علم کی بدولت ہوتا ہے جاہل آدمی کا خاتمہ اکثر خراب ہوتا ہے لیکن جاہل سے مراد وہ ہے کہ نہ تو خود پڑھے اور نہ اہل علم سے ملے نہ کسی سے پوچھے تو ایسے شخص کے ایمان کا بھروسہ نہیں کیونکہ جب یہ شخص مرتا ہے تو شیطان اس کو یہ سمجھاتا ہے کہ تو اس وقت اپنی سب پیاری چیزوں سے چھوٹ رہا ہے اور خدا تعالیٰ تم کو ان چیزوں سے چھڑا رہے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ سے بغض ہو جاتا ہے اور کفر پر خاتمہ ہوتا ہے برخلاف اس کے

اگر علم ہو تو اس قسم کے اندیشے نہیں رہتے۔ لیکن عالم سے خاص وہی مراد نہیں جو عربی ہی پڑھا ہو بلکہ یا پڑھا ہو یا علما کی صحبت میں بیٹھکر حاصل کر لیا ہو یا علماء سے پوچھ پوچھ کر بقدر ضرورت معلوم کر لیا ہو غرض علم ایسی نعمت ہے مگر آج کل دنیا کو ایسا مقصود بنا رکھا ہے کہ بہت لوگ علماء کو ترقی کا مانع سمجھتے ہیں اور ان کو بے وقوف سمجھتے ہیں اور نمازیں بھی ان کی اکثر کسی وبا کی وجہ سے ہوتی ہیں اور اگر وباء کی وجہ سے نہ بھی ہوں تب بھی چونکہ دل میں رچی ہوئی نہیں ہوتی اس لئے وہ کچھ بھی مفید نہیں ہوتی۔ ان کے پڑھنے کی بالکل وہ حالت ہوتی ہے جیسے کہ کسی نے ایک طوطے کو آلم ترکیف تک یاد کرا دیا تھا کہ وہ بے تکلف اس کو پڑھتا چلا جاتا تھا لیکن اگر اس پر بلی گرتی تو کیا اس وقت بھی اس کو کوئی سورۃ یاد رہ سکتی تھی کبھی نہیں اس لئے کہ اس کے دل میں کچھ بھی نہ تھا کسی ظریف نے ایک طوطے کے مرنے کی تاریخ لکھی ہے اگرچہ اس نے محض تمسخر کی بناء پر لکھی ہے لیکن بات نہایت گہری اور کام کی ہے۔ سنہ ۱۲۳۰ھ میں کسی طوطے کا حادثہ ہوا تھا اس وقت یہ تاریخ لکھی گئی ہے لکھا ہے ؎

میاں مٹھو جو ذاکرِ حق تھے — رات دن ذکر حق رٹا کرتے
گربۂ موت نے جو آدابا — مضطرب ہوکے اور گھبرا کے
چوپنج میں لیکے پانی کی کلھیا — کچھ نہ بولے سوائے ٹے ٹے ٹے

ٹ کے عدد ت کی برابر ہیں تو تین ٹ کے عدد ۱۲ سو ہوئے اور تین تی کے عدد ۳۰ کل ۱۲۳۰ ہوئے خلاصہ اس کا یہ ہے کہ چونکہ طوطے کے محض زبان پر ذکر حق تھا اور دل میں اس کا کچھ اثر نہ تھا اسلئے اس مصیبت کے وقت کچھ بھی یاد نہ آیا اور ٹاں ٹاں کر کے خاتمہ ہوگیا۔ یاد رکھو اگر محبت دین کی دل میں نہیں ہے تو یہ سب لفافہ ہے کہ اوپر سے نہایت مکلف اور خوشنما لیکن اندر سے بالکل سادہ مشہور ہے کہ ایک میراثی کسی کے پاس لفافہ لے کر آیا دیکھا کہ اوپر سے بالکل سادہ ہے سبب پوچھا تو کہنے لگا کہ حضور نہایت جلدی میں خط دیا تھا لکھنے کا موقع نہیں

مکتوب الیہ کو خیال ہوا کہ اندر مضمون ہوگا کھول کر دیکھا تو خط بھی بالکل سادہ۔ پوچھا کہ بھائی اس کا کیا سبب کہنے لگا حضور میں عرض کر چکا ہوں کہ بہت ہی جلدی میں خط دیا ہے لکھنے کی مہلت ہی نہیں ملی۔ ہم لوگوں میں اکثر کی تو بعینہ یہی حالت ہے کہ اندر باہر دونوں جانب سے محض کورے۔ اور جو لوگ کچھ ہیں بھی تو محض ظاہر ہی مکلف ہے اندر خاک بھی نہیں۔ حالانکہ ضرورت اس کی ہے کہ چاہے لفافہ ظاہرے زیادہ مکلف نہ ہو لیکن اندر مضمون سے پُر ہو۔ اسی طرح ہم اگر بہت سی نفلیں نہ پڑھیں بہت ذکر و شغل نہ کریں صوفیہ کی صورت نہ بنائیں تو کچھ مضائقہ نہیں لیکن دل محبت الٰہی سے بھرا ہوا ہونا چاہیئے۔ اور علم حقیقی یہی ہے جس سے دولت محبت دل میں ہو اسی علم کو حضرت علیؓ نے ان الفاظ میں فرمایا ہے کہ ؎

رضینا قسمة الجبار فینا لنا علمٌ وللجهال مال

(ہم اللہ تعالیٰ کی اس تقسیم سے راضی اور بہت خوش ہیں جو ہمارے اندر جاری فرمائی کہ ہمیں علم دیا اور جاہلوں کو مال)

تو فخر کی چیز اگر ہو سکتی ہے تو یہ علم ہو سکتا ہے نہ کہ جہل مگر آج وہ حالت ہے کہ جہل پر بھی فخر کیا جاتا ہے کوئی ان سے پوچھے کہ بھائی تم کس طرح اچھے اور قابل فخر ہو گئے بلکہ عالم اگر بد عمل بھی ہے تو وہ تم سے بدرجہا اچھا ہے کیونکہ وہ مریض ہے لیکن اس کے ساتھ ہی اس کو نسخہ بھی معلوم ہے۔ جب ذرا توجہ کرے گا علاج کرلے گا اور تم سراپا مرض ہو لیکن نہ مرض کی خبر نہ نسخہ پر اطلاع۔ غرض کسی حال میں جہل کوئی فخر کی چیز نہیں۔ مگر بعضے جہال اس بناء پر فخر کرتے ہیں کہ اہل علم کے متعلق وعیدوں سے بری ہیں حالانکہ اول تو اہل علم کے متعلق جو وعیدیں ہیں ان میں علم سے خاص اصطلاحی مولویت ہی نہیں بلکہ مطلقًا جاننا مراد ہے سو ایسا علم تھوڑا بہت ہر شخص کو ہوتا ہے دوسرے اگر علم نہ بھی ہو تب بھی الزام سے بری نہیں ہو سکتے کیونکہ علم نہ ہونیکا الزام اس سے بھی بڑھ کر ہے کیونکہ علم عمل کا موقوف الیہ ہے اور موقوف علیہ زیادہ مہتم بالشان اور باعتبار اہتمام کے زیادہ افضل ہوا کرتا ہے اب میں اس کو بیان کرتا ہوں کہ آیت کے خطا

سے جہلا کیوں پاک نہیں ہوسکتے اور اس کے سمجھنے کے لئے الزام کی حقیقت پر غور کرنے کی ضرورت ہے جس کو میں اس آیت سے استنباط کرتا ہوں لیکن یہ استنباط قیاس وظنی نہیں ہے بلکہ دلالۃ النص سے ثابت ہوتا ہے جو کہ قیاس قطعی ہے۔ حاصل اس الزام کا جو آیت میں مقصود ہے اور جو کہ عالم جاہل سب میں پایا جاتا ہے اور جو کہ نہایت زہریلا مرض ہے یہ ہے کہ ہم اپنے عیوب کو نہیں دیکھتے بلکہ دوسرے کے عیبوں کو دیکھا کرتے ہیں ہم شب و روز دوسروں کا تذکرہ کرتے ہیں ان کے عیب نکالتے ہیں لیکن یہ نہیں دیکھتے کہ ہم میں کیا کیا عیوب موجود ہیں اور یہ عیوب دوسروں کے عیوب سے بڑھ کر ہیں یا نہیں کیونکہ امر کرنا لوگوں کو نیک کام کا موقوف اس پر ہے کہ دوسروں کی کوتاہیوں پر نظر ہو پھر اس کے ساتھ نسیان نفس کو ملا کر دیکھا جائے تو حاصل یہ نکلیگا کہ تم دوسروں کے عیوب کو تو دیکھتے ہو اور اپنے عیوب کو نہیں دیکھتے یہ مرض ایسا رچا ہے کہ اکثر مواقع پر اس کا زبان سے بھی اظہار ہوتا ہے چنانچہ جب کبھی امراض وبائیہ پھیلتے ہیں تو اکثر کو تو اس کا احساس بھی نہیں کہ ان مصائب میں معاصی کا کچھ دخل ہے بلکہ اس کو ہوا کے فساد کی طرف منسوب کرتے ہیں ان کا تو ذہن بھی یہاں تک نہیں پہونچتا کہ گناہوں کو بھی اس میں کوئی دخل ہے حالانکہ یہ ان کی سخت غلطی ہے ہم ان سے سوال کرتے ہیں کہ آخر ہوا میں فساد کیوں آیا اگر کہا جائے کہ شدت گرمی یا سردی کے سبب ایسا ہوا تو میں کہونگا کہ گرمی یا سردی ہی اس قدر شدت کیوں ہوئی لیکن یہ خطاب جس کا انتہا آگے خدا کی مشیت پر ہوگا مسلمانوں ہی سے ہے ملحدین سے نہیں اگرچہ ہمارے پاس جواب ان کے اعتراضات کے موجود ہیں اللہ کا شکر ہے کہ ہم ان کے جواب دینے سے بھی عاجز نہیں مگر یہ اس کا موقع نہیں ؎

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں راز افتد ورنہ در مجلس رنداں خبرے نیست کہ نیست

غرض مسلمان عوام الناس جس چیز کو بھی سبب بتلائیں گے ہم اسی کی بابت پوچھیں گے کہ آخر یہ کیوں ہوا کسی حد پر پہونچ کر ان کو یہ ضرور کہنا پڑے گا کہ خدا کے حکم سے ہوا اس وقت کہیں گے کہ اس کا کیا سبب کہ خدا تعالیٰ نے اس وقت یہ حکم

کیوں فرمایا جس سے یہ مصیبت پیدا ہوگئی اور پھر خود ہی قرآن سے ہم جواب میں کہیں گے کہ سبب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ تم سے گناہوں کے سبب ناراض ہوئے اور مصیبت بھیجی مَآ اَصَابَکُمۡ مِّنۡ مُّصِیۡبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ وَیَعۡفُوۡا عَنۡ کَثِیۡرٍ یعنی تم کو جو کچھ مصیبت پہونچتی ہے وہ تمہارے کرتوتوں کی بدولت پہونچتی ہے اور بہت سی باتوں سے درگذر بھی فرماتے ہیں اور اس کی ایسی مثال ہے کہ کسی شخص کو پھانسی دیدی جائے اور اس کی موت کا سبب پوچھا جائے تو ظاہر بین ہر شخص یہی کہیگا کہ پھانسی کی رسی گلے میں اٹک گئی اس سے مرگیا مگر ایک عقلمند اس پر بس نکریگا بلکہ وہ پوچھیگا کہ رسی کیوں گلے میں لٹکی اگر اس کے جواب میں یہ کہا جائے کہ ایک شخص نے لٹکادی تو وہ پوچھیگا کہ اس نے کیوں لٹکائی اس پر کہا جائے گا کہ حاکم نے اس کو حکم کیا تھا تو علت اخیر حاکم کا حکم نکلا۔ لیکن ابھی یہ سوال باقی ہے کہ حاکم نے ایسا حکم کیوں دیا اس کے جواب میں کہا جائے گا کہ اس شخص نے کسی کو قتل کیا تھا یا ڈکیتی کا مرتکب ہوا تھا اس جواب کے بعد پھانسی پر لٹکنے کا اصلی سبب کھل جاتا ہے تو ایسے ہی وباء خدا کے حکم سے آئی لیکن خدا تعالیٰ کا حکم ہمارے جرائم کے سبب سے ہوا اسی کو فرماتے ہیں فَلَمَّآ اٰسَفُوۡنَا انۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ (جب ہمیں ان لوگوں نے دکھ دیا تو ہم نے بھی ان سے بدلہ لیا) جزاء الاعمال میرا ایک رسالہ ہے اس میں اس بحث کو مبسوط لکھا گیا ہے اور بحمداللہ ثابت کر دیا گیا ہے کہ ہم کو جو کچھ ابتلاء ہوتا ہے ہمارے اعمال کے سبب ہوتا ہے تو عوام الناس کا مبلغ پر تو محض اسباب طبعیہ ہیں لیکن جو قدرے فہیم اور دیندار ہیں وہ اگر ان سب امراض کو خدا تعالیٰ کے حکم سے مانتے ہیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ گناہوں کے سبب سے یہ حکم ہوا لیکن ہمیشہ دوسروں کے گناہوں کو شمار کرتے ہیں اوپر اس کا ذکر تھا کہ دوسروں کے عیوب پر ہم لوگوں کی نظر ہوتی ہے اکثر لوگوں کو دیکھا ہوگا کہ لوگوں کو زنا اور قمار میں مبتلا دیکھ کر کہا کرتے ہیں کہ اسی سبب سے تو قحط ٹوٹ رہا ہے۔ مگر کبھی کسی کو نہ دیکھا ہوگا کہ اس نے اپنے اعمال کو اس کا سبب بتلایا ہو حالانکہ زیادہ ضرورت اس کی ہے۔ حضرت ذوالنون مصریؒ

---

ے جزاء الاعمال ملنے کا پتہ، مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی ۱۲

سے لوگوں نے قحط کی شکایت کی فرمایا کہ قحط کے دور ہونے کی سوائے اس کے اور کوئی ترکیب نہیں ہے کہ مجھ کو شہر سے نکالدو کیوں کہ میرے گناہوں کی وجہ سے لوگ مصیبت میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ اور یہی نہیں کہ محض زبان سے کہنے پر بس کیا ہو بلکہ آپ اس شہر کو چھوڑ کر چلے بھی گئے۔ ایک بزرگ کہتے تھے کہ جب ریل میں بیٹھتا ہوں تو خدا تعالےٰ سے دعاء کرتا ہوں کہ اے اللہ میرے گناہوں کے سبب یہ سب لوگ ہلاک نہ ہو جائیں یہی امراض ہیں جن کا علاج بزرگوں نے کیا ہے کہتے ہیں ؎

یکے آنکہ بر غیر بد بین مباش دوم آنکہ بر خویش خود بین مباش

(ایک تو یہ غیر کو بُرا مت سمجھو اور دوسرے یہ کہ خود کو سب سے بہتر نہ سمجھو)

یہاں رات دن ہمارا سبق ہے کہ ہم ایسے ہم ویسے اور دوسرا ایسا اور ایسا۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اے عزیز تیری ایسی مثال ہے کہ تیرے بدن پر سانپ بچھو لپٹ رہے ہیں اور ایک دوسرے شخص کے بدن پر ایک مکھی بیٹھی ہے تو اس کو مکھی بیٹھنے پر ملامت کر رہا ہے لیکن اپنے سانپ اور بچھو کی خبر نہیں لیتا جو کوئی دم میں تجھکو فنا کئے ڈالتے ہیں۔ ایک دوسرے بزرگ کہتے ہیں کہ ہم لوگوں کو اپنی آنکھ میں کا شہتیر بھی نظر نہیں آتا اور دوسرے کی آنکھ کے تنکے کا تذکرہ کر رہے ہیں حالانکہ اول تو یہ دونوں مستقل عیب ہیں کیونکہ اپنے عیبوں کا نہ دیکھنا یہ بھی گناہ اور دوسرے کے عیوب کو بے ضرورت دیکھنا یہ بھی گناہ اور بے ضرورت کے معنے یہ ہیں کہ اس میں کوئی ضرورت شرعی نہوا اور ایسے افعال جو شرعًا ضروری اور مفید نہوں عبث اور لایعنی کہلاتے ہیں حدیث میں ان کے ترک کا امر ہے اور بزرگوں نے اس کا بڑا اہتمام فرمایا ہے ایک بزرگ کا واقعہ لکھا ہے کہ وہ کسی شخص کے مکان پر گئے اور دروازے پر جاکر آواز دی گھر میں سے جواب آیا کہ وہ نہیں ہیں انھوں نے پوچھا کہ کہاں گئے ہیں جواب آیا کہ معلوم نہیں۔ لکھا ہے کہ اپنے اس سوال پر کہ کہاں گئے ہیں تیس برس تک روتے رہے کہ میں نے ایک لایعنی

سوال کیوں کیا۔ مولانا رفیع الدین صاحب مرحوم مہتمم مدرسہ دیوبند کے والد مولانا فریدالدین صاحبؒ کی نسبت سنا ہے کہ وہ بہت ہی کم بولتے تھے اور بلا کسی شدید ضرورت کے نگاہ کبھی اوپر نہ اٹھاتے تھے حتٰی کہ اگر ان سے کوئی بات پوچھتا تو زبان سے جواب دیتے لیکن منہ نہ اٹھاتے تھے صرف اس لئے کہ بلا ضرورت کیوں نگاہ کو صرف کیا جائے۔ نیز قرآن میں حکم بھی ہے قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ (آپ مؤمنین سے فرما دیجئے کہ وہ اپنی نگاہوں کو جھکا کر چلا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں)، دوسری جگہ ارشاد ہے اَلَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا یعنی غَاضِّيْنَ اَبْصَارَهُمْ (جو لوگ زمین پر اپنی نگاہیں جھکا کر چلتے ہیں)

اہل لطائف نے لکھا ہے کہ شیطان نے بنی آدم کو بہکانے کی چار سمتیں بیان کی ہیں ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ (پھر یقیناً میں ان کے آگے پیچھے دائیں اور بائیں چاروں طرف سے آؤں گا) اور دو سمتوں کو بیان نہیں کیا یعنی فوق اور تحت اس سے معلوم ہوا کہ یہ دونوں سمتیں محفوظ ہیں لیکن اوپر سے مراد دہلی کے چاندنی چوک کا کوٹھا نہیں ہے بلکہ آسمان مراد ہے لیکن ہر وقت اوپر دیکھنا بہت دشوار تھا اس لئے سب سے اسلم سمت تحت ہے باقی چار سمتیں قدام۔ خلف۔ یمین۔ شمال۔ ان کی یہ حالت ہے کہ ان کی طرف دیکھنے میں اکثر انسان فتنے میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اسی سبب سے بعض اکابر نے یہاں تک کیا ہے کہ شہر کو چھوڑ کر جنگل میں بود و باش اختیار کر لی۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بزرگ کی حکایت لکھی ہے سہ

بزرگے دیدم اندر کوہسارے ۔۔۔ نشستہ از جہاں در کنج غارے
چرا گفتم بہ شہر اندر نیائی ۔۔۔ کہ بارے بندے از دل برکشائی
بگفت آنجا پری رویان نغز اند ۔۔۔ چو گل بسیار شد پیلاں بلغزند

(میں نے ایک بزرگ کو ایک جنگل میں دیکھا کہ وہ دنیا کو چھوڑ کر ایک غار کے گوشے میں بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے اُن سے کہا کہ آپ شہر میں کیوں نہیں آتے کہ کم از کم

ایک بار تو لوگوں کے دلوں سے گرہیں کھولیں یعنی لوگ آپ کے فیض صحبت سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے جواب دیا وہاں پری رو اپنے دام میں پھانس لیتے ہیں اس لئے کہ جب کیچڑ زیادہ ہو جاتا ہے تو ہاتھی بھی پھسل جاتا ہے)

اسی حالت کو ایک شاعر نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے ؎

زاہد نداشت تابِ جمالِ پری رخاں کنجے گرفت و ترسِ خدارا بہانہ ساخت

(زاہد پری رُخ والوں کے جمال کی تاب نہیں رکھتا تو تنہائی اختیار کر لیتا ہے اور خوفِ خدا کا بہانہ ڈھونڈ لیتا ہے)

بہرحال ایسا ہوتا ہے اور اس کا علاج یہی ہے کہ ان چاروں سمتوں کی جانب دیکھنا بہت کم کر دیا جائے اور اوپر کے دیکھنے میں گرنے کا اندیشہ ہے جیسا کہ پہلے بیان ہوا پس تجربہ عقل نقل سب سے معلوم ہوگیا کہ حفاظت اور امن کی سمت سمت تحت ہے۔ اور جب بزرگوں نے لایعنی امور سے اس قدر پرہیز کیا ہے اور حدیث نے بھی مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ (انسان کا اچھا اسلام یہ ہے کہ وہ بے فائدہ اور فضول قول و عمل ترک کردے) کا حکم کیا ہے اس لئے تفتیش عیوب کے گناہ ہونے میں یہ قید لگائی ہے کہ بغیر ضرورت ہو اور دوسروں کی عیب جوئی اگر گناہ بھی نہ ہوتی تو لایعنی تو ضرور تھی اس سے بچنا بھی ضروری ہے تو جبکہ وہ گناہ بھی ہے تو اس سے بچنا بدرجہ اولیٰ ضروری ہے بعض احمقوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ تمام وقت فضولیات ہی میں برباد کرتے ہیں مثلاً اکثر لوگ پوچھا کرتے ہیں کہ جناب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے معاملے میں آپ کی کیا تحقیق ہے کوئی اس عقلمند سے پوچھے کہ تجھ کو حضرت معاویہ رضؓ کے معاملہ کی کیا پڑی تو اپنا معاملہ درست کر۔ مولانا محمد نعیم صاحب لکھنوی فرنگی محلی کے پاس ایک رنگریز آیا کہنے لگا کہ حضرت معاویہؓ کے معاملہ میں آپ کی کیا تحقیق ہے۔ مولانا نے فرمایا کہ میاں تم جاکر کپڑے رنگو جب تمہارے پاس حضرت معاویہ رضؓ کا مقدمہ آئیگا تو لینے سے انکار کر دینا اور کہدینا کہ میں نے انکی

تحقیق کی تھی مگر مجھے کسی نے تبلائی نہیں ایک اور صاحب ایک مولوی صاحب کے پاس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کی بابت دریافت کرتے ہوئے آئے کہ وہ ایماندار تھے یا نہیں انھوں نے فرمایا کہ تم کو نماز کے فرائض معلوم ہیں یا نہیں کہنے لگا کہ نہیں۔ مولوی صاحب نے کہا کہ غضب کی بات ہے کہ نماز جس کا سوال سب سے اول قیامت میں ہوگا اس کے وہ فرائض جن سے دن میں پانچ مرتبہ کام پڑتا ہے اور جن کے معلوم نہونے سے احتمال ہے کہ وہ فوت ہوجائیں تو نماز ہی نہ ہو ان کی تم کو خبر نہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کا ایمان جس کی بابت یقیناً ہم سے نہ قیامت میں سوال ہوگا نہ دنیا کا کوئی کام اس علم پر متوقف اس کی تحقیق کی جاتی ہے۔ صاحبو! اگر کوئی بُرا ہے تو تم کو کیا غرض اور اچھا ہے تو تم کو کیا مطلب تمہیں اپنی اچھائی بُرائی کی فکر ہونی چاہیئے۔ باقی ہر شخص کی خبر رکھنا یا اس کا خیال ہونا یہ کام خدا تعالےٰ کا ہے یا اس کے بندے کا کام ہے جس کے سپرد خدا تعالےٰ نے اصلاح خلق کا کام کردیا ہو کہ اس شخص کو بھی تفتیش حالات کی ضرورت ہے کیونکہ بغیر علم حالات اصلاح ممکن نہیں ہے اور اسی وجہ سے میں نے بلا ضرورت کی قید لگا دی تھی۔ اس لئے کہ مثلاً حاکم وقت جب تک تفتیش حالات نہ کرے گا مجرموں کو سزا نہ دے سکیگا مگر اس کو بھی ایسے اُمور میں اجازت ہے کہ جن میں تفتیش نہ کرنے سے فساد کا احتمال ہو اور جو اُمور ایسے نہیں ہیں ان میں حاکم کو بھی تجسس کی اجازت نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قصہ ہے کہ آپ رات کے وقت گشت لگا رہے تھے کہ ایک گھر میں سے گانے کی آواز آئی آپ نے دروازہ کھلوانا چاہا مگر وہ لوگ اس قدر منہمک تھے کہ آپ کی آواز بھی نہ سن سکے آخر آپ مکان کی پشت پر سے اندر تشریف لیگئے حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی صورت دیکھکر وہ سب لوگ سہم گئے لیکن چونکہ جانتے تھے کہ خلاف حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو ہرگز غصہ نہ آئیگا اس لئے ایک شخص نے جرأت کر کے عرض کیا کہ اے امیرالمومنین ہم لوگوں نے صرف ایک ہی

گناہ کیا لیکن آپ نے تین گناہ کئے ایک تو یہ کہ آپ بغیر اجازت ہمارے گھر میں چلے آئے حالانکہ قرآن شریف میں صاف حکم ہے لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلٰٓى اَهْلِهَا (بلا اجازت اپنے گھر کے علاوہ کسی کے گھر میں مت جاؤ اور جب جاؤ تو پہلے گھر والوں کو سلام کرو) دوسرا یہ کہ آپ نے تجسس کیا اور قرآن میں تجسس کی ممانعت ہے لَا تَجَسَّسُوْا تیسرا یہ کہ آپ مکان کی پشت پر سے تشریف لائے حالانکہ قرآن شریف میں ارشاد ہے لَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اپنے گناہ سے توبہ کرتا ہوں تم بھی اپنے گناہ سے توبہ کر لو۔ آزادی کا دم بھرنے والوں کو اس حکایت سے عبرت حاصل کرنی چاہیئے کہ آزادی ان حضرات میں تھی یا آج کے مدعیان آزادی کہ بہائم کی طرح نہ نماز کے نہ روزے کے کھا لیا اور ہوا پرستی میں عمر گذار دی

صاحبو! واللہ یہ آزادی نہیں یہ نفس کی شرارت اور اتباع ہوا اور مطلق العنانی ہے اور یہ آزادی سانڈ کی سی آزادی ہے کہ جس کھیت میں چاہا منہ مار دیا جدھر چاہا چل دیا جو چاہا کر لیا تو کیا کوئی آزاد صاحب سانڈ صاحب کو پسند کرتے ہیں اگر اس کا جواب نعم ہے تو آج سے آپ بھی ہماری طرف سے یہی لقب لیجئے اور اگر لا میں جواب ہے تو پھر ذرا مہربانی کر کے اپنے اور سانڈ میں کچھ فرق تبلائیے اسی طرح اگر کوئی شخص اتالیق یا نگراں ہو تو اس کو بھی تفتیش حالات کی ضرورت ہے کیونکہ اس کے بغیر اصلاح غیر ممکن ہے۔ یا شوہر ہو کہ اس کو بھی بیوی کے حالات کی تفتیش کی ضرورت ہے کیونکہ اس کے متعلق اس کی اصلاح ہے یا کوئی شخص مصلح قوم ہو کہ اس کو بھی مجموعی طور سے قوم کے حالات کا علم حاصل کرنے کی ضرورت ہے ورنہ وعظ کچھ بھی نہ کر سکیگا مگر مصلح کو بھی اسی وقت تک اجازت ہے کہ تفتیش سے مقصود اصلاح ہو اور اگر تحقیر کے لئے ایسا کرے گا تو اس کو بھی ہرگز اجازت نہ ہوگی کیونکہ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ (اعمال کا دارومدار صرف نیت پر ہے) اس استثنا کے بعد جو لوگ رہ گئے وہ دیکھ لیں کہ عیب جوئی اور عیب گوئی سے اُن کا

کیا مقصود ہوتا ہے آیا یہ کہ اس شخص میں سے یہ عیب جاتا رہے یا محض بدنام کرنا
اگر پہلا امر مقصود ہے تو کیا وجہ کہ کبھی اس کے آثار کیوں نہیں پائے گئے کیا کبھی کسی
شخص نے صاحب عیب کو خطاب کر کے نہایت شفقت کے ساتھ اس کے عیوب پر
مطلع کیا ہے اور اگر نہیں کیا تو کیا محض چار آدمیوں میں کسی کے عیب کا تذکرہ کر دینا
اصلاح کہلائے گا۔ ہرگز نہیں۔ ہم لوگوں کی مجالس میں رات دن تمام مخلوق کی غیبتیں
شکایتیں ہوتی ہیں کیا ان سے سوائے بدنام کرنے کے اور کچھ مقصود ہوتا ہے کچھ بھی نہیں
تو یہ لوگ ایک تو غیبت کے گناہ میں مبتلا ہوئے دوسرے ایک لایعنی فعل کے مرتکب
ہوئے جس کی برائی اوپر بیان ہو چکی ہے۔ حضرت رابعہ بصریہ رحمہا اللہ کے حالات
میں لکھا ہے کہ آپ کبھی شیطان کو بھی برا نہ کہتی تھیں اور فرمایا کرتی تھیں کہ جتنی دیر اس
فضول کام میں صرف کی جائے اتنی دیر تک اگر محبوب کے ذکر میں مشغول رہیں تو کس
قدر فائدہ ہے شیخ شیرازی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

چہ خوش گفت بہلول فرخندہ خوئے　　چو بگذشت بر عارف جنگ جوئے
گر ایں مدعی دوست بشناختے　　بہ پیکار دشمن نہ پرداختے

(نیک خصلت بہلول نے کیا اچھا کہا تھا جب وہ ایک عارف سے ملا جو ہر وقت
لوگوں سے جھگڑا تلاش کیا کرتا تھا کہ اگر یہ مدعی دوست کو پہچانتا تو ہر وقت
دشمنوں سے جھگڑا نہ تلاش کیا کرتا)

دیکھو اگر کسی کا محبوب بغل میں بیٹھا باتیں کر رہا ہو اس حالت میں ایک شخص
آکر اس عاشق کو ماں کی سڑی ہوئی گالی دے تو کیا عاشق کی طبیعت اس کو گوارا کریگی
کہ محبوب کو چھوڑ کر دشمن کے انتقام لینے کے درپے ہو جائے اور اگر اس نے ایسا
کیا تو کہا جائے گا کہ اس کا عشق نہایت خام اور ناتمام ہے اسی طرح سمجھدار لوگ ایسے
موقع پر سمجھ جاتے ہیں کہ شیطان جو ہمارا دشمن ہے وہ اس شخص کو بہلا کر لایا ہے کہ
اس کو دوسری طرف مشغول کر کے بہکائے اس لئے وہ پروا بھی نہیں کرتے اور محبوب
کی طرف متوجہ رہتے ہیں اور جتنی اس میں کمی ہوتی ہے اسی قدر ان میں کبھی کمی ہوتی ہے

ایک شخص نے ایک بزرگ سے پوچھا کہ بزرگوں کی شان اور اُن کے حالات کس طرح مختلف ہوتے ہیں انہوں نے جواب دیا فلاں مسجد میں تین بزرگ بیٹھے ہیں ان کے پاس جاؤ معلوم ہو جائے گا کہ بزرگوں کے حالات میں کیا فرق ہے چنانچہ وہ شخص گیا اور جاکر دیکھا کر کوئی بے ادب آیا اور ان بزرگوں میں سے اول ایک کے ایک چپت رسید کیا انھوں نے اٹھ کر اتنے ہی زور سے ایک چپت اس کے بھی مار دیا اور پھر بیٹھ کر ذکر میں مشغول ہو گئے اس کے بعد وہ دوسرے بزرگ کی طرف متوجہ ہوا اور ایک چپت ان کے بھی مار دیا وہ بولے بھی نہیں اور اپنے کام میں لگے رہے اس کے بعد تیسرے کی طرف متوجہ ہوا اور ایک چپت ان کے مارا انھوں نے اُٹھ کر فوراً اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا اور اس کو دبانا اور پیار کرنا شروع کیا اور کہنے لگے کہ تمہارے ہاتھ میں بہت چوٹ لگی ہوگی یہاں سے یہ تماشا دیکھ کر ان بزرگ کے پاس گیا اور تمام ماجرا بیان کیا کہنے لگے کہ بس اتنا ہی فرق ان تینوں کی حالات اور شان میں بھی ہے۔ تو دیکھ لیجئے کہ جو غیر صابر تھے اور انتقام لئے بغیر نہ رہ سکے وہ بھی لایعنی کے مرتکب نہیں ہوئے یعنی مارنے والے سے یہ سوال تک بھی نہیں کیا کہ تو نے ایسی حرکت کیوں کی بلکہ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ بِمِثْلِهَا پر عمل کر کے ایک چپت خود بھی اس کو مار دیا پھر اپنے کام میں لگ گئے آج یہ حالت ہے کہ ایک ذرا سی بات کسی کو کہہ دیجئے پھر دیکھئے کیا قیامت قائم ہوتی ہے بلکہ بلا وجہ بھی لوگ سر ہو جاتے ہیں۔ میرے ایک دوست مولوی اسحٰق علی صاحب فرماتے تھے کہ میں ایک مرتبہ چلا جا رہا تھا سامنے سے ایک شخص نظر پڑے مجھے خیال ہوا کہ یہ میرے ملنے والوں میں سے کوئی شخص ہیں اس خیال کی بنا پر میں نے نہایت تپاک سے ان کو سلام کیا قریب آئے تو معلوم ہوا کہ یہ کوئی دوسرے صاحب ہیں اپنے دھوکہ کھانے پر میرے منہ سے لاحول نکل گئی بس وہ شخص سر ہو گیا کہ تم نے مجھ کو شیطان سمجھا اس لئے لاحول پڑھی۔ اب یہ کتنا ہی سمجھاتے ہیں خوشامد کرتے ہیں وہ مانتا ہی نہیں بڑی دور تک ان کے پیچھے پیچھے چلا آخر شاید کسی گلی میں نظر بچا کر گھس کر جلدی سے نکل گئے جب پیچھا چھٹا غرض یہ حالت ہے

ہم لوگوں کے دیداروں کی حالانکہ پہلے لوگوں نے اس قدر احتیاط کی ہے کہ فضول باتوں سے بھی بچے ہیں ایک خرابی اور مضرت عیب جوئی اور عیب گوئی میں یہ ہے کہ یہ ممکن نہیں کہ جس شخص کی برائی کی جارہی ہے اس کو خبر نہ ہو اور خبر ہونے کے بعد بہت دشوار ہے کہ وہ تم کو برا نہ کہے اور پھر یہ بھی ممکن نہیں کہ اس کے کہنے کی تم کو خبر نہ ہو اور اس تمام الٹ پھیر کا نتیجہ یہ ہے کہ آپس میں عداوتیں بڑھیں اور دشمنیاں قائم ہوں اور پھر یہ عداوتیں بعض اوقات پشتہا پشت تک چلتی ہیں اور بناء ان کی محض ذرا سی بات کہ اس نے ہم کو یوں کہدیا تھا۔ حالانکہ اگر کہہ بھی دیا تو کیا عزت میں فرق آگیا ایک بزرگ کی حکایت ہے کہ وہ چلے جارہے تھے چند مرید ساتھ تھے راستے میں ایک شخص نے دیکھ کر کہا کہ یہ شخص بڑا ٹھگ ہے ایک مرید کو اس پر بہت غصہ آیا اور اس شخص کے مارنے کو چلا۔ پیر صاحب نے روکا اور گھر جاکر ان کے اور بہت سے لفافے جو ان کے نام آئے ہوئے تھے اس کے سامنے ڈال دیئے اُن لفافوں میں بڑے بڑے القاب وآداب لکھے ہوئے تھے کسی میں قبلہ کونین کعبہ دارین کسی میں رہنمائے جہاں وغیرہ وغیرہ اور فرمایا کہ بھائی میں نہ تو اس قدر برا ہوں جتنا اس شخص نے ظاہر کیا اور نہ اس قدر اچھا ہوں جتنا ان لوگوں نے لکھا پس اگر خلاف واقع کہنے کی وجہ سے اس شخص پر غصہ آیا تو ان لوگوں پر بھی تو غصہ آنا چاہیئے اور ان کا منہ بھی تو بند کرنا چاہیئے جو کہ جنید عصر اور فرید وقت لکھتے ہیں۔ مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری کو ایک شخص نے آکر برا بھلا کہنا شروع کیا مولانا چونکہ بڑے مرتبے کے شخص تھے طالب علموں کو سخت غصہ آیا اور اس کے مارنے کو اٹھے مولانا نے فرمایا کہ بھائی سب باتیں تو جھوٹ نہیں کہتا کچھ تو سچ بھی ہے تم اسی کو دیکھو۔ اسی طرح امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو ایک شخص نے برا کہا تو آپ نے اس کو ہدیہ بھیجا اور امام صاحبؒ کی نسبت لکھا ہے کہ آپ کبھی کسی کی غیبت نہ کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ میں کسی کی غیبت کروں تو اپنی ماں کی غیبت میں زیادہ مصلحت ہے تاکہ میری نیکیاں میری ماں ہی کے پاس رہیں غیروں کے پاس تو نہ جائیں حضرت۔

سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے یا فرمایا کرتے تھے کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بڑے عقلمند ہیں ہم لوگوں کی نیکیاں تو وہ لے لیتے ہیں (یعنی چونکہ ہم ان کی بابت کبھی کچھ کہدیتے ہیں، اور وہ اپنی نیکیاں کسی کو نہیں دیتے (یعنی چونکہ وہ کسی کی غیبت نہیں کرتے) صاحبو! غور کرو کہ ایک یہ اسلاف ہیں جن کے وہ حالات ہیں ایک ہم اخلاف ہیں کہ جن کے یہ حالات ہیں خوب کہا ہے ؎

شنیدم کہ مردان راہ خدا دل دشمناں ہم نکردند تنگ
ترا کے میسر شود ایں مقام کہ با دوستانت خلافست وجنگ

(میں نے سنا ہے کہ خدا کے بندے دشمنوں کے دل کو بھی کبھی نہیں دکھاتے تمہیں یہ مقام کس طرح حاصل ہو سکتا ہے جبکہ تم دوستوں سے بھی ہر وقت جھگڑتے رہتے ہو۔)

آجکل بڑے زور سے اس کی کوشش کی جاتی ہے کہ ہم لوگوں میں اتفاق رہے اس کے لئے تقریریں ہوتی ہیں اخباروں میں تحریری مضامین بھیجے جاتے ہیں جلسے کئے جاتے ہیں لیکن جو نااتفاقی کی جڑ ہے یعنی زبان اس کے کاٹنے کی آج تک کسی کو فکر نہیں صاحبو! میں سچ کہتا ہوں کہ نااتفاقی کا بڑا سبب ہم لوگوں کی زبان ہے جس کو لگام ہی نہیں جو چاہا کہدیا جس کو چاہا کہدیا۔ یہ ظالم اس قدر چلتی ہے کہ جس کی حد نہیں اور پھر غضب یہ کہ بیچاری کبھی تھکتی بھی نہیں۔ دوسرے اعضا مثلاً سر آنکھ۔ کان ہاتھ پیر جب ان سے ضرورت سے زیادہ کام لیا جاتا ہے تو تھک جاتے ہیں لیکن زبان کسی وقت بھی تھکنے کا نام ہی نہیں لیتی۔ اسی لئے حدیث حدیث میں آیا ہے کہ جب صبح ہوتی ہے تو تمام اعضاء زبان سے خوشامد کر کے کہتے ہیں کہ تو ٹھیک رہنا اگر تو درست رہی تو ہم بھی درست رہیں گے اور اگر تو بگڑی تو ہم سب بھی بگڑ جائیں گے۔ غرض عیب گوئی اور عیب جوئی کا مرض ہم میں نہایت عام ہے اور جن کو خدا تعالیٰ نے چار پیسے دیئے ہیں وہ خصوصیت کے ساتھ اسمیں مبتلا ہیں کیونکہ معاش کی طرف فراغت ہو جانے کی وجہ سے کوئی کام تو رہا نہیں اور جو اصلی کام تھا یعنی ذکر اللہ اسکو

کرتے نہیں اس لئے دن رات کے چوبیس گھنٹے پورے ہونیکی اس کے سوا کوئی ترکیب نہیں کہ چند ایسے ہی ایسوں کا مجمع ہو اور اس میں دنیا بھر کے خرافات ہانکے جائیں بلکہ بعض دیندار بھی جن کو کچھ فراغت ہے اس میں مبتلا ہیں بلکہ عوام فارغین سے زیادہ مبتلا ہیں کیونکہ وہ لوگ تو بسا اوقات شطرنج گنجفہ نرد وغیرہ میں مشغول ہو کر اس سے چھوٹ بھی جاتے ہیں اور دیندار لوگ اس کو اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں اسلئے ان کو سوائے مجلس آرائی اور عیب گوئی کے اکثر اور کوئی شغل ہی نہیں ملتا لیکن اس سے میرا یہ مقصود نہیں کہ عیب جوئی سے بچنے کے لئے شطرنج یا گنجفہ کی اجازت دیتا ہوں ہرگز نہیں۔ ان دونوں کی حالت بول و براز کی سی ہے کہ براز بول سے زیادہ خراب اور بول براز سے زیادہ دوسرے شطرنج وغیرہ میں اکثر اس قدر انہماک ہوتا ہے کہ اس کی بدولت تمام دنیا و دین کے کاروبار چھوٹ جاتے ہیں میں نے اپنے استاد علیہ الرحمۃ سے سنا ہے کہ ایک شخص شطرنج کھیل رہے تھے اور ان کا لڑکا بیمار پڑا ہوا تھا اثناء شغل میں کسی نے آکر اطلاع کی کہ لڑکے کی حالت بہت خراب ہے کہنے لگے کہ اچھا آتے ہیں اور پھر شطرنج میں مشغول ہو گئے تھوڑی دیر میں پھر کسی نے آکر کہا کہ وہ مر رہا ہے کہنے لگے کہ اچھا آتے ہیں اور یہ کہکر پھر مشغول ہو گئے اس کے بعد کسی نے آکر کہا کہ لڑکے کا انتقال ہو گیا کہنے لگے کہ اچھا آتے ہیں یہ سوال و جواب سب کچھ ہو لیا لیکن ان کو اٹھنے کی توفیق نہ ہوئی جب شطرنج کی بازی ختم ہوئی تو آپ کی آنکھیں کھلیں اور ہوش آیا لیکن اب کیا ہو سکتا تھا فرمایئے جس کھیل کا انجام یہ ہو اس کی اجازت کیسے ہو سکتی ہے سو اجازت مقصود نہیں بلکہ صرف یہ تبلانا ہے کہ عوام تو مرتکب گناہوں میں مشغول ہو کر غیبت سے بعض اوقات بچ بھی جاتے ہیں مگر مدعیان دینداری ظاہری تقدس کے پردے میں اس سے بڑھ کر گناہ میں مبتلا ہوتے ہیں پس اس بنا پر ہماری وہ حالت ہے ؎

از بروں چوں گور کافر پرحلل — واندروں قہر خدائے عزوجل
از بروں طعنہ زنی بر بایزید — واز درونت ننگ میدارد یزید

(ظاہر تو کافر کی قبر کی طرح آراستہ و پیراستہ اور اندر اللہ تعالیٰ کا قہر نازل ہو رہا ہے
ظاہر کی حالت ایسی بنا رکھی ہے کہ حضرت بایزید بسطامیؒ جیسے بزرگ پر بھی اعتراض کرنے لگے
اور اندر کی حالت ایسی ہے کہ اس کو دیکھ کر یزید کو بھی شرم آنے لگی۔)

صرف وضع کی درستی اور ظاہر کی آراستگی کا نام آج کل دینداری رکھ لیا ہے باقی اعمال و اخلاق وہ چاہے کیسے بھی ہوں اور عوام کی حالت پر ایک اعتبار سے اس سے بھی زیادہ افسوس ہے کہ ان کا ظاہر بھی درست نہیں دینداروں میں اگر ایک کمی ہے تو ان میں دو ہیں اور یاد رکھو کہ ظاہر کی درستی بھی بیکار نہیں ہے اس کا بھی باطن پر بہت زیادہ اثر ہوتا ہے حضرت موسیٰؑ جب ساحران فرعون کے مقابلے کے لئے تشریف لے گئے تو مقابلے کے بعد ساحر تو سب مسلمان ہو گئے تھے لیکن فرعون نہیں ہوا تھا حضرت موسیٰؑ نے خدا تعالیٰ سے اس کا سبب پوچھا ارشاد ہوا کہ اے موسیٰؑ ساحران فرعون اس وقت تمہارا لباس پہنکر آئے تھے ہماری رحمت نے گوارا نہ کیا کہ تمہارے ہم لباس دوزخ میں جائیں اس لئے ہم نے ان کو ایمان کی توفیق دیدی اور فرعون محروم رہا پس خلاصہ یہ نکلا کہ ظاہر کی درستی بھی اچھی چیز ہے مگر محض اس کی درستی پر اکتفا نکرنا چاہیئے بلکہ اس کے ساتھ باطن کو بھی درست و آراستہ بنانیکی فکر ہونی چاہیئے۔ اور جو لوگ مقتدا ہیں وہ اس کی زیادہ فکر کریں کیونکہ غیر مقتدا کو تو غیبت کرنے کی نوبت کم آتی ہے اور یہ لوگ چونکہ مرجع الخلائق ہوتے ہیں اس لئے ان کو غیبت سننے کی بھی بہت نوبت آتی ہے سینکڑوں آدمی ان کے پاس آتے ہیں اور ہر شخص ان کے پاس یہی تحفہ لے کر آتا ہے اور یہ اس تحفہ کو قبول کرتے ہیں۔ ہاں جو عاقل ہوتے ہیں وہ ایسے لوگوں کا علاج بھی کرتے ہیں۔ حضرت حاجی صاحبؒ کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ فلاں شخص آپ کو یوں کہتا تھا حضرت نے فرمایا کہ اس نے تو پس پشت کہا لیکن تم اس سے زیادہ بیحیا ہو کہ میرے منہ پر کہتے ہو۔ حضرت میر درد دہلویؒ کو سماع سننے سے کچھ رغبت تھی ان کی نسبت حضرت میرزا مظہر جانِ جاناںؒ سے آکر کسی نے کہا کہ حضرت میر درد سماع سنتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ بھائیؒ! کوئی کانوں کا بیمار ہے کوئی آنکھوں کا بیمار ہے

مرزا صاحب کے اس مقولے سے اکثر جاہلوں نے یہ سمجھا کہ میرزا صاحب حسن پرست تھے حالانکہ یہ الزام بالکل غلط اور بہتان ہے اصل یہ ہے کہ مرزا صاحب بوجہ لطافت مزاج کے بدصورت آدمی کو دیکھ نہ سکتے تھے اور مرزا صاحب کے بچپن کے واقعات اس کی تائید کرتے ہیں۔ یعنی مرزا صاحب کی نسبت یہ مشہور بات ہے کہ شیرخوارگی کے زمانے میں آپ کسی بدصورت عورت کی گود میں نہ جاتے تھے حالانکہ اس وقت آپ کو خوب صورتی بدصورتی کا ادراک بھی نہ تھا لیکن لطافت رُوح کے باعث آپ کو بدصورت آدمی سے اسی وقت تکلیف ہوتی تھی اور اس کا اثر بڑے ہو کر بھی تھا۔ غرض اس قسم کے حضرات ایسے لوگوں کا منہ اسی وقت بند کر دیتے ہیں اور جو لوگ احتیاط نہیں کرتے وہ ان آنے والوں کی بدولت اکثر گناہوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں حالانکہ ان کو سمجھنا چاہئے کہ ؎

ہر کہ عیب دگراں پیش تو آورد و شمرد
بیگماں عیب تو پیش دگراں خواہد برد

(جو شخص تمہارے سامنے اگر دوسروں کے عیب پیش کر کے شمار کراتا ہے یقیناً وہ تمہارے عیوب کو بھی دوسروں کے سامنے جاکر گنائے گا)

اس لئے میں نے کہا تھا کہ مقتدا لوگ باستثناء محتاطین ومتقین کے زیادہ اس آفت میں مبتلا ہو جاتے ہیں یہ ہے وہ مرض اب میں اس مضمون کا مدلول آیت ہونا ظاہر کرتا ہوں۔ مگر اس کے لئے چند مقدموں کی ضرورت ہے اول اُن کو سمجھ لیا جائے اس کے بعد بہ آسانی یہ سمجھ میں آجائے گا۔

اول مقدمہ یہ ہے کہ نیک بات بتلانا ہر وقت طاعت ہے خواہ عمل کرے یا نہ کرے اور یہی وہ غلطی ہے جو کہ اس آیت کے غلط سمجھنے کی بدولت علماء کو ہوئی اور اس کا اثر یہ ہوا کہ بعض نے وعظ وتلقین کو بالکل ہی ترک کر دیا اور جب ان سے سبب پوچھا گیا تو یہ جواب دیا کہ قرآن شریف میں ارشاد ہے اَتَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ۔

دراس جواب کے بعد اپنے کو بالکل بری الذمہ سمجھ لیا مگر یہ دھوکہ ہے اور سبب اس دھوکہ کا یہ ہے کہ ان لوگوں نے یہ سمجھا کہ قرآن کا مقصود یہ ہے کہ اگر خود عمل نہ کرو تو دوسروں کو بھی نصیحت نہ کرو حالانکہ یہ مقدمہ بالکل غلط ہے۔ کیونکہ امر بالمعروف طاعت ہے اور اس طاعت کی شرائط میں یہ شرط کہیں نہیں کہ اگر خود بھی عمل کرے تو طاعت ہو گی ورنہ نہیں ہاں اپنا عمل نہ کرنا ایک مستقل گناہ ہے جو کہ قابل ترک ہے لیکن امر بالمعروف کے ساتھ اس کو شرطیت وغیرہ کا کچھ تعلق نہیں اور یہ کسی حدیث سے یا کسی مجتہد کے قول سے ثابت نہیں کہ اگر گناہ سے نہ بچے تو دوسری طاعت بھی طاعت نہ ہو گی اور اگر اس کو مانا جائے تو پھر اس آیت کے کیا معنی ہوں گے اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ کیونکہ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس کے بارے میں ہے جو کہ نیکی بھی کرتا ہے لیکن گناہ میں بھی مبتلا ہے تو اگر گناہ کرنا دوسری طاعت کے طاعت نہ ہونے کا موجب ہو تو اس کفارۂ سیات کی کوئی صورت ہی نہ رہے گی اور مضمون آیت کے بالکل خلاف لازم آتا ہے البتہ اگر کسی ایسے گناہ کا مرتکب ہو جو کہ مفوت طاعت ہے تو بیشک پھر طاعت طاعت نہ رہے گی اور ایسا نہ ہونے کی صورت میں طاعت اپنی حالت پر رہے گی اگرچہ معصیت کرنے سے گناہ بھی ہو گا ہاں اتنا اثر ضرور ہو گا کہ گناہ کی وجہ سے طاعت کی برکت کم ہو جائے گی سو یہ ایک مستقل مسئلہ ہے جس کو انشاء اللہ تعالیٰ کسی دوسرے وقت مستقل طور پر بیان کروں گا (فرمایا کہ بہتر ہو اگر مجھے اس کے متعلق یاد دلایا جائے کیونکہ بعض لوگوں کو اس مسئلے کے معلوم نہ ہونے کی وجہ سے گناہ کرنے میں بہت بے پروائی ہو گئی ہے اور یوں سمجھتے ہیں کہ گناہ کو طاعت کے عدم میں کچھ بھی علاقہ نہیں حالانکہ عدم برکت کا علاقہ ہے) مگر اس وقت یہ بیان کرنا ہے کہ گناہ کرنے سے طاعت منعدم نہ ہو جائیگی اور دلیل اس کی یہ آیت ہے کہ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ (بلاشبہ نیکیاں برائیوں کو ختم کر دیتی ہیں)

جب اس کی بناء الگ ہوئی تو یہ سمجھنا کہ اگر وعظ کہوں گا تو گنہگار ہوں گا غلطی پر مبنی ہے پس امر بالمعروف طاعت ہوا اور اس کا طاعت ہونا گناہ نہ کرنے پر موقوف نہ ہوا بلکہ آیت میں ملامت اس پر ہے کہ تم خود کیوں عمل نہیں کرتے۔ اور وعظ کے چھوڑ دینے سے تو دوسرا جرم قائم ہو گیا یعنی نہ خود عمل کریں اور نہ باوجود معلوم ہونے کے دوسروں کو تبلائیں یہ ہے علماء کی اس غلطی کا کشف۔

دوسرا مقدمہ یہ ہے کہ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ۔

تیسرا مقدمہ یہ ہے کہ جب ایک شخص امر بالمعروف کرتا ہے جو کہ طاعت ہے اور طاعت مزیل ہوتی ہے معصیت کی تو اس کا اقتضا یہ ہو سکتا تھا کہ یہ کفارہ ہو جاتا نسیان نفس بمعنی ترک عمل کا مگر اس طاعت کے ہوتے ہوئے بھی اس کا یہ نسیان اس امر بالمعروف سے ہوا تو جہاں امر بالمعروف بھی نہ ہو نری بدعملی ہی ہو جس میں عیب جوئی بھی داخل ہے وہ تو کیونکر موجب ملامت نہ ہوگی ضرور ہوگی۔ خلاصہ یہ ہوگا کہ اے شخص جو کہ اپنی حالت کو بھول رہا ہے جبکہ تیری حالت ایک معصیت اور ایک طاعت کے مجموعہ پر بھی محل ملامت ہے تو جب طاعت ایک بھی نہ ہو بلکہ دونوں امر معصیت ہوں تو کیونکر موجب ملامت نہ ہوگی اور دو معصیتیں اس طرح ہوئیں کہ بدعملی تو اپنی حالت پر رہی جس کو تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ فرمایا ہے اور امر بالمعروف کے بجائے دوسرے کی عیب جوئی ہوگئی۔ تو اس حالت میں تو بدرجہ اتم ملامت ہونی چاہیئے پس معلوم ہوا کہ اس آیت میں جس میں ملامت کی بناء بدعملی و عیب جوئی ہے علماء کو ہی خطاب نہیں بلکہ جہلاء کو بھی ہے کیونکہ اس کا ارتکاب وہ بھی کرتے ہیں بلکہ جہلا کو زیادہ سخت خطاب ہے اور علماء کو ہلکا کیونکہ ان کے پاس ایک نیکی تو ہے امر بالمعروف اور جہلاء کے پاس تو ایک بھی نہیں اب اس کو غور کیجئے اور جہل پر اپنے فخر کو دیکھئے کہ اس کی بدولت تعزیرات الٰہیہ کی ایک دفعہ اور بڑھ گئی۔ مقصود اس سب سے یہ ہے کہ ہماری جو یہ عادت پڑ گئی ہے کہ ہم دوسروں کی عیب جوئی کیا کرتے ہیں اس کو چھوڑ دینا چاہیئے اور اپنی فکر میں لگنا چاہیئے۔

صاحبو! اپنے جرائم کیا کچھ کم ہیں کہ ہم دوسروں کی فکر کریں۔ اور یہ جو میں نے کہا تھا کہ اصلاح قوم کے لئے تفتیش حالات جائز ہے اس کے کچھ آداب بھی ہیں ان کو معلوم کر لینا ضروری ہے سو ایک ادب تو اس کا یہ ہے کہ اصلاح کسی شخص کی مجمع عام میں نہ کیجائے کیونکہ اس سے دوسرے کو شرمندگی ہوتی ہے اور اس شرمندگی کا اثر یہ ہے کہ نصیحت کرنے والے سے بغض ہو جاتا ہے بلکہ بعض اوقات اس امر کو ترک کرنے کے بجائے اس میں اور زیادہ پختہ ہو جاتا ہے کیونکہ سمجھتا ہے کہ میری رسوائی تو ہو ہی گئی پھر میں کیوں چھوڑوں اس کے لئے بہتر یہ ہے کہ یا تو خود اس کو خلوت میں لے جا کر اس سے کہدے یا اگر اس سے نہ کہہ سکے تو کسی ایسے شخص سے کہدے جو کہ اس کی اصلاح کر سکے لیکن اس کے دشمن سے نہ کہے کیونکہ دشمن سے کہنے میں اصلاح تو ہو نہیں سکتی ہاں تذلیل ہوگی۔ دوسرا ادب یہ ہے کہ نرمی سے کہے تحقیر اور طعن کے طور پر نہ کہے۔ تیسرا ادب یہ ہے کہ اگر مجمع میں عام خطاب سے کہے تو ایسے پتے نہ دے کہ مجمع عام میں اس کی رسوائی ہو مجھے یہ امر بہت پیش آتا ہے یعنی یہ فرمایش کی جاتی ہے کہ فلاں شخص سود لیتا ہے ذرا وعظ میں اس کی خبر لیجیئے گا یا فلاں شخص نے حقوق دبا رکھے ہیں ذرا اس کے متعلق فرما دیجیئے گا لیکن میں بحمد اللہ ان فرمائشوں پر کبھی عمل نہیں کرتا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ یہ طریق اصلاح بجائے مفید ہونے کے مضر ہے سننے والے قرائن سے سمجھ جاتے ہیں کہ فلاں کو کہا جا رہا ہے اور اس سے مجمع عام میں اس کو شرمندگی ہوتی ہے جس کا نتیجہ بغض و عداوت ہے اور اس کے سبب اپنے فعل کی اور زیادہ پچ ہو جاتی ہے اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اگر واقعی ان لوگوں کی اصلاح کرنی منظور ہے تو اول ان سے میل جول پیدا کیا جائے جب خوب بے تکلفی ہو جائے تو وقتاً فوقتاً نرمی سے ان کو سمجھایا جائے اور خدا تعالیٰ سے ان کے لئے دعا کی جائے اور جو تدبیریں مفید ثابت ہوں ان کو عمل میں لایا جائے غرض وہ برتاؤ کیا جائے جو کہ اپنی اولاد سے کیا جاتا ہے کہ اگر ان کی شکایت کسی دوسرے سے کی جائیگی تو اپنے دوستوں سے کیجائیگی جو کہ اس کی اصلاح کر سکیں یا بزرگوں سے کی جائے گی کہ وہ اس کے لئے دعا کریں علیٰ ہذا

جن سے درستی کی امید ہو گی اُن ہی سے کہا جائے گا اور جہاں یہ بات نہ ہو گی وہاں زبان پر بھی اپنی اولاد کے عیوب کو نہ لایا جائے گا۔ یہ مثال بحمداللہ ایسی عمدہ ہے کہ اس کے پیش نظر رکھنے کے بعد اصلاح کے تمام آداب معلوم ہو جائیں گے۔ یعنی جس مسلمان کی اصلاح کرنی چاہو یہ غور کر لو کہ اگر یہ حالت ہماری اولاد کی ہوتی تو ہم کیا برتاؤ اس کے ساتھ کرتے بس جو برتاؤ اس کے ساتھ طبیعت تجویز کرے وہی برتاؤ اس غیر کے ساتھ بھی کرو اور میں اس حدیث کے کہ اَلْمُسْلِمُ مِرْاٰۃُ الْمُسْلِمِ (ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لئے آئینہ ہوتا ہے) یہی معنی بیان کیا کرتا ہوں یعنی جس طرح آئینہ کا خاصہ ہے کہ وہ تمہارے عیوب چہرہ کو تم سے چھپاتا نہیں اور دوسروں پر ظاہر نہیں کرتا اسی طرح مسلمان کو بھی ہونا چاہیئے کہ کسی مسلمان کے عیوب کو اس سے چھپائے نہیں اور دوسروں پر ظاہر نہ کرے نیز یہ کہ کسی مسلمان کی طرف سے دل میں کینہ نہ رکھنا چاہیئے بلکہ آئینہ کی طرح بالکل صاف باطن رہنا چاہیئے۔ کسی نے خوب کہا ہے ؎

کفرست در طریقت ما کینہ داشتن　　آئین ماست سینہ چوں آئینہ داشتن

(ہمارے مذہب میں بغض و کینہ دل میں رکھنا کفر ہے۔ ہمارا دستور یہ ہے کہ دل کو آئینے کی طرح صاف و شفاف رکھا جائے۔)

یہ شعر اس مقام پر بہت زیادہ چسپاں تو نہیں ہے لیکن لفظ آئینہ کی مناسبت سے پڑھ دیا گیا ہے کہ آئینہ کی شان صفائی ہوتی ہے اور جو وجہ شبہ بیان کی گئی ہے وہ بھی صفائی کی فرد ہے۔ حاصل یہ ہے کہ جب کسی کے عیوب پر مطلع ہو تو اس کو اطلاع کر دو اور اگر یہ کارگر نہ ہو تو خدا تعالےٰ سے دعا کرو۔ غرض دوسرے کی عیب جوئی و عیب گوئی ان مصالح سے تو جائز ہے اور اگر یہ مصالح نہ ہوں تو باستثناء ایک موقع کے بالکل حرام ہے اور وہ موقع یہ ہے کہ مظلوم شخص ظالم کی عیب گوئی کرے کیونکہ مظلوم کو ظالم پر غصہ ہوتا ہے اور وہ غصہ حق ہوتا ہے پس شریعت نے مظلوم کو اجازت دیدی ہے کہ وہ اپنے غصے کو نکال

سبحان اللہ شریعت اسلام کی تعلیم بھی عجیب پاکیزہ تعلیم ہے کہ کسی ایک قابل رعایت پہلو کو بھی نہیں چھوڑا۔ مجھے تو اسلام کی تعلیم دیکھ دیکھ کر یہ شعر یاد آیا کرتا ہے کہ ؎

زفرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم  کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجا ست

(سر کی مانگ سے لے کر پاؤں تک جہاں بھی نظر ڈالتا ہوں ایک عجوبہ سامنے آتا ہے اور وہ عجوبہ دل کو کھینچے چلا جاتا ہے کہ اصل دیکھنے کی جگہ تو یہی ہے)

دیکھئے مظلوم چونکہ اپنے جائز غصے کو نکالتا ہے اور یہ طبعی امر ہے کہ اس کے ضبط سے کلفت ہوتی ہے تو اس کو اجازت دیدیگئی نیز اس میں یہ بھی مصلحت ہے کہ جب اس مظلوم کی غیبت سے لوگوں کو ظالم کے ظلم کی حالت معلوم ہوگی تو وہ اپنے بچانے کی فکر کرلیں گے بلکہ بعض بزرگوں نے تو ایک مضمر مصلحت سے یہاں تک کہدیا ہے کہ مظلوم کو چاہیئے کہ اگر اس کو باطنی قرائن سے معلوم ہوجائے کہ میرے صبر کرنے سے ظالم پر ضرور قہر نازل ہوگا (کیونکہ بعض شخص کا معاملہ خدا تعالیٰ کے ساتھ خاص ہوتا ہے) تو اپنی زبان سے کچھ تھوڑا ضرور ظالم کو کہہ لیا کرے کیونکہ اس کی خاموشی سے اندیشہ ہے کہ خدا تعالیٰ کا غضب دنیا ہی میں ظالم پر ٹوٹے۔ اور بعض بزرگوں کے کلام سے جو نہ کہنے کی فضیلت معلوم ہوتی ہے وہ اس بناء پر کہ صبر ایک نیک عمل ہے اس کے کرنے سے مظلوم کو زیادہ ثواب ملیگا۔ لیکن جنہوں نے کچھ کہنے کی اجازت دی اور اس کو افضل بتلایا انھوں نے یہ خیال کیا کہ مسلمان بندے کو دوزخ کا عذاب نہ ہو اور خدا تعالیٰ کے قہر سے محفوظ رہے شاید کسی طالب علم کو شبہ ہو کہ خدا تعالیٰ کے قہر سے محفوظ رہنے کی یہی صورت ہوسکتی ہے کہ وہ مظلوم معاف کردے تو سمجھنا چاہیئے کہ بعض لوگوں کا معاملہ خدا تعالیٰ کے ساتھ ایسا ہوتا ہے کہ اگر وہ معاف بھی کردیں تو خدا تعالیٰ اپنا حق کہ ان کے بندے کو ستایا تھا معاف نہیں فرماتے ایک بزرگ کا واقعہ ہے کہ وہ چلے جارہے تھے کہ ایک شخص نے ان کو کچھ بیہودہ کہا تھا۔ بزرگ نے اپنے ایک مرید کو حکم دیا کہ اس کے ایک دھول مار۔ وہ ذرا متامل ہوا فوراً وہ شخص زمین پر گرا اور مرگیا انھوں نے

اپنے مرید سے کہا کہ تم نے دیر کی اور اس کا نتیجہ دیکھ لیا۔ اور فرمایا کہ جب اس نے مجھے بُرا بھلا کہا تو میں نے دیکھا کہ قہر خداوندی اس پر نازل ہوا چاہتا ہے اسلئے میں نے چاہا تھا کہ میں خود ہی اس کو کچھ کہہ لوں تاکہ قہر خداوندی اس پر نہ پڑے لیکن تم نے دیر کی آخر یہ شخص ہلاک ہو گیا۔ اور یہی راز ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دہن مبارک میں کڑوی دوا ڈالی گئی اور آپ کے منع فرمانے پر لوگوں نے نہیں مانا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہوش آجانے کے بعد فرمایا کہ جن لوگوں نے میرے منہ میں دوا ڈالی ہے ان سب کے منہ میں دوا ڈالی جائے سوائے عباسؓ کے کہ وہ شریک رائے نہ تھے تاکہ مکافات ہو جائے اور یہ لوگ قہر خداوندی میں مبتلا نہ ہوں۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناں اکثر لوگوں کو اپنے پاس آنے کی اجازت نہ دیتے تھے کسی نے اسکا سبب پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ لوگوں کی اکثر حرکات سے مجھے تکلیف ہوتی ہے اور میری تکلیف کی وجہ سے لوگ وبال میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اور میں نے ہر چند خدا تعالیٰ سے یہ دُعا کی کہ میری وجہ سے لوگوں کو تکلیف نہ پہونچے لیکن میری یہ دُعا قبول نہیں ہوتی حافظ فرماتے ہیں

ے بس تجربہ کردیم دریں دیر مکافات  با دردکشاں ہر کہ در افتاد بر افتاد

اور ے  ہیچ قومی را خدا رسوا نہ کرد  تا دلی صاحبدلی نامد بدرد

(ہم نے اسی بدلا دیئے جانے والے جہان میں تجربہ کیا ہے کہ جو کوئی بھی اللہ والوں کے ساتھ اُلجھ گیا وہ خود مبتلائے غضب ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی قوم کو رسوا نہیں کیا مگر اس وقت جب کسی صاحب دل کا دِل دُکھایا)

تو چونکہ بعض کے معاف کرنے سے بھی پورا معاف نہیں ہوتا اسلئے وہاں کچھ کہہ لینا ہی مصلحت ہے غرض مظلوم کو اظہار ظلم کی بدون کسی مصلحت کے بھی اجازت ہے اگر وبال کے ٹل جانے یا ہلکا ہوجانے کی نیت ہو تو وہ مستحسن ہے لیکن غیر مظلوم کو مصالح سابقہ کے بغیر اجازت نہ ہوگی۔ اب میں اپنے بیان کو بقیہ آیت کا ترجمہ کر کے ختم کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْکِتٰبَ یعنی باوجودیکہ تم

کتاب اللہ کو پڑھتے ہو اور اس کے احکام تم کو معلوم ہیں۔ شاید بعض لوگ اس ترجمے کو سنکر خوش ہوں کہ یہ تمام خطاب تو ان لوگوں کے لئے ہے جو کہ کتاب کو پڑھتے ہیں ہم چونکہ پڑھے ہوئے نہیں اس لئے ہم مخاطب نہیں ہیں لیکن یہ خوشی صحیح نہیں کیونکہ آگے یہ بھی ارشاد ہے اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ٥ یعنی کیا تم سمجھتے نہیں ہو جس سے معلوم ہوا کہ یہ مسئلہ جس طرح نقلی ہے عقلی بھی ہے۔ یعنی عقل بھی اس کے قبح کا فتویٰ دیتی ہے بہر حال اس آیت سے بدلالت مطابقی اس پر وعید ہوئی کہ اوروں کو سمجھاؤ اور خود عمل نہ کرو اور بدلالت التزامی و بدلالت النص یہ ثابت ہوا کہ اوروں کی برائی کے درپے ہونا اور اپنی برائیوں کو فراموش کرنا برا ہے ضرورت اس کی ہے کہ ہر وقت اپنے گناہوں اور عیوب پر نظر ہو اور اس کے معالجے کی فکر کی جائے اور جس میں اپنی فکر کافی نہ ہو اس میں دوسرے ماہر سے رجوع کرد شرم و حجاب کی وجہ سے اپنے امراض کو معالج سے چھپایا نہ جائے کیونکہ اظہار مرض کے بغیر علاج ممکن نہیں۔ یہ بیان ختم ہوا۔ چونکہ اس مرض میں اکثر لوگ مبتلا تھے اس لئے اس کا بیان کرنا ضروری سمجھا گیا سو بحمد اللہ کافی گفتگو اس پر ہوگئی۔ اب خدا تعالیٰ سے دعا کی جائے کہ وہ ہم کو فہم صحیح اور اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین یارب العالمین تمت بالخیر

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً
رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

# دعواتِ عبدیت جلد پنجم

کا

چوتھا وعظ ملقب بہ

# تعلیم البیان

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

محمد عبد المنّان غفرلہٗ

مکتبہ تھانوی "دفتر الابقاء"

مسافر خانہ بندر روڈ کراچی ملے

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

چوتھا وعظ ملقب بہ

# تعلیم البیان

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد | متفرقات |
| مدرسہ امداد العلوم تھانہ بھون | ۱۱ رجب ۱۳۳۰ھ ہجری۔ | ۱ گھنٹہ ۳۰ منٹ | کھڑے ہو کر | طلبہ نے ایک مجلس مشق تقریر کا افتتاح کیا تھا اس لئے تقریر کے طریقہ کے متعلق بیان کیا گیا تھا۔ | مولوی سعید احمد صاحب | اندازاً ۳۰ یا ۳۵ آدمی | سب طلبہ ہی تھے |

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمْ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝ (رحمٰن نے قرآن کی تعلیم دی اس نے انسان کو پیدا کیا۔ اسی نے انسان کو بولنا سکھایا۔) یہ معلوم ہے کہ اسوقت ایک خاص مبارک مجلس کا افتتاح ہے جس کی غرض صرف یہ ہے کہ طلبہ کو بیان کرنیکی عادت ڈالی جائے تاکہ وہ غایۃ علم میں قاصر نہ رہیں اور ان کا پڑھا لکھا انہی تک محدود نہ رہے دوسروں کو بھی پہونچا سکیں اور اسی کے متعلق بیان کرنے کی غرض سے اس وقت یہ آیت تلاوت کی گئی ہے میں نے اپنے بیان کے لئے پہلے سے یہی آیت تجویز کی تھی مگر حسن اتفاق سے قاری صاحب نے بھی یہی رکوع سنایا۔ قاری صاحب کے شروع کرتے ہی مجھے یہ خیال ہوا کہ یہ توافق تجویزوں کا انشاءاللہ اس مجلس کے مقبول ہونیکی علامت ہے حدیث شریف میں شب قدر کی بابت ارشاد ہے کہ چونکہ چند خواب متفق ہیں کہ اس عشرے میں قدر ہے اس لئے گمان غالب اسی کی موافق ہے اس سے عرفاء نے یہ بھی استنباط کیا ہے کہ چند قلوب کا واردات مجتمع ہو جانا دلیل ظنی اس وارد کے صحیح ہونیکی ہوتی ہے اور ہرچند کہ ہم کیا اور ہمارے واردات کیا لیکن چھوٹی باتوں میں چھوٹے واردات کا بھی ہم وہی اثر کہیں گے جو کہ بڑی باتوں میں بڑے واردات کا اثر ہوتا ہے تو اس وقت میرے اور قاری صاحب کے دل میں یہ آنا کہ اس آیت کی تلاوت کی جائے اور ظاہر ہے کہ ہم دونوں میں کم از کم بحمداللہ اسلام تو ضرور ہے اور ہماری مجلس چھوٹی سی مجلس ہے قرینہ اس کا ہے کہ یہ مجلس انشاء اللہ لاطائل نہیں ہے بلکہ امید ہے کہ مقبول ہو گی لیکن صرف اس قرینہ پر اکتفا و اعتماد نہ کرنا چاہیئے بلکہ اس کی مقبولیت کے لئے تدبیر بھی کی جائے جو کہ اتباع سنت ہے اور اس کے ساتھ دعا بھی کرنی چاہیئے جو کہ انشاء اللہ تعالےٰ ختم بیان پر ہو گی دعا میں یہ بھی ہونا چاہیئے کہ خدا تعالےٰ اس کو باثمر کریں اور اس میں سنت نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت ہو اور حدود شریعت سے متجاوز نہ ہو۔ بڑی چیز ہر امر میں دعا ہے باقی سب دل خوش کن

---

ع یعنی مقصود ۔ ع اول قاری محمد یامین صاحب نے تبرکاً ایک رکوع پڑھا تھا وہ یہی تھا۔

قرائن درجہ فال میں ہیں جو کہ مبشر ہوتی ہیں اور سب سے ادنیٰ درجہ بشارت کا ہوتا ہے اور اس کے بعد تدبیر کا مرتبہ ہے اور سب سے اعلیٰ مرتبہ دُعاء کا ہے جو تدبیر کے ساتھ ہو۔ گویا ہر امر میں کامیابی کے لئے علّت تامہ کا جزو اخیر دُعاء ہے سو دُعاء کو بھی جلب منفعت میں بہت بڑا دخل ہے۔ یہ جملہ معترضہ تھا۔ اب میں مقصود عرض کرتا ہوں۔

حق سبحانہ تعالےٰ نے ان چھوٹی سی آیتوں میں اپنے خاص افعال کا ذکر فرمایا ہے کہ جو سراسر رحمت ہے اور پھر اپنے اسم مبارک کو بھی عنوان رحمت ہی سے ذکر فرمایا اور اس آیت میں تین رحمتوں کا ذکر ہے اور تینوں بڑی رحمتیں ہیں اور ہر ایک کو الرحمٰن ہی سے شروع کیا ہے کیونکہ الرحمٰن مبتداء ہے اور اس کے بعد خبر ہیں تو گویا عبارت یوں ہے اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ٥ اَلرَّحْمٰنُ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ٥ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تینوں نعمتوں کا منشاء خدا تعالےٰ کی رحمت ہے اس کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی حاکم کسی سے کہے کہ مہربان حاکم نے تم کو عہدہ دیا۔ مہربان حاکم نے تمہاری ترقی کی۔ مہربان حاکم نے تم کو افسر بنایا۔ اس سے ہر اہل زبان سمجھ سکتا ہے کہ منشاء ان تمام عنایتوں کا مہربان ہے پس اسی طرح ان سب نعمتوں کا منشاء بھی خدا تعالےٰ کی رحمت ہے اور پھر رحمت بھی عظیمہ کیونکہ رحمٰن مبالغہ کا صیغہ ہے تو ترجمہ کا حاصل یہ ہوا کہ جس ذات کی بڑی رحمت ہے اس نے قرآن کی تعلیم دی یہ تو پہلی نعمت کا بیان ہے دوسری نعمت یہ کہ اُسنے انسان کو پیدا کیا اور تیسری نعمت یہ کہ اس نے انسان کو بیان کرنا سکھلایا۔ ان تینوں نعمتوں میں اس وقت کی غرض کے مناسب تیسرا جملہ ہے مگر چونکہ ان دو نعمتوں کی تقدیم جس طرح ذکر میں ہے اسی طرح وہ دونوں وجود میں بھی اس تیسری نعمت پر مقدم ہیں خواہ وجود حسی ہو یا وجود معنوی اس لئے ان کے دو جملوں کی بھی تلاوت کی گئی چنانچہ ایک مقام کا تقدم اور دخل تو ظاہر ہے۔ یعنی خلق الانسان کہ اس کو تو تکوینیا دخل ہے اور یہ شرط تکوینی ہے کیونکہ جب تک انسان پیدا نہ ہو اس وقت

تک تعلیم بیان ہو ہی نہیں سکتی تو تعلیم و تعلم موقوف ہے وُجُود بِر اور وُجُود موقوف ہے ایجاد پر اور اسی سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے ذکر کی ضرورت بھی نہ تھی کیونکہ یہ سب جانتے ہیں کہ اگر پیدا نہ ہوتے تو بیان نہ کرسکتے۔ لیکن اس کے مستقلاً ذکر کرنے میں نکتہ یہ ہے کہ اس پر متنبہ فرمانا ہے کہ جو نعمت کسی دوسری نعمت کا وسیلہ ہو وہ ایک درجے میں مستقل اور مقصود بھی ہے اس کو محض واسطہ ہی نہ سمجھا جائے یعنی بعض نعمتیں چونکہ وسیلہ ہوتی ہیں اس واسطے ان کی طرف اکثر توجہ نہیں ہوا کرتی اس لئے مستقلاً ذکر کرنے سے گویا یہ ارشاد فرمادیا کہ یہ بھی بہت بڑی نعمت ہے اور یہ بھی قابل مستقل ذکر اور توجہ کے ہے صرف علمہ البیان ہی نعمت نہیں پس اگر یہ نعمتِ تکوین مذکور نہ ہوتی تو اس کی مقصودیت پر لفظاً تنبیہ نہ ہوتی اور ذکر کرنے میں تنبیہ ہوگئی کہ یہ مستقلاً بھی نعمت ہے اور ظاہر بھی ہے کیونکہ پیدا کرنا صرف واسطۂ تعلیم بیان ہی نہیں بلکہ اس میں اور بھی تو مصالح ہیں۔ بہرحال اس پر تو توقف تکوینی ہے اور بہت ظاہر ہے۔ رہا دوسری شرط کا تقدم وہ بہت غامض ہے حتّٰی کہ اہل علم بھی بعض اوقات اس کی طرف التفات نہیں کرتے اور وہ شرط علم القرآن ہے کہ اس پر توقف تشریعی ہے یعنی بیان کا وجود اگرچہ بدون قرآن کے حِسًّا ہوگیا لیکن وجود صحیح قابل اعتبار تعلیم قرآن کے بعد ہوگا کیونکہ اگر بیان میں تعلیمات قرآنیہ کا لحاظ نہیں تو وہ بیان اور نظر بشرعًا باطل اور کالعدم ہے جیسا آج کل اکثروں نے قرآن کی تعلیم کو بالکل ترک کردیا ہے۔ عوام الناس کو تو بہت ہی دیکھتے ہیں کہ وہ اکثر امور میں حدود شرعیہ سے متجاوز ہوگئے ہیں اور ان کی ذرا رعایت نہیں کرتے مگر ہم اسی طرح طلبہ کو بھی اپنے اقوال وافعال میں جادہ شریعت سے بہت زیادہ بڑھا ہوا پاتے ہیں اور قرآن کی تعلیم کو انھوں نے بھی بہت زیادہ چھوڑ دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اہل تحقیق طلبہ کو ایسے جلسوں اور انجمنوں کی اجازت دیتے ہوئے کھٹکتے ہیں کیونکہ ان کو اندیشہ ہوتا ہے

کہ یہ لوگ جلسوں کی کارروائی میں متجاوز عن الشرع نہ ہوجائیں۔
چنانچہ میں اس وقت بعض نوجوان عربی طلبہ کو بھی دیکھتا ہوں کہ وہ ان مجالس میں بھی شریعت کی بہت سی باتیں چھوڑ جاتے ہیں چنانچہ کبھی خلاف تحقیق مضامین بیان کرتے ہیں کہیں طرز بیان مقلدان یورپ کا اختیار کرتے ہیں اور ستم یہ ہے کہ ان کے بزرگ و اساتذہ بھی ان کو اس طرز سے نہیں روکتے بلکہ ان کے سرمایہ تقریر میں اس کو معین اور قوت پیدا کرنے والا سمجھا جاتا ہے۔ اور سبب اس کا یہ ہے کہ علم کی نوکمی ہوگئی ہے اسلئے تلمیع کی ضرورت پڑتی ہے چونکہ کھری چیز پاس نہیں ہے اور جس کے پاس کھری چیز ہوگی اس کو تلمیع کی ضرورت کیوں ہوگی پس اس کی غیر ملمع تقریر گو لفظی آب و تاب نہ رکھے مگر اس میں حسن باطنی ہوتا ہے اور ملمع تقریر میں گو آب و تاب ظاہری ہوتی ہے مگر تدبر و تفکر کے بعد وہ تمام رنگ اتر کر الفاظ ہی الفاظ رہ جاتے ہیں پس تفکر و تامل سے دونوں کا امتحان ہوجاتا ہے اسی مضمون کو حافظ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

خوش بود گر محک تجربہ آید بمیاں   تا سیہ روئے شود ہر کہ درو غش باشد

یعنی بہتر یہ ہے کہ تجھے اور حریف کو تجربہ کی کسوٹی پر کس لیا جائے جس میں غش ہوگا وہ سیہ رو ہوجائیگا کیونکہ اس میں اگرچہ آب و تاب ہے لیکن کسوٹی کے پاس جاکر سب مٹ جائیگی اور جو کھرا ہے وہ وہاں بھی اسی آب و تاب کے ساتھ رہیگا بلکہ اور دونی رونق بڑھ جائیگی غرض جن کے پاس علمی سرمایہ ہے ان کو کسی قسم کی تلمیع کی ضرورت نہیں اور جن کے پاس یہ نہیں وہ ہر طرح تلمیع سے کام لیتے ہیں اور پھر بھی وہ حسن پیدا نہیں ہوتا اسی حسن کو حافظ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

حسد چہ می بری اے سست نظم بر حافظ   قبول خاطر و حسن سخن خداداد است

(حاسد حافظ کی نظم پر تم حسد کیوں کرتے ہو کلام کی اچھائی اور اس کا قبول خاطر ہونا خداداد ہے)

ورنہ دلفریبان نباتی ہمہ زیور بستند   دلبر ماست کہ با حسن خداداد آمد

دنبا تات اور پودوں کی دلفریبیاں دل لبھا رہی ہیں مگر میرا محبوب جب اپنے حسن خداداد سے

جلوہ آرا ہوا تو آسمو کے سامنے دل فریباں اور رنگینیاں مات ہیں)

ہم نے حضرات اہل حق کو دیکھا ہے کہ ان کے سادہ الفاظ میں وہ خوبی اور دلچسپی ہوتی ہے کہ بڑے بڑے استعارون میں نہیں ہوتی۔ یہ جتنی شستہ اور چست تقریریں کہلاتی ہیں ان کی خوبی محض نظر اول ہی تک ہے اور جس قدر زیادہ غور کرتے جائیے ان کا پوچ اور لچر اور محض مجموعہ الفاظ ہونا ظاہر ہوتا جاتا ہے کیونکہ وہاں سرمایۂ علم نہیں ہوتا۔ برخلاف اہل علم کے کہ ان کے سادہ الفاظ کی یہ حالت ہے کہ

یزیدک وجهه حسنًا اذا ما زدته نظرًا۔

(میرے محبوب کو تم جس قدر زیادہ دیکھوگے اُس کا حسین چہرہ خود تمہارے حُسن میں اضافہ کریگا

مجھے ایک انسپکٹر ڈاکخانہ جات ملے وہ طالب حق تھے اور طلب حق کا خاصہ ہے کہ اس میں حقیقت کا انکشاف ہوجاتا ہے۔ وہ ایک صاحب کی بابت کہ وہ اس دُنیا میں جس کو آجکل اخباری دنیا کہا جاتا ہے بہت مشہور ہیں کہتے تھے کہ مجھے ان کی معیت میں رہنے کا اور تقریریں سننے کا اتفاق ہوا ہے اور میں ان کی تقریریں سُنکر سمجھا کرتا تھا کہ ان کی برابر کوئی محقق نہیں لیکن جب سے میں نے اہل حق کی تقاریر سنی کہ جن کو نہ لکچر دینا آتا ہے نہ وہ بڑے بڑے الفاظ بولتے ہیں اسوقت مجھے معلوم ہوا کہ اصل علم کیا چیز ہے اور کہتے تھے کہ غور کرکے اہل حق کی اور جدید طرز کے لوگوں کی تقریریں میں جو فرق میں نے سمجھا وہ یہ ہے کہ جدید طرز کی تقریریں پہلی نظر میں تو نہایت دقیع اور موثر ہوتی ہیں اور حق انھیں میں منحصر معلوم ہوتا ہے لیکن جب ان میں غور کیا جائے تو ان کی حقیقت کھلتی جاتی ہے اور ان کا لچر اور کمزور اور خلاف واقع ہونا اور پر تلبیع ہونا معلوم ہوتا جاتا ہے اور اہل حق کی تقریر نظر اول میں بے رنگ اور پھیکی معلوم ہوتی ہیں لیکن جتنا ان میں غور کیا جائے تو ان کی قوت اور مطابق واقع ہونا معلوم ہوتا جاتا ہے اور قلب پر نہایت گہرا اثر ان کا ہوتا ہے کہ اس کے سامنے تمام تلمیعات قلب سے دھل جاتی ہیں یہاں سے اس اعتراض کا جواب بھی نکل آیا جو آجکل کے علماء پر منجملہ دوسرے

اعتراض کے وہ بھی کیا جاتا ہے کہ ان کو لکچر دینا نہیں آتا وہ جواب یہ ہے کہ جب ہمارے پاس قرآن وحدیث ہے اور اس کی تعلیمات کا سرمایہ موجود ہے تو ہم کو کسی ظاہری آب وتاب کی کیا ضرورت ہے خوب کہا ہے ؎

زعشقِ ناتمام ما جمال یار مستغنی ست  بآب ورنگ وخال وخط چہ حاجت روئے زیبارا

(دوست کا جمال ہمارے ناتمام عشق سے مستغنی ہے اس لئے کہ جو چہرہ فی نفسہ حسین ہو اسے خالی خواہ مخواہ زیبائش کی کیا ضرورت۔)

ہمیں لکچروں کا طرز سیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں اور ہم تو صاف کہتے ہیں کہ جو شخص لکچر کے طرز کو اختیار کرتا ہے وہ اوّل ہمارے دل میں ناپسندیدگی کا بیج بوتا ہے ہم کو تو وہی طرز پسند ہے جس کی طرف حدیث شریف میں اشارہ ہے کہ نَحْنُ اُمَّۃٌ اُمِّیَّۃٌ۔ اُمیّۃ کے معنی سادگی کے ہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اصل مرضی یہ ہے کہ آپ کی امّت نہایت سادہ رہے اسی لئے آپنے لفظ نحن فرما کر ساری امّت کو شامل فرمالیا یہی روح ہے اتباع نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ ہر بات میں بالکل سادگی ہو امیّۃ ام کی طرف منسوب ہے مطلب یہ ہے کہ ہماری زندگی ایسی رہے جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے بعد بچہ کی زندگی ہوتی ہے کہ اس کی کوئی حرکت بھی تصنع اور بناوٹ کی نہیں ہوتی بلکہ ہر حرکت میں بیساختگی ہوتی ہے اور بچوں کی یہی صفت ہے جس کی وجہ سے ہر شخص کو ان سے محبت ہوتی ہے ورنہ طبعًا بچوں سے جو کہ نجاست کی پوٹ ہوتے ہیں بہت نفرت ہونی چاہیئے تھی اور یہی بیساختگی ہے کہ جن بوڑھوں میں یہ پائی جاتی ہے آج ہماری آنکھوں کے سامنے بڑے بڑے حسین ان پر جان فدا کرتے ہیں۔ تو اصلی مفہوم امیت کا یہی بیساختگی ہے اور نہ لکھنا، پڑھنا جو امیت کا مشہور مفہوم ہے یہ بھی اس کا ایک شعبہ ہے تو بیان میں بھی بناوٹ اور تکلف بالکل نہ ہونا چاہیئے اور تلبیس اور تلمیع سے بالکل پاک ہونا چاہیئے البتہ بیان میں سادگی کے ساتھ صفائی ہونی ضروری ہے لیکن اب یہ طرز بالکل چھوٹتا جاتا ہے۔ ہم اہل علم کو دیکھتے ہیں کہ ان میں ایک تو رواج زبان کا طرز آتا جاتا ہے۔

حالانکہ قطع نظر شریعت کے یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ ہماری مادری زبان اردو ہے اور اور اس کی کچھ خصوصیات ہیں جیسا کہ ہر زبان کے لئے کچھ خصوصیات ہوا کرتی ہیں اب اس طرز جدید کو اختیار کرکے انگریزی کی خصوصیات کو زبان اُردو میں سے لیگیا ہے اور وہ روز بروز زیادتی کے ساتھ آتی جاتی ہیں حالانکہ انگریزی کی خصوصیات اس میں بالکل نہیں کھپتیں ان کی بدولت زبان بالکل بھدی اور خراب ہوتی جاتی ہے ایسے لوگوں میں اس وقت ایک بڑی جماعت اپنے کو اُردو کا حامی کہتی ہے حالانکہ اگر غور سے دیکھا جائے تو وہ لوگ اُردو کے ماحی ہیں کیونکہ ہر زبان میں ایک مادّہ ہوتا ہے اور ایک ہیئت۔ اور زبان ان دونوں کے مجموعے کا نام ہوتا ہے نہ کہ صرف مادہ کا۔ تو جب زبان اُردو کی ہیئت باقی نہ رہیگی تو وہ زبان اُردو کیونکر رہے گی پس اگر ہم اُردو کے حامی ہیں تو ہم کو چاہیئے کہ ہم اس کی خصوصیات کو باقی رکھیں اور ہماری گفتگو ایسی ہو کہ اگر کوئی اجنبی سنے تو یہ سمجھے کہ ہم ایک حرف بھی انگریزی کا نہیں جانتے اور نہ انگریزی طرز سے ہم کو مناسبت ہے اور اس سے بھی بڑا تعجب یہ ہے کہ اس وقت عربی خواں طلبہ کی تقریروں میں کثرت سے انگریزی الفاظ آنے لگے ہیں حالانکہ ان کی تقریر میں اگر دوسری زبان کے الفاظ آتے تو عربی کے الفاظ آتے کیونکہ اول تو یہ لوگ عربی زبان کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ دوسرے عربی ہماری مذہبی زبان ہے اور اس اعتبار سے ان کی اصلی زبان وہی ہے اور اُردو زبان تو بہت تھوڑے دنوں سے ہماری زبان ہوئی ہے ورنہ ہماری اصلی اور پدری زبان عربی ہی ہے کیونکہ ہمارے آباء واجداد عرب ہی سے آئے ہیں اور ہندوستان میں بودوباش اختیار کرلی ہے۔ مجھے اکثر اس کا افسوس ہوا کرتا ہے کہ ہمارے بزرگوں نے اپنے نسب نامہ تک کو محفوظ رکھا لیکن زبان کی حفاظت نہ کی حالانکہ ان حضرات کے لئے یہ کوئی مشکل بات نہ تھی۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے جہاں جہاں فتوحات حاصل کی ہیں اکثر ملک بھر نے ان کی زبان اختیار

کرلی ہے اور آج تک وہی زبان چلی جاتی ہے حالانکہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس کا کوئی اہتمام بھی نہ کیا ہوگا مثلاً مصر ہی کو دیکھا جائے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی بدولت تمام مصر کی زبان عربی ہے اگرچہ تمام مصر کا مذہب اسلام نہیں خیر اگر صحابہ کی سی برکت غیر صحابہؓ میں نہیں تھی اور اس لئے تمام مفتوح قوم نے ان کی زبان نہیں لی مگر کم ازکم یہ تو اپنی زبان سنبھالتے لیکن تعجب ہے کہ ہندوستان میں آکر ہمارے ان بزرگوں نے اپنی زبان کو رواج دینا کیا سنبھالا بھی نہیں۔ غور کرنے سے اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں ہمارے بزرگ اکثر جریدہ تشریف لائے ہیں اور یہیں بودوباش اختیار کر کے یہیں کی نومسلم عورتوں سے نکاح کئے ہیں اسلئے اولاد پر زیادہ اثر ماں ہی کی زبان کا پڑا اور اسی سے یہ نئی زبان پیدا ہوگئی اور یہی مادری اثر ہے کہ جس کی وجہ سے مسلمانوں میں آج تک تیجے وغیرہ کی رسمیں باقی ہیں۔ یعنی چونکہ ہندی عورتوں میں اپنے آباء واجداد کی رسوم باقی تھی اسلئے جب وہ ایام آتے ہوں گے تو انھوں نے کہا ہوگا کہ ہم ایسے موقع پر یوں کیا کرتے ہیں۔ ان حضرات نے بظاہر کوئی خرابی نہ دیکھ کر محض دلجوئی کے لئے تھوڑا سا تغیر کر کے مثلاً بجائے اشلوک کے سورۂ فاتحہ کا پڑھنا ومثل ذٰلک اجازت دیدی ہوگی لیکن اس وقت یہ محض عارضی طور پر تھا اب لوگ اس کو فرض عین سمجھنے لگے اور اس لئے علماء نے منع کیا تو ان کو وہابی اور کیا کیا کہنے لگے۔ غرض اسی عارضی مادری اثر کی بدولت ہندوستان میں عربی بھی نہ چل سکی کیوں کہ ابا جان تو عربی بولتے ہونگے اور اماں جان ہندی اور بچہ زیادہ تر ماں ہی کے پاس رہتا ہے اسلئے کچھ عربی اور کچھ ہندی مل کر ایک مجموعہ ہوگیا اور اگر گھر میں عربی ہوتی اور باہر آکر لوگوں سے ہندی سنتے تو دونوں زبانیں باقی رہتیں چنانچہ ہم بنگالیوں اور انگریزوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ اپنی زبان بھی بولتے ہیں اور اردو بھی بولتے ہیں وجہ یہی ہے کہ اونکے گھروں میں وہی بنگلہ اور انگریزی بولی جاتی ہے۔ ہمارے بزرگوں نے چونکہ اس کا اہتمام نہیں کیا یا ہو نہ سکا اسی لئے ہماری زبان مرکب ہوگئی۔

مرکب ہونے پر یاد آیا۔ مولانا محمد یعقوب صاحبؒ فرماتے کہ میں نے مکہ معظمہ میں ایک ہندی عربی مرکب بچے کو دیکھا کہ رو رہا تھا کہ آتا با نار جاؤں غرض ماں کی ہندیت نے زبان کی عربیت کو ضائع کیا اور اصلی زبان برباد ہوئی۔ اور اگر کوئی کہے کہ ہم تو مادری زبان کو اصل سمجھتے ہیں تو میں کہوں گا کہ جب نسب باپ سے ہے تو کیوں باپ کی زبان کو اپنی اصلی زبان نہ کہا جائے۔ غرض جب ہماری اصلی زبان عربی ہے تو اگر ہم کو اردو میں آمیزش ہی کرنا تھا تو اس بناء پر زیادہ سے زیادہ ہم یہ کرتے کہ اردو زبان کو عربی کے تابع کر دیتے مگر تعجب یہ ہے کہ ہم نے انگریزی کے تابع کیا کہ جس کی بدولت اردو زبان قریب اردو ہی سے نکل گئی۔ اصل اردو زبان وہ ہے جیسے چہار درویش یا اردوئے معلی غالب کی اور اگر اس میں آمیزش ہو تو عربی کی آمیزش ہونا چاہیئے کہ عربی کی آمیزش لطف کو دوبالا کر دیتی ہے۔ دیکھو فارسی کی عبارت میں اگر کہیں ایک جملہ عربی کا آجاتا ہے تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے گلفشانی ہو گئی ہو خلاصہ یہ ہے کہ ہماری زبان میں جو انگریزی کے خلط سے ایک جدت پیدا ہو گئی ہے وہ ضرور قابل ترک ہے اور اس جدید طرز میں علاوہ نقص مذکور کے ایک بڑا عیب یہ بھی ہے کہ تلبیس زیادہ ہو سکتی ہے اور پرانے طرز میں یہ بات نہیں ہے اور ایک شرعی پہلو میں یہی ہے کہ اسکو اختیار کرنا ایک فاسق قوم کے مشابہ ہونا ہے اور یہ مشابہت خود حرام ہے حدیث شریف میں ہے مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (جو شخص کسی قوم کی صورت اختیار کرے وہ انہیں میں سے ہے) کیونکہ تشبہ عام ہے لباس اور طرز سب چیزوں کو اور گو ممکن ہے کہ اس پر کوئی شخص مولویوں کو متعصب کہے لیکن ہم کو اسکی اصلاً پرواہ نہیں کیونکہ ہم ایک موقع پر ان کے مسلم دلائل سےؒ اسکا برا ہونا ثابت کر چکے ہیں باقی حدیث تو اپنے ماننے والوں کیلئے پڑھی ہے۔ اب میں ترقی کر کے کہتا ہوں کہ حدیث آپ پر بھی حجت ہے کیونکہ مسلمان تو آپ بھی ہیں غرض اسوقت تقریرات میں یہ تمام خرابیاں پیدا کی گئی ہیں جن کے سبب قواعد شرعیہ کے چھوڑ دینے کے ان تقریروں کا وجود کالعدم سمجھا جائیگا پس ثابت ہو گیا کہ جس طرح بیان کا وجود حسی موقوف ہے تعلق انسان پر اسی طرح اسکا وجود شرعی موقوف ہے تعلیم قرآن پر اور یہی حاصل ہے ان آیات کا جن کی اسوقت تلاوت کی گئی اور چونکہ تقاریر میں آجکل یہ نقص عام طور سے پیدا

ع ان کا حاصل یہ ہے کہ اگر کوئی مرد زنانہ جوڑا پہنکر مردانہ میں آ بیٹھے اس کو معیوب کیوں سمجھا جاتا ہے اسے بجز تشبہ کے کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ ۱۲ منہ۔

ہوگیا ہے اسلئے یہ جی بھی چاہتا تھا کہ طریقہ بیان کے متعلق ایسی آیت اختیار کیجائے کہ قرآن ہی سے اس کی خرابیوں کا ناجائز ہونا بھی ثابت ہوجائے سو بحمد اللہ یہ آیت ملی کہ اس میں تعلیم بیان کی شرط شرعی بھی مذکور ہے کہ قرآن سکھلایا کیونکہ غایت اس کی عمل ہے اور بیان میں اگر حدود شرع کا لحاظ نہ رہا تو قرآن پر عمل نہ ہوا کیونکہ عمل بالقرآن کے فوت ہونے کے معنی یہی شریعت کا فوت ہونا ہے کیونکہ قرآن مثل متن کے ہے اور سب علوم شرعیہ اسی کی شرح ہیں اور اسی کی مدلول ہیں کوئی عبارت النص سے کوئی اشارہ یا اقتضاء سے کوئی جزئیاً کوئی کلیاً چنانچہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت آئی اور کہنے لگی کہ میں نے سنا ہے کہ آپ بال نوچنے[ع] والی وغیرہا کو لعنت کرتے ہیں آپ نے فرمایا کہ جس کو قرآن لعنت کرے میں اسکو کیوں نہ لعنت کروں کہنے لگی میں نے تو تمام قرآن پڑھا اسمیں تو یہ نہیں ہے آپنے فرمایا لَوْ قَرَأْتِیہِ لَوَجَدْتِیہِ یعنی اگر خیال کرکے پڑھتی تو اسمیں ملتا کیونکہ ان افعال کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا ہے اور قرآن میں ارشاد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمکو جو حکم دیں اسکو قبول کیا کرو اس طرح یہ احکام بھی مدلول قرآن ہو گئے تو دیکھیے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کو بھی قرآن ہی میں داخل فرماتے ہیں اور خود قرآن میں بھی ہے فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ ۝ (جب ہم پڑھائیں تو آپ پیچھے پیچھے پڑھتے رہیے اسکے بعد اس کے بیان کر دینے کی ذمہ داری تو ہمارے اوپر ہے) تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن کے اجمال کو بیان فرمایا اور اگر کہیں حدیث میں بھی خفا رہا تو اسکو حضرات مجتہدین نے ظاہر فرما دیا حتیٰ کہ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ پوری طرح ظاہر ہوگیا اور اس ظہور اکمال کے بعد چونکہ پھر کوئی حاجت باقی نہیں رہی بحکمت الٰہیہ چوتھی صدی کے بعد قوت اجتہادیہ کا بھی خاتمہ ہوگیا کیونکہ اب اسکی ضرورت ہی باقی نہیں رہی تھی۔ خدا تعالیٰ کی عجیب قدرت ہے کہ جب کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے اسکو پیدا کر دیتے ہیں اور جب ضرورت پوری ہو چکتی ہے وہ سلسلہ ختم ہوجاتا ہے۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا جب وہ پیدا ہو چکے تو ان کی پسلی سے حضرت حوا کو پیدا کیا جب ایک مرد و عورت ہو گئے تو وہ طریقہ بند کر دیا گیا اور زن و شو کے تعلق سے سب لوگ پیدا ہونے لگے۔ رہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پیدا ہونا وہ خرق

ع یعنی جو حسن کے لئے پیشانی وغیرہ کے بال نوچدے تاکہ پیشانی فراخ معلوم ہو ۱۲ منہ

عادت کے طور پر ہے علیٰ ہذا اور امور میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے چنانچہ میں نے اخبار میں ایک ڈاکٹر کا قول دیکھا ہے وہ لکھتا ہے کہ بارش اسلئے کم ہوتی ہے کہ درخت کٹ کٹ کر کم رہگئے ہیں تو بارش کثرت سے ہونیکی صورت یہ ہے کہ جہاں جہاں درخت کم ہیں بہت کثرت سے درخت لگائے جائیں۔ اس ڈاکٹر نے تو غلط جانے اسکی وجہ کیا سمجھی ہوگی لیکن راز اس میں یہی ہے کہ جب درخت نہ رہے تو بارش کی زیادہ ضرورت نہ رہی اور جہاں درخت بکثرت ہیں وہاں بارش کی بھی ضرورت زیادہ ہوتی ہے رہی زراعت کی ضرورت اس کا کام نہروں سے نکلنے لگے جیس تو بارش سے اس کا بھی کم تعلق ہوگیا غرض فلسفہ بھی اسکا اتنا ہے اور ہم تو مانتے ہی ہیں وَاٰتٰکُمْ مِّنْ کُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْہُ ط رجوکچھ تم نے مانگا ہم نے دیا بھی اسی طرف مشیر ہے تو اسی طرح جب تک حضرات مجتہدین کی ضرورت تہیں اجتہادی قوت پیدا ہوتی رہی اور جب یہ ضرورت پوری ہو چکی یہ قوت بھی ختم ہوگئی۔ علیٰ ہذا قوت حافظہ کی جس زمانے تک ضرورت تھی اسوقت تک علیٰ وجہ الکمال یہ قوت عطا ہوتی تھی حتیٰ کہ حضرت ابن عباس کو سو شعر کا قصیدہ ایک دفعہ سنکر یاد ہوجاتا تھا حضرت امام ترمذی علیہ الرحمۃ جب نابینا ہوگئے تو ایک مرتبہ آپ کو سفر کا اتفاق ہوا راستہ میں ایک مقام پر پہونچکر آپنے اونٹ پر بیٹھے بیٹھے سر جھکالیا۔ جمال نے اس کا سبب پوچھا تو آپنے فرمایا کہ یہاں ایک درخت ہے اس میں ٹکر لگتی ہے۔ جمال نے کہا کہ یہاں تو کوئی درخت نہیں ہے آپنے اونٹ کو وہیں رکوادیا اور فرمایا کہ اگر میرا حافظہ اسقدر کمزور ہوگیا ہے تو میں آج سے حدیث بیان کرنا چھوڑ دوں گا اور قریبکے گانوں میں اول بھیجکر دریافت کیا اکثر لوگوں نے وہاں درخت ہونے سے انکار کیا لیکن گانوں کے بعض بوڑھوں نے کہا کہ مدت گذری جب یہاں ایک درخت تھا اور تقریباً بارہ برس ہوئے کہ اس کو کاٹ دیا گیا ہے جب اسکی تصدیق ہوگئی تو آپ آگے بڑھے اسی طرح ابوداؤد میں قصہ ہے ایک راوی بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک اعرابی سے ایک حدیث سنی تھی مدت کے بعد مجھے خیال ہوا کہ اس کے حافظے کا امتحان کرنا چاہیئے ایسا نہ ہو کہ اس نے غلط حدیث مجھ سے بیان کردی ہو چنانچہ یہ راوی اس کے پاس گئے اور جاکر وہ حدیث پوچھی اس نے وہ حدیث تبلائی اور کہا کہ تم میرا امتحان کرتے ہو میرا حافظہ اس قدر ہوگیا ہے

کہ میں نے ستر حج کئے ہیں اور ہر سال نئے اونٹ پر حج کیا اور مجھ کو یاد ہے کہ فلاں سال فلاں اونٹ پر حج کیا تھا۔ امام بخاری کسی مقام پر تشریف لیگئے وہاں کے عالموں نے آپکا امتحان کرنا چاہا اور سو حدیثیں الٹ پلٹ کر کے آپکے سامنے پڑھیں آپ ہر حدیث پر لَا اَعْرِفُ فرماتے رہے جب وہ لوگ ختم کر چکے تو آپ نے اُن سب احادیث کو جو انھوں نے سنائی تھیں اسی طرح نقل فرمایا اور ساتھ ساتھ تصحیح کرتے گئے کہ اما الحدیث الاول فہو کذا واما الثانی فہو کذا۔ مگر جب حدیثیں مدون ہوگئیں اور ضرورت اس قدر حافظے کی نہ رہی تو قوت حافظہ کم ہونا شروع ہوگئی غرض انقطاع اجتہاد بعد ظہور اکمال دین کے ہوا ہے اور اجتہاد سے اکمال کے ظہور کا یہی حاصل ہے کہ ان کا قیاس بھی مثل حدیث مبین قرآن و نیز مبین حدیث ہے پس مجتہدین کے قیاسات یا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات یہ سب علوم قرآنیہ ہیں لہٰذا علم القرآن سے علم الشریعۃ مراد ہوگا اور قرآن کو ترک شریعت کا ترک ہوگا اسپر استدلال کرنے کیلئے بھی زیادہ صاف ایک واقعہ یاد آیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مقدمہ کے متعلق فرمایا تھا اَقْضِیْ بَیْنَکُمَا بِکِتٰبِ اللّٰہِ اور پھر وہ فیصلہ حدیث کے موافق تھا۔ خلاصہ سب کا یہ ہوا کہ قرآن کے موافق بیان وہ ہوگا جو کہ شریعت کے موافق ہو اور بیان میں تقریر اور تحریر دونوں داخل ہیں چنانچہ اسی تعلق کے اعتبار سے قرآن شریف میں ایک مقام پر ارشاد ہے عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ یعنی بیان کبھی تو بالبنان ہوتا ہے اور کبھی باللسان۔ یہ دونوں قسمیں بیان ہی کی ہیں۔ اور اس بیان کا نعمت ہونا منافع دنیوی کے اعتبار سے بھی ہے لیکن اس وقت ان کا ذکر نہیں اسوقت خاص منافع دین کا ذکر ہے جن کے اعتبار سے یہ بیان ایک بڑی نعمت دینیہ بھی ہے اور وہ یہ ہیں کہ آج ہم لوگوں میں جو علم موجود ہے کہ اسکی بدولت ہم خدا تعالےٰ کے مقبول بندوں میں داخل ہوسکتے ہیں یہ نعمت بیانیہ ہی کی بدولت ہے کیونکہ اگر ہمارے حضرات سلف صالحین علوم کو مبین و مدون نہ کر جاتے تو ہم کو کچھ بھی خبر نہیں ہوسکتی تھی۔ اسی طرح اگر ہم نفع متعدی کا ثواب حاصل کرنا چاہیں تو اسکی بھی یہی صورت ہے کہ ہم تحریر و تقریر دونوں میں پوری مہارت پیدا کریں اور علوم دینیہ دوسروں کو پہونچائیں ہم نے بعضے ایسے اہل علم بھی دیکھے ہیں کہ جن کو تحریر و

تقریر نہیں آتی سو ان سے بہت کم لوگوں کو نفع پہونچ سکتا ہے۔ اور پھر بہ نسبت تحریر کے تقریر میں مہارت پیدا کرنیکی زیادہ ضرورت ہے کیونکہ تحریر سے تو نفع خاص ہوتا ہے یعنی صرف طلبہ اور خواندہ لوگوں کو اور تقریر میں نفع عام ہے جن میں خاص بھی داخل ہیں تو نفع عام وخاص کے اعتبار سے زبان بیان کی دو صورتیں ہیں ایک درس جسکا نفع خاص طلبہ کو ہے اور ایک وعظ جس کا نفع عوام کو ہے اور ان دونوں کا افادہ اسپر موقوف ہے کہ قوت بیانیہ بقدر ضرورت حاصل ہو پس ہمارے طلبہ کو اسوقت ان دونوں کی تکمیل اور مشق کی ضرورت ہوئی یعنی جب وعظ کہا جائے تو اس طرح کہا جائے کہ عوام الناس پورے طرح سمجھ جائیں اور جب درس دیا جائے تو اس طرح کہ طلبہ مخاطبین اسکو خوب سمجھ لیں۔ پھر درسیات میں دو قسم کی کتابیں ہیں ایک تو محض آلیات اور دوسری مقاصد۔ آلیات کا خطاب تو بالکل ہی خاص ہوتا ہے کیونکہ اس کو محض طلبہ ہی پڑھتے اور سمجھتے ہیں اور مقاصد کا خطاب عام بھی ہوتا ہے اور خاص بھی یعنی قرآن وحدیث طلبہ کے سامنے بھی پیش کیا جاتا ہے اور عوام الناس کے سامنے بھی پس مشق میں بھی اس کی رعایت کی جائے یعنی جو لوگ صرف آلیات میں مشغول ہیں انسے تو جلسۂ مشق میں صرف اس قسم کی تقریر کرائی جائے کہ وہ اول کتاب کی عبارت پڑھیں اور پھر اس کے مضامین کو حل کر دیں اس سے زیادہ توسیع نہ کریںؔ۔ اس میں علاوہ صفائی تقریر کے ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ ان کو پڑھانیکا طریقہ معلوم ہو گا ہمارے بزرگوں کا طریقہ پڑھانیکا یہی تھا کہ وہ حضرات محض کتابوں کو حل فرما دیتے تھے اور زائد کچھ نہ بتلاتے تھے ہاں اگر کوئی بہت ہی ضروری بات ہوتی تو اسکو فرما دیتے تھے اور پڑھانے میں ایک اس امر کی بھی رعایت ضروری ہے کہ جو بات معلوم نہ ہو تو اس کو صاف صاف کہدے

---

ؔ کیونکہ ایسے مبتدیوں کو کوئی خاص مضمون دینے میں جس کو وہ بطور وعظ کے بیان کریں چند خرابیاں ہیں اول تو وہ ان مضامین کو بوجہ قلت معلومات صحیح بیان نہیں کر سکتے سو اگر اصلاح کی جائے کہاں تک کی جائے اگر نہ کیجائے تو وہ بھی جہل میں مبتلا رہیں گے اور سامعین بھی غلطی میں پڑینگے دوسرے وہ اپنے اسباق کو چھوڑ کر شب و روز ان ہی مضامین کے جمع کرنیکی فکر میں رہینگے تیسرے اگر ان کی کتابیں رہ گئیں تو مشاق ہونے کے سبب وہ وعظ کا پیشہ اختیار کریں گے اور جاہل واعظ ہو کر خلق کو خراب کرینگے اور جس طرح ایسے مبتدیوں کو تقریر میں توسیع مضر ہے اسیطرح تحریر میں بھی جیسے اسوقت اسکی بھی عادت ہو گئی ہے کہ ایسے لوگ بھی اخباروں میں مضمون بھیجتے ہیں۔ ۱۲ منہ

یہ طریقہ حضرت مولانا مملوک علی صاحبؒ سے موروث چلا آتا ہے اس طریق میں یہ نفع ہے کہ طالب علم کو مدرس پر ہمیشہ وثوق رہتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ مجھے جو کچھ بتلایا جا رہا ہے سب صحیح ہے اور جہاں اس طریقے پر عمل نہیں کیا جاتا بلکہ بات کو بنایا جاتا ہے اور اکثر طالب علم ان کی ہٹ دھرمی کو سمجھ جاتا ہے تو وہاں مصیبت ہوتی ہے جھک جھک میں سبق بھی خراب ہوتا ہے اور یہی بدخلقی طالب علم بھی سیکھتا ہے۔ بعضے لوگ کہتے ہیں کہ اس اقرار غلطی سے طالب علم بگڑ جاتا ہے حالانکہ محض لغو بات ہے وہ اور زیادہ سنور جاتا ہے جیسا کہ اوپر بیان ہوا کہ اسکو مدرس پر وثوق ہو جاتا ہے۔ غرض یہ ہے طرز درس تو تقریر کے وقت بھی اسکا خیال رکھیں اور تحقیقات و زیادات کو بالکل حذف کریں کیونکہ یہ تقریریں صرف پڑھانے کا طریقہ بتلانے کیلئے کرائی جائینگی طبیعت کی جولانیاں دکھلانے کیلئے نہیں اور جو درس کے وقت ایسی فضولیات بیان کیجاتی ہیں وہ اس لئے بھی مفید نہیں کہ کسی کو بھی یاد نہیں رہتی اور اضاعت وقت کا ضرر جدا جیسے مولوی محمد صدیق صاحب مرحوم گنگوہی کہتے تھے کہ میں دہلی میں جب مدرس ہو کر گیا تو ولایتی طالب علم میرے سپرد ہوئے اور سلم شروع ہوئی میں نے ان سے پوچھا کہ تم لوگ تحقیق سے پڑھوگے یا سیدھا سادہ کہنے لگے کہ ہم تو تحقیق سے پڑھیں گے میں نے رات کو بہت سے حواشی اور شرح دیکھ کر صبح کو نہایت تحقیق سے پڑھایا جب دوسرا دن ہوا اور پھر میں نے یہی سوال کیا طلبہ نے پھر یہی کہا کہ ہم تو تحقیق سے پڑھیں گے میں نے کہا کہ اگر تحقیق سے پڑھو گے تو کل جو کچھ میں نے تم کو بتلایا تھا اسکا اعادہ کر دو تاکہ مجھے یہ اندازہ ہو کہ تم میں قابلیت تحقیق سے پڑھنے کی ہے یا نہیں یہ سنکر سب کے سب میرا منہ تکنے لگے اور ایک سے بھی اعادہ نہ ہو سکا اسوقت میں نے کہا کہ سنو! تم نے باوجودیکہ مجھ سے یہ تقریریں سنیں اور بیان نہ ہو سکا اور میں نے باوجود اس کے کہ استاد نے اس مقام پر مجھکو درس کیوقت یہ تقریریں نہیں بتلائیں اور میں نے بیان کریں آخر اس کا کیا سبب ہے معلوم ہوا کہ استعداد کی ضرورت ہے جو کتاب سے پیدا ہوتی ہے ان تقریروں سے کچھ نہیں ہوتا سو کتاب پڑھو تب وہ سمجھے اور حل کتاب پر کفایت کی غرض یہ ہے کہ مدرس کیلئے لکچر کا طرز بہت مضر ہے میں نے ایک طالب العلم کو دیکھا کہ وہ ایک مبتدی کو میزان پڑھا رہے تھے اور اسکے خطبے میں الف لام تعریف کی قسمیں بیان کر رہے تھے میں نے کہا کہ مولوی صاحب اس غریب کا کیوں راہ مار رہے ہو یہ ان سب مضامین کو جز میزان سمجھیگا اور مشکل سمجھ کر میزان ہی کو چھوڑ دیگا میں نے اپنے پڑھانے کا طرز ہمیشہ یہی رکھا کہ نفس کتاب کو حل کر دیا اور زوائد کبھی

بیان نہیں کئے اور حل بھی اس طرز سے کہ بڑے بڑے مشکل مقامات بھی کبھی طالب علموں کو مشکل نہیں معلوم ہوئے۔ صدرا میں مثناۃ بالتکریر کی بحث ایک مشہور بحث ہے۔ کانپور میں ایک مولوی فضل حق طالب علم مجھ سے صدرا پڑھتے تھے جس دن یہ مقام آیا ہے تو میں نے بلا اہتمام معمولی طور سے اسکی تقریر کر دی جب انہوں نے اسکو اچھی طرح سمجھ لیا تو میں نے یہ کہا کہ یہ ہی مقام ہے جو مثناۃ بالتکریر کے لقب سے مشہور ہے انکو بڑا تعجب ہوا اور کہنے لگے کہ یہ تو کچھ بھی مشکل نہیں آخر سالانہ امتحان میں ممتحن نے یہی مقام سوال میں دیا مولوی فضل حق مرحوم نے اس مقام کی جو تقریر لکھی تھی وہ اب تک مدرسہ جامع العلوم میں محفوظ ہے، ممتحنین بھی اس پر عش عش کرتے تھے بعض نے یہ کہا کہ ہم نے اس مقام کی تقریر ایسی کبھی نہیں دیکھی تو بڑی کوشش اسکی ہونی چاہیئے کہ کتاب کو پانی کر دے نہ یہ کہ اپنی فضیلت کا اظہار کرے۔ یہ تو تقریر آلیات کا طرز ہے اب رہے مقاصد یعنی علوم دینیہ سو انکو چونکہ کبھی عوام کے سامنے بیان کرنے کی نوبت آتی ہے اور کبھی خواص کو خطاب ہوتا ہے اسلئے اسکے متعلق دونوں طرز کی مشق ہونی چاہیئے اور اسکی دو صورتیں ہیں یا تو ہر جلسے میں نصف وقت طرز خاص اور نصف وقت طرز عام کیلئے رکھا جائے یا یہ کیا جائے کہ ایک باری میں طرز خاص کے موافق تقریر ہوا ور دوسری باری میں طرز عام کے موافق تقریر ہو اب بحمد اللہ سب ضروری باتیں اسکے متعلق ہو گئیں صرف یہ بات رہی کہ اس جلسے کا نام کیا رکھا جائے سو میرے خیال میں تعلیم البیان اسکا نام بہتر ہے آجکل لوگوں کو ایک یہ خبط بھی بہت بڑھا ہوا ہے کہ جب کوئی کام شروع کریں تو اسکے لئے نام بھی کوئی نیا اور نرالا تجویز کریں۔ اسی خبط کی بدولت ندوہ کو ایک بڑی لغزش ہوئی یعنی نیا نام تلاش کرنیکی وجہ سے علماء کی مجلس کا نام ندوہ تجویز کیا گیا جو کہ راس الجہال عدو اللہ ابو جہل کی اس مجلس کا نام تھا جس کی بنیاد محض اسلئے قائم ہوئی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ضرر رسانی اور آپ کے دین کی اشاعت روکنے کی تدابیر پر غور کیا جائے اور عجب نہیں کہ اسی نام کا اثر ہو کہ آج یہ پاکیزہ نور ندوے میں برس رہا ہے۔ اب بہتر معلوم ہوتا ہے کہ غرض بیان کے متعلق ایک حدیث بھی بیان کر دیجائے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے من تعلم صرف الکلام لیسبی بہ قلوب الناس لم یقبل اللہ منہ صرفا ولا عدلا۔ دیکھئے اسوقت نہ کوئی اس قسم کی انجمن تھی نہ مجالس کا یہ طرز تھا لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکا انتظام بھی اسیوقت فرما دیا کہ جو شخص کلام کے ہیر پھیر اسلئے سیکھے کہ اسکے ذریعے سے لوگوں کے قلوب مسخر کریگا تو خدا تعالیٰ اس سے

سی نفل و فرض کو قبول نہ فرمائینگے۔ یہ حدیث فساد غرض پر تتبہ کے لئے بہت کافی ہے اور اس تتمۃ البیان پر عَلَّمَ الْقُرْاٰن کو مقدم کرنے کی غرض اور زیادہ وضاحت سے ہوگئی جس کا اوپر بھی بیان ہوا ہے۔ میں ان طالب علموں کو چونکانا چاہتا ہوں جو آجکل طرز جدید کو تقریر میں اختیار کرتے ہیں جس کی غرض زیادہ تر یہی ہے کہ جاہ اور وقعت اور قبول عام ہو اسی لئے یہ کوشش ہوتی ہے کہ الفاظ پُرشوکت ہوں بندشیں چست ہوں حالانکہ اس سے خاک بھی نہیں ہوتا۔ اس قسم کی تقریروں کی ہستی صرف اتنی ہوتی ہے کہ جیسے مشہور ہے کہ ایک منہار چوڑی کی پوٹ لئے جاتا تھا ایک گنوار نے اسمیں لاٹھی مار کر پوچھا کہ اس میں کیا ہے کہنے لگا کہ ایک اور مار دو تو کچھ بھی نہیں۔ برخلاف پرانی تقریروں کے کہ اگر ان پر پچاس چوٹیں بھی ماریں تو وہ اپنی اسی حالت پر قائم ہیں ان کی قوت میں ذرا بھی تزلزل نہیں ہوتا بلکہ حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بہت بیباکی اور آزادی سے تقریر کرنا بھی مذموم ہے چنانچہ حدیث میں ہے اَلْحَیَاءُ وَالْعِیُّ شعبتان مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْبَذَاءُ وَالْبَیَانُ شعبتانِ مِنَ النِّفَاقِ اس حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حیاء کو بذاء کے مقابلے میں اور عی کو بیان کے مقابلے میں فرمایا ہے اور حیا اور عی کو ایک ساتھ جمع کرکے ایمان کے شعبوں میں سے قرار دیا ہے اور بذاء اور بیان کو نفاق کے شعبے قرار دیئے ہیں اس قرینہ سے معلوم ہو کہ عی سے وہ عی مراد ہے جو کہ حیا کی وجہ سے ہو اور حیا فی نفسہ عام ہے خواہ حیا من الخلق ہو خواہ من الخالق مگر اس مقام پر مقصود حیا من اللہ ہے یعنی ہر لفظ پر یہ سوچے کہ کہیں شریعت کے خلاف کوئی بات نہ نکل جائے اس حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ جو بیان حدود شرعیہ سے متجاوز ہو وہ علمہ البیان میں داخل نہیں کیونکہ وہ بیان جس کا آیت میں ذکر ہے نعمت کے طور پر ذکر کیا گیا ہے اور حدیث میں ایسے بیان کو جس کا منشاء بذاء ہو نفاق میں داخل فرمایا ہے اور قرآن و حدیث میں تعارض ہو نہیں سکتا پس معلوم ہوا کہ جو بیان مذموم ہے وہ نعمت نہیں لہٰذا ایسے بیان سے بچنے کی کوشش نہایت ضروری ہے۔ اب خدا تعالےٰ سے دعاء کیجئے کہ وہ ہر امر میں اتباع کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین یارب العالمین تمت بالخیر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلغوا عنی ولو آیۃ

رواہ البخاری

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

پانچواں وعظ ملقب بہ

# آثار المحبۃ

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی دفتر الابقاء

مسافر خانہ بندر روڈ کراچی نمبر ۱

# دعواتِ عبدیت جلد پنجم

کا

پانچواں وعظ ملقب بہ

# آثارُ المحبّۃ

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھکر یا کھڑے ہوکر | کیا مضمون تھا | کسنے لکھا | سامعین کی تخمینی تعداد | متفرقات |
| قصبہ کھتولی مسجد حلواشیاں | ۴ رجب ۱۳۳۰ھ وقت شب۔ | تقریباً ۲۔ گھنٹہ 〃 〃 | کھڑے ہوکر 〃 〃 | مومن کو محبت الٰہی کی تکمیل کے لئے پوری اطاعت ضروری ہے۔ | مولوی سعید احمد صاحب تھانوی مرحوم | غالباً ایکہزار آدمی ہونگے 〃 〃 | ناخواندہ لوگ زیادہ تھے۔ 〃 〃 |

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَامُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَاھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ط (ایمان والے اللہ تعالیٰ سے بہت زبردست محبت رکھتے ہیں) یہ ایک بڑی آیت کا ٹکڑا ہے اس میں حق سبحانہٗ و تعالیٰ نے ایک نہایت ضروری مضمون جس کے جاننے کی سب کو ضرورت ہے بیان فرمایا ہے اور چونکہ ضرورت مشترک ہے تمام مسلمانوں میں اور پھر ہر وقت کے اعتبار سے ضروری ہے لہٰذا یہ بیان بہت سے مضامین کے قائم مقام ہوگا جن کے لئے مختلف اوقات میں متعدد جلسوں کی ضرورت ہوتی ہے چونکہ اسوقت یہاں بیان کرنے کا پہلا موقع ہے اور پھر خدا جانے کب موقع ملے اس لئے یہ مناسب معلوم ہوا کہ ایسا مضمون اختیار کیا جائے جو کہ جامع ہو چنانچہ یہ مضمون اسی قبیل کا ہے اور قرآن شریف میں اس قبیل کے اکثر مضامین ہیں نیز یہ بھی ارادہ ہے کہ نہایت سہل عنوان سے اس کو بیان کیا جائے کیونکہ یہاں اکثر لوگوں کو یہ پہلا موقع وعظ سننے کا ہوگا اور دقیق مضامین سمجھنے کے لئے اکثر پہلے سے مناسبت کی ضرورت ہوتی ہے خاص کر اسلئے بھی کہ اس وعظ میں عورتوں کا بھی مجمع ہے اور دقیق مضامین اُن کے فہم سے بالا ہیں اسلئے دقیق مضامین کو بیان نہ کیا جائیگا بلکہ بہت سہل مضامین ہونگے۔ خدا تعالیٰ نے اس آیت میں بلاتخصیص مسلمانوں کی ایک شان کو بیان فرمایا ہے اور ہرچند کہ عنوان کے اعتبار سے یہ جملہ خبریہ ہے لیکن غور سے معلوم ہوگا کہ مراد اس سے ایک انشاء ہے اور قرآن مجید میں جس قدر بھی جملہ خبریہ ہیں اُن سے کوئی نہ کوئی انشاء ہی مراد ہے۔ بلکہ روزمرہ کے معاملات میں بھی دانشمندوں کے کلام میں جملہ خبریہ سے انشاء ہی مراد ہوتی ہے کیونکہ مقصود ہر خبر سے کوئی نتیجہ ہوتا ہے اور وہ انشاء ہوتی ہے مثلاً اگر کوئی شخص کسی کے مرض کی خبر دے تو ہر عاقل سمجھتا ہے کہ مقصود اس سے یہ ہے کہ اس کی خبر لو یا اس کے ساتھ ہمدردی کرو اسی طرح ہر خبر کو دیکھ لیجئے تو ہر کلام مفید میں خبر سے مقصود انشاء ہوتی ہے اور جب ادنیٰ درجے کے حکماء کے کلام میں ایسا ہے تو خدا تعالیٰ کے کلام میں تو بدرجہ اولیٰ ایسا ہوگا پس یہ کلام بھی جو اس موقع پر پڑھا گیا ہے اگرچہ بظاہر خبر ہے

لیکن بقاعدۂ مذکور اس سے بھی ایک نتیجہ مقصود ہے اور وہ جملہ انشائیہ ہے یہ حاصل ہے اس آیت کا نتیجہ کا پتہ انشاء اللہ اس آیت کے ترجمہ اور تفسیر سے معلوم ہوگا اور یہ بھی معلوم ہوگا کہ وہ نہایت غور کے قابل ہے۔ فرماتے ہیں کہ اور جو لوگ ایمان والے ہیں وہ خدا تعالےٰ کی محبت میں بہت مضبوط ہیں اوپر سے بعضے لوگوں کی حالت بیان ہوتی چلی آرہی ہے اگرچہ اس وقت اس کے بیان کرنیکی ضرورت نہیں لیکن چونکہ یہ جملہ پہلے جملے پر معطوف ہے اس لئے توضیح ارتباط کے لئے ترجمہ میں اس کی بھی ضرورت ہوئی۔ فرماتے ہیں کہ بعض لوگ ایسے ہیں کہ وہ خدا کے سوائے ایسے شریک بھی ٹھہراتے ہیں کہ جن کو خدا کی برابر محبوب رکھتے ہیں اور جو لوگ ایماندار ہیں وہ خدا تعالےٰ کی محبت میں بہت مضبوط ہیں حاصل جملہ کا یہ ہوا کہ مسلمان خدا تعالیٰ کی محبت میں بہت مضبوط ہوتے ہیں ترجمہ سُنکر معلوم ہوگیا ہوگا کہ اس مقام پر ایک جملہ خبریہ ارشاد ہوا ہے لیکن بقاعدۂ مذکورہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس خبر سے ایک نتیجہ مقصود ہے اور وہی اُس خبر کا ثمرہ ہے لیکن بصورت خبر اسلئے بیان فرمایا کہ یہ حکم بہت ہی مہتم بالشان ہوجائے جیسا کہ علم بلاغت میں ثابت ہوچکا ہے کہ اس تعبیر میں یہ نکتہ ہوتا ہے کہ مخبر صادق کے کلام میں خبر تو ضروری الوقوع ہے ہی پس انشاء کو اس کی صورت میں لانا تحریض ہے سامع کو کہ اس کو ضرور واقع کرے تاکہ صورت عدم وقوع کی نہ ہو اور وہ نتیجہ اور ثمرہ یہ ہے کہ ہر مسلمان کو خدا تعالیٰ کی محبت میں نہایت مضبوط ہونا چاہیئے اور خدا تعالےٰ کی برابر کسی کی محبت اس کے دل میں نہ ہونی چاہیئے۔ اب دیکھنے کے قابل بات یہ ہے کہ جو شان مومن کی ہے خدا تعالےٰ نے بیان فرمائی ہے وہ ہم میں پائی جاتی ہے یا نہیں یعنی ہم خدا تعالےٰ کی محبت میں پورے طور سے مضبوط ہیں یا نہیں اگر پورے طور سے مضبوط ہیں تو ہم وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کے پورے مصداق ہیں ورنہ جس درجہ کی محبت ہوگی اسی درجے کا ایمان بھی ہوگا یعنی یہ تو کہہ ہی نہیں سکتے کہ کسی مسلمان کو خدا تعالیٰ سے بالکل ہی محبت نہیں تھوڑی بہت تو سب کو ہی ہے کیونکہ یہ اس آیت کی رو سے

ایمان کے لئے لازم ہے اور انتفاء لازم مستلزم ہوتا ہے انتفاء ملزوم کو پس اگر محبت کی بالکل نفی کیجائیگی تو اس کے ساتھ ہی ایمان کی بھی نفی کردینی پڑیگی حالانکہ ایمان بحمد اللہ ہم سب میں پایا جاتا ہے تو معلوم ہوا کہ محبت سب میں ہے بلکہ محبت کے ساتھ اس کی شدت بھی ہر مومن میں پائی جاتی ہے اسی آیت کی رُو سے لیکن خود شدت کے بھی مراتب مختلف ہیں کہ کسی میں بہت شدت ہے اور کسی میں اس سے کم. اور اسی مناسبت سے ایمان کے مراتب بھی مختلف ہونگے باقی ضعف محبت کسی مسلمان میں پایا ہی نہیں جاتا اور نہ پایا جاسکتا ہے کیونکہ شدت محبت کی نفی سے بھی ایمان کی نفی ہوجائیگی تو اس اعتبار سے مراتب کا اختلاف شدت بلکہ اشدیت میں رہا یعنی کسی کو اشد محبت ہے اور کسی کو اشد سے بھی اشد- تو اس سے معلوم ہوا کہ اشدیت محبت ہر مسلمان کے لئے لازم ہے اب اپنی حالت کو دیکھیے کہ خدا تعالیٰ کے ساتھ آپ کو اشدیت محبت کس درجے کی ہے اور اس میں کلام ہی نہیں کہ آپ کو اشدیت محبت حاصل ہے اور یہ بالکل نئی بات ہے ورنہ سب واعظین یہی کہتے ہیں کہ ہم کو خدا تعالیٰ سے محبت نہیں تو گویا میں نے آپ کو یہ نئی بشارت دی ہے یعنی اگر کوئی شخص فاسق فاجر گنہگار شرابی بھی ہے تو اس میں بھی اشدیت محبت کی ہے لیکن باوجود اس اشتراک کے پھر بھی مراتب اس کے مختلف ہیں کیونکہ ہر اشدیت برابر نہیں ہوتی اور اشتراک اشدیت اگرچہ اسوقت محسوس نہیں ہوتا لیکن امتحان کے موقع پر یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے مثلاً اگر کسی مسلمان کے سامنے کوئی شخص خدا تعالیٰ کی شان میں یا اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کرے تو اگرچہ وہ مسلمان نہایت درجہ کا ضعیف الایمان ہو لیکن اس گستاخی کو سُنکر اس قدر بے چین ہوجاتا ہے کہ ماں کی گالی سننے سے بھی اسقدر بیچین نہیں ہوتا اور اس درجہ کی بیچینی بدون اشدیت محبت کے نہیں ہوسکتی پس معلوم ہوا کہ ہر مسلمان کو خدا تعالیٰ سے اشد محبت ہے اگر ضعیف محبت ہوتی تو اس قدر بیچین نہ ہوتا- گو نہ بیچینی کسی نہ کسی مرتبے میں اس وقت بھی ہوتی اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے کسی شخص کا ایک پیسہ گم ہوجائے تو اس کو بھی

قلق ہوتا ہے اور اگر کسی کا ایک روپیہ گم ہو جائے تو اس کو بھی قلق ہوتا ہے اور کسی کی گنی گم ہو جائے تو اس کو بھی قلق ہوتا ہے اور دس گنی گم ہو جائیں تو اس کا بھی قلق ہوتا ہے لیکن پیسے کے گم ہونیکا قلق ضعیف ہوتا ہے اور روپے کے گم ہونیکا قلق شدید اور گنی کے گم ہونیکا قلق اشد ہوتا ہے اور دس گنی کا اشد سے بھی اشد ہوتا ہے غرض کوئی فاسق بھی شدت محبت سے خالی نہیں ہے لیکن اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ میں فسق کی اجازت دیتا ہوں لیکن جو بات واقعی ہے اس کو ظاہر کیا جاتا ہے اور اگر کوئی شخص کہے کہ ہم تو خود اسلام کے ساتھ مسخرا بن کیا کرتے ہیں اور ہنسا کرتے ہیں اور ہم کو ذرا بھی بیچینی نہیں ہوتی تو ایمان کے لئے شدت محبت لازم کہاں ہوئی تو میں کہونگا کہ خدا کی قسم اگر کسی شخص کی یہ حالت ہے تو وہ ہرگز مسلمان نہیں اگرچہ وہ اپنی زبان سے اپنے کو مسلمان کہے اور اگرچہ وہ کسی مسلمان کے گھر میں پیدا ہوا ہو اور اسوقت ایسے بہت سے لوگ ہیں کہ جو اپنے کو مسلمان کہتے ہیں لیکن ان کو ذرا بھی پروا اس بات کی نہیں کہ ہم کیا کہہ رہے ہیں کیا کر رہے ہیں۔ ہمارے وطن میں ایک ماسٹر عارضی طور پر آئے ہوئے ہیں اور داڑھی منڈاتے ہیں ان سے جب داڑھی رکھنے کو کسی نے کہا تو کہنے لگے کہ داڑھی تو بکرے کے ہوا کرتی ہے افسوس ہے کہ لوگ مولویوں کو فتویٰ تکفیر میں متعصب تبلاتے ہیں لیکن ان کو انصاف کرنا چاہیئے کہ کیا یہ بات بھی کفر کی نہیں میں آپ ہی سے پوچھتا ہوں کہ ایک ایسا شخص جس کو معلوم ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ڈاڑھی رکھی ہے اور تمام انبیاء علیہم السلام ڈاڑھی رکھتے تھے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے سب نے رکھی اور پھر وہ یہ کہے کہ داڑھی تو بکرے کے ہوتی ہے کیا آپ لوگ انصاف کی رو سے اس کو مسلمان کہیں گے دیکھو اگر کوئی شخص عدالت کی توہین کرنے لگے تو وہ کتنا بڑا مجرم سمجھا جاتا ہے تو کیا یہ توہین عدالت کی توہین کی برابر بھی نہیں ہے ہر معنی شناس جانتا ہے کہ عدالت کی توہین سلطنت کی توہین ہے اسی طرح اسلام کے کسی حکم کی توہین شارع علیہ السلام اور بانی اسلام یعنی خدا تعالیٰ کی توہین ہے پس اگر خدا تعالیٰ کی توہین کرنیکے بعد بھی ایمان نہیں گیا تو گویا ایمان کرشن اور گوندھا کر والیا

چپکا ہے جو کسی طرح چھوٹتا ہی نہیں۔ صاحبو! اسلام ایسا سستا اور اتنا بے غیرت نہیں ہے کہ اس کو کوئی شخص دھکے بھی دے اور وہ نہ ٹلے۔ آج اکثر مسلمان روزے کو نماز کو فاقے اور اٹھک بیٹھک کہتے ہیں۔ اور پھر اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں حالانکہ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ إِنْ يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا (بڑا ہے وہ کلمہ جو ان کے موہنوں سے نکلتا ہے وہ سوائے جھوٹ کے اور کچھ نہیں کہتے) آخر ضابطہ اور حدود بھی کوئی چیز ہیں یا نہیں یہ اچھا اسلام ہے کہ تمسخر اور اہانت کرنے سے بھی نہیں جاتا۔ افسوس ہے کہ اپنی ماں کے متعلق تو دوسروں سے بھی بیموقع الفاظ نہ سن سکیں اور اسلام کے متعلق خود خرافات اور تمسخر پر آمادہ ہوں سمجھ لینا چاہیئے کہ ایسے لوگوں کا نکاح اگر کسی مسلمان عورت سے ہوا ہے تو اس قسم کے تمسخر سے وہ نکاح فوراً ٹوٹ گیا اور جو اولاد ان سے اس کے بعد پیدا ہوگی وہ سب ولد الزنا ہوگی۔ صاحبو! کھلی ہوئی بات ہے مگر لوگوں کو اس پر ذرا التفات نہیں ہے اور نظیر اس کی وہی ہے کہ اگر عدالت کی توہین کی جائے تو وہ سلطنت اور گورنمنٹ کی توہین کی جاتی ہے سو کیا وجہ کہ دفعات اسلام میں سے کسی دفعہ کی توہین یا کسی نبی کی توہین خدا تعالےٰ کی توہین نہ سمجھی جائے پس یہ شبہ جاتا رہا کہ تمسخر کے بعد بھی ہم تو مسلمان ہیں اور رفع اس طرح ہوا کہ وہ مسلمان نہیں اگرچہ کسی مسلمان کے گھر میں پیدا ہوئے ہوں اور یہ مسئلہ بلاغبار ثابت رہا کہ جو مسلمان ہوگا اس کو خدا تعالےٰ سے شدت محبت ضرور ہوگی لیکن اس میں درجات متفاوت ہونگے مثلاً ایک شدت یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کے متعلق گستاخی سنکر بیچینی ہو جائے دوسرا درجہ یہ ہے کہ محض خدا تعالےٰ کا ذکر ہی سنکر قلب میں ایک ولولہ پیدا ہوا اور نافرمانی کے چھوڑنے کی فکر ہو جائے اور یہ سوچے کہ خدا تعالےٰ کے یہ انعامات مجھ پر ہیں اور اس قدر فضل وکرم ہے حالانکہ اگر دنیا میں کوئی چار پیسے ہم کو دیتا ہے تو اس کی کس قدر اطاعت کیجاتی ہے تو جب چار پیسے دینے والے کی اتنی اطاعت ہوتی ہے تو خدا تعالےٰ کی اطاعت تو اس سے کہیں زیادہ ہونی چاہیئے اور اس کی نافرمانی کا تو وسوسہ بھی دل میں نہ آنا چاہیئے غرض

خدا تعالیٰ کا نام اور احکام سنکر یہ خیالات اطاعت کے پیدا ہوتے مگر چند روز کے بعد پھر ذہن سے نکل گئے ایک درجہ یہ تھا۔ تیسرا درجہ یہ ہے کہ اس خیال کے ساتھ ہی اس پر عمل بھی شروع کر دیا یعنی جس قدر اسباب معاصی تھے سب کو ترک کر دیا اگر اپنے پاس تصویر تھی ان کو چاک کر ڈالا اور اگر حرام کی کمائی تھی اس کو مالکین کو واپس کر دیا اگر مالک نہ مل سکے تو اس کو مالکین کی طرف سے صدقہ کر دیا اگر نماز نہ پڑھتے تھے نماز شروع کر دی پاجامہ اگر ٹخنوں سے نیچا تھا اس کو کاٹ کر ٹخنوں سے اونچا کر لیا اور یہ پختہ قصد کر لیا کہ اب کوئی حرکت خلاف حکم نہ کریں گے اور اس قصد کو نباہ دیا یہ درجہ سب میں بڑھ کر ہے اور اس کے بہت سے اور مراتب بھی نکل سکتے ہیں لیکن میں نے قصر مسافت کے لئے مثال میں کم کر دیئے کہ عاقل آدمی خود ہی سب مراتب کو سمجھ لیگا حاصل یہ ہوا کہ شدت محبت لازم ایمان اور اس کے مراتب مختلف اور جس مرتبے کی شدت اسی مرتبے کا ایمان ہوگا۔ اور یہی بات خدا تعالیٰ کو اس آیت میں تبلانا ہے اور مقصود اس تبلانے سے یاد دلانا ہے کہ تم شدت محبت اختیار کرو جس کی علامت اطاعت کاملہ ہے اور اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے کوئی شخص اپنے نوکروں سے یہ کہنے لگے کہ جو ہمارا وفادار نوکر ہوگا وہ ہماری اطاعت کریگا تو ہر عاقل سمجھتا ہے کہ اطاعت اختیار کرو ورنہ جس قدر اطاعت میں کمی ہوگی اسی قدر وفا میں بھی کمی سمجھی جائیگی تو خدا تعالیٰ نے بھی اسی خبر کے ذریعے سے ہم کو متنبہ کیا ہے کہ تم شدت محبت اختیار کرو ورنہ اسی ضعیف درجے کا تمہارا ایمان بھی ہوگا۔ اب غور کی بات یہ ہے کہ آپ اپنے قلب کو ٹٹول کر دیکھئے کہ آپ میں کس درجہ کی محبت ہے سو اس کا پتہ آسانی سے لگ سکتا ہے کیونکہ اس کے کچھ آثار ہوتے ہیں کہ وہ آثار جس مرتبے میں پائے جائیں محبت بھی اسی مرتبے میں ہوگی۔ اور یہ گویا محبت کے پرکھنے کی کسوٹی ہے کہ جس طرح چاندی کا کھوٹا کھرا ہونا کسوٹی سے معلوم ہوتا ہے اسی طرح محبت کا کم اور زیادہ ہونا اُن آثار سے معلوم ہوگا اور یہی کسوٹی ہے جس کو حافظ شیرازی علیہ الرحمۃ نے بیان فرمایا ہے کہ ؎

خوش بود گر محک تجربہ آید بمیاں تا سیہ روئے شود ہر کہ در وغش باشد

(اگر تمہارے پاس تجربے کی کسوٹی ہے تمہیں خوش ہونا چاہیئے تاکہ جو شخص جھوٹ بولتا ہو وہ تجربے کے بعد جب اس کا جھوٹ ظاہر ہو جائے تو روسیاہ اور شرمندہ ہو)

حقیقت امر یہ ہے کہ بدون امتحان کے پتہ نہیں چل سکتا اب ہم کو دیکھنا چاہیئے کہ ہم نے اپنے کو جانچا ہے یا نہیں اگر نہیں جانچا تو اب جانچنا چاہیئے اور اپنے افعال و اقوال کو غور سے دیکھنا چاہیئے کہ وہ شدت محبت کے آثار ہیں یا نہیں اور اگر آثار یوں سمجھ میں نہ آئیں تو آثار دنیا کے نظائر پر قیاس کر کے دیکھیئے یعنی اگر دنیا میں کسی مرد یا عورت سے محبت ہو جاتی ہے تو اس کے کیا آثار ہوتے ہیں سو آثار اس کے یہ ہوتے ہیں کہ اول تو ہر وقت کی یاد کہ کوئی وقت ایسا نہیں گذرتا جس میں محبوب کی یاد سے دل پر نہ ہو دوسرے نہایت خوشی سے اطاعت کرنا اور اس میں ذرا بھی کلفت نہ ہونا مثلاً اگر وہ گھر بھر بھی مانگ لے تو اس میں کچھ بھی دریغ نہیں ہوتا پس جب یہ دو چیزیں آثار محبت سے ہیں تو انہیں کو پیش نظر رکھ کر اپنے کو جانچ لیجیئے اور دیکھ لیجیئے کہ چوبیس گھنٹے میں کتنی دیر آپ خدا تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں خاص کر جبکہ ہر وقت اس کی نعمتوں میں بالکل سرتاپا غرق بھی رہتے ہو جن سے ہر وقت یاد آجانا طبعاً بھی ضروری ہے۔ صاحبو! یہ باتیں بھولنے کی نہیں ہیں کہ خدا کے دیئے ہوئے مکانوں میں رہتے ہو اس کا دیا ہوا کھانا کھاتے ہو اس کی دی ہوئی اولاد سے متمتع ہوتے ہو لیکن اس کو یاد نہیں کرتے دیکھو اگر کوئی دوست تم کو دو آم بھیجدے تو ان کو کھاتے وقت دل میں اس کا تصور ضرور ہی رہتا ہے ذرا انصاف سے بتلائیے خدا تعالیٰ کا دیا ہوا کھانا دونوں وقت تمہارے سامنے آتا ہے لیکن تم نے کسی دن بھی کھاتے وقت خدا تعالیٰ کو یاد کیا ہے سارا کھانا کھا جائیں گے لیکن کسی لقمے پر بھی یہ خیال نہ ہوگا کہ یہ خدا کی دی ہوئی نعمت ہے یہ دوسری بات ہے کہ بوجہ عقیدہ درست ہونے کے کسی کے پوچھنے پر ہم کہدیں کہ یہ خدا تعالیٰ نے ہم کو دیا ہے کیوں صاحبو! پھر کیا اسی منہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم کو خدا تعالیٰ سے شدت محبت بدرجہ

مطلوب ہے اور ہم کامل ایماندار ہیں دیکھ لیجئے کہ اس کی خاصیتیں کس حد تک ہم میں پائی جاتی ہیں اور اگر کوئی کہے کہ ہم میں محبت کے خواص مشترک تو پائے جاتے ہیں جو ادنیٰ مسلمانوں میں بھی مشترک ہیں مثلاً یہی کہ ان کی شان میں گستاخی سنکر بیچین ہوجانا تو میں کہونگا کہ کیا آپ کو ان مشترک خواص پر قناعت ہے۔ صاحبو! ذرا غور کرکے دیکھو کہ تمہارے پاس سوائے دولت ایمان کے اور کیا دھرا ہے پھر اگر اس کے بھی ادنےٰ درجے پر قناعت کرلو تو غضب ہے اور اگر کسی کو دولت دنیا پر ناز ہو اور اس لئے دولت ایمان کے کمال کا طالب نہ ہو تو یاد رکھو کہ یہ دولت بہت جلد تم سے چھوٹ جانے والی ہے مثلاً چوری ہوگئی آگ لگ گئی اور یا تم اس سے بہت جلد چھوٹنے والے ہو جبکہ مرنے تک تمہارے پاس رہی دنیا میں سب سے بڑا خوش قسمت وہ شخص سمجھا جاتا ہے کہ مرتے دم تک دولت اس کے پاس رہے لیکن پھر بھی مرتے وقت آخر چھوڑنا پڑیگی اور اسوقت دس منٹ بلکہ ایک سکنڈ کی مہلت بھی نہیں ملتی۔ صاحبو! کیا کوئی عقلمند آدمی ایسے سرمایہ کو جو اتنے جلدی چھوٹنے والا ہو اور بعد کو ایسے لوگوں کے پاس جانے والا ہو جو کہ آپکے دشمن ہوں اور آپ اپنا سرمایہ انکو دینا پسند نہ کرتے ہوں سرمایہ کہہ سکتا ہے؟ کبھی نہیں۔ جب یہ سرمایہ قابل اعتبار نہیں تو اب بتلائیے کہ ابدالآباد تک کام آنے والا اور ہر وقت آپکے ساتھ رہنے والا سرمایہ سوائے ایمان کے اور کیا ہے اور چونکہ یہ جلسہ مسلمانوں کا ہے اس لئے اسکے منوانے کے لئے دلائل قائم کرنے کی ضرورت نہیں یہ مثل اصول موضوعہ کے پیشتر سے مسلم ہے تو معلوم ہوا کہ ایمان ہی ایسی دولت ہے کہ چند روز کے بعد یہ قبر میں ساتھ دیگا اور اس کے بعد پلصراط پر کام آئیگا اس کے بعد میزان کے تولنے پہ کام آئیگا تو اگر اس کا کمال مطلوب نہ ہو تو ستم ہے اسلئے دیکھنا ضرور ہوا کہ اس کا کمال ہم کو حاصل ہے یا نہیں مثلاً یہی دیکھ لو کہ جو ایمان ہمارے پاس ہے آیا وہ اس قابل ہے کہ ان مواقع مذکورہ میں ساتھ دے سکے یا نہیں اگر ہمارا ایمان ایسا ہے اور ہم کو یہ امید ہے کہ اس کی بدولت ہم پلصراط وغیرہ ہولناک ہی مرتبہ سرخرو

ہوجائیں گے تو نہایت خوشی کی بات ہے اور اس کا اس قابل ہونا اس کے خواص اور آثار سے معلوم ہوگا اور اگر ہمارا ایمان ایسا نہیں ہے تو کیا کسی کو دوزخ کے سانپ بچھو اور طرح طرح کی تکالیف کی برداشت ہے اگر کوئی اس کا مدعی ہو تو ذرا مہربانی کر کے ہمارے سامنے ایک معمولی چراغ میں اپنی ایک انگلی جلا کر دکھلا دے اور اگر اس کی تاب نہیں ہے تو دوزخ کی آگ کی تاب کیونکر ہوگی اور جب اسکی تاب نہ ہوگی تو اس سے بچنے کا کیا سامان آپنے فراہم کیا ہے اور کیا کیا تدابیر اس کے لئے اختیار کی ہیں صاحبو! اگر کوئی شخص درد گردے میں مبتلا ہو جاتے تو اس کی کیا حالت ہوتی ہے اور وہ اس کے ازالے کی کتنی تدبیریں کرتا ہے حالانکہ درد گردے کا مآل اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ وہ زندگانی کا خاتمہ کر دے اس کے بعد پھر ابدالآباد تک اس سے نجات خود بخود ہو جاتی ہے برخلاف اس تکلیف کے کہ اگر یہ شروع ہوگئی تو یا تو بالکل ختم نہ ہوگی اور یا اگر شمہ ایمان کی وجہ سے ختم بھی ہوئی تو خدا جانے کتنی مدت کے بعد جہاں کا ایک دن ہزار برس کی برابر ہے چنانچہ ارشاد ہے وَاِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝ تو اگر چار برس کی سزا بھی ہوگئی تو چار ہزار برس ہوئے۔ بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ غفور رحیم ہیں وہ سب تکالیف سے نجات دیدینگے لیکن اگر یہ ہوس کافی ہے تو تھوڑا سا سنکھیا بھی کھا لینا چاہیئے کیونکہ خدا تعالےٰ غفور رحیم ہیں وہ بچا لیں گے اور اگر سنکھیا کھا کر مر جانا خدا تعالےٰ کے غفور رحیم ہونیکے منافی نہیں تو گناہ کر کے دوزخ میں جانا بھی اس کے غفور رحیم ہونے کے خلاف نہیں ہے پس اس کا بچاؤ سوا ئے اس کے کچھ نہیں کہ ایمان اور محبت کی تکمیل اس کے آثار سے کی جائے جس کا حاصل یہ ہے کہ اطاعت پوری طرح کی جائے اور گناہ کو ترک کیا جائے صاحبو! کس قدر افسوس ہے کہ دنیا کے مکان کی تکمیل میں تو اس قدر انہماک کہ اگر ایک پرنالہ بھی رہ جائے تو چین نہ آئے اور قصر ایمان کی بنیاد تک ضعیف ہونے پر بھی پروا نہیں اور کچھ خیال نہیں کیا جاتا علیٰ ہذا اگر کسی کپڑے کی آستینیں ناقص رہ جائیں تو اس کے لئے

دس جگہ سے کپڑا تلاش کریں گے اور پیکر ایمان کے ہاتھ پانوٴ قلم ہو جانے پر بھی غم نہیں غرض آپ صاحبوں کے نزدیک ہر چیز کی تکمیل کی ضرورت ہے مگر ایمان کی تکمیل گویا محض بے سود ہے حالانکہ اس کی تکمیل سب سے اول ضروری ہے اور اگر غور سے دیکھا جائے تو یہ وہ سرمایہ ہے کہ دونوں جہان میں ساتھ رہنے کے علاوہ دونوں جہان کی راحت بھی اسی سے ہے آخرت کی راحت تو سب ہی جانتے ہیں کیونکہ ایمان ہی کی بدولت دوزخ سے نجات ہوگی۔ لیکن ایمان کے کامل ہونے سے دنیا کی بھی راحت ہوتی ہے یہ بات شاید ابھی سمجھ میں نہ آئی ہو کیونکہ ظاہراً تو یہ دیکھا جاتا ہے کہ جس قدر علم وعمل والے لوگ ہیں اور جو زیادہ پکے ایماندار کہلاتے ہیں دنیوی مصیبت میں وہی زیادہ گرفتار نظر آتے ہیں۔ کوئی افلاس میں مبتلا ہے کسی پر مخالفین کا نرغہ ہے۔ علیٰ ہذا بڑے بڑے متقی فقر و فاقے میں اکثر مبتلا رہتے ہیں تو ان کو کیا خاک راحت ہوئی لیکن آپ نے غور نہیں کیا کہ راحت کس چیز کا نام ہے اگر آپ دنیا کے حالات اور دنیاوی نظائر میں غور کریں تو اس کا پتہ چل جائیگا اول میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ راحت کی حقیقت کیا ہے آیا ظاہری ٹیپ ٹاپ چہل پہل یا کہ قلب کا اطمینان سو ظاہر ہے کہ محض ٹیپ ٹاپ کا نام راحت نہیں کیونکہ اگر کسی شخص کے پاس دس گانوں بھی ہوں بڑے عالیشان قصر بھی رہنے کے لئے ہوں حشم خدم بھی ہوں لیکن سلطنت کی طرف سے اس کو یہ حکم ہو جائے کہ ایک ماہ کے بعد تم کو پھانسی دیجائیگی کیا کوئی عقلمند آدمی یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ ساز و سامان اس خبر سننے کے بعد کچھ بھی اس شخص کے لئے موجب راحت ہو سکتا ہے بلکہ اگر سوچا جائے تو معلوم ہوگا کہ اسوقت میں یہ سامان اور زیادہ کلفت اور حسرت کا موجب ہوگا تو معلوم ہوا کہ یہ سامان موجب راحت نہیں بلکہ گاہے باعث کلفت ہے اسکے مقابلے میں ایک مزدور کو لیجئے جو کہ دو آنے روز کماتا ہے لیکن اس پر نہ تو کوئی دفعہ جرم کی عائد ہے نہ اس کو کوئی دوسرا غم ہے اب اگر اس رئیس سے

کہا جائے کہ تم اپنی ساری جائداد اس مزدور کو دیدو اور دو آنے روز لینا گوارا کرو تو تم کو پھانسی سے نجات ہو جائیگی تو کیا وہ اس پر راضی ہوگا مزدور راضی ہو جائیگا اور اگر اس مزدور سے پوچھا جائے کہ تم کو اس شخص کی ساری جائداد دی جاتی ہے لیکن ایک مہینہ کے بعد تم کو پھانسی دی جائیگی۔ تو کیا یہ مزدور اس جائداد کو لینا گوارا کرے گا ہرگز نہیں پس مزدور کا انکار اور اس رئیس کی رضا صاف تبلا رہی ہے کہ راحت اصل میں اطمینان قلب کا نام ہے نہ کہ ظاہری چہل پہل اور بھڑک کا۔ اب اس کے بعد آپ دیکھ لیجئے کہ حضرات اہل اللہ پر اگر ظاہری کوئی مصیبت بھی آتی ہے تو اگرچہ طبعًا کچھ اثر ہو لیکن پریشانی نہیں ہوتی نہ وہ مضطر ہوتے ہیں بلکہ وہ اندر سے نہایت خوش ہوتے ہیں۔ برخلاف اسکے اگر اہل دنیا پر ایک صدمہ بھی آجائے تو کھانا پینا اور آرام سب چھوٹ جاتا ہے اور یہ محض نقص ایمان کی وجہ سے ہوتا ہے تو وہ شبہ جاتا رہا کہ ایمان والے بھی تکلیف میں ہوتے ہیں پس معلوم ہوا کہ ایمان کامل دنیا میں بھی موجب راحت ہے۔ تو پھر غضب ہے کہ ایسے نایاب اور عجیب وغریب سرمایہ کی تکمیل کی طرف سے اس طرح بے پروائی کی جاوے۔ صاحبو! آپ کو اس تکمیل کی فکر کرنی چاہیئے اس طرح سے اس کے علامات وآثار یعنی ذکر دائم اور اطاعت دائمہ اپنے اندر پیدا کرنیکی کوشش کرنی چاہیئے لیکن ذکر اس کو نہیں کہتے کہ محض زبان سے رٹ لیا[عہ] اور دل میں وہی دنیا کی خرافات بھری رہیں ایسے ذکر سے کچھ نفع نہیں کسی نے خوب کہا ہے ؎

برزباں تسبیح ودر دل گاؤ خر ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

---

عہ مراد اس ذکر لسانی سے وہ ذکر لسانی ہے جس سے ذکر قلبی کا پیدا ہونا بھی مقصود نہ ہو کہ یہ ذکر کچھ مفید نہیں اور اگر سردست محض ذکر لسانی ہو لیکن اس قصد سے ہو کہ اس سے ذکر قلبی پیدا ہو جائے تو تجربہ ہوا ہے کہ یہ ذکر لسانی بھی مفید ہے۔ کما صرح بہ فی تربیۃ السالک ۱۲ سعید

(زبان پر تسبیح اور دل میں بیل گدھے یعنی دنیا کی محبت ایسی تسبیح جو صرف دکھاوے کیلئے ہو بھلا کس طرح موثر ثابت ہوسکتی ہے)

یہ یاد تو ایسی ہے جیسے کوئی طوطے کو نبی جی بھیجو یاد کرائے کہ وہ ہر وقت اسی کو رٹا کرے مگر جب بلی آکر دبائیگی تو سوائے ٹاں ٹاں کے کچھ بھی یاد نہ آئیگا یہ ذکر بھی ایسا ہی ذکر ہے۔ تو وہ ہے کہ دل اور زبان سب اسی میں محو ہو جائیں کم سے کم ایسی حالت تو ہو جو ایک مرد اور بازاری عورت کے ساتھ ہوتی ہے۔ گو یہ حالت تدریجاً ہو مگر اس کا قصد تو رہنا چاہیئے پس ایک اثر تو کمالِ ایمان و محبت کا یہ ہے دوسرا اثر اس کا سہولت وطاعت ہے سو اُس کو بھی دیکھ لیجئے کہ خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم کہ ہماری کیا حالت ہوتی ہے کیا اکثر لوگوں کو اس کا امتثال گراں نہیں ہوتا واللہ بعض کی تو یہ حالت ہوتی ہے جیسے کسی نے گولی مار دی ہو اس سے زیادہ اس کا کیا ثبوت ہوگا کہ ہر عمل ہر خلق میں ہم نے شریعت کے خلاف ایک نرالا طریقہ تجویز کر رکھا ہے گویا شریعت اسلام کے مقابلے میں ایک دوسری شریعت بنائی ہے اور اس کو اپنے لئے فخر اور ہنر سمجھا جاتا ہے اس کے متعلق اگر ایک ایک جزئی کو بیان کیا جائے تو بہت سا وقت صرف ہو لیکن میں مختصر طور پر بیان کرتا ہوں مثلاً شادی اور غمی کی رسمیں ہیں کیا آج کوئی مسلمان یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ رسمیں شریعت کے خلاف نہیں ہیں اور اگر واقعی کسی کو معلوم نہیں تو اس کو چاہیئے کہ اس قسم کی کتابیں مطالعہ کرے جو اس کے بیان کرنے کے لئے تصنیف کی گئی ہیں یا جو لوگ اس مجمع میں موجود ہیں وہ اسی وقت کچھ سن لیں سنئے شادی غمی کی رسمیں دو قسم کی ہیں ایک تو وہ ہیں کہ جنکا قبیح ہونا نہایت ہی ظاہر ہے اور شرفاء و ثقات نے ان کو بالکل ہی چھوڑ دیا ہے اب صرف اسافل اور فساق الناس اس میں مبتلا ہیں مثلاً ناچ رنگ وغیرہ۔ اور بعض وہ رسمیں ہیں کہ ان کا قبح اتنا ظاہر نہیں ان میں عوام و خواص قریب قریب سب مبتلا ہیں اور ان کو بالکل جائز سمجھا جاتا ہے بلکہ بسا اوقات

ادعائے تقویٰ کے طور پر کہا جاتا ہے کہ ہم نے شادی میں کونسی رسم کی ہے نہ ہمارے
ہاں ناچ ہوا اور نہ باجا منگایا گیا پھر ہم نے کیا گناہ کیا سو میں تبلاتا ہوں کہ آپنے
کیا گناہ کیا ہے لیکن پہلے مجھے یہ تبلا دیجئے کہ گناہ کہتے کس کو ہیں ظاہر ہے کہ جو امر شرعاً
ممنوع ہو وہ گناہ کہلاتا ہے خواہ وہ ناچ ہو یا کوئی دوسرا امر ہو کیونکہ ناچ بھی تو
اسی واسطے حرام ہوا کہ شریعت نے اس کو حرام اور جرم قرار دیدیا۔ اب دیکھنا یہ ہے
کہ ناچ کے علاوہ دوسری رسوم کو بھی شریعت نے جرم قرار دیا ہے یا نہیں اس پر مفصل
گفتگو تو اصلاح الرسوم[۱] میں ملیگی میں مختصراً اسوقت بقدر ضرورت بیان کئے دیتا ہوں
یہ بات سب کو معلوم ہے کہ خدا تعالےٰ نے قرآن شریف میں نیز حضور صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے حدیث میں فرمایا تکبر کی سخت ممانعت فرمائی ہے چنانچہ ارشاد ہے اِنَّ
اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ حدیث شریف میں ہے لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ کَانَ
فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ کِبْرٍ دوسری حدیث میں ہے مَنْ لَبِسَ
ثَوْبَ شُھْرَۃٍ اَلْبَسَہُ اللّٰہُ ثَوْبَ الذُّلِّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ آیت کا ترجمہ یہ ہے
کہ بیشک اللہ تعالےٰ کسی اکڑنے والے اور فخر کرنے والے کو دوست نہیں رکھتے اور
حدیث اول کا ترجمہ یہ ہے جس کے قلب میں رائی برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں
داخل نہ ہوگا دوسری حدیث کا ترجمہ یہ ہے اگر کوئی شہرت کے لئے کپڑا
پہنے گا تو قیامت میں خدا تعالےٰ اس کو ذلت کا لباس پہنائیں گے اس آیت
اور حدیث سے معلوم ہوا کہ فخر کے لئے کوئی کام کرنا حرام ہے ایک حدیث میں
ارشاد ہے مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰہُ بِہٖ وَمَنْ رَاءٰی رَاءَی اللّٰہُ بِہٖ اس سے معلوم
ہوا کہ دکھلاوے اور شہرت کا کام کرنا حرام ہے اب غور کر کے دیکھئے کہ شادیوں
میں جو کام ہم کرتے ہیں اور جن کے لئے ہم نے نہایت خوبصورت الفاظ تراش رکھے
ہیں کہ بھات دیا ہے اور بھائیوں کو کھلایا ہے اور بیٹی کو دیا ہے وغیرہ وغیرہ
ان میں نیت ہماری کیا ہوتی ہے۔ صاحبو! محض الفاظ کے خوبصورت ہونے سے کسی
چیز کی حقیقت نہیں بدل جاتی۔ سب سے بڑی چیز نیت ہے لہٰذا نیت کو دیکھنا چاہئے

---

[۱] اصلاح الرسوم ملنے کا پتہ : مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی ۱

کیا ہم لوگ یہ تمام رسمیں محض رسم اور نمود کے لئے نہیں کرتے بہنوں کو بڑا بھات دیا جاتا ہے اور اس کو صلہ رحمی کہا جاتا ہے کیوں صاحب آج سے آٹھ دن پہلے بھی تو یہ بہن آپ ہی کی بہن تھی پھر کیا آپ نے کبھی اس کی خبر لی ہے کبھی بہن کے فقر و فاقے پر آپ کو رحم آیا ہے نیز اگر یہ صلہ رحمی ہے تو تمام برادری کو اس کا معائنہ کرانے کی کیا ضرورت ہے کیا کبھی اپنی لڑکی کے لئے کپڑا خریدتے وقت یا اس کو کھلاتے پلاتے وقت بھی آپ نے برادری کو جمع کیا ہے اگر نہیں کیا تو بھات اور جہیز دیتے وقت برادری کو کیوں جمع کیا جاتا ہے معلوم ہوا کہ محض فخر اور نمود کے لئے ایسا کیا جاتا ہے بس یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ یہ سب رسوم محض شہرت کے لئے ہیں اور شہرت کے لئے جو کام کیا جاتا ہے وہ بروئے حدیث حرام ہوتا ہے تو یہ سب رسوم بھی حرام ہی ہوئیں بالخصوص ایک رسم تو ایسی گندی ہے کہ وہ توبہ سے بھی معاف ہونا مشکل ہے کیونکہ اس کی توبہ بھی مشکل ہے اور لطف یہ کہ اس کو بظاہر عبادت سمجھا جاتا ہے اور اس پر فخر کیا جاتا ہے اور وہ رسم نیوتہ لینا دینا ہے لوگ اس کو قرض حسنہ سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بھائی بھائی کی مدد کرتا ہے اور مدد کرنا عبادت ہے تو گویا نیوتہ دینا عبادت ہوا حالانکہ نیوتہ دینا اس قدر بری رسم ہے کہ سب رسموں میں گندی ہے۔ اس کو شاید آپ نے آج تک نہ سنا ہوگا مگر میں اس وقت ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی حقیقت بیان کروں گا اور وہ کوئی عجیب اور نئی بات نہ ہوگی بلکہ پرانی بات ہے لیکن آپ نے عدم توجہ کے سبب اس میں غلطی کر رکھی ہے مقدمات سب آپ کے مسلم ہیں صرف نتیجے میں آکر غلطی ہو رہی ہے جیسے کسی شخص نے تبت کے ہجے کئے تھے ت ا ب زبر تب ۔ ب ت زبر بت اور رواں پڑھا تھا بتلخ تو آپ نے بھی ہجے تو صحیح کئے ہیں صرف رواں میں غلطی کر رکھی ہے جس کو میں بتلاتا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ امر سب کو مسلم ہے اور کوئی شخص اس سے منکر نہیں کہ نیوتہ ایک قرض ہے دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ قرض واجب الادا ہوتا ہے تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ

قرضخواہ کی موت کے بعد اس کا کل ترکہ اس کے ورثاء کی ملک ہوتا ہے خواہ وہ ترکہ عین ہو یا کسی کے ذمہ دین ہو مثلاً اگر کوئی شخص مرے اور سو روپئے اس کے گھر میں موجود ہوں اور سو روپئے اُدھار میں تو اس کا کل ترکہ دو سو روپیہ سمجھا جائیگا اور یہ دو سو روپئے ملا کر سب ورثاء کو تقسیم کئے جائیں گے۔ ان تینوں مسئلوں کے معلوم ہونے کے بعد دیکھئے کہ نوتہ میں کیا ہوتا ہے سو نوتہ میں یہ ہوتا ہے کہ ایک شخص نے پچیس جگہ دو دو روپئے دیئے اور اس طرح پچاس روپئے اس کے قرض میں پھیل گئے اور اس کے بعد یہ شخص مرا اور دو بیٹے اس نے وارث چھوڑے جن میں ایک بالغ دوسرا نابالغ تو موجود ترکے میں سے تو ان دونوں نے نصفا نصف لے لیا وہ بھی جبکہ بڑا بھائی بڑا ایماندار ہو لیکن جو نوتہ میں قرضہ ہے اس کو کوئی بھی تو تقسیم نہیں کرتا چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ اگرچند روز کے بعد اس بالغ لڑکے کی کسی اولاد کی شادی ہونے لگی تو لوگ وہ نیوتہ اسی کو لاکر دینگے اور یہ بلا تامل سارا نوتہ خود ہی خرچ کریگا اور اپنے کو ہی اُس کا مالک سمجھیگا حالانکہ ان پچاس میں سے پچیس روپیہ اس کا حق ہے اور پچیس اس کے چھوٹے نابالغ بھائی کا حق ہے اسی طرح علی العموم تمام نوتوں میں یہی کیا جاتا ہے کیا کوئی شخص بتلا سکتا ہے کہ کسی نوتہ کو فرائض کی رو سے تقسیم کیا گیا ہو میرے خیال میں ایک جزئی بھی اس کی نہیں بتلائی جا سکتی تو اس میں ایک گناہ تو اس بالغ کو ہوا کہ اس نے یتیم کا مال کھایا قرآن شریف میں ہے إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا ۖ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا ۝ (بیشک وہ لوگ جو یتیموں کا مال ظلماً کھاتے ہیں وہ لوگ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں یہ عنقریب جہنم میں داخل کئے جائیں گے) اور ایک گناہ نوتہ واپس کرنے والوں پر ہوا کہ انھوں نے مشترک مال ایک شریک کو دیدیا اور لطف یہ ہے کہ نوتہ دینے والے سمجھتے ہیں کہ ہم قرض سے سبکدوش ہوگئے حالانکہ ابھی پچیس روپیہ یتیم کے ان کے ذمہ باقی ہیں اور درمختار میں روایت لکھی ہے کہ اگر کسی کے ذمہ کسی کے

تین پیسے قرض کے رہ جائینگے تو قیامت میں اس کی سات سو نمازیں قرضخواہ کو دلائی جائیں گی۔ اور یہ اسوقت ہے کہ جب مالک کے بیٹے ہی کو وصول ہوگیا ہو اور اگر دو تین پشتیں گذر گئیں اور مناسخہ جاری ہوگیا پھر تو خدا جانے دور تک کس کس کا حق اس میں متعلق ہوگیا جس کا پہونچانا سخت ہی دشوار ہے۔ اور اگر کوئی کہے کہ یہ تو باپ دادا کے وقت سے چلا آتا ہے تو میں کہونگا کہ یہ عذر ہرگز قابل سماعت نہیں کیونکہ اگر اس پر عمل کیا جاتا تو آج ہم لوگ مسلمان نہ ہوتے آخر یہ ہم کو اسلام تو اسی لئے نصیب ہوا کہ ہمارے باپ دادا نے اپنے آبا و اجداد کے رسم و رواج کو ترک کر دیا لہٰذا یہ عذر نہایت بارد ہے اس کا علاج اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ پچھلے قرض کو تحقیق کرکے ادا کیا جائے اور آیندہ کو یہ رسم بالکل چھوڑ دی جائے یا کوئی عربی خواں یا انگریزی خواں اس کے سوا کوئی دوسرا علاج مجھے تبلائیں غرض نوتہ کی رسم نہایت گندی اور خراب ہے اگرچہ بظاہر یہ ثواب کا کام نظر آتا ہے اور جب یہ اس قدر خراب رسم ہے جس میں ایک گونہ اعانت غریب کی مصلحت بھی ہے تو دوسری رسوم تو جس میں کوئی مصلحت بھی نہیں بالکل ہی قابل ترک ہونگی اسی طرح ہم نے ہر ہر قدم پر ایک ایک رسم ایجاد کی ہے کہ جب تک وہ نہ ہو گویا شادی ہی نہیں ہو سکتی اور ان رسوم میں جو دنیا کی مضرتیں ہیں ان کا بیان کرنا میرا منصب نہیں ہے لیکن ایک مختصر سے جملہ میں جس میں ایک گونہ رعایت بھی غریب کی مصلحت بھی ہے تبرعًا ان کو بھی بیان کئے دیتا ہوں وہ یہ کہ مسلمانوں پر جس قدر تباہی آئی ہے زیادہ تر انھیں رسموں کی بدولت آئی ہے کیونکہ آمدنی ہر مسلمان کی جتنی ہے سب پر ظاہر ہے اور خرچ ان رسموں کی بدولت جیسا کچھ ہوتا ہے وہ بھی سب کو معلوم ہے مآل اس مجموعہ کا اس کے سوا اور کیا ہوگا کہ آج زمین رہن ہو رہی ہے اور کل مکان پر قرقی ہے پرسوں زیور اور اثاث البیت نیلام ہو رہا ہے چوتھا دن نہیں آیا کہ میاں پابند رسوم بہ یک بینی و دو گوش رہ گئے بعض لوگ اس کا یہ جواب دیا کرتے ہیں کہ ہم میں گنجائش ہے اور ہم کو قرض نہیں

لینا پڑتا۔ سو اول تو یہ جواب مسلم نہیں کیونکہ ہر حیثیت کا آدمی اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرنا چاہتا ہے اور اس میں قرض لینا لازمی ہے دوسرا اگر مان بھی لیا جائے کہ ان کو قرض لینا نہ پڑے گا تو کم از کم ان کو اپنے غریب بھائیوں کا تو خیال ضرور ہی کرنا چاہیئے اور سمجھنا چاہیئے کہ ہم کریں گے تو حرص کے مارے وہ بھی کریں گے اور تباہ ہونگے تو اس سے ہم بھی نہ کریں تیسرے جب یہ گناہ ہے اسلئے بھی اس کو چھوڑ دینا چاہیئے گو دنیوی مضرت بھی نہ ہو۔ اسی طرح غمی کی رسمیں ہیں کہ ان میں بھی جو کچھ کیا جاتا ہے وہ محض شہرت کے لئے کیا جاتا ہے نہ کہ خدا کے لئے کیونکہ اگر خدا کے لئے کیا جاتا تو پوشیدہ طور پر کرنا بھی گوارا کیا جاتا اس دکھلانے اور سب پر ظاہر کرنیکا اہتمام کیوں ہوتا معلوم ہوا کہ محض شہرت ہی مقصود ہے اور امتحان اس کا یہ ہے کہ اگر کسی پابند رسوم سے یہ کہا جائے کہ بجائے اس ڈھونگ کے تم پچاس روپئے دس مساکین کو دیدو اور کسی کو خبر نہ کرو تو وہ ہرگز راضی نہ ہوگا بلکہ یوں سمجھیگا کہ اس طرح کرنے سے یہ پچاس روپیہ ضائع ہی ہو جائیں گے اور کہیگا کہ اچھی مولوی صاحب نے رائے دی کہ پچاس روپیہ بھی خرچ کروں اور کسی کو خبر بھی نہ ہو صاحبو! یہ تو آپ لوگوں کی حالتیں ہیں اور پھر کہا جاتا ہے کہ مولوی ثواب بخشنے سے روکتے ہیں یہ تو بتلاؤ کہ خود آپ ہی کو کب ثواب ہوا تھا کہ دوسرے کو بخشتے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ مولوی تو آپ کو ثواب ملنے اور ثواب بخشنے کی ترکیب بتلاتے ہیں ثواب سے منع نہیں کرتے اور وہ ثواب بخشنے کی ترکیب یہ ہے کہ داہنے ہاتھ سے دو اور بائیں کو خبر نہ ہو۔ نیز اپنے خاص حصے سے دو مُردے کے وہ کپڑے جن میں تمام ورثاء بالغ و نابالغ کا حق متعلق ہو گیا ہے وہ نہ دو۔ اور اگر دو تو ان کو تقسیم کرلو اور جو تمہارے حصے میں آئیں وہ دو مشترک ہرگز نہ دو تو ثواب کا طریقہ یہ ہے نہ وہ جو آپنے تراش رکھا ہے لوگ چاہتے ہیں کہ نام بھی ہو اور ثواب بھی ہاتھ سے نہ جائے سو ریاء میں ثواب کہاں اور الٹا عذاب ہے شیخ علیہ الرحمۃ اس کی بابت فرماتے ہیں ؎

کلید در دوزخ ست آں نماز  که در چشم مردم گذاری دراز

(وہ نماز جو صرف دکھاوے کے لئے گھنٹوں ادا کی جاتی ہے وہ دراصل دوزخ کے دروازے کی کنجی ہے)

یہ نمونہ کے طور پر میں نے بیان کر دیا ہے دوسری رسموں کو بھی اسی پر قیاس کر لینا چاہئے یہ تو دلائل قولیہ تھے فعلی بھی سنو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کی شادی کر کے دکھلا دیا کہ شادی اس طرح کرنی چاہیئے۔ علیٰ ہذا اپنے صاحبزادے ابراہیم رضی اللہ عنہ کی غمی کر کے بتلا دیا ہے کہ غمی یوں کرنی چاہیئے پھر جب ہم نے اس کے موافق نہ کیا اور ہر امر میں اپنی ٹانگ اڑالی اور اس کا خلاف گراں ہوا تو سہولت اطاعت کہاں ہوئی پھر محبت مطلوبہ کہاں ہوئی اس محبت کا اثر تو یہ ہے کہ اطاعت میں سہولت پیدا ہو اور جبکہ ہم نے بالکل شریعت کے خلاف کیا کہ وضع وہ اختیار کی جو شریعت کے بالکل خلاف۔ معاشرت وہ پسند ہوئی جس کو شریعت سے کچھ بھی لگاؤ نہیں کون کہہ سکتا ہے کہ ہم کو کامل محبت خدا و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے خلاصہ یہ ہے کہ کامل محبت کے دو اثر ہیں ایک دوام ذکر اور دوسرے سہولت اطاعت اور یہی علامت کامل ایمان کی ہے اگر ہم میں یہ دونوں باتیں نہیں پائی جائیں تو ہم کو اپنی حالت پر افسوس کرنا چاہیئے۔ صاحبو! یہ تو بفضلہ تعالےٰ بلاغبار ثابت ہوگیا کہ خدا تعالےٰ کی محبت کاملہ کا دعویٰ بدون ذکر دائم و سہولت اطاعت کے غلط ہے اب یہ بات باقی رہی کہ آیا خدا تعالےٰ اس محبت کاملہ کے مستحق بھی ہیں یا نہیں سو اسکو بھی سمجھ لو کہ درحقیقت خدا تعالےٰ ہی مستحق محبت ہیں اور یہ ایسی ظاہر بات ہے کہ شریعت کے علاوہ عقل بھی اس کا فتوےٰ دیتی ہے اس لئے کہ محبت کے تین سبب ہوا کرتے ہیں یا تو یہ کہ کوئی شخص ہم پر احسان کرتا ہو اور اس کے احسان کی وجہ سے ہم کو اس سے محبت ہو یا یہ کہ وہ خود نہایت حسین جمیل ہو اور اس کے حسن وجمال کی وجہ سے اس کی طرف میلانِ خاطر ہو یا یہ کہ اس میں کوئی کمال پایا جاتا ہو اور وہ کمال باعث محبت ہو جیسے حاتم طائی سے اس کی سخاوت کے

سبب اور رستم سے اس کی قوت کے سبب یا کسی عالم فاضل سے اس کے علم وفضل کے سبب محبت ہوتی ہے اب غور کیجئے کہ ان تینوں وجوہ محبت میں سے کوئی وجہ بھی ہے کہ خدا تعالیٰ میں نہ پائی جاتی ہو۔ منعم وہ اتنے بڑے ہیں کہ کوئی ان کی برابر ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ سب اس کی مخلوق و مملوک و محتاج ہیں جمال ان کا اس حد تک ہے کہ کسی کو حاصل ہونا ممکن ہی نہیں بڑے بڑے حسین جمیل ان ہی کے حسن وجمال کے فیض سے حسین جمیل بنے بیٹھے ہیں۔

ع : چہ باشد آں نگار خود کہ بندد ایں نگارہا

علیٰ ہذا صاحب کمال اتنے بڑے ہیں کہ علم کامل اُنہی کو ہے نیز ہر صفت کمال علیٰ وجہ الکمال ان ہی میں پائی جاتی ہے تو انعام و نوال اور حسن وجمال اور فضل وکمال ہر طرح سے عقلاً و نقلاً ان ہی میں ہے پس وہی مستحق محبت ہیں بس اب اپنے قلوب کو ٹٹولو کہ خدا تعالیٰ سے محبت کاملہ ہے یا نہیں اگر نہیں ہے تو اس کی تحصیل کی تدبیر کرو اور تدبیر بھی میں بتلاتا ہوں اور اسی پر انشاء اللہ تعالیٰ بیان کو ختم کردونگا لیکن یہ نہ سمجھ لینا کہ محبت امر غیر اختیاری ہے اس کا پیدا کرنا ہمارے اختیار میں نہیں ہے پھر اس کی تدبیر کیا ہو تو کیونکہ یہ گمان غلط ہے محبت گو خود غیر اختیاری ہو مگر اس کے اسباب اختیاری ہیں جن پر ترتب محبت کا عادۃً ضروری ہے اور ایسے امور میں خدا تعالیٰ نے ہر امر کی تدبیر بتلائی ہے سو وہ تدبیر یہ ہے کہ تم چند باتوں کا التزام کرلو ایک تو یہ کہ تھوڑی دیر خلوت میں بیٹھ کر اللہ اللہ کرلیا کرو اگرچہ پندرہ بیس منٹ ہی ہو لیکن اس نیت سے ہو کہ اس کے ذریعے سے خدا تعالیٰ کی محبت پیدا ہو۔ دوسرے یہ کیا کرو کہ کسی وقت تنہائی میں بیٹھکر خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو سوچا کرو اور پھر اپنے برتاؤ کو غور کیا کرو کہ ان انعامات پر خدا تعالیٰ کے ساتھ ہم کیا معاملہ کر رہے ہیں اور ہمارے اس معاملے کے باوجود بھی خدا تعالیٰ ہم سے کس طرح پیش آرہے ہیں۔ تیسرے یہ کرو کہ جو لوگ محبان خدا ہیں ان سے علاقہ پیدا کرلو اگر ان کے پاس آنا جانا دشوار ہو تو خط و کتابت

ہی جاری رکھو لیکن اس خیال کا رکھنا ضروری ہے کہ اہل اللہ کے پاس اپنے دنیا کے جھگڑے نہ لیجاؤ نہ دنیا پوری ہونیکی نیت سے ان سے ملو بلکہ خدا کا راستہ ان سے دریافت کرو اپنے باطنی امراض کا علاج کراؤ اور ان سے دعاء کراؤ چوتھے یہ کرو کہ خدا تعالےٰ کے احکام کی پوری پوری اطاعت کیا کرو کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ جس کا کہنا مانا جاتا ہے اس سے ضرور محبت بڑھ جاتی ہے وقت میں گنجائش نہیں ہے ورنہ میں اس کو مفصل طور پر بتلاتا۔ پانچویں یہ کہ خدا تعالےٰ سے دعا کیا کرو کہ وہ اپنی محبت عطا فرمائیں یہ پانچ جزء کا نسخہ ہے اس کو استعمال کر کے دیکھئے۔ انشاءاللہ تعالےٰ بہت تھوڑے دنوں میں خدا تعالےٰ سے کامل محبت ہوجائے گی اور تمام امراض باطنی سے نجات حاصل ہوجائیگی اور آپ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ کے پورے مصداق ہوجائیں گے مگر ان پانچ اجزاء میں جو ایک جزو ہے اطاعت وہ اس وقت ہوسکتی ہے کہ جب احکام کا علم ہو اور احکام کا علم اس وقت ہوسکتا ہے کہ جب ان کو سیکھا جائے لہذا ایک چھٹے جزو کی اور ضرورت ہوگی وہ یہ ہے کہ علم دین سیکھا جائے مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ ہر شخص مولوی عالم بنے۔ عالم بننے کیلئے تو صرف وہ لوگ مناسب ہیں جن کو خدا تعالےٰ نے فراغ اور وقت دیا ہے آپ صرف اتنا کریں کہ اردو کے چھوٹے چھوٹے رسائل دینیہ جو اسی غرض سے لکھے گئے ہیں کسی سے پڑھ لیں اور اگر پڑھنے کے لئے وقت نہ ہو یا عمر زیادہ ہو جانیکی وجہ سے یہ دشوار معلوم ہو تو کسی سے سن لیں سو اس کے لئے اس کی ضرورت ہے کہ ہر شہر میں ایک دو عالم ایسے رہیں کہ جن سے یہ دو کام یعنی ان سے پڑھنے اور سننے کے لئے جائیں اور ان دونوں کام لینے کی چار صورتیں ہونگی۔ اول تو یہ کہ اگر ان سے کوئی شخص پڑھنے جائے تو پڑھائیں۔ دوم یہ کہ اگر ان سے کوئی مسئلہ پوچھا جائے تو وہ بتلا سکیں سیتسرے ہر ہفتے میں ایک دن ایسا نکالیں کہ لوگوں کو جمع کر کے کوئی کتاب مسئلوں کی لے کر خود اس کے مسائل پڑھا کریں اور عام لوگ ان کو سنا کریں اور مسائل میں نماز روزہ حج زکوٰۃ معاشرت معاملات وغیرہ

سب کے احکام داخل ہیں سب سنائیں. چوتھا کام ان کا یہ ہو کہ ہر ہفتہ یا پندرھویں دن ترغیب وترہیب کا وعظ کہا کریں اور وعظ کی مجلس کو بیان مسائل کی مجلس سے علیحدہ کرنے کی ضرورت اس لئے پڑی کہ یہ تجربے سے ثابت ہو گیا ہے کہ وعظ میں مسائل فقہیہ کا زیادہ بیان نہیں ہو سکتا اکثر یاد میں بھی خلط ہو جاتا ہے اور بالخصوص اسلئے بھی کہ وعظ میں اکثر لوگ مزیدار مضامین سننے کی غرض سے آتے ہیں اسلئے وعظ میں زیادہ صرف ترغیب وترہیب کے مضامین ہوں یہ چار کام ان کے سپرد ہوں اور ان کی تنخواہ اہل شہر خود اپنے ذمہ لیں اور یہ کوئی مشکل بات نہیں ہے دیکھئے جس مقام پر طبیب نہیں ہوتا اہل شہر چندہ کر کے کسی ایک طبیب کو بلاتے ہیں اور تنخواہ دیتے ہیں تو کیا باطنی امراض کا ازالہ بدنی امراض کی برابر بھی ضروری نہیں ہے یہ دستور العمل تو مردوں کے لئے ہے رہیں عورتیں ان کے لئے آسان یہ ہے کہ جو عورتیں پڑھی لکھی ہیں وہ اپنے گھر میں بیٹھکر بہشتی زیور وغیرہ پڑھا کریں اور جو پڑھی ہوئی نہیں ہیں وہ اپنے لڑکوں بچوں سے کسی وقت بہشتی زیور کے مسائل سن لیا کریں اور یہ بھی نہ ہو تو لڑکیوں کو پڑھوا کر تیار کرلیں اور ان سے اسی سلسلے کو جاری کریں یہ ہے مختصر دستور العمل اس سے انشاء اللہ ہر شخص کو علم دین حاصل ہو جائیگا اور محبت بھی بڑھے گی اور دین کی تکمیل ہو گی۔ خلاصہ سارے بیان کا یہ ہوا کہ ایمان والوں کے لئے محبت کاملہ لازم ہے اور محبت کاملہ کے لئے سہولت اطاعت لازم اور اس کی تائید کے لئے کچھ وقت ذکر اللہ کے لئے مقرر کرنا بھی مناسب اور پھر طاعت کے لئے ضروری ہے واقفیت اور واقفیت حاصل کرنیکے طریقے سہل یہ ہیں تو ان طریقوں پر عمل کیا جائے کہ علم حاصل ہو اور اس سے

طاعت میں سہولت ہو اور اس سے محبت بڑھے اور ایمان کی تکمیل ہو اور یہ تدابیر اختیار کر کے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ خدا تعالیٰ سے دعا کیجاتے کیونکہ ہر امر اس کی مشیت پر موقوف ہے اس کی مشیت نہ ہو تو یہ سب تدابیر بے سود ہیں لیکن نری دعا پر بھی نہ رہنا چاہیئے جیسے بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ بزرگوں سے دعا کی التجا کرتے ہیں لیکن خود کچھ نہیں کرتے حضرت حاجی امداد اللہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ سے ایک تاجر نے بمبئی میں کہا کہ حضرت دعا کیجئے کہ خدا تعالیٰ مجھے حج نصیب کریں آپ نے فرمایا کہ اس شرط سے دعا کروں گا کہ جس روز جہاز چلے اس روز کامل اختیار تم مجھے اپنے اوپر دیدینا کہنے لگے حضرت اسمیں کیا مصلحت ہے آپ نے فرمایا مصلحت یہ ہے کہ تمہارا ہاتھ پکڑ کر جہاز میں بٹھلا دوں گا اور پھر خدا تعالیٰ سے دعا کروں گا کہ تمہیں صحیح وسالم پہنچا کر حج کرا دے ورنہ میری خالی دعا کرنے سے کیا ہوگا جبکہ تم بمبئی سے باہر نکلنے کا قصد ہی نہ کرو غرض محض دعا کرانے سے کام نہیں چلتا ضرورت اس کی ہے کہ اول کوشش کی جائے اور اس کے ساتھ خدا سے دعا کی جائے البتہ جو کام ایسے ہیں کہ ان میں تدبیر کو بالکل دخل نہیں ہے وہاں نری دعا ہی کافی ہے مثلاً بارش کا ہونا کہ وہ محض خدا تعالیٰ کے اختیار میں ہے ہم اس کے لئے کوئی تدبیر کر ہی نہیں سکتے لیکن جو کام ہمارے اختیار میں ہیں جیسے خدا تعالیٰ سے محبت پیدا کرنا ان میں نہ تو نری تدبیر پر اکتفا کیا جائے کہ وہ بسا اوقات ناز اور عجب کا باعث ہو جاتی ہے اور نہ نری دعا پر بس کیا جائے کہ وہ کچھ مفید نہیں۔ آپ خدا تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہماری تدابیر میں برکت عطا فرمائیں اور ہم کو موانع سے محفوظ رکھیں اور اپنی اطاعت کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین یا رب العالمین۔

تمت بالخیر

مواعظ حضرت حکیم الامۃ رحمۃ اللہ علیہ ملنے کا پتہ۔ مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی ملا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلغوا عنی ولو آیۃ
رواہ البخاری

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

چھٹا وعظ ملقب بہ

# العمل للعلماء

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی "دفتر الابقاء"

مسافر خانہ بندر روڈ کراچی ۱

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

چھٹا وعظ ملقب بہ

# العمل للعلماء

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھکر یا کھڑے ہوکر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد | متفرقات |
| مدرسہ عربیہ دیوبند | ۱۵ رجب ۱۳۳۰ھ ہجری وقت شب | دو گھنٹہ // // | کھڑے ہو کر // | طلبا کو علم پر تشا عمل کا ہونا ضروری تبلایا تھا بالخصوص وہ اُمور جن میں طلبہ کوتاہی کرتے ہیں | سعید احمد تھانوی مرحوم | ۳۰۰ آدمی // // | عربی طلبہ کا مجمع زیادہ تھا |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اِنَّھُمْ کَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَیَدْعُوْنَنَا

رَغَبًا وَّرَهَبًا ۖ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ○ (وہ لوگ نیک کاموں میں مستعدی کرتے تھے اور ہم کو نہایت ہی شوق اور خوف سے پکارتے تھے اور ہم سے ڈرتے تھے) یہ آیت کا ایک جزو ہے۔ اس کے قبل سے حق سبحانہٗ تعالیٰ نے حضرات انبیاء علیہم السلام کا ذکر اور حسب ضرورت مقام کے خاص خاص اغراض کے لئے ان کے کچھ خیالات بیان فرمائے ہیں ان حالات کے بعد ان حضرات کے مشترک اوصاف کو اس آیت میں ذکر فرمایا ہے جس کا ترجمہ آپ کو معلوم ہے یہ حاصل ہے اس آیت کا۔ اور مقصود اس آیت سے اس وقت ایک خاص امر کو ظاہر کرنا ہے اور وہ امر کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ آپ لوگوں کی جانی ہوئی بات ہے لیکن بعض بات ایسی ہوتی ہے کہ باوجود اس کے معلوم ہونے کے وہ ملتفت الیہ نہیں ہوتی اور اس لئے اس کو امر جدید بھی کہہ دیا جاتا ہے تو یہ بھی چونکہ ملتفت الیہ نہیں ہے اس واسطے اس کو بھی اس خاص اعتبار سے امر جدید کہنا درست ہوگا اور التفات نہ ہونے کے اسباب مختلف ہوتے ہیں کبھی تو کسی امر کے غایت درجہ بیّن ہونے کی وجہ سے اس کو معمولی سمجھا جاتا ہے اور اس کی طرف التفات نہیں ہوتا اور کبھی کسی امر کا غیر بیّن ہونا اس کے غیر ملتفت الیہ ہونیکا سبب ہوتا ہے اور جب یہ ہے تو یہ آخر مقصود بالبیان بھی ممکن ہے کہ بعض افراد کے اعتبار سے تو غایت درجہ بیّن ہونے کی وجہ سے معمولی بات ہو کر غیر ملتفت الیہ ہو گیا اور بعض افراد کے اعتبار سے غیر بیّن ہو کر غیر ملتفت الیہ ہو گیا غرض چونکہ بعض امور غیر ملتفت الیہ ہو جاتے ہیں اور واقع میں ان کی طرف التفات کرنا ضروری ہوتا ہے اس لئے ان کو بیان کیا جایا کرتا ہے اور ان کا بیان کرنا باوجود ان کے معلوم للمخاطب ہونے کے عبث نہیں ہوتا بیان اور شرح

عہ وہ مقصود بالبیان عمل ہے اور اس کے مختلف افراد ہیں اعمالِ جوارح و اعمالِ لسان و اعمالِ قلب جیسا کہ آگے تفصیل آتی ہے اور ان میں بعض تو غایت ظہور و شہرت کے سبب سرسری سمجھے جاتے ہیں اسلئے ان کا اہتمام کم کیا جاتا ہے جیسے افعال جوارح اور بعض کی طرف بوجہ عدم شہرت التفات کم ہوتا ہے جیسے اکثر اعمال قلب۔ یہ معنی ہیں اس قول کے کہ ممکن ہے کہ بعض افراد الخ ۱۲ منہ

اس امر کی یہ ہے کہ اس مقام پر انبیاء علیہم السلام کا ذکر ہے اور آپ حضرات بوجہ دولت علم کے ان حضرات کے وارث ہیں چنانچہ ارشاد ہے اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَآءِ (علماء انبیاء کے وارث ہیں) اور یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اس کو ہر ذی علم نے بڑی خوشی سے تسلیم کر لیا ہے اور سب کا اتفاق اس وراثت پر ہو گیا ہے جس اتفاق کی وجہ یہ ہے کہ اس مسئلے کے ماننے میں اہل علم کا نفع ہی نفع ہے وہ یہ کہ اس سے ایک عظیم الشان فخر حاصل ہوتا ہے اور کسی قسم کی مؤنت اور مشقت اس میں ہے نہیں اسلئے اپنا لقب وارث قرار دیکر بیٹھ رہے حالانکہ اس میں اس بات پر غور کرنے کی ضرورت تھی کہ حضرات انبیاء علیہم السلام میں کمال علمی کے ساتھ کوئی دوسرا کمال یعنی کمال عملی بھی تھا یا نہیں ظاہر ہے کہ اس کا جواب اثبات میں دیا جائیگا کیونکہ اگر انبیاء علیہم السلام میں بھی کمال عملی نہ مانا جاوے تو پھر کس کے اندر مانا جاوے گا کیونکہ وہ حضرات تو افضل المخلوقات ہیں پس یہ کہنا ضروری ہوگا کہ انبیاء میں اس درجہ کمال عملی تھا کہ کسی دوسرے میں ہونا ممکن نہیں جب یہ بات ثابت ہو چکی تو اب دیکھنے کی بات یہ ہے کہ وجہ وراثت آیا صرف کمال علمی ہے یا کمال عملی بھی اس میں داخل ہے ہم جو غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ صرف کمال علمی وجہ وراثت نہیں ہو سکتا اسلئے کہ جو عالم بے عمل ہیں ہم اُنمیں کوئی شان مقبولیت کی نہیں پاتے حالانکہ وارث نبی کے لئے مقبول ہونا ضروری ہے مثلاً ابلیس کہ وہ بہت بڑا عالم ہے اور دلیل اس کے عالم ہونے کی یہ ہے کہ وہ علماء کے اغواء کی تدبیر کرتا ہے اور بسا اوقات اس میں کامیاب بھی ہو جاتا ہے اور یہ امر ظاہر ہے کہ کسی شخص کے خیالات کو وہی بدل سکتا ہے جو کہ خود بھی ان خیالات میں کم از کم اس کے برابر تو ماہر ہو جس کے خیالات بدلنے کی کوشش ہے۔ قانون کے سمجھنے میں قانون دان کو وہی شخص دھوکہ دیسکتا ہے جو کہ خود بھی قانون کو جانتا ہو۔ تو شیطان کا علماء کے اغواء میں کامیاب ہونا صاف بتلا رہا ہے کہ وہ بھی بہت بڑا عالم ہے لیکن اس کا جو انجام ہے وہ سب کو معلوم ہے۔ علیٰ ہذا علماء بنی اسرائیل جن کی نسبت اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْکِتٰبَ (تم لوگ

کتاب کی تلاوت کرتے ہوں) ارشاد ہے مگر ان کی دخامت عاقبت کا ذکر خود قرآن شریف میں مذکور ہے اور جگہ جگہ ان لوگوں کی مذمت فرمائی گئی ہے حتیٰ کہ کسی فرقے کی اتنی مذمت قرآن میں نہیں جتنی بنی اسرائیل کی ہے پس معلوم ہوا کہ صرف کمال علمی وجہ وراثت نہیں ہے بلکہ عمل کی بھی ضرورت ہے کیونکہ بدون عمل کے قبولیت نصیب نہیں ہوتی اور غیر مقبول وارث انبیاء نہیں ہوسکتا۔ اس کو رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں نہایت واضح فرما دیا ہے فرماتے ہیں اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ وَاِنَّ الْاَنْبِیَاءَ لَمْ یُوَرِّثُوْا دِیْنَارًا وَّلَا دِرْھَمًا وَّلٰکِنْ وَّرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ اَخَذَہٗ اَخَذَ بِحَظٍّ وَّافِرٍ (علماء انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں اور انبیاء علیہم السلام اپنے ورثہ میں نہ تو کوئی دینار چھوڑتے ہیں اور نہ درہم بلکہ وہ علم چھوڑتے ہیں لہٰذا جس شخص نے علم کو اپنا لیا اُسے بہت بڑا حصہ دستیاب ہوا) اس حدیث میں علم کو حَظِّ وافر فرمایا ہے اور علم حظ وافر اس وقت ہوسکتا ہے کہ جب مقرون بالعمل ہو نری صفت علم کو حظ وافر نہیں کہہ سکتے کیونکہ اس کا وبال جان ہونا خود حدیث میں مذکور ہے ارشاد ہوتا ہے اِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَھْلًا (بیشک علم کے اندر جہالت بھی ہے) اسی طرح کلام مجید میں ارشاد ہے وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىہُ مَا لَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنْ خَلَاقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِہٖٓ اَنْفُسَھُمْ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ۝ (وہ جان چکے ہیں کہ جو کوئی اس کا خریدار ہو اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور بہت بری چیز ہے وہ جس کے بدلہ میں اپنی جانوں کو دے رہے ہیں کاش اُن کو (اتنی) عقل ہوتی) تو حدیث میں ایسے علم کو جہل فرمانا اور آیت میں عَلِمُوْا کے بعد لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ۝ فرمانا صاف بتلاتا ہے کہ یہ علم کسی درجہ میں بھی قابل اعتبار نہیں۔ اور اس سے بھی زیادہ واضح لیجیے حدیث میں ہے کہ قیامت کے روز ایک شخص کو دیکھا جائیگا کہ اس کی آنتیں باہر نکل پڑی ہیں اور وہ ان کے گرد گھوم رہا ہے لوگ اس سے اس سزا کا سبب پوچھیں گے۔ کہیگا کہ میں اپنے علم پر عمل نہ کرتا تھا پس ان آیتوں اور حدیثوں سے اچھی طرح واضح ہوگیا کہ علم بلا عمل حظ وافر نہیں ہوسکتا کیونکہ جو علم عقاب سے نہ بچا سکے وہ حظ وافر کیا ہوگا پس حظ

وافر وہی علم ہوگا جو کہ مقرون بالعمل ہو پس وجہ وراثت بھی وہی علم ہوگا جو کہ مقرون بالعمل ہو مطلق علم وجہ وراثت نہ ہوگا مگر باوجود اس کے ہم لوگ جو اپنے کو اہل علم کہتے ہیں ذرا اپنے قلوب کو ٹٹول کر دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ ہمارے قلوب میں محض صفت علم ہی پر ایک ناز پایا جاتا ہے اور ہم اپنے کو صرف اسی صفت کی وجہ سے بہت بڑا سمجھتے ہیں اور عمل کی کمی سے ہم کو اپنے کمال میں نقص کا شبہ ہی نہیں ہوتا اور یہ ایسا بدیہی امر ہے کہ اس پر کسی قرینے کے قائم کرنے کی ضرورت نہیں ہر شخص ذرا سے غور سے خود معلوم کر سکتا ہے اور اگر قرینے کی ضرورت ہے تو قرائن بھی اس کے موجود ہیں۔ مثلاً ایک قرینہ اس کا یہ ہے کہ باوجود عمل نہ کرنے کے عوام الناس سے اپنے کو برتر سمجھتے ہیں اور اپنی حالت کو ان سے ارفع خیال کرتے ہیں چنانچہ اگر عوام الناس ہماری تعظیم میں کمی کریں تو ہم کو سخت تعجب ہوتا ہے اور بہت ہی غصہ آتا ہے یہ صاف دلیل اس کی ہے کہ ہم لوگ محض علم کی وجہ سے اپنے کو ارفع سمجھتے ہیں۔ اسی طرح اگر ہم کہیں چلے جا رہے ہوں اور کوئی عامی آدمی ہم کو راستہ میں ملے تو خود سلام کرنا تو درکنار اس کے سلام کا جواب دیدینا بھی اپنا احسان سمجھتے ہیں۔ کیوں صاحب کیا قرآن مجید میں ایسے ہی لوگوں کی بابت فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ (وہ اپنے علم کی وجہ سے جو کہ ان کے پاس ہے شاد و مسرور ہوگئے) ارشاد نہیں ہوا اور جب یہ ہے تو کیا نرا علم قابل ناز یا فخر کرنے کے ہو سکتا ہے کبھی نہیں جیسا کہ حدیث شریف میں صاف مذکور ہے ایک علم بندے کے لئے حجت ہے اور ایک علم خدا کی حجت ہے بندے پر تو ایسا علم کیا مایۂ ناز ہو سکتا ہے اور ہم جو اپنے کو انبیاء کا وارث سمجھتے ہیں تو کیا ہمارا نرا علم حاصل کر لینا اس وراثت کے لئے کافی ہو گیا۔ ہرگز نہیں۔ چونکہ ہم لوگ اس مرض میں مبتلا ہیں خواہ وہ ابتلاء اعتقاداً ہو یا عملاً یا حالاً اور یہ آیت اس خیال کا باطل ہونا بتلا رہی ہے اس لئے اس آیت کو اس وقت اختیار کیا گیا ہے جس میں انبیاء علیہم السلام کے لئے صفت علم کے اثبات کے بعد شان عملی کو بیان کیا گیا ہے تاکہ ہم

متوجہ ہوں اور غور کریں کہ جن کے ہم وارث بنتے ہیں ان میں کیا کیا اوصاف تھے۔ اور یہی غور کرنا غرض ہے قرآن شریف میں متعدد جگہ حضرات انبیاء علیہم السلام کے قصص مذکور ہوتے کی تاکہ ہم غور کیا کریں پس ہم کو متوجہ ہونا چاہیئے آیا کہ ہم میں وہی شانِ عمل پائی جاتی ہے یا نہیں اگر نہیں پائی جاتی تو وراثت کا دعوےٰ ہم کو چھوڑ دینا چاہیئے تو گویا یہ آیت ہمارے اس مرض کا علاج ہے پس بیان آیت کا یہ ہے کہ اس میں اول حضرات انبیاء علیہم السلام کے علم کو بیان کیا گیا ہے جس کی برابر کسی کا علم بھی نہیں ہے کیونکہ ایسے علم کامل کے لئے نبوت لازم ہے یا یوں کہئے کہ ایسا علم کامل نبوت کے لئے لازم ہے یا دونوں طرف سے تلازم مانا جائے بہر حال جو کچھ بھی کہا جائے اتنا قدر مشترک ماننا پڑتا ہے کہ نبوت اور کمال علم میں انفکاک نہیں ہوتا تو باوجود علم کے اس کامل مرتبہ پر ہونیکے پھر بھی ان کی مدح کا مدار صرف اس علم کو قرار نہیں دیا بلکہ اس کے ساتھ اِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ (یہ سب نیک کاموں میں دوڑتے تھے) کو بھی مقرون کیا اور مدار مدح کا ایک جزو اس کو قرار دیکر مجموعہ جزئین پر مدح کو ختم فرمایا جس کا حاصل یہ ہوا کہ کمال علمی بھی اگرچہ کمال ہے لیکن وہ کمال تمام اس وقت ہوتا ہے کہ اس کے ساتھ عمل بھی مقرون ہو کیونکہ اگر عمل کو مدح میں داخل نہ مانا جائے اور صرف صفت علم پر مدح کو مقصور مانا جائے تو صفت علم کو معرض مدح میں ذکر کرنا ایک امر زائد ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ باعث مدح صرف کمال علمی نہیں بلکہ اس کے ساتھ کوئی دوسرا کمال بھی ہے اور وہ کمال کمال عملی ہے جس کو اس مقام پر ذکر کیا گیا ہے۔ اور اس وقت آپ حضرات کو یہ سنایا جارہا ہے اگرچہ آپ کو سنانے کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ آپ خود متکلم سے زیادہ جانتے ہیں لیکن اسی قاعدہ مذکورہ کی بناء پر کہ کبھی باوجود معلوم ہونے کے بعض امور ملتفت الیہ نہیں ہوتے سنانا مفید معلوم ہوا اور گو اس وجہ سے کہ مقصود بالذات علم سے عمل ہے اور مقصود بالذات کا ملتفت الیہ ہونا ضرور ہے اس اعتبار سے اس مقصود بالذات پر متنبہ کرنے کی حالت

نہ ہونا چاہئے لیکن کبھی مقصود بالغیر میں اس قدر انہماک ہوجاتا ہے کہ اصل مقصود بالذات نظر سے غائب ہوجاتا ہے اگرچہ یہ ہے بڑی غلطی کیونکہ اس سے اکثر خود طریق میں بھی غلطی واقع ہوجاتی ہے توضیح اس کی یہ ہے کہ اگر مقصود پیش نظر نہ ہو تو یہ پتہ نہیں چلتا کہ کس طریق کو تو مقصود سے تعلق ہے کہ وہ قابل اہتمام ہو اور کس طریق کو اس سے تعلق نہیں کہ وہ قابل ترک ہو تو سعی کا مفید یا لاطائل ہونا معلوم نہیں ہوتا مثلاً اگر کوئی شخص دہلی جانا چاہے تو ریل میں بیٹھنا وہاں پہونچنے کا ایک ذریعہ ہے لیکن اگر دہلی پیش نظر ہے تو اس کو اہتمام ہوگا کہ وہ گاڑی تلاش کرے جس کے ذریعہ سے دہلی پہونچ جائے اور اگر دہلی پیش نظر نہیں بلکہ محض چلنا ہی پیش نظر ہے تو عجب نہیں کہ اس میں غلطی ہو اور بجائے دہلی کے کلکتہ پہونچ جائے یہی حالت ہر طریق اور مقصود میں ہے کہ اگر خود طریق ہی کو مثل مقصود بالذات کے سمجھ لیا اور بالذات کو پیش نظر نہیں کیا تو اس میں لگا ہے انہماک ہو کر ضرور غلطی ہوگی لہٰذا طریق کے اہتمام میں مقصود کو بھلانا بڑی کمی ہے مگر پھر بھی تحصیل علم میں یہ کوتاہی بکثرت واقع ہو رہی ہے کہ محصلین کو یہ یاد ہی نہیں کہ اس علم کی غایت عمل ہے اسی وجہ سے باوجود آپ کے جاننے کے پھر بھی آپ کو متنبہ کرنے کا خیال پیدا ہوا سو اس باب میں انبیاء علیہم السلام کی حکایت ہمارے لئے کافی نمونہ ہے کیونکہ ہم انبیاء علیہم السلام کے جانشین ہیں جو ان کی حالت تھی وہی ہم کو اختیار کرنی چاہئے اور وہ حالت اس آیت میں مذکور ہے اور اس میں کئی قسم کے حکم بیان کئے گئے ہیں اور سب کا حاصل مشترک یہ ہے کہ اس میں شان عمل کو ذکر کیا ہے جس میں سے مختلف انواع کو ایک ایک جملہ میں بیان فرمایا ہے کہ ان کا حاصل کرنا ضروری ہے فرماتے ہیں اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ کہ وہ لوگ مستعدی کرتے تھے نیک کاموں میں یہ ایک جملہ ہے جس میں ایک نوع عمل کو ذکر کیا ہے آگے ارشاد ہے وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا یعنی ہم کو پکارتے تھے شوق سے اور

خوف ہے یہ دوسرا جملہ ہے جس میں دوسری نوع کا ذکر کیا گیا تیسرا جملہ ہے وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ٥ جس میں ایک خاص نوع عمل کا بیان کیا ہے۔ اگرچہ یہ بھی ممکن ہے کہ ہر ہر جملہ میں تینوں قسم عمل کے مجموعے کو مُراد لیا جائے لیکن پھر بھی اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ ہر جملہ کو کسی ایک نوع سے زیادہ تعلق ہے یعنی عمل تین قسم کے ہوتے ہیں اعمال جوارح۔ اعمال لسان۔ اعمال قلب۔ مثلاً نماز ہاتھ پاؤں کے متعلق ہے ذکر اللہ زبان کے متعلق ہے خشوع قلب کے متعلق ہے تو ان انواع اعمال میں اگرچہ ہر ہر جملہ کو سب ہی اقسام کے ساتھ ایک طرح کا تعلق ہے لیکن زیادہ تعلق ایک ایک جملہ کو ایک ایک ہی عمل کے ساتھ ہے چنانچہ پہلا جملہ اعمال جوارح کے ساتھ زیادہ تعلق رکھتا ہے۔ دوسرا جملہ عمل لسان کے ساتھ اور دوسرے جملے یعنی يَدْعُوْنَنَا میں جو رَغَبًا وَّ رَهَبًا کی قید ہے وہ تابع ہے لہٰذا اصل مقصود بالذکر يَدْعُوْنَنَا ہی ہوا اگرچہ اس جملہ میں دوسرا احتمال بھی ہے کہ قید زیادہ مقصود ہو اور اسی بناء پر میں نے کہا تھا کہ ہر جملہ کو ہر ہر نوع عمل کے لئے بھی کہا جا سکتا ہے تیسرا جملہ اعمال قلب کے ساتھ متعلق ہے اور اسی پر ختم کردیا گیا ہے پس اس جمع کرنے سے لازم آیا کہ عمل کی تینوں قسموں کے جمع کرنے سے عمل کا کمال ہوتا ہے اور اگر ایک جزو کی بھی کمی رہی تو عمل ناقص رہیگا اس کی مثال ایسی ہے کہ ایک شخص گھر بنائے تو اُس گھر کو کامل گھر اُس وقت کہا جائیگا کہ اُس میں گھر کے تمام ضروری حصے ہوں کمرہ سہ دری باورچی خانہ وغیرہ وغیرہ اور اگر ایک جزو بھی کم ہو تو اس گھر کو کامل گھر نہ کہیں گے بس یہی حالت عمل کی بھی ہے کہ اگر ایک نوع بھی چھوٹ گئی تو عمل کامل نہ ہوا بلکہ ناقص رہا اب ہم اپنی حالت کو غور کرکے دیکھیں کہ اول تو مسلمانوں میں نفس عمل ہی کی کمی ہے اور اگر کچھ عمل کیا بھی جاتا ہے تو وصف میں بالکل ناقص اور زیادہ افسوس علماء کی جماعت پر ہے اس لئے کہ جانتے ہیں اور پھر کوتاہی کرتے ہیں ؎

فان کنت لاتدری فتلك مصیبة وان کنت تدری فالمصیبة اعظم

(اگر تم نہیں جانتے تھے تو جب بھی یہ ایک مصیبت ہے اور اگر تمہیں اس کے متعلق علم تھا تو پھر تو ڈبل مصیبت ہے)

اور علماء کی جماعت میں اگرچہ سب ایسے نہیں ہیں لیکن ان کیلئے کسی ایک کا ایسا ہونا بھی موجب شکایت ہے کہ کیوں اپنے کو عمداً تباہ کرتے ہیں دوسرے وہ تباہی اُن ہی تک مقصور نہیں رہتی بلکہ اس ایک کو دیکھ کر دوسرے بھی اس سے متاثر ہوتے ہیں چنانچہ دیکھا گیا ہے کہ علماء کی جماعت میں اگر ایک شخص بھی لا اُبالی ہوتا ہے تو اُس کا اثر سب پر پہونچا ہے اور یہ اثر دو طرح سے ہوتا ہے ایک یہ کہ اس کو دیکھ کر دوسرے عوام بدعملی پر جرأت کرتے ہیں دوسرے یہ کہ سب علماء سے بدگمان ہو جاتے ہیں اور اس طرح سے عام علماء پر جو اعتراض کی نوبت آتی ہے اور پھر اعتراض سے بدزبانی تک نوبت آجاتی ہے اس میں اگرچہ اکثر عوام غلط کار ہیں کیونکہ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی (نہیں اٹھائیگا کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ) لیکن زیادہ تر اس کا سبب ہم ہیں اور وہ اعتراضات اکثر مخالفین کے نہیں ہوتے کہ ان کو حسد یا بغض پر محمول کر لیا جائے یا یہ کہا جائے کہ اعتراضات تو انبیاء علیہم السلام پر بھی ہوتے ہیں پھر ہم کو اعتراضات کی کیا پرواہ کیونکہ حضرات انبیاء علیہم السلام پر جو اعتراضات ہوتے تھے وہ کفار کی طرف سے ہوتے تھے اور جماعت علماء پر اکثر ان کے موافقین بھی جو کہ ہر وقت ان کا دم بھرتے ہیں اعتراض کرتے ہیں اور ہمارے لئے یہ امر بڑا عیب ہے کہ ہم کسی موافق یا مخالف کو اتنا موقع دیں، تو جب اپنے لوگ بھی اعتراض کرنے پر مجبور ہوں تو ہماری حالت بیحد محل تاسف ہے اور وہ اعتراض اگرچہ اول ایک ہی شخص پر ہو لیکن ؎

چو از قومے یکے بیدانشی کرد نہ کہ را منزلت ماند نہ مہ را

(جب کسی قوم کا کوئی آدمی کوئی نادانی کرتا ہے تو نہ تو اس قوم کے چھوٹوں کی کوئی قدر باقی رہ جاتی ہے نہ بڑوں کی)

بالخصوص اس زمانے میں علی العموم علم دین سے لوگوں کو نفرت بڑھتی چلی جاتی ہے اور اس سے بھاگنے کے لئے لوگ بہانے تلاش کرتے ہیں ایسے وقت میں ہماری ایسی حالت ہونا لوگوں کے فاسد خیالات کی گویا اعانت کرنا ہے مگر باوجود اس کے افسوس ہے کہ ہم میں ایسے بھی افراد ہیں کہ وہ صرف علم ہی کو مقصود سمجھتے ہیں اور عمل کو کوئی چیز ہی نہیں سمجھتے بعض کی حالت تو یہاں تک ناگفتہ بہ ہے کہ وہ نماز بھی نہیں پڑھتے بعض ایسے ہیں کہ وہ اس قدر کھلم کھلا تو بے عمل نہیں لیکن اپنی زبان وغیرہ کی حفاظت وہ بھی نہیں کرتے جس جگہ بیٹھیں گے لوگوں کی غیبت شکایت کے انبار لگائیں گے بعض ایسے ہیں کہ وہ زبان کی بھی حفاظت کرتے ہیں لیکن وہ نظر کی حفاظت بالکل نہیں نہیں کرتے اکثر نامحرموں کو دیکھنا راستہ چلتے ہوئے ادھر ادھر تاکنا جھانکنا عادت ہو جاتی ہے

صاحبو! اول تو علم مقصود بالذات نہیں۔ بلکہ مقصود بالذات عمل ہے دوسرے اگر علم کو مقصود ہی مان لیا جائے تو تب بھی یہ سمجھ لو کہ یہ حالت بدعملی کی تو خود کمال علمی میں بھی حارج ہے کیونکہ یہ تجربہ ہے کہ تقوے میں جتنی کمی ہوگی اسی مرتبے کی کمی علم میں بھی ہوگی اس کا آسان امتحان یہ ہے کہ دو مہینے کے لئے آپ بالکل متقی بن جائیں اور پھر اپنی پہلی علمی حالت اور اس زمانہ تقوے کی علمی حالت میں موازنہ کریں ان دونوں حالتوں میں جو تفاوت ہوگا وہ بتلا دے گا کہ تقویٰ کو اس میں بڑا دخل ہے۔ ممکن ہے کہ کسی صاحب فہم کو یہ خیال ہو کہ ہم تو متقی بھی نہیں لیکن پھر بھی ہم کو تو اچھا خاصہ علم حاصل ہے سو سمجھ لیں کہ علم صرف ترجمہ کر لینے کا یا چند تصدیقات حاصل ہو جانے کا نام نہیں بلکہ ان تصدیقات کے حاصل ہونے کے بعد جو ایک ملکہ ہو جاتا ہے اس کا

نام علم ہے سو وہ بالذات اختیاری نہیں یعنی اگرچہ اس کے اسباب کے اختیاری ہونے کے اعتبار سے وہ اختیاری ہو لیکن بدون اسباب کے حاصل کئے ہوئے خود اس کا حاصل ہونا اختیاری نہیں اور اس کے اسباب میں سے ایک سبب اعظم تقویٰ ہے کہ بدون اس کو حاصل کئے ہوئے وہ ملکہ حاصل نہیں ہوسکتا ۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے ؎

شکوت الی وکیع سوء حفظی　　فاوصانی الی ترك المعاصی

فانّ العلم فضل مّن اللّٰہ　　وفضل اللّٰہ لا یعطیٰ لعاصی

(میں نے حضرت وکیع سے اپنی قوت حافظہ کے کمزور ہونیکی شکایت کی انہوں نے مجھے گناہوں کے ترک کرنے کی نصیحت فرمائی اس وجہ سے کہ علم باری تعالیٰ کا ایک عطیہ ہے اور اس کا عطیہ گناہگاروں کو نہیں ملا کرتا)

غرض یہ مطلب نہیں ہے کہ جو متقی نہ ہوگا وہ جلالین یا بیضاوی کے پڑھانے پر قادر نہ ہوگا بلکہ مطلب یہ ہے کہ بدون تقوے کے وہ خاص ملکہ میسر نہ ہوگا چنانچہ یہ شخص اگر اپنی پہلی حالت اور تقوے کے بعد کی حالت میں غور کرے گا تو اس کو معلوم ہوگا کہ پہلے میرا مبلغ علم کیا تھا اور مہینہ دو مہینہ کے اندر علم میں کیسی ترقی ہوگئی تو علم اگر مقصود بالذات بھی مان لیا جائے تب بھی اس کے حاصل کرنے کے لئے تقویٰ کی ضرورت ہے مگر ہم لوگ اکثر بے باک ہیں تمام تر انہماک اس میں ہے کہ کسی طرح کتابیں ختم ہو جائیں۔ بہت لوگوں کی تو ایسی حرکتیں ہیں کہ ان کی وجہ سے تمام قوم بدنام ہوتی ہے اور چونکہ ان لوگوں کی عادت ہوگئی ہے لہٰذا اس کے ساتھ توبہ بھی ان کو نصیب نہیں ہوتی یعنی بشر سے غلطی تو ہو ہی جاتی ہے لیکن اگر چار دن تقوے رہے اور ایک دن ٹوٹ جائے اور گناہ ہونے پر پھر توبہ کرلی جائے تب بھی اس قدر خراب حالت نہ ہو اور تھوڑے دنوں میں گناہ چھوٹ جائیں۔ لیکن بعض لوگوں کی تو مبالات ہی نہیں رہتی اور اس سے عوام الناس پر بہت برا اثر پڑتا ہے یعنی ان کو یہ کہنے کی گنجائش ملتی ہے کہ

علماء ایسے ہوتے ہیں پس اگر خلوص سے تقویٰ کو اختیار نہ کیا جائے تو اسی مصلحت سے اختیار کر لیا جائے کہ اس سے عوام بگڑیں گے ورنہ ایسے لوگ یَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ (وہ لوگ اللہ کے راستہ سے روکتے ہیں) کے مصداق کہے جاسکتے ہیں کیونکہ روکنا جس طرح مباشرۃً ہوتا ہے کہ زبان سے روکے یا ہاتھ سے روکے اسی طرح تسبّب بھی ایک قسم کا روکنا ہے تو اس کو بھی صَدٌّ عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ کہا جائے گا کیونکہ سبب معصیت بھی معصیت ہوتا ہے اور اسی معصیت کے ساتھ اس کا بھی شمار ہوتا ہے حتیٰ کہ بعض ایسے اُمور جو فی نفسہٖ طاعت ہیں جب کسی معصیت کا سبب بن گئے تو اُن کی بھی ممانعت ہوگئی چنانچہ ارشاد ہے لَا تَسُبُّوا الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ فَیَسُبُّوا اللّٰہَ عَدۡوًۢا بِغَیۡرِ عِلۡمٍ (جو لوگ غیر اللہ کو پکارتے ہیں اُن کو گالی مت دو اس وجہ سے کہ وہ پھر دشمنی میں بغیر جانے بوجھے اللہ کو گالی دینگے) تو دیکھئے بتوں سے نفرت کا ظاہر کرنا اور ان کو بُرا کہنا ایک حد تک طاعت تھا لیکن چونکہ وہ مفضی تھا ایک معصیت کی طرف اس لئے اس سے بھی ممانعت ہوئی پس معلوم ہوا کہ جس طرح معصیت کی مباشرت معصیت ہے اسی طرح تسبب بھی معصیت ہے تو اگر ایک شخص نے عمل نہ کیا تو دیکھنے والوں کے لئے درجہ تسبّب میں یَصُدُّوۡنَ کا مصداق بنگیا۔ غرض ترک عمل میں یہ مفرتیں ہیں اس لئے اگر خلوص سے بھی عمل نہ ہو تو کم سے کم دین کی احتیاط اور حفاظت ہی کے لئے ہو اسی کو ہمارے حضرت نوراللہ مرقدہٗ فرماتے تھے کہ ریاء الشیخ خیر من اخلاص المرید (شیخ اور پیر کی ریا کاری مریدوں کے اخلاص سے بہتر ہے) یعنی چونکہ شیخ کا عمل دوسروں کیلئے باعث ہو جاتا ہے اس لئے اگر اس کے عمل میں ایک درجہ کی ریاء بھی ہو تو کچھ مضائقہ نہیں ہے۔ اور یہ مقولہ حضرت کا میں نے قیاس کے لئے کہا ہے ورنہ مدلول اس کا یہ نہیں ہے کیونکہ اس مقولہ میں ریاء سے مراد ریاء لغوی ہے نہ کہ شرعی اور میں درخواست کر رہا ہوں ان بدعملوں سے علیٰ سبیل التنزل ریاء شرعی کی۔ اور حکم مشترک یہ ہے کہ اگر دوسرے کی حفاظت دین کے لئے کوئی عمل کرے تو اس میں بھی خیریت

بے کم سے کم یہی کہ سبب عمل بد کا نہ بنا تو دین کی حفاظت چونکہ ضروری ہے اس لئے یہی سمجھ کر اپنے کو بدعملی سے روکنا چاہیئے۔

الحاصل ارشاد ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام تمام انواع عمل کے جامع تھے اور چونکہ اخبار سے مقصود کوئی انشاء ہوتی ہے اسلئے مطلب یہ ہوگا کہ ہم کو بھی ایسا ہی ہونا چاہیئے کہ انواع عمل کے جامع ہوں مگر ہم لوگوں میں اس کے متعلق چند کوتاہیاں ہیں چنانچہ ایک کوتاہی تو یہ ہے کہ عمل ہی کی طرف التفات نہیں کرتے اور اگر کچھ عمل کرتے بھی ہیں تو غضب یہ کیا ہے کہ ہم نے اس میں انتخاب کرلیا ہے اور اپنے اس انتخاب کو کافی سمجھ کر اپنے کو عامل باشریعت اور دیندار سمجھتے ہیں۔ صاحبو! ظاہر ہے کہ حسین وہ شخص کہلائیگا کہ اُس کی آنکھ ناک چہرہ سب خوبصورت ہوں ورنہ اگر کسی کی آنکھیں تو نہایت اچھی ہوں اور ناک بالکل خراب چپٹی ہو یا برعکس ہو یا دانت باہر کو نکلے ہوتے ہوں تو وہ حسین نہ کہلائیگا بس اسی طرح دین بھی ایک حسن معنوی ہے تو حسین معنوی یعنی دیندار بھی اسی کو کہیں گے جو تمام وجوہ دین وانواع عمل کا جامع ہو اور جس نے ایک کو لیا اور دوسرے کو چھوڑ دیا مثلاً اعمال جوارح کو تو لے لیا اور اعمال قلب کو اور اعمال لسان کو چھوڑ دیا یا اعمال قلب کو لیا اور دوسرے دونوں کو چھوڑ دیا یا اعمال لسان کو لے لیا اور بقیہ دو کو چھوڑ دیا وہ شخص ہرگز اس حسن معنوی کے ساتھ متصف نہ سمجھا جائیگا۔ آج کل ہم لوگوں میں اکثر افراد جو کچھ عمل کرتے بھی ہیں تو وہ اعمال جوارح مثلاً روزہ نماز حج وغیرہ کرلیتے ہیں ورنہ اکثر تو عمل ہی نہیں کرتے کہ نماز ہو رہی ہے اور وہ پڑے سو رہے ہیں۔ ممکن ہے کہ ایسے لوگ اپنے عذر میں وہ حدیث پیش کریں کہ لَا تَفْرِيطَ فِي النَّوْمِ لیکن یہ حدیث ان کے لئے کچھ مفید نہیں کیونکہ یہ عدم تفریط اس وقت ہے کہ اپنی طرف سے تو پورا انتظام کرکے سوئے لیکن باوجود اہتمام اور انتظام کے پھر بھی آنکھ نہ کھلے اور اگر ایسے وقت سویا

کہ غالب گمان یہ ہو کہ نماز کے وقت آنکھ نہ کھلے گی اور کچھ انتظام بھی نہیں کیا تو یہ ضرور تفریط میں داخل ہے قرینہ اس تقیید کا یہ ہے کہ یہ ارشاد ایک خاص قصے کے متعلق ہے وہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک مرتبہ لیٹے وقت سونے کی نوبت آئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بٹھلا دیا تھا کہ جب صبح ہو ہم کو جگا دو مگر اتفاق سے ان کی بھی بیٹھے بیٹھے آنکھ لگ گئی اور پھر اُٹھے تو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بیحد گھبرائے تو اس موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ لَا تَفْرِيطَ فِي النَّوْمِ یعنی چونکہ ہم لوگوں نے جاگنے کا پورا انتظام کیا لیکن باوجود کوشش کے پھر بھی آنکھ لگ گئی اس لئے اس سونے میں تفریط نہیں ہوئی یہ تو ان کا ذکر تھا جو بیدار ہی نہیں ہوتے اور بعض لوگ باوجود بیدار ہونے کے محض سستی کی وجہ سے پڑے رہتے ہیں سو اول تو نماز وغیرہ میں بھی کوتاہی ہے لیکن خیر اگر بڑی دوڑ دوڑی تو نماز کے پابند ہو گئے لیکن دوسرے اعمال یا تقویٰ کے شعبے اکثر نذارد چنانچہ بعض لوگ نظر میں مبتلا ہوتے ہیں یعنی غیر محرموں کی طرف بیباکانہ دیکھتے ہیں اور اس کی ذرا پرواہ نہیں کرتے بلکہ یہ ایسا مرض ہے کہ اس سے بہت کم لوگ پاک ہیں کیونکہ اکثر ان گناہوں سے لوگ بچتے ہیں جن کے ارتکاب میں فوت جاہ یا رسوائی کا خیال ہو اور اس گناہ میں جاہ فوت نہیں ہوتی اسلئے کہ اول تو دوسرے کو نظر کی خبر ہی کیونکر ہو سکتی ہے دوسرے اگر نظر کی اطلاع بھی ہو جاسے تو نیت کی کیا خبر اس کا امتیاز کسی کو بھی نہیں ہو سکتا کہ یہ نظر بہ شہوت ہے یا بہ شفقت ومحبت کیونکہ یہ ایک امر مبطن ہے خاصکر جبکہ شریعت نے دوسروں کو بدگمانی کی ممانعت بھی فرمادی تو اور بھی بد نظری کا گمان نہ با جائیگا اور جاہ فوت نہ ہوگی پس اس گناہ سے چونکہ جاہ فوت نہیں ہوتی اسواسطے اس میں اکثر وہ لوگ بھی مبتلاء ہیں جو بظاہر ثقہ معلوم

ہوتے ہیں۔ اسی لئے اس گناہ کی نسبت خاص طور سے خدا تعالےٰ نے اپنے علم کی اطلاع دی فرماتے ہیں یَعۡلَمُ خَآئِنَةَ الۡاَعۡيُنِ اگر کسی دوسرے کو اس خیانت کی اطلاع نہیں ہوتی تو ہم کو تو اطلاع ہے اور ہماری ہی اطلاع قابلِ نظر ہے اس کے بعد فرماتے ہیں وَمَا تُخۡفِى الصُّدُوۡرُ کہ جو امر سینوں میں پوشیدہ ہے وہ بھی ہم جانتے ہیں یہ اسلئے بڑھا دیا کہ بعض لوگ محض وقوع نظر کی اطلاع کو مفوّتِ جاہ سمجھکر اس سے بھی بچتے ہیں کیونکہ سمجھتے ہیں کہ ممکن ہے اس کے وقوع ہی سے کسی کو بدگمانی پیدا ہو جائے اسلئے اس سے بھی بچتے ہیں لیکن ان کے قلب میں یہ مرض شہوت کا ہوتا ہے اور لطف یہ کہ باوجود اس مرض قلبی کے یہ شخص اپنے کو متقی سمجھتا ہے حالانکہ خیالات اس کے نہایت گندے ہوتے ہیں کہ وہ اکثر حدیث نفس میں مبتلا ہوتا ہے بلکہ بعض اوقات عزم بھی ہو جاتا ہے یعنی اگر اس کو موقع ملجائے تو یہ ہرگز نہ بچے تو ان لوگوں کے علاج کے لئے یہ بڑھا دیا کہ ہم دلوں کی پوشیدہ بات کو بھی جانتے ہیں غرض نظر کی معصیت اتنی مہتم بالشان معصیت ہے کہ خدا تعالےٰ نے اس کو مستقل طور پر ذکر فرمایا اور جب اس کی عادت ہو جاتی ہے تو اس کا چھوٹنا نہایت دشوار ہو جاتا ہے۔ اور بعض اوقات اس میں یہ ہوتا ہے کہ شیطان بہکاتا ہے کہ ایک دفعہ نظر بھر کر دیکھ لو توجی بھر جائیگا اور یہ شیطان کا ایسا دھوکہ ہے کہ صغائر کبائر سب میں اس کے ذریعے سے کام لیتا ہے یہ دھوکہ بظاہر نظر خفیف سا معلوم ہوتا ہے لیکن غور کیجئے تو معلوم ہوگا کہ کتنا بڑا دھوکہ ہے اور کس قدر قبح میں اشد ہے خلاصہ اس کا یہ ہے کہ شیطان نے ایک معصیت کو بصورتِ طاعت اس سامنے پیش کیا اور اس طرح اس میں مبتلا کر دیا اور صورتِ طاعت اسلئے ہوئی کہ شیطان نے دل میں یہ ڈالا کہ یہ ارتکاب ایک گناہ کے چھوٹنے کا ذریعہ ہے

اور ترک گناہ کا ذریعہ سبب اوّل تو طاعت واجبہ یا کم از کم ایک امرِ مستحب تو ضرور ہوگا اور اگر مستحب بھی نہ ہوگا تو جائز تو ضرور ہوگا تو گویا شیطان نے ایک معصیت کو طاعت یا جائز اس کے ذہن میں ڈالا تو کس درجہ کا قبیح اعتقاد ہوا اور باوجود اس خرابی کے پھر وہ مقصود بھی جس کا شیطان نے وعدہ کیا ہے حاصل نہیں ہوتا کیونکہ خاصیت اس کی یہ ہے کہ اَلْقَلِیْلُ یُفْضِیْ اِلَی الْکَثِیْرِ (قلیل کثیر تک پہونچا دیتا ہے) یعنی جب تک انسان بچا رہے اس وقت تک تو محفوظ رہتا ہے اور جب ایک مرتبہ مبتلا ہو جائے اور پھر ترک بھی کردے اگرچہ دو چار دن کے لئے ترک میں کامیاب ہو جائے اور اس مدت تک پھر طبیعت اُدھر متوجہ نہ ہو لیکن دو چار دن گذرنے کے بعد پھر تقاضا شروع ہوتا ہے اور چونکہ ایک مرتبہ ارتکاب ہو جانے سے وہ رکاوٹ رہی نہیں اس لئے بہت جلد اس میں مبتلا ہو جاتا ہے اور ساری عمر اسی میں گذر جاتی ہے اور پھر وعدۂ ترک کی وہ حالت ہوتی ہے کہ ؎

ہر شبے گویم کہ فردا ترک ایں سودا کنم بازچوں فردا شود امروز را فردا کنم

(ہر رات کو یہ وعدہ کرتا ہوں کہ کل یہ دھندا ترک کردوں گا اور جب کل آتی ہے اُسے پھر کل پر ٹال دیتا ہوں)

اور یہ دو چار دن کے لئے ترک معاصی کی کامیابی بھی علی سبیل الفرض مان لی ہے ورنہ اصل تو یہ ہے کہ گناہ پر کبھی یہ اثر ترک معصیت کا مرتب ہی نہیں ہوتا۔ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

شکم صوفیٔ راز بوں کرد و فرج دو دینار بر ہر دو آں کرد خرج الخ

صوفی سے ظاہری صوفی مراد ہے۔ یعنی ایک دینار سے اپنے شہوت کو پورا کر لیا اور دوسرے دینار سے پیٹ کو بھر لیا اور سمجھا کہ اب اطمینان ہو گیا آگے فرماتے ہیں کہ پیٹ جس کو بھرا تھا وہ تو پھر خالی ہو گیا اور فرج جس کو خالی

کیا تھا وہ پھر بھر گیا خواہش نہ پیٹ کی کم ہوئی نہ فرج کی اور دین اور دنیا دونوں برباد کئے۔ تو واقعی یہی حالت ہے تو اول تو یہ گمان ہی غلط ہے کہ ایسا کرلینے سے یکسوئی ہو جائیگی اور اگر کسی کو شاذ و نادر ہو بھی جاتے تو اس سے صرف یہ ثابت ہوگا کہ اس گناہ میں یہ منفعت ہے لیکن کسی گناہ میں منفعت ثابت ہو جانے سے بھی وہ گناہ گناہ ہی رہتا ہے دیکھئے شراب میں بھی منافع ہیں چنانچہ اہل تجربہ نے لکھا ہے کہ اس کے پینے سے سخاوت بڑھتی ہے اور بہادری پیدا ہوتی ہے نیز اور بھی بعض اخلاق کہ ان کا حصول شرعاً مطلوب ہے اس سے حاصل ہوتے ہیں بلکہ خود قرآن میں اس کے اندر منافع مان لئے گئے ہیں فرماتے ہیں۔ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ قُلْ فِیْهِمَآ اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَاِثْمُهُمَآ اَکْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا (وہ آپ سے شراب اور جوئے کے بارے میں دریافت کرتے ہیں آپ ان سے کہدیں کہ ان دونوں میں لوگوں کے لئے بہت بڑا گناہ بھی ہے اور بہت بڑا نفع بھی ہے لیکن ان کا گناہ ان کے نفع سے کہیں زیادہ ہے) لیکن ان منافع کے ہونے سے شراب کو حلال نہیں کر دیا گیا بلکہ اس کی حرمت ویسی ہی باقی رہی پس اسی طرح اگر کسی دوسری معصیت میں بھی کچھ منافع ثابت ہو جائیں تو ان منافع کی وجہ سے وہ حلال اور جائز نہ ہو جائے گی بلکہ ان منافع کو کالعدم قرار دیں گے اور اس فعل کو معصیت ہی کہیں گے پھر ان سب باتوں کے ماسوا اگر عین ارتکاب کے وقت دم نکل جائے کیونکہ موت حیات کسی کے اختیار میں نہیں ہے تو بتلائیے کہ کس بری حالت میں انتقال ہوگا اور اگر نہ بھی مرے تو ممکن ہے کہ ارتکاب کے بعد توبہ نصیب نہ ہو بلکہ ایسے لوگوں کو اکثر توبہ نصیب نہیں ہوتی کیونکہ جب بیباکی بڑھ جاتی ہے تو اپنے فعل پر ندامت نہیں ہوتی اور جب ندامت نہیں ہوتی تو توبہ بھی نصیب نہیں ہوتی کیونکہ ہر چند توبہ مقولہ فعل میں سے ہے لیکن اس کا جزو اخیر

ایک انفعال ہے جیسا کہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ارشاد ہے اَلتَّوْبَۃُ نَدَمٌ (توبہ پشیمانی اور ندامت ہے) اور یہ جزو پورے طور سے اختیار میں نہیں اور جب کثرتِ معاصی سے بیباکی ہو جاتی ہے تو ندم پھر مشکل سے پیدا ہوتی ہے اور جب یہ حالت ہے تو ذرا غور کر لیجئے کہ ہم لوگ کس برتے پر گناہ کی جرأت کرتے ہیں۔ یہ لکھے پڑھے لوگوں کے گناہ ہیں کہ تاویلیں کر کر کے ان کے مرتکب ہوتے ہیں۔

علیٰ ہذا اہل دل کو بھی بسا اوقات اسی قسم کا دھوکا ہوتا ہے چنانچہ اگر عُجب پیدا ہوتا ہے تو اس کا علاج کسی معصیت سے کیا جاتا ہے اور مصلحت یہ سمجھی جاتی ہے کہ ایسا کرنے سے ہم اپنی نظروں میں ذلیل رہیں گے اور اس سے عُجب کی جڑ کٹ جائے گی۔ صاحبو! یہ ایسا علاج ہے جیسا کہ کوئی شخص اپنے بدن سے پاخانے کو بذریعہ پیشاب دھونے لگے نیز در پردہ یہ لوگ شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اعتراض کرتے ہیں اور شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہنوز کامل نہیں سمجھتے کیونکہ شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گناہ سے بچنے کی ترکیب یہ کہیں نہیں بتلائی کہ اُس گناہ میں مبتلا ہو جاؤ اور یہ لوگ اس ترکیب کو علاج سمجھتے ہیں تو معلوم ہوا کہ شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امراض باطن کے علاج میں ناقص سمجھتے ہیں اور یہ مقابلہ ہے اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ (آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو میں نے کامل کر دیا اور میں نے تم پر اپنا انعام تمام کر دیا) کا اور اگر کہیے کہ بعض بزرگوں نے بھی اس کو علاج بتلایا ہے تو ہم کہیں گے اگر یہ حکایت صحیح ہے تو انھوں نے غلطی کی اور یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ جس شخص کا نام کتاب میں لکھا ہو وہ ضرور شیخ قابل تربیت ہو یا وہ اس قابل ہو جائے کہ اس کی تقلید کریں۔ اسی طرح زبان کا گناہ ہے کہ شاید طالب علم سے زیادہ اس میں کوئی شخص مبتلا نہیں ہوتا ہوا اور یہ گناہ نہایت ہی شدید ہے حدیث میں ہے

اَلْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَاءِ (غیبت زنا سے بھی زیادہ سخت گناہ ہے) اور پھر غیبت بھی دو قسم کے لوگوں کی ہوتی ہے ایک تو بُرے کو بُرا کہنا اور ایک اچھے کو بُرا کہنا عوام الناس اگر غیبت میں مبتلا ہیں تو وہ اکثر ایسے لوگوں کو بُرا کہتے ہیں جو کہ واقع میں بھی بُرے ہیں اور ہم لوگ ایسے لوگوں کو بُرا کہتے ہیں جو کہ نہایت صالح متقی عالم فاضل ہیں اکثر طالب علموں کی زبان سے سنا ہو گا کہ فلاں شخص کو آتا ہی کیا ہے۔ فلاں میں یہ عیب ہے۔ اگرچہ ان فضلاء میں بعض ایسے لوگ بھی ہیں جو کہ فضول سے مشتق ہیں اور ان کی غیبت جائز بھی ہے یہ وہ لوگ ہیں جو کہ خلق اللہ کو گمراہ کر رہے ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ ان کی غیبت سے بھی بچا جائے کیونکہ جب غیبت کی عادت ہو جاتی ہے تو پھر اچھے اور بُرے کی تمیز نہیں رہتی اور حفظ حدود نہیں ہو سکتا۔ یہ حالت ہوتی ہے کہ جس کی طرف سے ذرا بھی کدورت ہوئی فوراً اس کا تذکرہ بُرائی کے ساتھ شروع کر دیا۔ اسی طرح قلب کی یہ حالت ہے کہ اس میں کینہ حسد بغض عداوت غرض تمام امراض بھرے ہوتے ہیں اسی لئے میں نے کہا تھا کہ اگر عمل کا تھوڑا بہت اہتمام ہے بھی تو صرف اعمال جوارح کا باقی زبان اور قلب اکثر تباہ ہے اور اکثر تو ہم میں سے تینوں ہی قسم کے گناہوں میں خوب اچھی طرح سے مبتلا ہیں غرض بیباکوں کو تو سب میں ابتلا ہے اور محتاط قدرے جوارح کی حفاظت کرتے ہیں مگر زبان کی حفاظت نہیں کرتے اور جو بہت ہی متقی ہیں وہ زبان کی بھی حفاظت کر لیتے ہیں قلب کی حفاظت وہ بھی بہت کم کرتے ہیں اور معاصی قلوب سے ان کو بہت کم نجات ہوتی ہے۔ تو مرض قلب وہ مرض ہوا کہ قریب قریب سب کے سب ہی اس میں مبتلا ہیں۔ اس لئے خدا تعالےٰ نے اس آیت میں تینوں نوعوں کی طرف اشارہ کر دیا کہ انبیاء جوارح کو بھی بچاتے تھے کہ یُسَارِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ ان کی حالت تھی اور زبان کو بھی معاصی سے روک کر اس کو طاعت میں لگاتے تھے یَدْعُوْنَنَا ان کی شان تھی اور پھر ان کی دعاء

بھی رغبت اور رہبت کے ساتھ تھی یعنی ظاہر یہ ہے کہ رغبت اور رہبت کو بطور شرط فرمایا ہے اور مقصود یَدْعُوْنَنَا معلوم ہوتا ہے اگرچہ دوسری تفسیر بھی اس کی ممکن ہے جیساکہ میں نے پہلے اشارہ بھی کیا ہے لیکن مجھے اختیار ہے کہ میں اس تفسیر کو اختیار کرلوں۔ اور قلب کو بھی معاصی سے پاک رکھتے تھے کہ ان میں خشوع پایا جاتا تھا۔ مجھے زیادہ تر اس وقت یہی بیان کرنا بھی ہے کہ یہ تیسرا جزو یعنی خشوع کہ عمل قلب ہے ہم میں بہت کم پایا جاتا ہے حالانکہ یہ ساری طاعت کا راس ہے مگر ہم لوگ اس کی ذرا فکر اور اہتمام نہیں کرتے اور ہماری اس حالت فقدانِ خشوع کی شکایت نہایت صاف لفظوں میں قرآن شریف میں بھی ہے فرماتے ہیں اَلَمْ یَأْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُھُمْ لِذِکْرِ اللّٰہِ یعنی کیا مسلمانوں کے لئے ہنوز وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے قلب خشوع کرنے لگیں اور ظاہر ہے کہ شکایت اس امر کے ترک پر ہوتی ہے جس کا کرنا نہایت ضروری اور واجب ہو۔ تو معلوم ہوا کہ خشوع نہایت ضروری عمل ہے اور اس کا مقابل قساوت ہے چنانچہ ارشاد ہے اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ فَھُوَ عَلٰی نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّہٖ ؕ فَوَیْلٌ لِّلْقٰسِیَۃِ قُلُوْبُھُمْ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ؕ الخ (بھلا جس کا سینہ کھولدیا اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے سو وہ اُجالے میں ہے اپنے رب کی طرف سے سو خرابی ہے ان لوگوں کے لئے جن کے دل اللہ تعالیٰ کی یاد سے قاسی ہیں۔ اور آگے فرماتے ہیں اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِھًا مَّثَانِیَ تَقْشَعِرُّ مِنْہُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّھُمْ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُھُمْ وَقُلُوْبُھُمْ اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ ؕ (اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی بہتر بات (یعنی) کتاب جو کہ آپس میں ملتی جلتی ہوئی ہے دہرائی ہوئی ہے اس سے ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں پھر نرم ہوتی ہیں ان کی کھالیں اور ان کے دل اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف مائل ہوجاتے ہیں تو اس آیت میں قساوت کا مقابل لین کو فرمایا ہے اور لین وہی خشوع ہے

تو معلوم ہوا کہ خشوع کا مقابل قساوت ہے اور قساوت کے بارے میں حدیث میں ارشاد ہے اِنَّ اَبْعَدَ شَیْئٍ مِنَ اللّٰہِ القلب القاسی تو خشوع کی تاکید کرنا جیسا کہ سابق کی آیت میں ہے اور قساوت کی مذمت کرنا جس کا حاصل خشوع کے ترک پر مذمت کرنا ہے جیسا مابعد کی آیت میں ہے اس سے زیادہ اور اس کے ضروری اور واجب ہونے کے لئے کیا چاہیئے۔ پس ہر عالم اور طالب کے لئے لازم ہے کہ وہ قلب میں خشوع پیدا کرے اور اس کے ظاہری آثار یہ ہیں کہ جب چلے گردن جھکا کر چلے بات چیت میں معاملات میں سختی نہ کرے غیظ اور غضب میں مغلوب نہ ہو۔ انتقام کی فکر میں نہ رہے۔ علیٰ ہذا اور ان کو آثار اس لئے کہا کہ جب قلب میں خشوع کی صفت ہوگی تو جوارح پر اس کا اثر ضرور پڑیگا حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں ایک حدیث نقل فرمائی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ نماز پڑھ رہا تھا اور اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اس کے قلب میں خشوع ہوتا تو یہ ایسا ہرگز نہ کرتا اب اس کی ضرورت اور آثار معلوم ہو جانے کے بعد دیکھ لیجئے کہ آیا ہمارے قلب میں خشوع ہے یا نہیں اور اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُھُمْ کے مضمون میں داخل ہیں یا نہیں اور ہمارے قلوب میں ترفع اور شیخی تو نہیں پائی جاتی پس اگر ہمارے قلوب میں خشوع ہے تو کیا وجہ کہ اس کے آثار نہیں پائے جاتے اس کی کیا وجہ کہ ہم کو اپنا کام خود کرنے سے یا کسی مسلمان کا کام کرنے سے عار آتی ہے۔

صاحبو! حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ تو کوئی مخدوم نہیں ہے پھر دیکھ لیجئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیا حالت تھی فرماتے ہیں۔ اِنِّیْ اٰکُلُ کَمَا یَاْکُلُ الْعَبْدُ کہ میں کھانا اس طرح کھاتا ہوں

جیسے کوئی غلام کھاتا ہے جس میں تجبر اور تکبر کا نام نہیں ہوتا۔ حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُکڑوں بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے چلنے پھرنے کی یہ حالت تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی آگے نہ چلتے تھے بلکہ کچھ صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم آگے ہوتے تھے اور کچھ برابر میں ہوتے تھے اور کچھ پیچھے ہوتے تھے اور یہ کسی کا آگے اور کسی کا پیچھے چلنا بھی کسی خاص نظم اور ترتیب سے نہیں تھا جیسے آج کل بادشاہوں اور بڑے بڑے لوگوں کی عادت ہے کہ جب چلتے ہیں تو باقاعدہ کچھ لوگ ان کی عزت وشان بڑھانے کو ان کے آگے پرا جمائے ہوتے ہیں اور کچھ لوگ ان کے پیچھے ہوتے ہیں سو یہ نہ تھا بلکہ جس طرح بے تکلف احباب ملے جلے چلتے ہیں کہ کبھی کوئی آگے ہوگیا اور کبھی کوئی آگے ہوگیا اس طرح چلتے تھے لباس کی یہ شان تھی کہ ایک ایک کپڑے میں کئی کئی پیوند لگا کر پہنتے تھے آرام کرنے کی یہ حالت تھی کہ ٹاٹ کے اوپر آرام کرتے تھے۔ معاشرت کی یہ حالت تھی کہ اپنا کاروبار خود کرتے تھے بازار سے ضرورت کی چیزیں جاکر خرید لاتے تھے۔ غرض یہ سب افعال جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منقول ہیں تو کس لئے کیا اس لئے کہ ہم سنیں اور پرواہ بھی نہ کریں۔ صاحبو! جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول متبوع ہے اسی طرح آپکا فعل بھی متبوع ہے جب تک تخصیص کی کوئی دلیل نہ ہو۔ ارشاد ہے لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (تمہارے لئے اللہ تعالےٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اندر اچھی اور عمدہ عادتیں ہیں) تو یہ افعال بھی سب اتباع ہی کے لئے ہیں کہ ہماری بھی وہی وضع ہو وہی چال ڈھال ہو وہی معاشرت ہو۔ ایک صحابی رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھانا کھاتے

دیکھا تو کانپ اٹھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تواضع کی کس حیثیت سے بیٹھے ہیں۔ ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی باہر کا ایلچی ڈر گیا تو آپ نے فرمایا کہ مجھ سے مت ڈرو میں ایک غریب عورت کا بیٹا ہوں جو کہ سوکھا گوشت کھاتی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ان حالات کو دیکھئے اور پھر اپنے کو تو معلوم ہو گا۔

ع ، ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

(راستے کا فرق دیکھو کہ کہاں سے کہاں تک ہے)

حدیث شریف میں وارد ہے کہ اَلْبَذَاذَةُ مِنَ الْاِیْمَانِ کہ سادگی ایمان کا ایک شعبہ ہے۔ سو دیکھ لیجئے کہ ہم میں بذاذۃ اور سادگی پائی جاتی ہے یا نہیں میرے خیال میں جہاں تک غور کیا جائیگا ہم میں سادگی کا پتہ بھی نہیں ملے گا اور نہایت افسوس اس امر کا ہے کہ اس وقت خود اکثر اہل علم میں عورتوں کی سی زینت آگئی ہے۔ صاحبو! یہ ہمارے لئے دین کے اعتبار سے بھی اور دنیا میں بھی سخت نقص ہے اس سے بجائے عزت بڑھنے کے اور ذلت بڑھتی ہے ہمارا کمال تو ہے کہ ؎

اے دل آں بہ کہ خراب از مے گلگوں باشی  بے زر و گنج بصد حشمتِ قاروں باشی

(اے دل بہتر یہ ہے کہ تو مئے گلگوں کو پی کر مست ہو جائے اور بغیر کسی مال اور بغیر کسی خزانے کے قارون کی حشمت اور اس کا رعب پیدا کرے)

در رہِ منزلِ لیلیٰ کہ خطرہاست بجاں  شرط اول قدم آنست کہ مجنوں باشی

(منزل لیلےٰ کے راستہ میں جس میں جان کے خطرے ہیں پہلی شرط یہ ہے کہ تو مجنوں بنے)

ہمارے لئے کمال یہی ہے کہ نہ لباس میں کوئی شان و شوکت ہو نہ دوسرے سامان میں۔ مگر اس وقت یہ حالت ہے کہ اکثر طالب علموں کو دیکھ کر یہ نہیں معلوم ہوتا کہ یہ طالب علم ہیں یا کسی نواب کے لڑکے۔ اور یہ کوئی دیندار ہیں یا دنیا دار کسی نے خوب کہا ہے ؎

یا مکن با پیلبانان دوستی یا بناکن خانہ برانداز پیل
یا مکش بر چہرہ نیل عاشقی یا فروشو جامہ تقوی بہ نیل

(یا تو ہاتھی ہانکنے والوں کے ساتھ دوستی مت کرو یا اگر کرتے ہو، تو ہاتھی کے برابر اپنا مکان بھی بناؤ۔ یا تو چہرے پر عاشقی کا رنگ مت لگاؤ اور اگر لگاتے ہو تو پھر تقویٰ کے لباس کو بھی اُسی رنگ میں رنگو)

یعنی یا تو آدمی کسی جماعت میں داخل نہ ہو اور اگر داخل ہو تو پھر وضع قطع سب اسی کی سی ہونا چاہیئے علم کی یہی زینت ہے کہ اہل علم کی وضع پر رہے میں کہتا ہوں کہ اگر اس کا بھی خیال نہیں تو کم ازکم اس کا خیال تو ضرور کیجیے کہ آپ کس کے وارث ہونے کے مدعی ہیں اور ان مورث کی کیا حالت تھی۔ واللہ ہماری حالت سے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ ابھی دین کا ہم پر کامل اثر نہیں ہوا دین نے ہمارے قلب میں پوری جگہ نہیں کی ہمارے سلف صالحین کی تو یہ حالت تھی کہ انھوں نے بعضے مباح امور کو بھی جبکہ وہ مفضی بہ تکلف یا فساق کا شیوہ ہو گئے تھے ترک کر دیا تھا۔ چنانچہ بناء اول پر باریک کپڑا پہننا چھوڑ دیا تھا اور اسی بناء پر حدیث شریف میں ہے کہ مَنْ رَقَّ ثَوْبُهٗ رَقَّ دِيْنُهٗ (جس نے اپنے لباس کو باریک بنایا اس کا دین بھی رقیق اور کمزور ہوگیا) دوسری بناء کے متعلق ایک واقعہ ہے کہ کسی صحابی یا تابعی نے (میں اس وقت بھولتا ہوں) ایک مرتبہ کسی خلیفہ کو مہین لباس پہنے دیکھ کر یہ کہا تھا کہ اُنْظُرُوْا اِلٰی اَمِیْرِنَا هٰذَا یَلْبَسُ ثِیَابَ الْفُسَّاقِ (ہمارے سردار کو دیکھو یہ فاسقوں کا لباس پہنتے ہیں) اور بناء ثانی بھی درحقیقت ناشی بناء اول سے تھی یعنی چونکہ سلف میں سادگی بہت زیادہ بڑھی ہوئی تھی اسلئے اس وقت صلحاء باریک کپڑے نہ پہنتے تھے بلکہ فُسّاق ہی پہنتے تھے اس لئے امیر کو فساق کا لباس پہنے دیکھ کر یہ اعتراض کیا۔ پس اسوقت بھی جو امور وضع اہل باطل یا اہل کبر کی ہیں گو فی نفسہ مباح ہی ہوں ان کو ترک کرنا چاہیئے جیسے انگریزی

بوٹ جوتے پھندنے دار ٹوپی وغیرہ۔ کیونکہ اس قسم کے امور اوّل تو من تشبہ میں داخل ہیں دوسرے اگر ان کو تشبہ سے قطع نظر کرکے مباح مطلق بھی مان لیا جائے تب بھی چونکہ ثقہ لوگوں کی وضع نہیں اسلئے بھی وہ قابل ترک ہوں گے۔ ہماری وضع ایسی ہونا چاہیئے کہ لوگوں کو دیکھتے ہی معلوم ہوجائے کہ یہ ان لوگوں میں ہیں جن کو وحشی ونا کارہ سمجھا جاتا ہے جو کہ ہمارے لئے مایۂ فخر ہے کیونکہ ؎

تا بدانی ہر کرا یزداں بخواند | از ہمہ کار جہاں بیکار ماند
اوست دیوانہ کہ دیوانہ نہ شد | مر عسس را دید و در خانہ نہ شد
ما اگر قلاش وگر دیوانہ ایم | مست آں ساقی وآں پیمانہ ایم

(تجھے معلوم ہونا چاہیئے کہ جسے یزداں کہا جاتا ہے وہ دنیا کے سارے دھندوں سے بیکار ہوتا ہے۔ وہ پاگل ہے جو کہ دیوانہ نہیں ہوا محافظ کو دیکھا اور گھر میں نہ رہا اگر ہم محتاج اور دیوانے ہیں تو اس ساقی اور اس پیمانے کے مست بھی ہیں)

اور اہل تکلف کی وضع کی نسبت فرماتے ہیں ؎

عاقبت سازد ترا از دیں بری | ایں تن آرائی وایں تن پروری

(تو اپنی عاقبت سنوار تجھکو یہ تکلف اور تصنع انجام کار تجھے دین سے دور کردیگا)

حقیقت میں اس کا انجام بہت ہی بُرا ہے کیونکہ اس میں قطع نظر اس کے کہ یہ بذاتہٖ کے بالکل خلاف ہے ایک بڑی مضرت یہ ہے جب ہر وقت یہی شغل رہے گا تو بہ قاعدہ اَلنَّفْسُ لَا تَتَوَجَّہُ اِلٰی شَیْئَیْنِ فِیْ اٰنٍ وَّاحِدٍ (نفس ایک ہی وقت میں دو چیزوں کی طرف متوجہ نہیں ہوتا) یہ ضروری ہے کہ علم کی طرف توجہ نہ رہے گی اور علم سے بالکل بے بہرہ رہیگا چنانچہ مشاہدہ ہے کہ جو لوگ ہر وقت اپنے بناؤ سنگار میں رہتے ہیں نہ ان میں کوئی استعداد ہوتی ہے نہ مناسبت اور یہ یقینی ہے کہ جو شخص امور عظام میں

مشغول ہوتا ہے اس کی نظر امور صغار پر نہیں رہا کرتی حتی کہ یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ غسل کب کیا تھا اور کپڑے کب بدلے تھے۔ اور یہی سبب ہے کہ شریعت مطہرہ نے یہ قانون مقرر کر دیا کہ ایک ہفتے میں ایک مرتبہ ضرور غسل کر لیا کرو ورنہ یہ تو خود امر طبعی تھا مگر کام کرنے والے لوگوں کو اس طرف التفات نہیں رہتا اس لئے قانون کی ضرورت پڑی۔ سبحان اللہ کس قدر رعایتیں شریعت مطہرہ نے مرعی رکھی ہیں کہ ایک طرف تو بذاذۃ کا حکم ہو رہا ہے تاکہ زینت اور تکلف نہ آجاوے اور چونکہ بعض لوگوں سے اس پر ایسا عمل کرنے کا احتمال تھا کہ وہ اپنے تن بدن کی خبر نہ رکھنے کی وجہ سے حد نظافت سے بھی خارج ہو جاتے اس لئے دوسرے موقع پر یہ بھی فرما دیا کہ ہفتے بھر میں ایک مرتبہ ضرور غسل کر لیا کرو۔ تاکہ نظافت بھی فوت نہ ہو جائے کیونکہ نظافت مطلوب ہے چنانچہ اس کی اس قدر ترغیب دی ہے کہ یوں ارشاد فرمایا نظفوا افنیتکم ولاتتشبھوا بالیھود یعنی اپنے فناء دار کو صاف رکھا کرو اور اس کو میلا کچیلا رکھ کر یہود جیسے نہ بنو۔ فناء دار اس حصہ زمین کو کہتے ہیں جو کہ گھر سے باہر دروازے کے سامنے ہو۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جب فناء دار تک کی نظافت مطلوب ہے تو خود دار کی اور اس سے بڑھ کر لباس اور بدن کی نظافت کس درجہ مطلوب ہوگی۔ سو شریعت کی تو یہ تعلیم ہے کہ دونوں امر میں اعتدال تبلایا مگر اس کے بعد اپنے اوپر نظر کر کے وہ شعر یاد آتا ہے کہ ؎

چوں گرسنہ میشوی تو سگ شوی  چونکہ خوردی تند و بدرگ میشوی

(جب تم بھوکے ہوتے ہو تو کتا ہو جاتے ہو اور جب کھاتے ہو تو سرکش اور کمینے ہو جاتے ہو)

یعنی ہماری بھوک بھی ایک آفت اور سیری بھی ایک مصیبت یعنی

اگر نظافت اختیار کریں گے تو اس درجہ کہ نواب معلوم ہوں اور بذاذۃ پر اتریں گے تو اس حد تک کہ کپڑے بھی سڑے ہوئے بدن بھی سڑا ہوا وہ تعدیل کی شان جو شریعت نے سکھلائی ہے اس کا کہیں کوسوں بھی پتہ نہیں حالانکہ ضرورۃ اس کی ہے کہ نظافت اور بذاذۃ دونوں کو ہاتھ سے نہ جانے دے یہ تو شرعی پہلو سے بذاذت پر گفتگو تھی اب حسّی اعتبار سے لیجئے تو ہم دیکھتے ہیں کہ حِسًّا بھی یہی حالت ہے کہ جو آدمی کسی بڑے کام میں مشغول ہوتا ہے اس کو چھوٹے کاموں کی طرف توجہ نہیں ہوتی مثلاً شادی کے موقع پر جن لوگوں کی سپرد شادی کا انتظام ہوتا ہے ان کو نہ اپنے کپڑوں کی خبر ہوتی ہے نہ بدن کی اور وہ اس کو کچھ عار نہیں سمجھتے بلکہ اپنی کارگذاری پر ناز کرتے ہیں بلکہ جو زیادہ مشغول ہوتے ہیں ان کو اس طرف بھی التفات نہیں ہوتا کہ اس سے کارگذاری کا اظہار ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ انہماک فی الامور العظام کے لئے بذاذۃ اور عدم الالتفات الی صغار الامور لازم ہے۔ پس جو طالب علم اپنے علم کے شغل میں لگا ہوگا اس کو کبھی اس کی فکر نہ ہوگی کہ میرے پاس بوٹ بھی ہے یا نہیں اور رومال بھی ہے یا نہیں۔ اسی کی بناء پر محققین نے کہا ہے کہ ریفارمر ہونے کے لئے عادۃً لازم ہے کہ وہ بالکل سادہ زندگی بسر کرے گا اور بڑے لوگوں کی سوانحعمری دیکھنے سے بھی اگرچہ وہ دنیا ہی کے بڑے ہوں صاف معلوم ہو سکتا ہے کہ انھوں نے زندگی نہایت بے تکلف بسر کی۔ پس جو شخص ہر وقت مانگ پٹی میں مشغول رہے اس کی نسبت سمجھ لینا چاہیئے کہ لیس من الکمال فی شیئ (اسے کوئی کمال حاصل نہیں ہے) ایک شخص کو میں نے دیکھا کہ اُن کی یہ حالت تھی کہ جب کوئی ان ان کو گھر پر جاکر آواز دیتا تو کم سے کم نصف گھنٹہ میں باہر آتے اس کی وجہ تحقیق کی گئی تو معلوم ہوا کہ جس وقت پکارنے کی آواز گھر میں پہنچتی ہے تو

وہ آئینہ اور کنگھا طلب کرتے ہیں اور نہایت تکلف سے بالوں کو درست کر کے مانگ نکال کر داڑھی میں کنگھا کر کے ایک ایک بال کا موزوں بنا کر غرض دولھا بنکر باہر تشریف لاتے تھے

(ع۔ جنوں وخبط نہ کہئے اسے تو کیا کہئے ۔ جامع)

اسی طرح اکثر متکلفین کو دیکھا ہے کہ ان کے پاس ایک دو جوڑا محض اس اس کام کے لئے رہتا ہے کہ جب باہر نکلیں تو اس کو زیب تن کر کے نکلیں اور جب واپس آئیں تو پھر وہی لنگوٹی یا سڑے ہوئے کپڑے ان کا لباس گویا ہاتھی کے دانت ہیں کہ کھانے کے اور دکھانے کے اور۔ اور ان لوگوں کو شیطان نے یہ دھوکہ دیا ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ جَمِیْلٌ یُّحِبُّ الْجَمَالَ (اللہ تعالیٰ خوبصورت ہیں اور خوبصورتی کو پسند فرماتے ہیں) اور جب خدا تعالیٰ کو جمال پسند ہے تو ہم کو بھی جمیل بنکر رہنا چاہیئے لیکن میں ان سے یہ سوال کرتا ہوں کہ اگر یہ تزئین محض جمال کی وجہ سے ہے تو اس کی کیا وجہ کہ محض جلوت میں یہ تکلف کا لباس پہنا جاتا ہے کیا خلوت میں خدا تعالیٰ کو جمال پسند نہیں۔ صاحبو! یہ سب نفس کی توجیہات اور نکات بعد الوقوع ہیں اور خود آثار سے پتہ چل جاتا ہے کہ اصل مقصود کیا ہے چنانچہ ہم نے بعض لوگوں کو دیکھا ہے کہ نہایت کم قیمت کپڑا معمولی کپڑا پہنیں گے لیکن وضع ایسی اختیار کریں گے کہ دوسرے کو نہایت قیمتی معلوم ہو نیز تراش ایسی ہوگی کہ یہ بڑے لوگوں میں شمار ہوں اور وضع وتراش کا ذکر تکلف کی مثال میں اس لئے کیا کہ کپڑے میں ایک مادہ ہوتا ہے اور ایک صورت اور ہیئت۔ سو تکلف میں اکثر زیادہ دخل ہیئت کو ہوتا ہے یعنی اگر کسی قیمتی کپڑے کی سادہ ہیئت بنالی جاتے تو وہی معمولی اور سادہ معلوم ہونے لگتا ہے ہمنے بعض امراء کو دیکھا ہے کہ وہ نہایت قیمتی کپڑا پہنتے ہیں لیکن اس کی وضع ایسی سادہ ہوتی ہے کہ وہ بالکل معمولی معلوم ہوتا ہے۔

اسی طرح بعض غرباء کو دیکھا ہے کہ وہ کپڑا کم قیمت پہنتے ہیں مگر بہت ہی خوبصورت بناکر۔ تو اگر خدا تعالےٰ نے وسعت دی ہو قیمتی کپڑا پہنو لیکن اس کی وضع بالکل سادہ رکھو اس میں بناوٹ اور تزئین ہرگز نہ ہونے دو مگر یہ اُسی سے ہوسکے گا جو کسی بڑے کام میں مشغول ہوگا۔
پہلے طالب علموں کی یہ کیفیت ہوتی تھی کہ وہ بالکل اول جلول رہتے تھے کہ نہ کرتے کی خبر ہے نہ پاجامے کی پھر دیکھ لیجئے کہ اُن میں سے جو اب موجود ہیں وہ اپنے وقت کے مقتدا ہیں اور جو شخص کرتے پاجامے کی زیب وزینت میں مشغول رہے گا اس کو کبھی یہ بات کہاں میسر ہو گی نیز ان لوگوں کو یہ بھی غور کرنا چاہیئے کہ ہم جو تکلف اور فیشن کے پیچھے پڑے ہیں آخر اس کی غرض کیا ہے ظاہر ہے کہ اپنی قدر بڑھانا اور لوگوں کی نظروں میں عزیز بننا یہی اس کی غرض ہوتی ہے سو علماء کی جماعت میں تو اس سے کچھ قدر نہیں ہوتی اس جماعت کی نظروں میں قدر بڑھانے کی تو صورت یہ ہے کہ علم میں کمال حاصل ہو اگرچہ پیجامہ نصف ساق تک ہی ہو اور اگرچہ کرتہ بالکل بھی نہ ہو کانپور میں جس زمانہ میں میرا قیام تھا ایک مرتبہ میں مدرسہ میں پڑھاتا تھا کہ ایک شخص آکر بیٹھے ان کے بدن پر صرف ایک لنگی اور ایک چادر تھا۔ اس ہیئت کو دیکھ کر کسی نے ان کی طرف توجہ نہ کی لیکن جب انھوں نے گفتگو شروع کی تو معلوم ہوا کہ بہت بڑے فاضل ہیں۔ پھر تو ان کی اس قدر وقعت ہوئی کہ ہر ہر طالب علم ان پر جھکا جاتا تھا اور تتبع حالات وخیالاتِ عوام سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی نظروں میں بھی اہل علم کی وقعت وضع ولباس سے نہیں غرض آپ لوگوں کی وقعت علم سے اور تقویٰ وطہارت سے ہے نہ کہ لباس سے۔ یہ ظاہری زیب وزینت صرف ان لوگوں کے لئے ذریعہ حصول وقعت ہے

جو کمال سے عاری ہیں ورنہ خوب سمجھ لو کہ ؎

زعشقِ ناتمامِ ماجمالِ یار مستغنی ست ۔ بآب و رنگ و خال و خط چہ حاجت روی زیبا را

(ہمارے ناقص عشق کی جمال یار کو کوئی ضرورت نہیں آب و رنگ تل اور خط کی حسین چہرے کو کیا حاجت ہوسکتی ہے)

اور یہ بھی اس وقت ہے کہ وقعت کو کسی درجے میں قابل شمار کہا جائے ورنہ اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ خود یہ وقعت ہی کوئی چیز قابل اہتمام نہیں غرض یہ آثار ہیں کپڑے میں خشوع و تجبّر کے۔ اسی طرح چلنے اور بولنے میں بھی اس کے کچھ آثار ہیں جن کی نسبت ارشاد خداوندی ہے وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ یعنی اپنی رفتار میں میانہ روی پیدا کرو اور آواز کو پست کرو پس معلوم ہوا کہ جب قلب میں خشوع ہوتا ہے تو رفتار میں بھی خشوع کا اثر ہوتا ہے اور آواز میں بھی اس کا اثر ہوتا ہے اور جیسے خشوع کے لئے یہ آثار لازم ہیں اسی تجربہ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ان آثار کے لئے بھی خشوع لازم ہے بلکہ ہر ظاہری ہیئت کا اثر باطن پر پڑتا ہے دیکھئے اگر کوئی شخص غمگین صورت بنا کر بیٹھ جائے تو قلب میں بھی اضمحلال کا اثر محسوس ہوگا۔ یا اگر کوئی شخص متکبرانہ وضع بنا لے تو دل میں بھی ایک تجبّر اور تکبر کی شان پائی جائے گی تو جیسے باطن ظاہر میں مؤثر ہے کہ باطن کے موافق آثار ظاہر میں پائے جاتے ہیں اسی طرح ظاہر بھی باطن میں مؤثر ہے جب ایسا ہے تو جن لوگوں کو اس وقت تک صفت خشوع حاصل نہیں ہوئی ان کو چاہیئے کہ وہ متواضعین کے افعال اختیار کریں انشاء اللہ تعالیٰ اس سے قلب میں بھی تواضع کی صفت پیدا ہوگی اور صاحبو کوئی تو وجہ ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے متکبرین کے افعال سے ممانعت فرمائی اور قرآن شریف میں وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ارشاد ہوا۔ ذرا آپ اپنے اسلاف کے حالات کو دیکھئے کہ ان کی کیا شان

تھی بلکہ میں کہتا ہوں کہ جو حضرات اکابر دین اس وقت موجود ھیں اُن
ہی کے حالات کو دیکھ لیجئے کیا ان کے افعال قابل اتباع نہیں ھیں ضرور ہیں
پس ہم کو لازم ہے کہ ہم وہی وضع اختیار کریں جو کہ ان کو مرغوب ہو اور
جس کو وہ اختیار کر چکے ہیں۔ کیا عجب ہے کہ ہم اس تشبہ ظاہری کی بدولت
اپنے باطن کو درست کر سکیں - اہل اللہ کے ساتھ یہ ظاہر کا تشابہ بھی وہ چیز ہے
کہ اس کی بدولت کفار پر فضل ہو گیا ہے۔ سِیَر کی روایت ہے کہ جب فرعون
نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ کے لئے ساحرین کو جمع کیا تو وہ لوگ اسی لباس
میں آئے تھے جو کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لباس تھا آخر مقابلہ ہوتے ھی
تمام ساحرین مسلمان ہو گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت خداوندی
میں عرض کیا کہ یا الٰہی یہ سامان فرعون کے اسلام کے لئے ہوا تھا کیا سبب
کہ اس پر فضل نہ ہوا اور ساحرین کو توفیق ایمان ہو گئی ارشاد ہوا کہ اے
موسیٰ یہ لوگ تمہاری سی صورت بنکر آئے تھے ہماری رحمت نے پسند
نہ کیا کہ ہمارے محبوب کے ہم وضع لوگ دوزخ میں جائیں اسلئے ان کو
توفیق ہو گئی اور فرعون کو چونکہ اتنی مناسبت بھی نہیں تھی اس لئے
اس کو یہ دولت نصیب نہ ہو سکی۔ اس حکایت سے احتجاج مقصود نہیں
کہ اس کے ثبوت میں کلام کرنے لگو بلکہ صرف تائید منظور ہے اگر یہ حکایت
صحیح نہ ہو اور اس لئے تقریر سے حذف بھی کر دیا جائے تو بھی اصل مضمون
دلائل سے ثابت ہے کسی حکایت کا عدم ثبوت مضر نہیں غرض ہے خشوع
اور اس کے آثار اب ہم کو دیکھنا چاہیئے کہ اگر ہم میں صفت خشوع موجود ہے تب تو
ہم کو اس کے مناسب وضع اختیار کرنا لازم ہے اور اگر یہ صفت موجود نہیں
ہے تو خود اس کی تحصیل کے لئے ایسا کرنا یعنی اس کے آثار کا اختیار کرنا ضروری
ہے کیونکہ تحصیل خشوع کی علت کے اجزا میں سے ایک جزو یہ بھی ہے اور دوسرا
جزو یہ ہے کہ اہل خشوع کی صحبت اختیار کی جائے تیسرا جزو یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی خشیت کو ذہن میں جگہ دیجائے

اور اس خشیت کو پیدا کرنے کے لئے یہ تدبیر کی جائے کہ کوئی وقت مناسب تجویز کرکے اُس میں تنہا بیٹھکر اپنی حالت عصیاں اور پھر خدا تعالےٰ کے نعم اور نیز اس کے عذاب آخرت اور قیامت کے احوال پلصراط میزان دوزخ کی حالت وغیرہ کو سوچا جائے اگر دس منٹ روزانہ بھی اس کو معمول کر لیا جائے تو انشاء اللہ بہت کچھ فائدہ ہوگیونکہ اس کو خشیت کے پیدا ہونے میں بڑا دخل ہے اور پھر خشیت سے خشوع ہوگا نیز دوسرے طور پر بھی اس کو حصول آثار خشوع میں دخل ہے وہ یہ کہ سب سے پہلا اثر جو اس سے ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ دنیا سے دل بالکل اُٹھ جاتا ہے اور جب دنیا سے دل اُٹھ جاتا ہے تو تکلف اور زینت اور اسی طرح دلبستگی کے سب آثار جاتے رہتے ہیں اور اس قسم کی تمام باتوں سے نفرت ہوجاتی ہے اسلئے کہ اس شخص کے پیش نظر ہر وقت سفر آخرت رہیگا اور دنیا میں اپنے تئیں مسافر سمجھے گا اور ظاہر ہے کہ مسافر کو سفر میں دلبستگی نہیں ہوا کرتی۔ اس کو منزل کا خیال ہر وقت سوہان روح رہتا ہے چوتھا جزو علت خشوع کا یہ ہے (اور یہ بعد فراغ کتب درسیہ آپکے ذمہ واجب العمل ہے) کہ اگر ظاہری علوم کی تحصیل میں دس سال ختم کئے ہیں تو باطن کی درستی میں کافی سال تو کیا چند ماہ ہی خرچ کر دیجئے یعنی کم سے کم دس مہینے ہی کسی کامل کی خدمت میں صرف کیجئے اور اس کے ارشاد کے مطابق چلئے۔ خداوند تعالےٰ کی عادت ہے کہ اس کی برکت سے دولت خشوع عطا فرماتے ہیں اور علم کا اثر قلب کے اندر پیوست ہوجاتا ہے۔ خوب کہا ہے ؎

علم چوں بر تن زنی مارے بود  علم چوں بر دل زنی یارے بود

(علم کو اگر تم بدن سے لگاؤگے تو وہ تمہارے لئے سانپ ہوجائیگا اور اگر دل سے لگاؤگے تو وہ تمہارا دوست ہوگا)

ایک جگہ اس کی تدبیر بتلاتے ہیں ؎

قال را بگذار مرد حال شو  پیش مرد کاملے پامال شو

بات کا چھوڑ کر صاحب حال بنو اور کسی بزرگ کے سامنے پامال ہو جاؤ

صحبت نیکاں اگر یکساعتست  بہتر از صد سالہ زہد و طاعتست

اگر ایک ساعت کے لئے بھی نیک لوگوں کی صحبت میسر آجائے تو وہ سو سال کی عبادت اور پرہیزگاری سے بہتر ہے

یک زمانے صحبتے با اولیا  بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

اولیاء کی تھوڑی صحبت سو سال کی پر خلوص عبادت سے بڑھ کر ہے

نفس نتواں کشت اِلّا ظلِ پیر  دامنِ آں نفس کش را سخت گیر

علاوہ کسی پیر کے سائے کے نفس کو اور کوئی نہیں مار سکتا تم نفس مارنے والے پیر کا دامن مضبوطی کے ساتھ پکڑ لو

گر ہوائے ایں سفر داری دلا  دامن رہبر بگیر و پس برآ

(اے دل اگر تجھے اس سفر کی خواہش ہے تو رہبر کا دامن تھام کے چلا آ)

در ارادت باش ثابت اے فرید  تا بیابی گنج عرفاں را کلید

ارادے میں اے فرید ثابت اور اٹل رہو تاکہ معرفت کے خزانے کی کنجی تمہیں دستیاب ہو جائے

شاید کسی کو ناز ہو کہ ہمارے پاس تو کتابیں ہیں ان کو دیکھ کر ہم سب کچھ حاصل کر لیں گے اسلئے آگے فرماتے ہیں ؎

بے رفیقی ہر کہ شد در راہِ عشق  عمر بگذشت و نشد آگاہِ عشق

(جس نے کہ بغیر کسی رفیق سفر کے عشق کے راستے میں قدم رکھا عمر گذرنے کے باوجود بھی اسے عشق سے آگاہی نہیں ہو سکی)

اس شعر کو سنکر یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ ہم نے متعدد حضرات کی نسبت سنا ہے کہ وہ بغیر مرید ہوئے اس راہ میں کامیاب ہو گئے اس لئے اس کا جواب دیا جاتا ہے ؎

یار باید راہ را تنہا مرو  بے قلاؤز اندریں صحرا مرو
ہر کہ تنہا نادر ایں رہ را برید  ہم بعونِ ہمت مرداں رسید

(راستے کے لئے ساتھی کی ضرورت ہے تنہا مت جا۔ جس نے تنہا اور اکیلے اس راستے کو اختیار کیا وہ بھی بزرگوں کی توجہ سے ہی پہونچا ہے)

یعنی اگر کہیں ایسا ہوا بھی ہے تو وہ بھی محض ظاہرًا ہوا ہے ورنہ واقع میں وہ بھی کسی کامل کی توجہ اور مدد ہی سے مقصود تک پہونچا ہے اگرچہ اس کو اس مدد کی خبر بھی نہ ہو اس کی مثال ایسی ہے جیسے بچے کی پرورش کہ بدون ماں باپ کی مدد اور اعانت کے وہ پرورش نہیں پاسکتا لیکن اس کو خبر نہیں ہوتی تو اگرچہ وہ بچہ بڑا ہو کر کہنے لگے کہ بغیر کسی کی مدد کے اتنا بڑا قوی الجثہ ہو گیا ہوں تو جس طرح اس کا یہ قول غلط اور قابل مضحکہ ہے اسی طرح اس راہ کے قطع کرنے والے کا قول بھی بالکل غلط ہوگا بات یہ ہے کہ بعض مرتبہ ظاہرًا ایک شخص کو کسی کے سپرد نہیں کیا جاتا لیکن واقع میں بہت سے حضرات بامر خداوندی اس کی طرف متوجہ رہتے ہیں اور وہ اس کو غلطیوں میں پھنسنے سے بچاتے ہیں اور قطع راہ میں مدد فرماتے ہیں بہرحال اس جزو کی بھی سخت ضرورت ہے۔ لیکن اس پر اُسی وقت عمل کرنا مناسب ہے کہ جب کتب درسیہ سے فراغ ہو چکے اور اساتذہ ادھر متوجہ ہونے کی اجازت دیدیں اور اگر اساتذہ ختم درسیات کے بعد بھی چندے درسیات ہی میں مشغول رہنے کا حکم فرمائیں تو ان کے ارشاد پر عمل کرے اور جب تک کافی مناسبت نہ ہو جائے اس وقت تک درسیات ہی میں مشغول رہے اور جب کافی مناسبت ہو جائے تو چند روز کسی کے پاس رہکر اصلاح باطن کرلے اور پھر درس تدریس کا شغل بھی جاری کردے یہ ہے تدبیر خشوع کے پیدا ہونیکی چونکہ اس کا اہتمام بہت ضروری تھا اسلئے اس وقت اس کو عرض کیا گیا اس کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بذاذۃ جس کو اوپر بیان کیا گیا ہے اُس کے متعلق کچھ تھوڑی توضیح عرض کردوں کیونکہ ممکن ہے کوئی صاحب بذاذۃ کے وہ معنے سمجھ لیں جیسے غالب نے سمجھے تھے مشہور ہے کہ غالب نے ایک دوست کو اپنے گھر بلانا چاہا اُس نے جواب میں کہلا بھیجا کہ تم تکلف زیادہ کرتے ہو اور اس سے مجھے اور تمہیں دونوں کو تکلیف ہوتی ہے اس واسطے آنیکی ہمت نہیں ہوتی آپنے

اس کے جواب میں کہلا بھیجا کہ میں وعدہ کرتا ہوں اس مرتبہ کچھ تکلف نہ ہو گا اور اسکے بعد محلہ بھر کا گھورا جمع کر کے اپنے گھر میں ایک ٹیلہ لگا دیا جب دوست کے آنیکا وقت ہوا تو آپ اس پر چڑھ بیٹھے اور نہایت ہی مفلسانہ وضع بنائی مہمان نے آکر یہ وضع دیکھی تو اس کو سخت رنج ہوا سمجھا کہ آجکل غالب کسی سخت مصیبت میں ہے قریب پہونچکر حال دریافت کیا تو آپ فرماتے ہیں کہ میں بہت اچھا ہوں لیکن چونکہ تم نے تکلف سے روکدیا تھا اسلئے میں نے یہ بے تکلفی کی وضع اختیار کی ہے تو جیسے غالب نے بے تکلفی کے معنی سمجھے تھے اسی طرح بعض لوگ شاید بذاذۃ کے یہ معنے سمجھ جائیں کہ نہ صفائی ہو اور نہ نظافت ہو بالکل میلی کچیلی حالت میں رہے حالانکہ میلے پن سے بذاذۃ کو کوئی علاقہ نہیں اور یہ بات بھی ضروری بیان کرنے کے قابل تھی کیونکہ ہماری جماعت جو کہ علماء طلبہ کی جماعت کہلاتی ہے اس کے لئے اس کی بھی ضرورت ہے کہ یہ نظافت کی طرف متوجہ ہوں جہاں تک دیکھا جاتا ہے ان لوگوں کو اس کا ذرا خیال نہیں ہے بعض لوگ تکلف کے تو خوگر ہوتے ہیں لیکن صفائی ان میں بالکل نہیں ہوتی۔ حالانکہ ضرورت اس کی ہے کہ تکلف نہ ہو اور صفائی ہو مثلاً آجکل گرمی کا موسم ہے اسی موسم میں علی العموم کپڑوں میں جلدی بدبو ہو جاتی ہے اسلئے ضرورت اس کی ہے کہ ہفتہ میں دو مرتبہ ضرور غسل کر کے کپڑے بدلے جائیں اور اگر کسی کے پاس اتنی گنجایش نہ ہو تو وہ یہ کرے کہ اپنے انہی کپڑوں کو جن کو پہنے ہوتے ہے دھوکر صاف کر لے۔ صاحبو! کپڑے میں تکلف اور استری کی ضرورت نہیں ضرورت صرف اس کی ہے کہ میلا نہ ہو پسینے کی بدبو نہ آتی ہو کیونکہ بدبو سے دوسروں کو بیحد تکلیف ہوتی ہے خصوصاً اساتذہ کو ایسے لوگوں سے سخت تکلیف پہونچتی ہے۔ ایسے لوگوں کو اس کا خود خیال ہونا چاہیئے اور اگر کسی کے ذہن میں ابتک خود یہ بات نہیں آئی تھی تو اب سننے کے بعد تو ضرور خیال رکھنا چاہیئے آپ لوگوں نے حدیث میں پڑھا ہے اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَیَدِهٖ (مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں)

اور پسینے کی بدبو سے اذیت ہوتی ہے چنانچہ حدیث قصہ سُنیت غسل جمعہ میں آیا ہے
کَانَ یُوْذِیْ بَعْضُھُمْ بَعْضًا (ان میں کا ایک دوسرے کو تکلیف پہونچاتا تھا) یعنی
ایک دوسرے سے بوجہ پسینے کے تکلیف ہوتی تھی اس لئے غسل کا حکم ہوا۔ اور
لیجئے فقہانے کہا ہے اور حدیث میں بھی ہے کہ کچی پیاز کھاکر مسجد میں نجائے علیٰ ہذا
یہی حدیث نَظِّفُوْا اَفْنِیَتَکُمْ (اپنے گھر کے سامنے کا حصہ صاف رکھو) سن چکے ہو جس میں یہ
بھی بیان کیا تھا کہ جب فناء دار کے صاف کرنے کا حکم ہے تو خود حجرہ اور لباس و
بدن کے صاف کرنے کا حکم کیوں نہ ہوگا۔ اور علاوہ دوسرے کی تکلیف کے صفائی
نہ رکھنے سے طرح طرح کی بیماریوں کا بھی اندیشہ ہوتا ہے اور صفائی کو صحت میں بہت
زیادہ دخل ہے کیونکہ صفائی سے نشاط پیدا ہوتا ہے اور نشاط معین صحت ہے اب
طالب علموں کی یہ حالت ہے کہ چاہے دو بالشت کوڑا ان کے حجرے میں ہو جائے لیکن یہ
کبھی صاف نہ کریں گے مجھے تھانہ بھون کی ایک حکایت یاد آئی کہ ایک طالب علم کے حجرے
میں چوہے نے زمین کھود کر بہت سی مٹی نکالدی تھی اور وہ کئی روز تک اسی طرح رہی
لیکن اس کو بھٹ بند کرنے یا مٹی پھینکنے کی توفیق نہ ہوئی اتفاق سے ایک صاحب جو
حاجی بھی ہیں اس طرف کو جو گذرے تو انھوں نے اس کو درست کر دیا چند روز کے
بعد چوہے نے پھر کھود ڈالی اور پھر مٹی اسی طرح جمع ہوگئی کسی شخص نے دیکھ کر اس طالب علم
سے کہا کہ اس کو ٹھیک کر دو تو آپ فرماتے ہیں کہ حاجی جی ٹھیک کر دینگے۔ گویا حاجی صاحب
ان کے نوکر ہیں کہ وہ آکر ان کے حجرے کو صاف کیا کریں۔ اسی طرح آجکل آموں کی فصل
ہے مدرسے میں جس جگہ دیکھئے چھلکا گٹھلی پھیلا پڑا ہے میں نے تھانہ بھون میں یہ انتظام
کیا ہے کہ ایک جگہ ایک بڑا ٹوکرہ رکھدیا ہے اور سب سے کہدیا ہے کہ اسمیں
چھلکے وغیرہ ڈالو لیکن باوجود اس کے بھی کسی کو اس کی توفیق بھی نہیں ہوتی۔ وجہ یہی ہے
کہ مزاج میں صفائی اور نظافت نہیں۔ علیٰ ہذا گرمی کی وجہ سے سب لوگ صحن میں
سوتے ہیں لیکن ایسے بہت کم ہیں کہ صبح اُٹھکر چارپائی کو کسی ٹھکانیکی جگہ رکھدیں بلکہ
جس جگہ پڑی ہے وہیں دن چڑھے تک پڑی رہیگی۔ اکثر طالب علم اپنی ضرورت سے مسجد کے

لوٹے حجرے میں لیجاتے ہیں لیکن پھر مسجد میں لاکر لوٹا رکھے اول تو مسجد کا لوٹا اپنے حجروں میں لیجانا ہی جائز نہیں اور اگر کسی جگہ مسجد و مدرسے کا خرچ مشترک ہونیکی وجہ سے جائز بھی ہو تو حجرے میں رکھ لینا تو پھر بھی جائز نہیں۔ غرض ہم لوگ تکلف کریں گے تو نوابوں کی طرح اور بذاذۃ اختیار کرینگے تو بالکل ہی بدنظم بن جائیں گے اسلئے میں نے عرض کردیا ہے کہ نظافت بذاذت کے خلاف نہیں ہے بلکہ جس طرح طہارت ضروری ہے نظافت بھی ضروری ہے۔ اب تو ہماری بدمذاقی کی یہ حالت ہوگئی کہ مدراس میں ایک انگریز مسلمان ہوا مسجد میں آکر دیکھا کہ نالی میں بہت سارینٹھ وغیرہ پڑا ہے اس نے منتظمین سے کہا کہ مسجد کو صاف رکھنا ضروری ہے۔ اسکی حالت ایسی خراب نہ رکھنی چاہیئے اس کو سنکر وہ لوگ کہنے لگے کہ تجھ میں ابھی عیسائیت باقی ہے ابھی صفائی کی بو دماغ سے نہیں نکلی گویا مسلمانوں کے لئے میلا کچیلا خراب خستہ رہنا لازم ہے اور اس قدر برہم ہوتے کہ اس کو مار کر مسجد سے نکالدیا۔ بعض داناؤں کو اس حرکت کی اطلاع ہوئی تو وہ اس انگریز کے پاس آئے اور تسلی تشفی کرنے لگے۔ اس نے کہا کیا آپ کو یہ اندیشہ ہے کہیں ان لوگوں کی اس حرکت سے اسلام کو چھوڑ دوں گا۔ میں ان لوگوں پر ایمان نہیں لایا بلکہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لایا ہوں اور میں جانتا ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے نہ تھے تو بعض آدمی ستھرائی کو بھی اسلام کے خلاف سمجھتے ہیں استغفراللہ حالانکہ دوسری قوموں نے صفائی اور ستھرائی اسلام ہی سے سیکھی ہے اب میں اپنے بیان کو ختم کرتا ہوں۔

خلاصہ سارے بیان کا یہ ہے کہ ہم کو صرف علم حاصل کرلینے پر بس نہ کرنا چاہیئے بلکہ اس کے ساتھ عمل کرنا بھی ضروری ہے اور بالخصوص صفت خشوع اور اسکے آثار و تدابیر کا اختیار کرنا اور اہل علم کے لئے زیادہ خصوصیت کے ساتھ ضروری ہے کہ ان کے لئے زینت اور زیور ہے۔ اب خدا تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ وہ توفیق عمل عطا فرمائیں اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اے اللہ ہمیں (اور حضرۃ المنان تا مشرکی ان کاموں کی توفیق عطا فرما جنھیں آپ پسند فرماتے ہیں اور جن سے آپ خوش ہوتے ہیں) آمین یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْن

تمت

وعظ ہذا دیگر مواعظ مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی ۱ سے طلب کریں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً

رواہ البخاری

دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

ساتواں وعظ ملقب بہ

# احسان التدبیر

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی "دفتر الابقاء"

مسافر خانہ بندر روڈ کراچی ملا

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

ساتواں وعظ ملقب بہ

# احسان التدبیر

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۱۹ رجب ۱۳۵۷ھ یوم جمعہ | ۲½ گھنٹے | بیٹھ کر | قحط وغیرہ میں جو غلہ جمع کر کے بکواتے ہیں اس پر کلام تھا | سعید احمد تھانوی عفی اللہ عنہ | | |

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ

وتعالیٰ وَاْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ اَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (گھروں میں ان کے دروازوں سے داخل ہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تاکہ تمہیں کامیابی ہو) یہ ایک لمبی آیت کا ٹکڑا ہے اور دو جملوں پر مشتمل ہے اس کا شان نزول گو خاص ہے مگر مقصود اس سے ایک عام مضمون پر دلالت کرتا ہے اور اُسی عام مضمون میں یہ مضمون بھی داخل ہے جس کو اس وقت میں بیان کرتا ہوں۔ اگرچہ اس وقت قصد ایک دوسرے مضمون کے بیان کا تھا لیکن بقاعدہ الاہم فالاہم چونکہ اس وقت یہ مضمون زیادہ ضروری معلوم ہوا اسلئے اس کو اختیار کیا گیا ہے یہ سب کو معلوم ہے کہ آج کل ہمارے نواح میں بارش کا کہیں پتہ نہیں ہے اور لوگوں کو قحط کا اندیشہ ہے بلکہ لوگوں کو اسی وقت سے بارش نہ ہونے کے سبب تکلیف شروع ہوگئی ہے خاص کر ان لوگوں کو جن کے پاس نہ غلہ ہے نہ اس قدر وافر روپیہ ہے کہ وہ اس سے اپنی ضرورت پوری کر سکیں البتہ جن لوگوں کے گھروں میں غلہ بھرا پڑا ہے یا جو لوگ روپے والے ہیں وہ البتہ اس تکلیف سے بچے ہوتے ہیں اور یہ تو خوشی کی بات ہے اور ان کو کسی قسم کی فکر بھی نہیں کیونکہ آثار قحط سے بچنے کا سامان ان کے پاس موجود ہے نہ اپنی فکر ہے اور یہ بھی محل شکایت نہیں اور نہ برائی اور یہ محل شکایت ہے کیونکہ یہ خاصیت جانور کی ہے چنانچہ طوفان میں ہر جاندار کو غرق کی فکر ہوتی ہے لیکن بط کو فکر نہیں ہوتی کیونکہ وہ جانتی ہے کہ پانی کتنا بھی اونچا ہو جائے میں بہر صورت اس سے اونچی ہی رہوں گی ؎

گر از نیستی دیگرے شد ہلاک ... ترا ہست بط را ز طوفاں چہ باک

(اگر کوئی مصیبت سے ہلاک ہوگیا تو لے بطخ تجھے طوفان سے کیا ڈر)

اسی طرح ناداران کی حالت کا امراء کو بھی کچھ خیال نہیں امراء کی طرف سے نادار لوگ بچیں یا ہلاک ہوں اُن کے پاس تو غلہ بھرا ہے وہ بے فکر ہیں کہ

ہم کو کوئی گزند نہیں پہونچ سکتا گھر میں سے نکالیں گے اور کھائیں گے اور بہی لوگ ہیں جن کی سنگدلی بہت بڑھ جاتی ہے اور ترحم کا پتہ بھی ان میں نہیں رہتا لیکن ہے یہ بہت بڑی غلطی۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ بنی آدم مثل اعضاء یکدگر ہیں یعنی جو حالت ایک انسان کے اعضاء کی ہوتی ہے کہ اگر پیر میں درد ہے تو سر بھی متاثر ہے آنکھیں بھی متاثر ہیں اسی طرح بنی آدم کا حال بھی ہونا چاہیئے خاصکر مسلمانوں کا اکثر ان کو ایک دوسرے کی ضرور مدد کرنا چاہیئے اور ہر شخص کو دوسرے کے غم سے غمگین ہونا چاہیئے اور اُسکے ازالے کی تدابیر میں لگنا چاہیئے جس قسم کی تدبیر بھی ممکن ہو اسلئے کہ تدبیر مختلف ہوتی ہیں کسی امر کی تدبیر یہ ہے کہ اس کے لئے دعاء کی جائے کسی کی تدبیر یہ ہے کہ اسباب طبیعہ کی مباشرت کی جائے ایک کو دوسرے سے غافل ہرگز نہ رہنا چاہیئے یہ ہے انسانیت جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے اور اس کا ترجمہ شیخ شیرازی علیہ الرحمۃ نے ان الفاظ میں کیا ہے ؎

بنی آدم اعضائے یکدیگر اند — کہ در آفرینش زیک جوہر اند
چو عضوے بدرد آورد روزگار — دگر عضوہا را نماند قرار
تو از محنت دیگراں بے غمی — نشاید کہ نامت نہند آدمی

(بنی آدم ایک دوسرے کے اعضاء ہیں اس لئے کہ آدمی ہونے میں وہ ایک ہی جوہر ہیں جب گردش زمانہ کسی ایک عضو کو تکلیف پہونچاتی ہے تو اس تکلیف کی وجہ سے دوسرے عضو کو بھی قرار نہیں آتا جب تو دوسروں کی تکلیف اور مشقت سے بے پرواہ ہے تو تجھے آدمی نہ کہنا چاہیئے)

شریعت مطہرہ نے مواساۃ کی یہاں تک رعایت کی ہے اور اس کی تعلیم دی ہے کہ ارشاد ہوتا ہے جب گوشت پکایا کرو تو اس میں شوربا زیادہ کر لیا کرو آگے فرماتے ہیں وَتَعَاهَدُوا جِيْرَانَكُمْ اللہ اکبر شریعت مطہرہ نے کس قدر

رعایتیں کی ہیں اور کیسی پاکیزہ تعلیم دی ہے اس حدیث میں غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ ہمدردی کی تعلیم کے ساتھ ہی ایک دوسرے بڑے دقیق امر کی کتنی رعایت فرمائی ہے یعنی اس حکم کے ساتھ کہ شوربا زیادہ کرلیا کرو اور خود ہی سب بھون کر مت کھا جایا کرو ایک ایسے امر کی روایت کی ہے کہ نبی کے سوا دوسرے کے کلام میں اتنی دقیق رعایت ممکن نہیں اور ایسی رعایتیں نبی کے کلام میں اس لئے ہوا کرتی ہیں کہ ان حضرات کو خدا تعالے خود ادب اور علم سکھلاتے ہیں چنانچہ ارشاد ہے عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ فَاَحْسَنَ تَعْلِيْمِيْ وَاَدَّبَنِيْ رَبِّيْ فَاَحْسَنَ تَاْدِيْبِيْ (مجھے میرے رب نے تعلیم دی ہے اور بہترین تعلیم دی ہے اور مجھے میرے رب نے ادب سکھلایا ہے اور اچھی طرح سکھلایا ہے) اور وہ امر یہ ہے کہ انسان اگرچہ کتنا ہی بڑا ہمدرد ہو اور صفت ایثار اس میں کتنی ہی غالب کیوں نہ ہو لیکن اس میں یہ خصلت بھی طبعًا ضرور ہوتی ہے کہ وہ ہر امر میں دوسرے کو اپنی برابر نہیں رکھتا اور اپنے مرافق خاصہ میں طبعًا دوسرے کی شرکت گوارا نہیں کرتا اور قرآن مجید نے بھی اس کی اجازت دی ہے اور یہ بالکل فطرت کا مقتضا ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ غالبًا ہر شریعت آسمانی میں اس کی اجازت ہوگی سو قرآن مجید میں ارشاد ہے هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْمَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ (کیا تمہاری مملوکہ اشیاء میں جنہیں ہم نے تمہیں بطور رزق کے عطا کی ہے کچھ لوگ شریک ہیں اور تم سب لوگ اس سلسلے میں برابر ہو) اس آیت میں توحید کو بیان فرما رہے ہیں اور اس کی توضیح کے لئے ایک مثال دیتے ہیں کہ تم خدا کی مملوک کو خدا کی برابر کیسے قرار دیتے ہو حالانکہ اگر تمہارا ایک غلام ہو تو کیا تم اس کو اپنی برابر سمجھ لوگے یعنی حظوظ اور انتفاعات کے حاصل کرتے میں تم ان کو اپنی برابر نہیں سمجھتے اس مثال کو ذکر کرکے اس کو رد نہ فرمانا بلکہ استدلال کرنا اس عدم مساوات کی اجازت کی صاف دلیل ہے اور یہ مساوات واجب بھی نہیں ہے اور حکمت اس کے واجب نہ ہونے کی یہ ہے کہ اس پر بہت کم آدمی عمل

کرسکتے علیٰ ہذا حدیث سے بھی اس کی اجازت مفہوم ہوتی ہے چنانچہ ارشاد ہے کہ اگر غلام سے اچھا کھانا پکواؤ تو بہتر تو یہ ہے کہ اس کو اپنے ساتھ کھلاؤ لیکن اگر ایسا نہ کرسکو تو کم از کم اتنا تو ضرور کرو کہ ایک لقمہ بنا کر اس کے ہاتھ پر رکھ دو اور اس حدیث میں بھی علاوہ تعلیم ہمدردی کے ایک بڑی حکمت تمدنی بھی ہے کہ اس سے چوری کا انسداد بالکل ہوگیا کیونکہ جب غلام یہ سمجھیگا کہ آقا خود دیکھے دیدے گا تو چوری نہ کرے گا اسی طرح جس تعلیم کو دیکھئے اس میں بڑے بڑے دقیق امور کی رعایت ہے اگرچہ اس وقت وہ امور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مقصود نہ ہوں چنانچہ اس مقام پر بھی گو اس انسداد کی غرض سے ایسا نہ فرمایا ہو لیکن تعلیم اتنی پاکیزہ ہے کہ اس پر عمل کرنے سے اس کا بھی انسداد ہوجائے گا غرض اس لقمہ رکھدینے کی حدیث میں ہمدردی کی بھی رعایت ہے اور انسان کے طبعی مقتضا کی بھی رعایت ہے کہ بہتر تو ساتھ کھلانے کو فرمایا اور ساتھ ہی اس کی بھی اجازت دیدی کہ الگ سے تھوڑا سا دیدو کیونکہ نفس میں یہ بات پیدا ہوسکتی ہے کہ جب میں کماتا ہوں تو دوسرا اس میں برابر کا کیوں شریک ہوا اسی طرح قرآن میں اَنْتُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ فرمایا یعنی کیا تم غلاموں کو اپنی برابر بنالوگے یہ تمثیل بھی اس پر دال ہے کہ مساوات باہم نہیں ہوسکتی اسلئے کہ خدا نے اس پر انکار فرمایا اور یہ قاعدہ مقررہ ہے کہ جب کسی امر کو نقل کرکے قرآن وحدیث میں اس پر انکار نہ کیا جائے تو وہ ہمارے لئے بھی شریعت ہوتا ہے جیسا اوپر بیان کیا گیا اگر کسی کو شبہ ہو کہ حدیث میں تو اَلْبِسُوْهُمْ مِمَّا تَلْبَسُوْنَ وَاَطْعِمُوْهُمْ مِمَّا تَطْعَمُوْنَ (جو تم پہنتے ہو وہی ان کو بھی پہناؤ اور جو تم کھاتے ہو وہی ان کو بھی کھلاؤ) آیا ہے پھر عدم مساوات کی اجازت کہاں ہوئی جواب اس کا یہ ہے کہ یہ امر وجوب کے لئے نہیں بلکہ استحباب کے لئے ہے اور بصورت وجوب اس لئے فرمایا کہ مخاطب اس کے ایک خاص شخص تھے اور ان کی خصوصیت وقتیہ کا مقتضا یہ ہوگا کہ اس میں تاکد ہو۔

واقعہ اس کا یہ ہوا تھا کہ حضرت ابوذرؓ غفاری جو کہ نہایت جلیل القدر صوفی مشرب صحابی ہیں اور ان کی شان دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بالکل جدا ہے ایک مرتبہ یہ ایک غلام سے بگڑ رہے تھے اسی اثناء میں انھوں نے اس کے نسب پر طعن کیا اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جاکر شکایت کردی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بلایا اور یہ فرمایا کہ اِنَّكَ امْرَءٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ (تم ایک ایسے آدمی ہو جس میں جاہلیت رہی ہوئی ہے) اور فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے ان کو تمہارے قبضے میں کر دیا ہے ان کو حقیر نہ سمجھو بلکہ جو خود کھاؤ وہ کھلاؤ جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ تو اس واقعہ میں اگر تعلیم مجاہدہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقصود کہا جائے تو اس کی خصوصیت کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صیغے کو تاکید کے لئے بھی کہا جا سکتا ہے اور حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اس پر یہاں تک عمل کیا کہ ایک مرتبہ ان کے پاس دو چادرے تھے جن کے مجموعے کو عربی میں حلہ کہتے ہیں انھوں نے ایک تو خود پہنا اور ایک اپنے غلام کو دیدیا ایک شخص نے ان کو ایک چادرے میں دیکھا تو کہا اے ابو ذرؓ یہ چادرے دونوں اگر تم رکھتے تو پورا حلہ ہو جاتا اور اچھا معلوم ہوتا حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ تو تم سچ کہتے ہو لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ یہ فرمایا تھا کہ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ اُس روز سے میں اپنے اور غلام کے کھانے کپڑے میں کچھ فرق نہیں کرتا یہ تو آپ کی خصوصیت کے اعتبار سے کلام تھا اور اگر عام لیا جائے اور ظاہر یہی ہے بھی تو پھر یہ امر استحباب کے لئے ہے اور دلیل استحباب کی وہی سابق حدیث ہے کہ کم سے کم ایک لقمہ ہی دیدیا کرو تو تفاوت رکھنا تو جائز ہے لیکن یہ جائز نہیں کہ بالکل رحم نہ کیا جائے اور خبر ہی نہ لی جائے پس اسی جواز تفاوت کی رعایت سے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ بھی فرماتے ہیں کہ اگر گوشت پکایا کرو تو شوربا زیادہ کرلیا کرو

یعنی اگر اپنی برابر دوسروں کو بھنا ہوا گوشت نہ کھلاسکو تو ان کو کچھ شوربا ہی دیدیا کرو۔ بعض صالحین کا بھی عمل اس کے موافق سنا گیا ہے کہ جب ان کے ہاں گوشت پکتا تو شوربا بڑھا کر پڑوسیوں کو بھی دیتے تھے یہ ایسا حکم ہے کہ عمل کرنے والے کو اس میں ذرا بھی گرانی نہیں ہوسکتی اور مصلح کی یہی دانائی ہے سو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھکر دانا کون ہوسکتا ہے غرض ان احادیث سے یہ معلوم ہوا کہ ہمدردی کی سخت ضرورت ہے بلکہ بعض احادیث سے تو یہاں تک معلوم ہوتا ہے کہ جانوروں کے ساتھ بھی ہمدردی کرنا ضروری ہے اور ان کو ستانا جائز نہیں چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ اگر سواری کو ٹھہرا کر بات کرنا ہو تو اس پر سے اتر پڑو اس پر چڑھے چڑھے زیادہ باتیں مت کرو حتیٰ کہ جن جانوروں کے ذبح کرنے یا قتل کرنے کی بھی اجازت دی ہے ان کے ذبح اور قتل کے بھی قاعدے بتلا دیئے ہیں اور اس میں ظلم کی اور ترسانے کی ممانعت اور اس پر وعید فرما دی ہے ایک حدیث میں ہے کہ ایک عورت نے بلی پالی تھی اور اس کو باندھ کر رکھ چھوڑا تھا نہ خود کچھ کھلاتی تھی اور نہ اس کو چھوڑتی تھی کہ کچھ کھا کر گذر کرلے حتیٰ کہ وہ بھوک سے تڑپ تڑپ کر مر گئی حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب عالم برزخ کا معائنہ فرمایا تو دیکھا کہ وہ عورت دوزخ میں جل رہی ہے اور وہ بلی اس پر مسلط ہے اور نوچ رہی ہے۔ اگر کسی کو شبہ ہو کہ جب بلی آگ میں تھی تو سزا تو اس کو بھی ہوئی پھر اس نے بدلہ کیا لیا جواب اس کا یہ ہے کہ اول تو یہی ضروری نہیں کہ جو چیز آگ میں ہو وہ جلا ہی کرے اسلئے کہ آگ میں جلانے کی قوت خدا تعالےٰ کی پیدا کی ہوئی ہے ممکن ہے کہ خدا تعالےٰ کسی خاص چیز کے حق میں اس اثر کو باطل فرمادیں دوسرے یہ بھی ممکن ہے کہ اس بلی کی صورت میں کوئی دوسری چیز اس پر مسلط کی گئی ہو اور بلی کی صورت اسلئے بنادی گئی ہو تاکہ اس عورت کو یاد آجاوے کہ میرے فلاں عمل کی سزا مجھکو مل رہی ہے تو معلوم ہوا کہ جانوروں

ستانا بھی جائز نہیں البتہ جو جانور ستاتے ہوں ان کو مار ڈالنا جائز ہے لیکن ایک دم سے مار دینا چاہئیے ستا ستا کر مارنا جائز نہیں ہے اسی طرح ذبیحہ کے لئے فرمایا کہ چھری کو تیز کر لیا کرو اور جلدی ذبح کر دیا کرو جب چار رگیں کٹ جائیں تو پھر آگے تک چھری چلانا بھی جائز نہیں ہے کیونکہ چاروں رگوں کے کٹنے کے بعد فورًا تو جان نکلتی نہیں اسلئے اگر آگے بھی چھری چلائی جائیگی تو بلا ضرورت اس کو تکلیف ہوگی اور یہ حرام ہے افسوس ہے کہ آجکل دوسری قومیں مسلمانوں کو بیرحم بتلاتی ہیں وہ ذرا آنکھیں کھولکر دیکھیں کہ مسلمانوں میں کس قدر رحم ہے اور اگر اس کا نام بھی بے رحمی ہے تو دنیا میں کوئی بھی رحیم نہیں کیونکہ تمام قومیں اپنی ضرورت میں آدمی کے قتل تک کو بھی جائز کہتی ہیں چنانچہ ملکی لڑائیوں میں اور مذہبی جنگوں میں ہزاروں آدمی تیغ کے گھاٹ اتر جاتے ہیں جو لوگ ہتیا کرتے ہیں وہ بھی بکری وغیرہ کو سانپ کو بچھو کو مار ڈالتے ہیں اور اگر کوئی کہے کہ ہم تو کسی کو بھی نہیں مارتے تو میں اُن سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کے گھر میں بہت سے چوہے ہو جاتے ہیں اور وہ آپ کو ستاتے ہیں تو آپ ان کا کیا علاج کرتے ہیں بعضے یہ کہیں گے کہ ہم ان کو پکڑ کر دوسرے محلے میں چھوڑ دیتے ہیں چنانچہ بعضے ایسا کرتے بھی ہیں تو نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے کہ اُس محلے کے مسلمان خوب اچھی طرح جوتوں سے مار مار کر ان کا خاتمہ کریں تو صاحبو کیا کوئی عقلمند اس کو رحم کہیگا کہ جن چیزوں کو اپنا دیوتا سمجھا جاتا ہے ان کو ایسے لوگوں کے سپرد کیا جاتے جن کو بیرحم سمجھا جاتا ہے پس معلوم ہوا کہ اپنی مصلحت سے دوسروں کی جان لینا جائز ہے اور یہ ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ کی اجازت اپنی مصلحت سے بڑھ کر ہے تو خدا تعالیٰ کی اجازت سے دوسروں کی جان لینا کیوں نہ جائز ہوگا اور جب جائز ہے تو مسلمانوں پر بیرحمی کا اعتراض بالکل غلط ہوا اور اگر اب بھی وہ بیرحم ہیں تو آپ اُن سے زیادہ بیرحم ہیں کہ ان کے ہاتھ سے بیرحمی کراتے ہیں غرض جانور کے ذبح کو بھی بیرحمی بتلانا سخت غلطی ہے ہاں ذبح میں اس کو تکلیف دینا ستانا یہ بیرحمی ضرور ہے تو شریعت مطہرہ نے اس کی کہیں

اجازت نہیں دی مگر افسوس ہے کہ آجکل ذبح کرنے والے اکثر اس کی پرواہ نہیں کرتے بلکہ بعض تو یہاں تک غضب کرتے ہیں کہ ٹھنڈا ہونے سے قبل ہی کھال کھینچنا شروع کر دیتے ہیں، خیر قصائیوں کو اختیار ہے وہ جو چاہیں کریں خود بھگتیں گے لیکن جو لوگ ذبح کرتے ہیں وہ تو ذبح ہیں کہ ان کا فعل ہے تکلیف نہ دینے کا اہتمام کرسکتے ہیں خدا ہمارے بزرگوں کو جزاء خیر دے کہ انھوں نے قصائیوں کو ذبح کی اجازت ہی نہیں دی اس میں منجملہ دوسرے مصالح کے ایک مصلحت یہ بھی ہے کہ یہ لوگ اکثر سخت دل ہوتے ہیں پس دوسرے لوگ کچھ تو رحم کریں گے بالخصوص قربانی کے جانوروں میں تو لوگوں کو بہت ہی احتیاط کرنی چاہیئے۔ کیونکہ وہ تو خالص اپنی ملک ہیں قصائیوں کا اس میں کوئی اختیار نہیں پس جب تک وہ ٹھنڈی نہ ہو جائیں ہرگز کھال نہ نکالنے دیں تو جب شریعت میں جانوروں کو ستانے کی اجازت نہیں اور انپر رحم کا حکم ہے اور اس رحم پر ثواب بھی مرتب ہوتا ہے چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ ایک فاحشہ عورت چلی جا رہی تھی راستہ میں اس نے ایک کتے کو دیکھا کہ پیاس کے مارے سسک رہا ہے اس عورت کو بہت قلق ہوا اور اس نے کتے کیلئے پانی تلاش کرنا شروع کیا آخر ایک کنواں ملا لیکن اس کنویں پر نہ رسی تھی نہ ڈول تھا اس عورت نے اپنا چمڑے کا موزہ اُتارا اور اپنی اوڑھنی سے رسی کا کام لے کر پانی نکالا اور اس کتے کو پلایا خدا تعالےٰ نے اس عمل کی بدولت اس کے عمر بھر کے گناہ بخشدیئے اور بے حساب اس کو جنت میں داخل کر دیا اس حدیث کو سنکر صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا جانوروں کو پانی پلانا بھی ثواب ہے آپ نے فرمایا کہ ہر جاندار کو آرام دینے میں ثواب ہے غرض جب شریعت میں جانور تک کو آرام دینے کا حکم ہے تو کیا اس میں انسان کو آرام پہونچانے کا حکم نہ ہوگا یا انسان کا کوئی حق اس شریعت میں مقرر نہ کیا گیا ہوگا۔ افسوس ہے۔ آجکل اکثر لوگ جانوروں پر تو رحم کرتے ہیں لیکن اپنے بھائیوں پر رحم نہیں کرتے بعض کی تو یہ حالت ہوگئی ہے کہ ان کے گھر میں چیزیں رکھی رکھی سڑ جائیں گی لیکن کبھی یہ توفیق نہ ہوگی کہ پڑوسیوں کو یا کسی دوسرے

حاجتمند کو اس میں سے کچھ دیدیں اور اگر کسی کو دینگے تو ایسے شخص کو جس کے دینے سے ان کا نام ہو یا ان کا کوئی کام نکلے تو یہ دینا واقع میں اپنے ہی کو دینا ہے باقی ترحم کے لئے بہت کم لوگ ہیں کہ وہ کسی کو کچھ دیتے ہوں اور یہ لوگ زیادہ تر وہ ہیں جو کہ خود نہایت آرام میں ہیں اور ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ تکلیف کس چیز کا نام ہے۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے سات برس کے مسلسل قحط میں کبھی شکم سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا اور جب دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ آجکل قحط کا زمانہ ہے لوگ وقت بے وقت میرے پاس غلہ لینے کے لئے آتے ہیں اگر میں شکم سیر ہو کر کھاؤنگا تو مجھ کو ان کی تکلیف کا اندازہ نہیں ہو سکیگا تو ممکن ہے میں کسی وقت غلہ دینے سے انکار کر دوں اور بھوکا رہوں گا تو ہر وقت یہ معلوم رہیگا کہ بھوک کی تکلیف ایسی ہوتی ہے اس کو بھی ایسی ہی تکلیف ہو رہی ہوگی اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص خود آرام میں ہو اس کو دوسرے کی تکلیف کا اندازہ نہیں ہوتا اور یہی سبب تھا کہ پہلے زمانہ میں تربیت کرتے وقت کچھ تکلیف بھی دیا کرتے تھے ایک قصہ مشہور ہے کہ کسی بادشاہ کا لڑکا ایک میاںجی کے سپرد تھا وہ اس کو پڑھاتے لکھاتے تھے ایک مرتبہ بادشاہ جو مکتب میں پہونچے تو معلوم ہوا کہ میاںجی سوار ہو کر فلاں جانب کو گئے ہیں یہ سنکر بادشاہ خود بھی اسی جانب چلدیا دونوں ملے مگر اس حالت میں کہ میاںجی گھوڑے پر سوار ہیں اور شاہزادہ سائیس کی طرح گھوڑے کے پیچھے دوڑا چلا آرہا ہے یہ دیکھ کر بادشاہ کو نہایت غصہ آیا لیکن اس وقت تحمل سے کام لیا اور پھر اطمینان سے میاںجی سے اس کی وجہ دریافت کی اس نے کہا کہ یہ شاہزادہ ہے خدا اس کی عمر میں برکت کرے ایک دن یہ تخت سلطنت پر متمکن ہوگا ہزاروں آدمی اس کی خدمت میں ہونگے سواری کریگا تو جلو میں بھی سینکڑوں آدمی ہونگے سو میں نے اس پر اس واسطے مشقت ڈالی کہ بادشاہی کے زمانے میں یہ دوسروں کی مشقت کا بھی اندازہ کر سکے اور لوگوں کو تحمل سے زیادہ تکلیف نہ دے بادشاہ اس کو سنکر بہت خوش ہوا اور انعام واکرام دیا۔ تو جو لوگ آسودہ ہیں اور اتنا کھاتے

ہیں کہ ان کو نمک سلیمانی کی بھی ضرورت ہو ان کو کچھ خبر نہیں ہوتی کہ دوسروں پر کیا گذرتی ہے ایک جماعت تو ان بیرحموں کی ہے لیکن ایسے لوگ بہت کم ہیں اسلئے کہ ایسے لوگ اکثر امراء ہیں اور امراء کی تعداد خود بہت کم ہے دوسری جماعت وہ ہے اور یہی تعداد میں زیادہ ہے کہ جن کو ابھی سے آثار قحط سے تکلیف ہونے لگی ہے اور اس کے رفع کی بھی تمنا ہے اور مجھے اس وقت زیادہ تر اس جماعت کے متعلق ایک مضمون بیان کرنا ہے وہ یہ ہے کہ جن لوگوں کو بظاہر قحط کی طرف فکر لگی ہوئی ہے اُن میں یہ بات دیکھنے کی ہے کہ آیا صرف اُن کی زبانوں پر اس کا ذکر ہی ہے یا کوئی تدبیر بھی کر رہے ہیں اور اگر تدبیر کر رہے ہیں تو واقع میں بھی وہ تدبیر مفید ہے یا نہیں اور اس کو تدبیر کہا جا سکتا ہے یا نہیں۔

تو مجموعی حالت پر غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ لوگ اس میں دو غلطیاں کر رہے ہیں بعض تو ایسے ہیں کہ وہ کوئی تدبیر ہی نہیں کرتے بلکہ جس طرح اُن کی مجلس میں اور دنیا بھر کی باتوں کا تذکرہ ہوا کرتا ہے اسی طرح اس کا بھی تذکرہ ہو جاتا ہے اس کو اس کی خبر ہی نہیں ہے کہ قحط کے رفع کے لئے کوئی تدبیر بھی ہے یا نہیں اور بعض ایسے ہیں کہ وہ تدبیر کو ضروری سمجھتے ہیں اور تدبیر کرتے بھی ہیں لیکن وہ تدبیر صحیح نہیں ہوتی اور شاید ہزاروں میں دو چار ہی آدمی ایسے ہوں جو سمجھ سکتے ہوں اسلئے وہ بھی بے تدبیری کرتے ہیں مجھکو اس وقت اسی بے تدبیری کے متعلق کچھ کہنا ہے لیکن میں نے اس وقت جو آیت پڑھی ہے وہ کچھ اسی بے تدبیری کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ اس بے تدبیری اور ہر بے تدبیری کو شامل ہے آیت یہ ہے وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ترجمہ اس آیت کا یہ ہے کہ گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ اور خدا تعالیٰ سے ڈرو اُمید ہے کہ تم فلاح حاصل کر لو۔ مناسبت اس آیت کی آج کے مضمون سے انشاءاللہ ابھی ظاہر ہو جائے گی۔ شان نزول اس آیت کا یہ ہے کہ ایام جاہلیت میں منجملہ اور رسوم قبیحہ کے ایک رسم یہ بھی تھی کہ ایام حج میں احرام باندھنے کے بعد گھر میں

ـــه تکرارھا لبعدھا۔

نہ جاتے تھے اور اگر بہت ہی ضرورت گھر میں جانے کی ہوتی تو گھر کی پشت سے اندر جاتے تھے دروازے سے مکان میں جانے کو ان ایام میں حرام سمجھتے تھے خدا تعالےٰ اس رسم کو مٹا رہے ہیں اور اس کا لغو ہونا ظاہر فرما کر مکان میں دروازے کے ذریعہ سے داخل ہونے کا حکم فرماتے ہیں اس کے بعد دوسرے جملے میں تقویٰ کا حکم دیتے ہیں جس سے مقصود یہ بتلانا ہے کہ خدا تعالےٰ کے نزدیک اصل چیز تقویٰ ہے یعنی جن باتوں سے خدا تعالےٰ ناراض ہوں ان کو ترک کر دینا۔ باقی یہ مخترع رسوم۔ سو یہ کوئی چیز نہیں ہیں کیونکہ محض نفس کی مخالفت کرنے سے خدا تعالےٰ کی رضامندی حاصل نہیں ہوتی جیسا وہ لوگ سمجھتے تھے کہ پشت کی طرف کو جانا نفس پر شاق ہے اس لئے یہ قربت ہے اور یہ ایسا مرض ہے کہ آجکل کے صوفی بھی اکثر اسمیں مبتلا ہیں یعنی یہ سمجھا جاتا ہے کہ جس قدر نفس کی زیادہ مخالفت ہوگی خدا تعالےٰ زیادہ راضی ہوں گے اگرچہ وہ مخالفت نفس شریعت کے خلاف بھی ہو۔ چنانچہ بعض لوگوں کو خبط ہوتا ہے کہ وہ اپنے اوپر گوشت کھانا حرام کر لیتے ہیں۔ گویا خدا تعالےٰ کے خزانے میں اُن کے اس فعل سے بڑی توقیر ہوگئی۔ اسی طرح بعض لوگ سرد پانی نہیں پیتے۔ بعضے چارپائی پر نہیں سوتے اور بعضے لوگ جن کو دولت اسلام نصیب نہیں وہ تو یہاں تک بڑھ گئے ہیں کہ اپنے اعضاء تک سکھلا دیتے ہیں چنانچہ ایسے جوگی سُنے گئے ہیں کہ انھوں نے اپنا ہاتھ سکھلا دیا۔ میں نے ایک کافر کو دیکھا کہ گرمی کے ایام میں چاروں طرف آگ جلا رکھی ہے اور اس کے بیچ میں خود بیٹھا ہے گویا یہیں دکھلا رہا ہے کہ میں دوزخی ہوں۔ یہ سب جہل کی باتیں ہیں حدیث میں وارد ہے اِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَاِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا (بیشک تیرے نفس کا تجھ پر حق ہے۔ اور بے شبہ تیری آنکھ کا تیرے ذمہ حق ہے) اتنی مشقت نہ اٹھاؤ کہ پھر بالکل کام ہی سے جاتے رہو۔

پس معلوم ہوا کہ کوئی خاص تکلیف اپنی طرف سے اختراع کر کے برداشت کرنا تقویٰ نہیں ہے لیکن اس سے اُن لوگوں پر شبہ نہ کیا جائے جنھوں نے اپنے

نفس کی اصلاح کے لئے بڑے بڑے مجاہدے کئے ہیں اس لئے کہ اول تو وہ حضرات حدّاباحت سے تجاوز نہ کرتے تھے پھر وہ بھی اس کو بطور علاج کے کرتے تھے عبادت اور ذریعہ قرب نہیں سمجھتے تھے ان کے مجاہدے کی ایسی مثال ہے کہ جیسے کوئی شخص گل بنفشہ پینے لگے یا کسی مرض کی وجہ سے چند کھانے برائے چندے چھوڑ دے کہ وہ اس دوا پینے اور ترک اطعمہ کو عبادت نہیں سمجھتا بلکہ ذریعہ حصول صحت سمجھتا ہے اور اگر کوئی اس کو ثواب سمجھ کر پینے لگے تو وہ یقیناً گنہگار ہوگا اس واسطے کہ اُس نے قانون شریعت میں ایک دفعہ کا اضافہ اپنی طرف سے کیا اور بدعت کے قبح کا یہی راز ہے اگر اس میں غور کیا جائے تو پھر بدعت کے منع میں تعجب نہ ہو روزمرہ میں اس کی مثال دیکھئے اگر کوئی صاحب مطبع گورنمنٹ کے قانون کو طبع کرے اور اخیر میں ایک دفعہ کا اضافہ کر دے اور وہ ملک و سلطنت کے لئے بھی بیحد مفید ہو تب بھی اس کو جرم سمجھا جائے گا اور یہ شخص مستوجب سزا ہوگا پس جب قانون دُنیا میں ایک دفعہ کا اضافہ جرم ہے تو قانون شریعت میں ایک دفعہ کا اضافہ جس کو اصطلاح شریعت میں بدعت کہتے ہیں کیوں جرم نہ ہوگا تو اگر اس طرح سے کوئی گوشت وغیرہ کو ترک کریگا تو بلا شبہ جُرم ہوگا لیکن ان حضرات نے ایسا نہیں کیا بلکہ محض علاج کے طور پر ترک کیا ہے بخلاف اس وقت کے جہلاء کے کہ وہ اس کو دین اور عبادت اور ذریعہ قرب سمجھ کر کرتے ہیں بہر حال نفس کو راحت پہونچانا اور اس کے حقوق کا ادا کرنا بھی ضروری ہے اس لئے شریعت مطہرہ نے ہر چیز کی ایک حد مقرر کر دی ہے۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ صحابی کا واقعہ ہے کہ وہ رات کو بہت جاگتے تھے حضرت سلمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ان کو روکا، آخر مقدمہ جناب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں گیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سلمان سچ کہتے ہیں اور یہ ارشاد فرمایا اِنَّ لِنَفْسِکَ عَلَیْکَ حَقًّا الخ

غرض ایام جاہلیت میں لوگ منجملہ اور تکالیف کے ایک تکلیف اپنے نفس کو

یہ بھی دیتے تھے کہ خدا تعالےٰ اس کو فرماتے ہیں کہ اصل چیز تقویٰ ہے اس کو اختیار کرو اور گھر میں پس پشت سے آنا کوئی ثواب کا کام نہیں ہے یہ حاصل ہے اس آیت کا اور یہ گو لفظاً خاص ہے ایک ہی امر کو مگر معنًا عام ہے ایسے امور کو جو اس کی نظیر ہوں وہ معنے مشترک یہ ہیں کہ جس کام کا جو طریقہ ہے اسی طریقے سے اس کام کو کرو بے طریقے نہ کرو اور یہ مضمون عام ہے لہٰذا آیت میں معنے تعمیم ہو گئے اور جملہ ثانیہ وَاتَّقُوا اللّٰہَ الخ سے بدلالت مطابقی ہی تعمیم ہو رہی ہے کیونکہ اس کا حاصل یہ ہے کہ جو بات تقوے پر مبنی نہ ہوگی۔ گو ظاہراً وہ موجب قربت نظر آئے وہ موجب کامیابی نہ ہوگی اور تمہارا ظہور یا ابواب سے بیوت میں اخلا ہونا تقوے پر مبنی نہیں ہے لہٰذا یہ بھی اس کامیابی کا سبب نہیں جو تمہارا مقصود ہے کہ رضاء حق حاصل ہو اب آیت کا مضمون پیش نظر رکھ کر اپنی حالت کو دیکھئے کہ ہم اکثر کام ایسے ہی طریقے سے کرتے ہیں جس میں کامیابی نہیں ہوتی اور مراد اس وقت دنیا کے کام نہیں کیونکہ اس کی کامیابی کے طریقہ کا تعلیم کرنا ہمارا کام نہیں ہم سے یہی بہت غنیمت ہے کہ ہم دنیا کے کام کی اجازت دیدیتے ہیں اسوقت مجھے یہ شعر یاد آتا ہے جس میں اہل دنیا کے اُس انتظار کا جو کہ علماء سے کامیابی دنیا کا طریقہ بتلانے کے متعلق ان کو رہتا ہے جواب ہے کہتے ہیں ؎

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم　　چو غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم

(نہ تو میں شب ہوں اور نہ شب پرست ہوں جو خواب کی کہانی کہوں جب میں آفتاب کا غلام ہوں تو ساری باتیں آفتاب کی کہوں گا)

؎ ماہر چہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم　　الّا حدیث یار کہ تکرار می کنیم

(جو کچھ ہم نے پڑھا ہے سب بھول گئے ہیں علاوہ حدیث یار کے کہ بار بار اسی کے دہراتے ہیں)

یعنی ہم کو خدا تعالےٰ کی باتوں کے سوا کچھ یاد نہیں رہا اور ہم دنیا کی باتیں کچھ نہیں جانتے اور اگر اتبک جانتے تھے تو اب بھول گئے غرض اس وقت گفتگو دین کے کاموں کے متعلق ہے کہ ان میں بھی وہ طریقہ اختیار کرتے ہیں جو شریعت کے خلاف ہونیکے

سبب اخروی کامیابی کا سبب نہو مثلاً یہی جو اوپر مذکور ہے کہ اپنے نفس کو خوب تکلیف دینا سبب قربت کا سمجھا جاتے اس پر مجھے ایک جاہل فقیر کی حکایت یاد آئی وہ یہ ہے کہ ایک عالم کے صاحبزادے گھر سے خفا ہو کر چلے گئے ایک مقام پر پہونچے تو معلوم ہوا کہ یہاں پہاڑ پر ایک فقیر رہتا ہے ان کو چونکہ دین سے مناسبت خاندانی تھی اس لئے ان کو اس فقیر سے ملنے کا شوق پیدا ہوا وہاں جاکر دیکھا کہ ایک شخص ہے جس نے ایک آنکھ پر پٹی باندھ رکھی ہے اور ناک کا ایک سوراخ نجاست بھری بتی سے بند کر رکھا ہے انھوں نے اس حرکت کا سبب پوچھا تو اس فقیر نے کہا کہ ناک میں گو کی بتی تو اس لئے دی ہے کہ یہاں پھولوں کے درخت بہت ہیں ہر وقت خوشبو سے دماغ معطر رہتا ہے اور اس سے نفس پھولتا ہے تو میں نے نفس کا علاج کرنے کے لئے ایک طرف ناک میں نجاست کی بتی دے رکھی ہے تاکہ اس کی تکلیف سے نفس محظوظ ہونے پاوے اور آنکھ پر پٹی اس واسطے باندھ رکھی ہے کہ کام تو ایک آنکھ سے بھی چل جاتا ہے پھر بلاضرورت دوسری آنکھ کو کیوں خرچ کروں یہ سنکر اس مسافر نے کہا کہ فقیر صاحب میں خود تو عالم نہیں ہوں لیکن عالموں کی صحبت میں رہا ہوں ان سے جو کچھ سنا ہے اس کی بناء پر کہتا ہوں کہ نہ تو آپ کا وضو ہوتا ہے اور نہ نماز ہوتی ہے کیونکہ ایک آنکھ پر پٹی بندھی ہے وہ جگہ ہمیشہ خشک رہتی ہوگی اور یہ مانع وضو ہے لہٰذا آج تک کی سب نمازیں آپ کی برباد ہوئیں چونکہ وہ فقیر باعتبار نیت کے طالب حق تھا صرف جہل سے مبتلا ہوگیا تھا اس کو سنکر بہت رویا اور توبہ کی واقعی جہل بھی بری چیز ہے۔ ہمارے تھانہ بھون کا واقعہ ہے کہ یہاں ایک فقیر رہتا تھا بالکل جاہل اور محلے کے اکثر لوگ اس کے معتقد تھے حتیٰ کہ ہمارے نانا صاحب بھی چونکہ صلحاء فقراء سے ان کو خاص تعلق تھا وہ بھی معتقد تھے۔ محلے بھر میں صرف ایک شخص ایسا تھا کہ وہ اس فقیر کا معتقد نہیں تھا اور یہی کہتا تھا کہ جاہل آدمی کی کیا فقیری اس حرکت پر تمام اہل محلہ ان کو ملامت کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ اس شخص کو یہ شرارت سوجھی کہ اخیر شب میں تہجد کے وقت

کسی ذریعے سے اُس فقیر کے مکان کی چھت پر جا بیٹھا اور جب وہ تہجد کی نماز پڑھنے کے لئے گیا تو نہایت دھیمی اور سُریلی آواز میں اس کا نام لے کر پکارا اُسنے اپنا نام سُنکر پوچھا کہ کون پکارتا ہے۔آپ فرماتے ہیں کہ میں اخی جبرئیل۔ جبریل کا نام سُنکر وہ نہایت غور سے متوجہ ہوا اَتَانَا يُهُ اِذَا صَلّٰى يَوْمَيْنِ اِنْتَظَرَ الْوَحْيَ جولاہا جب دو دن نماز پڑھ لیتا ہے تو پھر وحی کا انتظار کرنے لگتا ہے) اور کہا کیا ارشاد ہے اسنے جواب دیا کہ مجھے خدا تعالےٰ نے بھیجا ہے۔ تجھے سلام کہا ہے اور یہ کہا ہے کہ اب تو بہت بوڑھا ہوگیا ہم کو تیری کبڑی کمر دیکھ کر شرم آتی ہے اسلئے اب ہم نے تجھ سے نماز کو معاف کر دیا یہ کہکر آپ وہاں سے چلے آئے اس فقیر نے جواخی جبریل کی زبان سے پروانہ معافی سنا پھر کیا تھا وضو کا لوٹا رکھ اور سو گئے۔ اب تہجد بھی غائب صبح بھی ظہر بھی۔ معتقدین نے جو دیکھا کہ بڑے میاں کئی وقت سے مسجد میں نہیں آئے تو بعضوں کو فکر ہوئی اِدھر اُدھر تذکرہ شروع ہوا آخر گھر پر پہونچے تو دیکھا کہ اندر ہیں بہتیری آوازیں دیں تو جواب ندارد آخر بڑی مشکل سے دروازہ کھولا بڑے میاں سے نماز میں نہ آنیکا سبب پوچھا تو اوّل تو مارے نخوت کے آپنے کچھ جواب ہی نہیں دیا لیکن جب لوگوں نے بہت اصرار کیا تو آپ نے کہا کہ میرے پاس اخی جبریل آئے تھے وہ فرما گئے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے مجھے نماز معاف کردی یہ سنکر وہ شخص جو غیر معتقد تھا اور جس نے یہ حرکت کی تھی بہت ہنسا لوگوں کو اس کے ہنسنے سے شبہ ہوا کہ اسی نے یہ حرکت کی ہے۔ پوچھا تو اس نے کہا کہ دیکھ لیجئے آپ ان کو فقیر اور بزرگ تبلاتے ہیں حقیقت میں جاہل کی فقیری کیا اور جب وہ فقیر نہیں ہوسکتا تو پیر اور معتقدا تو بدرجۂ اولیٰ نہیں ہوسکتا۔ ایک اور جاہل فقیر ہیں تھانہ بھون میں تھے۔ ایک مرتبہ انھوں سنے تفسیر فرمائی تھی۔ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى لے نفس تیری یہی سجا دسزا) ہے صاحبو سب جہل کے کرشمے ہیں اور یہ نامعقول پیٹ اس قسم کی کرتوتیں کراتا ہے زیادہ تر افسوس یہ ہے کہ لوگوں کو اس کی تمیز ہی نہیں رہی کہ یہ واقع میں فقیر ہے یا مکار ہے اور بعض بعض مقامات کی تو یہ حالت ہے کہ وہاں فساق فجار تک کے معتقد ہوجاتے

عہ اشارۃ الیٰ آیۃ ان کان حاشیا ۱۲ منہ

ہیں چنانچہ ایک مشہور شہر کی نسبت ایک ثقہ سے سُنا ہے کہ ایک ایسے ہی نامعقول پیر کے پاس ان کا مرید بیٹھا ہے اور اس کی بیوی بھی بیٹھی ہے اور حضرت پیرصاحب اس کا مُنہ چوم رہے ہیں اور مرید صاحب اس پر خوش ہیں اور بیوی سے ہنس ہنس کر فرماتے ہیں کہ اب تمہارا منہ بڑے رتبے کا ہوگیا اب ہماری کیا مجال ہے کہ ہم اس میں تصرف کریں میرے ایک خاندانی بزرگ اس شہر کی نسبت کہتے تھے کہ وہاں کے فقیر تو دوزخی اور امیر جنتی کیونکہ امراء تو فقراء سے ان کو اہل اللہ سمجھکر تعلق رکھتے ہیں اور فقراء ان سے دنیا حاصل کرنے کے لئے تعلق رکھتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ امیروں کو بھی جنتی کہنا مشکل ہے کیونکہ جو شخص اتنا جاہل ہو کہ اس کو فاسق اور صالح میں تمیز نہ ہو سکے وہ کیا جنتی ہونے کے کام کرے گا۔

بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ پیر کے فعلوں سے کیا کام اس کی تعلیم سے کام تو میں کہتا ہوں کہ شیطان کے مرید کیوں نہیں ہو جاتے اس لئے کہ اس سے بڑا عالم اور واقف تو کوئی فقیر نہ ہوگا یہ تو عالموں سے بھی بڑا عالم ہے۔ اور دلیل اس کی یہ ہے کہ یہ عالموں کو بھی علوم میں بہکا لیتا ہے اور کسی دوسرے کو کسی خاص امر میں وہی بہکا سکتا ہے جو اس سے زیادہ اس امر میں مہارت رکھتا ہو غرض جاہل کی پیروی کچھ بھی نہیں ہے۔ ؎

سرانجام جاہل جہنم بود   کہ جاہل نکو عاقبت کم بود

(جاہل کا انجام جہنم ہے اس وجہ سے کہ جاہل نیک عاقبت بہت کم ہوتا ہے)

چنانچہ وہ پہاڑ کا رہنے والا اگرچہ فقیر تھا لیکن بوجہ جاہل ہونے کے اس نے یہ خرافات کی کہ آنکھ پر پٹی باندھ لی کہ نفس کو شاق ہوگا اور اسی کو طاعت سمجھا۔ صاحبو اگر نفس پر مشقت ہی ڈالنا ذریعۂ قرب ہوتا تو لَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ (اپنی جانوں کو مت قتل کرو) نہ فرمایا جاتا کیونکہ یہ تو بہت بڑی تکلیف ہے اس سے بہت زیادہ قرب ہونا چاہیئے تھا۔ غرض قرب ہوتا ہے صرف دین کا کام اس کے طریقے کے ساتھ کرنے سے اور اس میں بھی بہت سی بے تدبیریاں

کرتے ہیں مثلاً آجکل رمضان شریف آرہے ہیں اس میں اکثر لوگ قرآن تراویح میں سنائیں گے لیکن اس قدر تیزی سے پڑھیں گے کہ سوائے یَعْلَمُوْنَ اور تَعْلَمُوْنَ کے کچھ بھی سمجھ میں نہ آئے گا تو تراویح ذریعہ قرب ہے لیکن اس کو ایسی بے تدبیری سے ادا کیا گیا کہ وہ ذریعہ بُعد ہوگیا اور پھر غضب یہ کہ اپنی ان حرکات پر تنبیہ نہیں ہوتا بلکہ اس پر فخر کیا جاتا ہے کہ ہم نے اتنا زیادہ دین کا کام کیا خدا تعالےٰ ایسوں ہی کی نسبت ارشاد فرماتے ہیں قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ہ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ہ (آپ فرما دیجئے کہ کیا ہم نہیں بتائیں کہ کن کن لوگوں کے اعمال اکارت ہیں وہ لوگ جن کی کوشش دنیاوی زندگی کے سلسلے) میں ہے وہ سمجھتے ہیں کہ وہ کام خوب اچھا بناتے ہیں اور یہ سب دنیا ہی ہے دوسری بار ارشاد ہے اَفَرَاَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ (بھلا دیکھ تو جس نے پوجنا پکڑا اپنی چاہ کا)، بعض لوگ کہتے ہیں کہ حدیث میں اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ آیا ہے اور ہماری نیت درست ہوتی ہے جواب یہ ہے کہ اس حدیث کا محمل عام نہیں ہے بلکہ اس کا محل صرف طاعت و مباحات ہیں نہ کہ گناہ پس گناہ میں نیت نیک کرنے سے عمل کا کچھ ثواب نہیں ملتا بلکہ وہاں تو یہ نیت اور بھی زیادہ موجب وبال ہے کیونکہ معصیت کو ذریعہ قرب کا اعتقاد کیا اسی طرح مثلاً اب شب برات آرہی ہے اس میں حلوا پکانے کو دین سمجھتے ہیں اور اس کی عام رسم ہے اور اگر کوئی مولوی منع کرتا ہے تو اس کو برا بھلا کہا جاتا ہے اور غضب یہ ہے کہ بیچارے مولوی پر افترا پردازی کی جاتی ہے کہ یہ لوگ حلوے کو منع کرتے ہیں۔ صاحبو! میں صاف کہتا ہوں کہ خود حلوے کو کوئی منع نہیں کرتا صرف اسلئے منع کیا جاتا ہے کہ اس دن پکانے کو ثواب سمجھتے ہو جس کی کوئی اصل نہیں۔ حدیث شریف سے اس کا صرف اس قدر پتہ چلتا ہے کہ اس رات کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبرستان میں تشریف لے گئے اور آپ نے مُردوں کے لئے دعاء فرمائی۔ اس سے ممکن ہے کہ کسی نے یہ سمجھ کر کہ اس شب میں اموات کو نفع پہونچانا تو ثواب ہو ہی گیا

نفع کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ کھانے کے ذریعے سے ثواب پہونچا دیا جائے تو یہاں تک تو قیاس کی گنجائش ہے اس کے بعد تو وہ طوفان بے تمیزی برپا ہوا ہے کہ الامان الحفیظ کہیں حلوے کی تخصیص ہے اور کہیں مسور کی دال کی بھی قید ہے خدا جانے ان دوں میں کیا مناسبت ہے البتہ اتنی مناسبت تو سمجھ میں آتی ہے دونوں کے متعلق ایک ایک مثل قریب المعنیٰ مشہور ہے چنانچہ کہتے ہیں حلوا خوردن را روئے باید۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ منہ اور مسور کی دال۔ اس دوسری مثل کی اصل ایک دوست نے عجیب تبلائی کہ یہ منہ اور منصور کی دار یعنی منصور کے منہ سے جو انا الحق نکلا جس کے وہ دار پر چڑھائے گئے ہر منہ اس کلمہ کے لائق نہیں لیکن مشہور وہی ہے اور شہروں میں تو غضب یہ کرتے ہیں کہ ہر چیز یں رہن رکھ کر اور سودی قرض لے کر یہ رسمیں پوری کرتے ہیں۔ چنانچہ میں جس زمانے میں کانپور میں تھا ایک ماما ہمارے ہاں رہتی تھی۔ ماما کی حیثیت ہی کیا ہوتی ہے۔ شب برات جو آئی تو اس نے اپنے برتن رہن رکھے اور کچھ سودی قرضہ لیا اس کے بعد اُسنے ایک جگہ کو خوب اچھی طرح لیپا اور حلوا پکایا ایک اور طرہ یہ بھی ہو کہ اکثر لوگ فاتحہ کے لئے بہت سے پتوں میں علیحدہ علیحدہ رکھکر مُردوں کو ثواب بخشتے ہیں اور غالباً علیحدہ علیحدہ پتوں میں رکھنے کی رسم پیرزادوں نے اسلئے نکالی ہے تاکہ پیرجی صاحب کو بہت سا ملے کیونکہ پیرجی کا حصہ ہر فاتحہ کے لحاظ سے زیادہ ہوتا ہے اور اسی لئے زیادہ تر مولویوں پر خفا یہی پیرجی لوگ ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے میں بطور لطیفہ کے اس کے متعلق اپنے ناصح دوستوں سے کہا کرتا ہوں کہ تم کو چاہیئے کہ عوام الناس کو ان چیزوں سے دفعۃً منع نہ کرو کہ وہ بگڑتے ہیں بلکہ ان سے یوں کہو کہ تم جو پیرجی کو حصہ دے کر ان سے ثواب بخشواتے ہو یہ ثواب نہیں پہونچتا اس لئے کہ انھوں نے جو کچھ پڑھا ہے اجرت لے کر پڑھا ہے اور اجرت لینے کے بعد ثواب ملتا نہیں تو جب پیرجی کو خود ہی ثواب نہیں ملا تو تمہارے مردوں کو ثواب کیسے مل جائیگا اس لئے تم پیرجیوں سے پڑھوا تو لیا کرو لیکن ان کو کچھ دیا مت کرو۔ اور اسی طرح پیرجیوں سے بھی یہ کہا جائے کہ تم فاتحہ خوانی بھی کرو دیا نہ بھی لیکن اس پر نہ حصہ لیا کرو نہ کوئی اُجرت

لیا کرو جب پیر جیوں پر مُنت تو پڑی پوری اور ملا نہیں ایک پیسہ بھی تو دیکھ لینا انشاء اللہ تعالےٰ خود یہ پیر جی ہی بہت جلدی اس کو حرام کہنے لگیں گے اور بدعت کا فتوےٰ لگا دیں گے کیونکہ ان کے نزدیک اس کام سے زیادہ بدعت کیا ہوگا جس کو دن میں دس دس دفعہ کرنا پڑے اور ایک پیسہ بھی نہ ملے اِقْرِعاءِ نیت کا منشاء تو صرف یہ تھا کہ کچھ وصول ہو جاتا تھا اور وصول ہونے ہی کے لئے زیادہ تر ان لوگوں نے اپنی ہوشیاری سے ایصال ثواب کے ایسے طریقے ایجاد کئے ہیں جن کو سوائے ان کے دوسرا عامی آدمی جان ہی نہیں سکتا کہ اول قُلْ ھُوَاللّٰہ ہو پھر تَبَارَكَ الَّذِیْ ہو پھر یہ ہو اور پھر وہ ہو اور بعض سورتوں پر بسم اللہ پڑھی جاتی ہے اور بعض پر نہیں۔ یہ ایسی بات ہے کہ اس کو مولوی بھی نہیں جانتے تو چونکہ یہ طریقہ وہی لوگ جانتے ہیں اس لئے مجبوراً سب عوام ان کے محتاج ہو کر انھیں کے پاس جاتے ہیں اور اس طرح سے ان کو ملتا ہے اور پھر غضب یہ کہ یہ لوگ اس میں اور بھی بڑی بڑی چالاکیاں کرتے ہیں۔ ایک سب انسپکٹر مجھ سے کہتے تھے کہ میں کسی تھانہ میں تھا کہ میرے پاس ایک شخص یہ رپٹ لکھوانے آیا کہ کوئی آدمی میری فاتحہ چرا کرلے گیا میں سخت پریشان ہوا کہ فاتحہ چرانے کے کیا معنے اس شخص سے پوچھا تو اس نے کہا کہ موقع پر چلئے آخر موقع پر جا کر دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ ایک نلکی میں پیر جی ایک سال کے لئے فاتحہ پڑھ کر بند کر جاتے ہیں اور کہہ جاتے ہیں کہ جب ضرورت ہو اس میں سے تھوڑی سی جھاڑ لینا فی نلکی دو روپیہ ان کا مقرر ہے اتفاق سے کسی شخص کے پاس روپیہ تھا نہیں اور اس کو فاتحہ کی ضرورت ہوئی تو اس نے اس شخص کی نلکی چرا لی۔ اس سے بڑھ کر ایک حکایت حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سناتے تھے کہ کسی مسجد میں ایک ملا رہتا تھا سب لوگ اسی سے فاتحہ وغیرہ دلاتے تھے ایک مرتبہ ایک بڑھیا کھانا لے کر آئی اتفاق سے ملاجی اسوقت مسجد میں موجود نہ تھے ایک مسافر بیٹھا ہوا تھا وہ یہ سمجھ کر کہ مقصود تو ثواب ہے چلو مسافر ہی کو دے دو اُس کو کھانا دیکر چلی مسجد کے دروازے سے نکلی ہی تھی کہ ملاجی مل گئے پوچھا کہ بڑھیا کیسے آئی

تھیں اس نے سب وقعہ کہدیا آپ فوراً مسجد میں آئے اور ایک لاٹھی لے کر تمام مسجد کے فرش کو خوب پٹینا اور غل مچانا شروع کیا اور پیٹتے پیٹتے تھوڑی دیر میں دھم سے مسجد کے فرش پر گر گئے لوگوں نے جو غل شور سُنا تو سب آکر جمع ہو گئے پوچھا کہ ملاجی کیا ہوا کہنے لگے کہ بھائیو میں تو مدت سے یہاں رہتا ہوں سب مُردوں سے واقف ہوں انہی کو ثواب بخشدیتا تھا یہ نیا آدمی ہے خدا جانے اس نے کس کس کو ثواب بخشدیا یہاں کے سب مُردے مجھے آکر لپٹ گئے میں نے ان کو بہت کچھ بھگایا لیکن میں تنہا تھا کہاں تک لڑتا آخر تھک کر گر گیا اگر دو چار دفعہ ایسا ہوا تو میں تو مر ہی جاؤں گا اسلئے اور کہیں جاتا ہوں لوگوں نے کہا کہ ملاجی آپ کہیں نہ جائیے ہم آپ ہی کو ہر چیز دیا کریں گے تو جب بنا ان رسوم کی یہ اغراض ہیں تو جب فاتحہ کی عوض ان کو کچھ نہ ملیگا تو الگ الگ بیٹھ کر فاتحہ پڑھنا ان کو خود ہی مشکل معلوم ہوگا اور اس طرح بہت جلد اس کا انسداد ہو جائے گا۔ اور یہ بھی ایک علامت ہے ان رسوم کے زائد علی الدین ہونکی کیونکہ اصل چیز منجانب اللہ ہر حالت میں محفوظ رہتی ہے چنانچہ جس زمانے میں طاعون کی کثرت ہوتی ہے تو تیجہ دسواں وغیرہ سب چھوٹ گئے صرف وہی چیزیں باقی رہ گئی تھیں جو شرعاً ضروری تھیں بعض لوگوں سے جو میں نے کہا کہ اب وہ رسوم کیوں نہیں ہوتیں تو کہنے لگے کہ صاحب کس کس کی رسمیں کریں یہاں تو روز تیجہ ہی رہتا ہے میں نے کہا دیکھو اسی سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ یہ امور محض زائد ہیں ورنہ اس کثرت موت میں بھی کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کسی مُردے کو بغیر کفن دیئے اور بلا نماز پڑھے دفن کر دیا ہو اور تیجہ دسواں بہت لوگوں کا نہیں ہوا غرض یہ کہ دین کے کاموں میں بھی عجیب عجیب طریقے ایجاد کئے ہیں جن سے مقصود دین یعنی کامیابی یعنی رضاء حق بمراحل بعید ہے۔

چنانچہ منجملہ ان کے ایک یہ موقع بھی ہے کہ آجکل قحط کے آثار معلوم ہوتے ہیں سو اس کے متعلق بعضے تو تدبیر ہی نہیں کرتے بلکہ شغل کے طور پر محض تذکرے ہی کو کافی سمجھتے ہیں حالانکہ نرا تاسف کچھ بھی مفید نہیں ہے

عرفی اگر بہ گریہ میسّر شدے وصال صد سال می تواں بہ تمنا گریستن

(لے عرفی اگر رونے سے وصال (محبوب) میسر ہو جائے تو اس تمنا میں سو سال رویا جا سکتا ہے)

اور اگر یہ سمجھ کر کہ اس کا سبب معاصی ہیں اور معاصی کا کفارہ طاعات سے ہوتا ہے پس کوئی طاعت اختیار کرنا چاہیئے تاکہ اس سے مقصود یعنی کہ رفع سخط حق و دفع بلا ہے کامیابی ہو یہ سمجھ کر اس مقصود کی تدبیر کی تو اس کی تعیین میں غلطی کی یعنی یہ کیا کہ بہت سا اناج اکٹھا کر لیا اور تنور میں روٹیاں پکوا کر تقسیم کر دیا گویا اس سے میکائیل علیہ السلام کے محکمے کو خرید لیں گے اور کبھی اس کے متعلق کچھ کہا جاتا ہے تو دو جواب ملتے ہیں ایک تو یہ کہ دیکھئے ایک نیک کام سے روکتے ہیں۔ صاحبو! اگر کوئی شخص ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھنے لگے تو اس کو کیوں منع کیا جاتا ہے آخر پانچویں رکعت بھی تو نماز ہی ہے اسی طرح اگر کوئی طبیب پانچ ماشہ گل بنفشہ تجویز کرے تو دس ماشہ استعمال کرنے سے کیوں رکتے ہو زائدہ ماشہ بھی تو گل بنفشہ ہی ہے اس کے بھی تو وہی خواص ہیں۔ صرف اسی لئے منع کیا جاتا ہے کہ یہ تحدید طبی سے زائد ہے اور تحدید سے آگے بڑھنا ممنوع ہے پس تحدیدات شریعت کی آپ کے نزدیک اتنی وقعت بھی نہیں ہے جب پانچویں رکعت کا پڑھنے والا اسلئے بدعتی ہے کہ وہ حدِ مقرر سے آگے بڑھ گیا تو اس سے معلوم ہوا کہ ہر نیک کام کرنے کی علی الاطلاق اجازت نہیں ہے بلکہ اس شرط سے اجازت ہے کہ حدود کے اندر رہو اور اگر تم کو حدود کی اطلاع نہیں ہے تو تم کو اس کہنے کا کیا مجاز ہے کہ یہ نیک کام ہے اور یہ بدیہ حق علماء کا ہے یا انبیاء علیہم السلام کا تھا کم علم یا بے علم لوگ علماء کے سامنے مسائل شریعت میں ایسے ہی ہیں جیسے کسی وکیل کے سامنے ایک دیہاتی آدمی۔ جس طرح ایک دیہاتی کسی وکیل کے سامنے یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس طرح کر لینے میں کیا حرج ہے اسی طرح آپ کو بھی یہ حق نہیں اور جس طرح وہ ہر کام میں وکیل سے مشورہ کرنیکا محتاج ہے اسی طرح آپ بھی ہر مذہبی کام میں علماء سے مشورہ کرنے کے محتاج ہیں پس طریقہ اس کا یہ ہے کہ جو کام کرو اول علماء سے مسئلہ پوچھ لو اور اگر کوئی عالم شفیق بھی ہوں تو اُن سے

وجہ بھی پوچھ لو اور اگر وجہ نہ تبلائیں تو سعادتمندی یہ ہے کہ اس کو اپنے فہم سے باہر سمجھ کر خاموش رہو اور اگر بیان کر دیں تو ان کا احسان سمجھو۔ اور بعض لوگ اس سے بھی چلتا ہوا ایک دوسرا جواب دیا کرتے ہیں وہ یہ کہ کیوں صاحب ؟ یہ آج تک ہوتا چلا آیا ہے کیا یہ کرنے والے سب بیوقوف ہی تھے صاحبو! یہ سب عامیانہ باتیں ہیں۔ اب اپنی اس رسم کی حقیقت ابتداء سے سمجھئے۔ سب سے پہلے اناج وصول کرنا شروع کیا جاتا ہے یعنی دو آدمی اٹھے اور گھر گھر جا کر انھوں نے کہنا شروع کیا اور لوگوں نے جمع کر دیا۔ سو دیکھنا یہ ہے کہ یہ اناج لوگوں نے خوشی سے جمع کیا ہے یا محض ان کے لحاظ اور دباؤ سے کہ جب یہ مانگنے آئے ہیں تو ان کو خالی کیا جانے دیں جس نے لوگوں کی حالت میں کچھ بھی غور کیا ہوگا یا کم از کم اپنی حالت میں غور کیا ہوگا کہ ہم نے خوشی سے دیا ہے یا محض لحاظ سے یا اگر نفس اناج تو خوشی سے دیا ہے تو یہ مقدار خاص پانچسیر یا دس سیر خوشی سے دی یا لحاظ سے تو خوب اندازہ کریگا کہ اکثر محض آنے والے کے لحاظ سے یا محلے میں بدنامی کے خیال سے دیا جاتا ہے یعنی چونکہ یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ اگر نہ دینگے تو تمام محلے والے ہم کو کنجوس فقیر کہیں گے اور یہ مانگنے والے بدنام کرتے پھریں گے اس لئے بمجبوری دیدیا جاتا ہے اور اس کی نسبت حدیث شریف میں مصرح ہے اَلَا لَا یَحِلُّ مَالُ امْرِءٍ اِلَّا بِطِیْبِ نَفْسٍ مِّنْہُ یعنی کسی کا مال بدون اس کی خوشدلی کے لینا جائز نہیں ہے اور اگر ایک دو مثالیں ایسی بتلا بھی دو کہ فلاں شخص نے خوشی سے دیا تو زیادہ سے زیادہ چار من میں چار سیر حلال نکلیگا باقی سب حرام اور حلال و حرام کا مجموعہ جب کہ حرام غالب ہو جیسا کہ غالب یہی ہے حرام ہوتا ہے اور اگر اب بھی سمجھ میں نہیں آتا تو یہ کیجئے کہ جس محلے سے اب تک وصول نہیں کیا ہو اس میں ایک اعلان عام کر دو کہ اس کام کے لئے اناج جمع کیا جا رہا ہے اور اعلان کر کے ایک کوٹھی کسی موقع پر رکھدو اور اس میں قفل لگا دو اور کہدو کہ چار دن کے بعد جس قدر اناج اسمیں جمع ہو جائے گا اس کو پکا کر تقسیم کیا جائے گا پھر پانچویں دن اس کوٹھی کو کھول کر دیکھو انشاء اللہ ایک چوتھائی اناج اس میں نہ ہوگا۔ اس سے اندازہ ہو جائیگا کہ طیب خاطر سے کتنے لوگ دیتے ہیں اور مسلمانوں کے پاس رکھا بھی کیا ہے

کہ وہ خوشی سے اتنا دیسکیں ان بیچاروں کو خود تو کھانیکو ملتا ہی نہیں دوسروں کو کہاں سے دینگے توسب سے اول تو یہ لغو حرکت کی جاتی ہے جس کا اثر یہ ہے کہ اگر پانی بسنے والا بھی ہو تو نہ برسے کیونکہ ایک تو گناہ دوسرے حق العبد دوسری بات دیکھنے کی یہ ہے کہ جن لوگوں نے خوشی سے بھی دیا ہے انھوں نے اپنا مال دیا ہے یا دوسرے کا اور اگر دوسرے کا مال دیا ہے تو اس کی اجازت سے دیا ہے یا بلا اجازت کیونکہ ایسا اکثر ہوتا ہے کہ میاں کا مال بغیر اجازت بیوی نے دیدیا اور شوہر سنکر مجبوری خاموش رہا اور بعض جگہ کراہت کا اظہار بھی کر دیتا ہے چنانچہ کانپور میں ایک مرتبہ مدرسہ میں جلسہ ہوا ایک صاحب کے گھر سے بعض حقہ باز مہمانوں کے لئے حقہ منگایا گیا۔ بیوی نے شوہر کا مُرادآبادی حقہ بھیجدیا شوہر کو جو خبر ہوئی تو انھوں نے بیوی کو خوب پیٹا اور اگر اب بھی سمجھ میں نہیں آیا تو انتظار کیجئے تھوڑے دنوں میں خدا تعالیٰ خود سمجھا دیں گے یعنی بعد موت کہ سب حقائق منکشف ہو جائینگے۔ اس کے بعد اناج کے پیسنے کا وقت آتا ہے اُسمیں وہ گڑ بڑ ہوتی ہے کہ خدا کی پناہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ پیسے والی نہیں ملتی تو رؤسا سے کام لیا جاتا ہے اور ان کے ذریعے سے چماریوں کو بیگار میں پکڑ کر ان سے پسوایا جاتا ہے اور اگر ان کو پسائی دی جاتی ہے تو بہت ہی کم اور اگر پوری ہی دی تب بھی تو کسی سے کام لینا بلا رضا مندی حرام ہے اس کے بعد اس کے پکانے کا وقت آتا ہے پکوانے کے منتظم اکثر وہ لوگ ہوتے ہیں کہ ان کو خدا کا خوف نہ حلال وحرام کی پروا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اندھا بانٹے شیرینی اپنوں کو دے یا جس کو جی چاہا دیا جس سے چاہا انکار کر دیا اکثر بھنگی چمار چماریاں اس کھانے کی مستحق سمجھی جاتی ہیں اور چیلیں گوشت کی حقدار سمجھی جاتی ہیں اور ویسے مریض کے لئے صدقہ دینے میں بھی چیلوں کے کھلانے کی رسم ہے اور شہر میں ہم نے صدقے کے متعلق بعض خاص رسوم دیکھی ہیں یعنی وہاں اکثر لوگ مسلم ماش اور تیل اور پیسے تقسیم کرتے ہیں اور اکثر بھنگیوں کو دیتے ہیں اس کی وجہ غور کرنے سے یہ سمجھ میں آئی کہ عوام الناس بلا کو کالی سمجھتے ہیں اسلئے چھانٹ کر کالی کالی چیزیں

دیتے ہیں کہ ان کے ذریعے سے بلا دفع ہوگی اور غالباً یہی وجہ ہے کہ ان کھانوں کا حقدار بھنگیوں اور چاروں کو سمجھا گیا ہے کیونکہ وہ لوگ بھی اکثر کالے ہوتے ہیں گویا جب وہ کھائیں گے تو ساری بلا ان کے پیٹ میں چلی جائیگی مگر وہ ایسے بلا نوش ہیں کہ ان کو کچھ بھی نہیں ہوتا۔ علیٰ ہذا اکثر ایسے لوگ بھی اس کھانے کو لیجاتے ہیں جو خود بھی خوشحال ہوتے ہیں چنانچہ ہمارے محلہ میں ایک مرتبہ کھانا پکا تھا ایک بڑے میاں کو میں نے دیکھا کہ کھانا لئے ہوئے چلے آرہے ہیں میں نے کہا کہ آپ نے یہ کیا کیا کہنے لگے کہ یہ کھانا ذرا مزیدار ہوتا ہے۔ میں نے کہا کہ جناب آپ کو لینا جائز نہیں تب ان کی سمجھ میں آیا اور ان بے عنوانیوں کے سبب میں تو ایسے کھانیکو کسی کے لئے بھی پسند نہیں کرتا ایک مرتبہ ہمارے مدرسے کے طالب علموں کی بھی دعوت کی گئی تھی لیکن میں نے اسکو منظور نہیں کیا کیونکہ یہ جائز نہیں ہے غرض آجکل چندوں کے جمع کرنے میں اس قدر بے عنوانیاں ہوتی ہیں جس سے اکثر چندے ناجائز ہو جاتے ہیں اکثر مدارس کے چندوں میں بھی اس کا خیال نہیں کیا جاتا اور پھر اپنی اس حرکت پر فخر کیا جاتا ہے کہ ہم نے خوب خوب کوشش کی۔ کوشش یہ کہ خوب چمٹ کر وصول کیا اور بڑے خوش ہوتے ہیں کہ ہم نے دین کے کاموں میں کوشش کر کے خدا کے مقرب ہوگئے۔ صاحبو! خدا تعالےٰ نے کب کہا تھا کہ تم لوگوں کو چمٹ کر اور پریشان کر کے وصول کرنا اور ہمارے حکموں کو چھوڑ دینا۔ بعض لوگ اس کے جواب میں کہا کرتے ہیں کہ صاحب ہم نے اپنے لئے تو نہیں کیا خدا کے کام کے لئے کیا ہے۔ صاحبو! یہ عذر گناہ بدتر از گناہ ہے اگر اپنے لئے کرتے تو خیر کچھ تو ملتا دنیا ہی سہی اور اب تو سوائے گناہ کے کچھ بھی نہ ملا اور یہ تو ان لوگوں کی حالت ہے جو محض دین کا کام سمجھ کر کرتے ہیں اور جو لوگ اپنے نفس کی کسی غرض کے حاصل کرنے کے لئے کرتے ہیں ان کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ پس ازالہ قحط کی یہ تدابیر نہیں ہیں۔ تدبیر اس کی اور ہے اور وہ ایک ضروری امر کے معلوم کرنے پر موقوف ہے وہ یہ ہے کہ ہر مصیبت کا ازالہ اس وقت ہوسکتا ہے کہ جب اس مصیبت کا سبب دریافت ہوجائے پھر اس سبب کو دور کر دیا جائے۔

لہذا اس موقع پر بھی اول بارش نہونے اور ہونے کے اسباب دریافت کئے جائیں اور پھران کو زائل یا حاصل کریں. سو بارش نہونیکا سبب غیر تام تو معصیت ہے اور سبب تام مشیت. اور بارش ہونیکا سبب غیر تام طاعت ہے اور سبب تام مشیت. یعنی طاعت کو بارش ہونے میں اور گناہ کو بارش نہونے میں دخل ہے چنانچہ ارشاد ہے فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ لا (تو میں نے کہا گناہ بخشواؤ اپنے رب سے بیشک وہ ہے بخشنے والا چھوڑ دے آسمان کی تم پر دھاریں اور بڑھتی دے تم کو مال اور بیٹوں سے) یہ اگرچہ خاص قوم کو خطاب ہے اور ان ہی سے یہ وعدہ بھی تھا اور یہ اسی لئے کہہ دیا کہ اگر استغفار کے بعد بھی بارش نہ ہو تو خدا کے کلام کو غلط نہ سمجھو لیکن تاہم استغفار کا دخل تو اس میں معلوم ہوا دوسری جگہ ارشاد ہے وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَاتٍ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ (اور اگر وہ یقین لاتے اور بچ چلتے تو ہم کھول دیتے ان پر خوبیاں آسمان اور زمین سے) یہاں بھی ایک خاص قوم کی نسبت ارشاد ہے کہ اگر وہ ایمان لے آتے تو اُن کے لئے ایسا ہی ہوتا عام وعدہ قطعی نہیں ہے لیکن ایمان اور تقوے کا اس فتح برکات میں دخل تو ضرور ثابت ہوا اور تیسری جگہ ارشاد ہے وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ مِنْ رَبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ (اور اگر وہ قائم رکھیں توریت اور انجیل کو اور جو اترا ان کو ان کے رب کی طرف سے تو کھائیں اپنے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے) یہ آیت بھی اسی قبیل کی ہے اور جو آیتیں ایسی ہیں کہ ان میں وعدہ عام معلوم ہوتا ہو وہاں بھی دوسری آیات کے انضمام سے تقیید بالمشیت ہوگی چنانچہ فرماتے ہیں فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ (پھر کھول دیتا ہے جس پر پکارتے تھے اگر چاہتا ہے) تو جہاں وعدہ بھی ہے وہ مقید بالمشیت ہے نیز اس آیت اخیرہ سے جیسے یہ بات معلوم ہوئی کہ طاعت سبب غیر تام ہے چنانچہ فَيَكْشِفُ کو إِيَّاهُ تَدْعُونَ پر مرتب فرمایا ہے اسی طرح یہ بھی معلوم ہوا کہ مشیت سبب تام ہے تو تدبیر بارش ہونیکی یہ ہوئی کہ موانع کو مرتفع کیا جائے

اور بواعث کو پیدا کیا جائے یعنی دونوں پہلوؤں پر نظر کر کے ایک دستور العمل مقرر کریں اور وہ یہ کہ گناہ کو بالکل ترک کر دیں اور طاعت کو پوری طرح اختیار کریں یہ تو سبب غیر تام کا رفع اور اس کا ساتھ تشبث ہوا۔ رہا دوسرا سبب یعنی خدا تعالیٰ کا چاہنا کہ بارش ہو سو اس کی وہ تدبیر کر و جس سے خدا تعالیٰ چاہیں اور یہ بات اگرچہ ہمارے قبضہ میں نہیں ہے لیکن ہم کو اس کا طریقہ بتلایا گیا ہے وہ طریقہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ سے درخواست کی جائے کہ آپ مشیت کو متعلق فرما دیجئے اور یہ ضرور نہیں کہ اس عنوان سے درخواست ہو بلکہ یہ دُعا کرنا کہ اے اللہ بارش عطا فرما اس کا حاصل وہی درخواست مشیت ہے کیونکہ مشیت موقوف علیہ ہے اور موقوف کی دُعا موقوف علیہ کی دعاء ہے تو حاصل ساری تدبیر اور دستور العمل کا تین عمل ہوئے ایک تو گناہ نہ کرنا کہ اس میں ہم لوگ بہت زیادہ مبتلا ہیں اور پھر ظلم یہ ہے کہ طرح طرح کے گناہ ہم سے سرزد ہوتے ہیں اور اس پر طرہ یہ ہے کہ ہم اپنے کو بالکل پاک صاف سمجھتے ہیں حالانکہ ہمارے سلف کی یہ حالت تھی کہ باوجود بالکل پاک ہونے کے بھی وہ اپنے کو گنہگار سمجھتے تھے۔ حضرت ذو النون مصری رحمۃ اللہ کا واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ مدت میں قحط پڑا لوگ اُن کے پاس دعاء کرنے کے لئے آئے تو آپ نے فرمایا کہ امساک باراں گناہوں کے سبب ہوتا ہے اور سب سے زیادہ گنہگار شہر میں میں ہوں لہذا مجھے شہر سے نکال دو تو بارش ہو جائے گی اور یہی نہیں کہ محض زبانی کہدیا ہو بلکہ آپ اُس شہر سے چلے بھی گئے ہم لوگ شب و روز گناہوں میں مبتلا ہیں لیکن ہم کو کبھی وہم بھی نہیں ہوتا کہ ہمارے اعمال کی شامت ہے حضرت سیدنا شاہ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ جن کی شان یہ تھی کہ قدمی علی رقاب کل ولیاء اللہ اُن کا مقولہ ہے ان کی وہ حالت تھی جو شیخ نے گلستان میں نقل کی ہے کہ

؏ قال العارف السہروردی انہ قال فی حالۃ السکر و قال بعض العلماء انہ قالہ بالالہام من اللہ عزوجل والاقرب الی سیرتہ ھو الاول واللہ اعلم لکن من ثبت فضلہ علیہ فھو مستثنیٰ من ذلک والکشف ظنی فافھم۔ احمد حسن سنبھلی عفی عنہ

وہ یہ کہہ رہے تھے ؎

من نگویم کہ طاعتم بپذیر قلم عفو برگناہم کش

یعنی میں یہ نہیں کہتا کہ میری طاعت کو قبول فرمالیجئے اسلئے کہ میرے پاس طاعت ہی کہاں ہے صرف یہ التجا ہے کہ میرے گناہوں کو بخشدیجئے اور آپ کے اس قول ہیں قدمہ علیٰ رقاب کل اولیاء اللہ اگرچہ اختلاف ہے کہ تمام اولیاء اللہ مراد ہیں یا اس زمانہ کے اولیاء اللہ لیکن دوسری شق میں بھی کچھ کم فضیلت ثابت نہیں ہوتی تو جب یہ حضرات اپنے کو ایسا کہیں تو ہم کو کیا حق ہے کہ ہم اپنے کو جنید رحمۃ اللہ علیہ وقت سمجھیں اور اگر جنیدؒ ہی سمجھیں تب بھی اپنے کو گنہگار سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ جنیدؒ تو اپنے کو بہت بڑا گنہگار سمجھتے تھے۔ مگر ہمارا تقویٰ کچھ ایسا لوہے جڑا ہے کہ فسق و فجور سے کبھی نہیں جاتا کچھ بھی کریں مگر پھر بزرگ کے بزرگ ہمارے تقوے کی وہ حالت ہے کہ جیسے بی بی تمیزہ کا وضو تھا کہ وہ کسی طرح ٹوٹتا ہی نہ تھا۔ بی بی تمیزہ کا ایک قصہ مثنوی میں لکھا ہے کہ یہ ایک عورت فاحشہ تھی کسی بزرگ نے اس کو نصیحت کی اور نماز پڑھنے کی تاکید کی اور وضو بھی کرادیا اس نے نماز شروع کردی ایک مدت کے بعد جو اُن بزرگ کا وہاں کو گذر ہوا تو بی بی تمیزہ بھی ملیں۔ انھوں نے پوچھا کہ بی نماز بھی پڑھا کرتی ہو کہنے لگی جی ہاں پڑھتی ہوں۔ انھوں نے کہا اور وضو بھی کرتی ہو کہنے لگی کہ آپنے اس روز کرا نہیں دیا تھا۔ صاحب مثنوی نے اس قصے کو نقل کرکے لکھا ہے کہ ہم لوگوں کا تقویٰ بالکل ایسا ہی ہے جیسے بی بی تمیزہ کا وضو تھا کہ نہ وہ زنا سے ٹوٹتا ہے نہ اور کسی فعل سے اسی طرح ہم لوگ اپنے ایسے معتقد ہیں کہ کوئی عیب ہی نہیں نظر آتا البتہ دوسرے پر طعن کرنے میں خوب پختہ ہیں۔ کیوں صاحبو! کیا ہم کو گناہوں کے معاف کرانیکی ضرورت نہیں ہے جو اس کو چھوڑ کر دوسروں کے پیچھے پڑگئے کیا ہم آنکھ ناک کان ہاتھ پیر کے گناہوں میں مبتلا نہیں ہیں کیا ہمارے ذمہ حقوق العباد نہیں ہیں کیا ہم میں بہت لوگوں نے دوسروں کی زمین نہیں دبا رکھی کیا بہت سے لوگ زمین کی موروثیت کے مدعی ہم میں نہیں ہیں باوجود اس کے پھر ہم میں بعضے لوگ

بارش نہونے پر یا کسی دوسری بلا آنے پر تعجب کیا کرتے ہیں اور کہا کرتے ہیں کہ خدا جانے ہم کس گناہ میں پکڑے گئے۔ صاحبو! آپ کو تو اس پر تعجب ہونا چاہیئے کہ ہم کو جو دو وقت روٹی ملجاتی ہے یہ کونسی طاعت سے ملتی ہے اس واسطے کہ باغیوں کو تو روٹی نہیں ملا کرتی۔ غرض ایک تدبیر تو یہ ہے کہ یہ سارے گناہ چھوڑ دو اور دوسری تدبیر یہ ہے کہ طاعت کو اختیار کرو۔ جن لوگوں کے ذمے زکوٰۃ واجب ہے وہ زکوٰۃ دیں جن پر حج فرض ہے وہ حج کریں اور پختہ قصد کرلیں کہ انشاءاللہ عید سے اگلے دن ضرور حج کو چلے جائیں گے بہت سے ایسے لوگ ہیں کہ سالہا سال سے ان کا ارادہ حج کا ہے لیکن آجتک پورا ہی نہیں ہوا آئے دن کوئی نہ کوئی بہانہ ان کو لگا رہتا ہے کسی نے ایسے ہی لوگوں کے لئے کہا ہے کہ ؎

ہر شبے گویم کہ فردا ترک این سودا کنم باز چون فردا شود امروز را فردا کنم

اور تیسری تدبیر یہ ہے کہ دعا کریں لیکن دعا کے یہ معنے نہیں کہ جماعت میں سے کسی ایک نے پکار دیا کہ بارش کے لئے دعا کیجئے اور دوسرے نے کہدیا کہ اے اللہ باران رحمت نازل کیجئے حالانکہ نہ دل میں درد ہے نہ قلب کو توجہ ہے بلکہ دعا اس طرح کرو کہ پوری طرح دل ادھر متوجہ ہو اور دل میں درد بھرا ہوا ہو اور اگر درد اختیار میں نہیں ہے تو توجہ کرنا تو اپنے اختیار میں ہے اور کم سے کم اس قدر توجہ تو ہو جس قدر حکام سے التجا کرتے وقت ہوا کرتی ہے صاحبو جو دعا توجہ سے کی جاتی ہے وہ اکثر قبول ہوتی ہے اور اکثر محض احتیاطاً کہا ورنہ اصل یہ ہے کہ ؎

عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نہ کرد اے خواجہ درد نیست وگرنہ طبیب ہست

(جس عاشق کے حال پر دوست کی نظر نہ ہو اے خواجہ کہ اسکے دل میں درد نہیں ہے ورنہ طبیب تو موجود ہے)

طبیب کے ہونے میں شک نہیں مگر درد ہی نہ ہو تو کیا کریں اور دعا کرنے کے تین طریقے ہیں ایک تو یہ کہ ہر نماز کے بعد دعا کیا کرے دوسرے یہ کہ فرض نمازوں کے علاوہ ہر شخص کچھ نفلیں بھی پڑھ لیا کرے اور ان کے بعد دعا کیا کرے تیسرے

یہ کہ سب مل کر کسی جنگل میں جمع ہوں اور وہاں جاکر خدا تعالےٰ سے دُعا کریں ان میں سے جو آسان معلوم ہو اس کو کرلیں پس تدبیر یہ ہے نہ وہ جو کہ لوگوں نے اختراع کی ہے۔ خدا تعالےٰ کا یہ کلام ان سب تدابیرِ مذکورہ کو شامل ہے اور مولانا نے اسی کو نظم بھی کیا ہے ؎

اُطْلُبُوا الْاَرْزَاقَ مِنْ اَسْبَابِهَا وَادْخُلُوا الْاَبْيَاتَ مِنْ اَبْوَابِهَا

(روزی روزی کے اسباب کے ذریعہ تلاش کرو اور گھروں میں اُن کے دروازے سے داخل ہو)

جس کام کو کرو اس کے دروازے سے کرو اور دروازہ ہر کام کا وہی ہے جو اس کا اصلی طریقہ ہے یہ تو حاصل تھا وَأْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا کا۔ آگے خدا تعالےٰ نے ایک قاعدہ کلیہ ارشاد فرمایا ہے اگرچہ یہ جملہ بھی قاعدہ کلیہ تھا مگر وہ مقاصد پر مطابقتہً دلالت نہ کرتا تھا اور یہ مطابقتہً دلالت کرتا ہے فرماتے ہیں وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جو کام کرو اس میں یہ دیکھ لو کہ ہم خلاف شرع تو نہیں کرتے یعنی دین کا جو کام کرو اس کا تو طریقہ کامیابی بھی دیکھ لو اور دنیا کا جو کام کرو اس میں صرف اتنا دیکھ لو کہ یہ جائز ہے یا نہیں۔ چونکہ یہ مضمون حالت موجودہ پر نظر کرکے نہایت ضروری تھا اسلئے اس کو اس حالت کے ساتھ بالتخصیص بیان کردیا گیا باقی ہے یہ ایسا امر کہ اس کو ہر وقت ہر کام میں پیش نظر رکھنا چاہیئے البتہ طاعت میں علاوہ طاعت عامہ مذکورہ سابقہ کے خصوصیت کے ساتھ رفع قحط کے لئے ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ کچھ صدقہ دیدیا جائے کیونکہ صدقے کو خدا تعالےٰ کے غصے کے دور کرنے میں بہت دخل ہے اور اس صدقے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ دونوں وقت اپنے گھر میں سے ایک ایک روٹی غریبوں کو دیدو یا جس قدر توفیق ہو۔ یہ آسان بھی ہے اور ہمیشہ جاری بھی رہ سکتا ہے یا جو لوگ صاحب وسعت ہیں وہ ایک ایک خوراک دونوں وقت مقرر کردیں اس میں غلہ بھی خرچ ہو جائیگا اور کسی کو خبر بھی نہ ہوگی۔

حدیث شریف میں اخفائے صدقہ کی یہاں تک تاکید آئی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ اس طرح صدقہ کرو کہ داہنا ہاتھ دے تو بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو۔ لوگ کہتے ہیں کہ مولوی نیک کاموں سے منع کرتے ہیں۔ صاحبو! منع نہیں کرتے بلکہ تمہاری چیزوں کو ضائع ہونے سے بچاتے ہیں اور تم کو ان کے صرف کرنے کا طریقہ بتلاتے ہیں کہ اس طرح کرو تاکہ ٹھکانے لگے۔ اب خدا تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہم کو توفیق عمل دے۔ اور ہمارے (اور ناشر عبدالمنان کے) گناہوں کو بخش دے اور باران رحمت نازل فرمائے۔ آمین یارب العالمین تمت بالخیر

---


**معلم الحجاج** یہ کتاب جس کے پاس ہو تو گویا اس کے ساتھ ایک چلتا پھرتا مولوی ہے جن مسلمانوں کا ارادہ حج کا ہو وہ آج ہی سے اس کا مطالعہ کرنا شروع کر دیں تاکہ تمام مسائل حج اور دعائیں اور طریقے یاد ہو جاویں اور عین وقت پر فریضہ حج ادا کرنے میں سہولت رہے اور کوئی غلطی نہ ہو جاوے اس کتاب میں حج کے ہزاروں مسئلے اور مآثر اور دعائیں اور طریقے سب درج ہیں۔ 15/- علاوہ خرچہ ڈاک

**شریعت اور طریقت** اس کتاب کے جملہ مضامین حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ کے افادات کا انتخاب ہیں اس میں شریعت، طریقت، حقیقت، معرفت، بیعت، اخلاق، مجاہدات، اذکار، اشغال، مراقبات، احوال، توجہات، تعلیمات، مسائل مع دلائل و حقائق، سالک کے لئے طریق عمل مندرج ہیں جو قرآن مجید، احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر تصانیف علماء محققین و اولیاء کی روشنی میں مرتب کی گئی ہے اس کتاب کا ہر مسلمان کے پاس ہونا ضروری ہے۔ 21/- ڈسٹ کور علاوہ ڈاک خرچ

**حیات اشرف** اس میں حضرت حکیم الامت کی سوانح عمری ان کے علمی و روحانی کمالات ان کے مجددانہ کارنامے اصول تربیت و سلوک عارفانہ نکات زریں اقوال اور دنیا و آخرت کے سنوارنے کا لائحہ عمل آگیا ہے اس کتاب کا مطالعہ ایک شیخ کامل اور شفیق مربی کی صحبت کا فائدہ عطا کرے گا۔ اس نعمت سے ہر مسلمان کو فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ قیمت 15/-

ملنے کا پتہ مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی ۱

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوا عَنِّی وَلَوْ اٰیَۃً
رَوَاہُ الْبُخَارِی

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

آٹھواں وعظ ملقب بہ

# فضل العلم والعمل

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی دفتر الابقاء
مسافر خانہ بندر روڈ۔ کراچی ۱

# دعواتِ عبدیت جلد پنجم

کا

آٹھواں وعظ ملقب بہ

# فضل العلم والعمل

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد | متفرقات |
| دار الطلبہ مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور | شب ۲۴ رجب ۱۳۳۰ھ | ۲ گھنٹہ | کھڑے ہو کر | فلاح دنیوی کا طریقہ بھی اطاعت احکام حق ہے مع بعض فوائد مناسب اہل علم | سعید احمد صاحب تھانوی | تقریباً ۱۰۰۰ آدمی | |

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ۔ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِیْلَ لَکُمْ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰہُ

لَكُمْ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ جس آیت کی تلاوت اسوقت کی گئی ہے ہر چند کہ اس میں ایک خاص مضمون ایک خاص مقام کے متعلق بیان کیا گیا ہے یعنی اس میں ایک خاص عمل کا حکم ہے ایک خاص حالت میں۔ لیکن اُس پر جس ثمرے کو مرتب کیا گیا ہے اس کے مبنیٰ پر نظر کرنے سے ایک عام قاعدہ پیدا ہوتا ہے جس کے مستحضر رکھنے کی ہر وقت ہر مسلمان کو ضرورت ہے۔ بالخصوص اس زمانے میں کہ علی العموم لوگوں کے خیالات منتشر ہیں اور اہل الرائے ہیں ہر شخص کی ایک جداگانہ رائے ہے۔ اسی لئے اس وقت اس آیت کو اختیار کیا گیا ہے ترجمے سے وہ خاص مضمون اور ذرا تامل سے وہ مبنیٰ معلوم ہو جائے گا اور پھر اس سے جو ایک عام فائدہ پیدا ہوتا ہے اس کی تقریر کر دی جائے گی۔ ترجمہ آیت کا یہ ہے کہ اے مسلمانو! جب تم کو یہ حکم ہو کہ مجلس میں فراخی کر دو تو فراخی کر دیا کرو۔ حق سبحانہٗ تعالےٰ تمہارے لئے فراخی کر دیں گے اور جب تم سے کہا جائے کہ اُٹھ کھڑے ہو تو اُٹھ کھڑے ہوا کرو خدا تعالےٰ تم میں سے مومنین اور اہل علم کے بہت سے درجے بلند کر دیں گے۔ یعنی جب کسی مصلحت سے منجانب منتظم مجلس ایسا حکم ہو تو اس پر عمل کیا کرو۔ یہ عام ہے نبی اور غیر نبی کو جو بھی منتظم مجلس ہو اسی لئے قیل کہا گیا قائل کی تخصیص نہیں کی اور اللہ تعالےٰ تمہارے سب اعمال پر خبیر ہیں یعنی اُن اعمال کے باطن پر بھی مطلع ہیں مفسرین نے خبیر کی تفسیر میں اس کی تصریح کی ہے یہ آیت کا ترجمہ تھا۔ ترجمے کے ساتھ ہی بہتر معلوم ہوتا ہے کہ آیت کا شانِ نزول بھی معلوم کر لیا جائے کیونکہ اُس سے فہم مراد میں بھی اعانت ہوتی ہے اور تفسیر میں بھی آسانی ہوتی ہے۔ شان نزول اس آیت کا یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک مجلس میں تشریف رکھتے تھے۔ بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم بھی حاضر تھے کہ اصحاب بدر آئے۔ اصحاب بدر وہ لوگ کہلاتے ہیں کہ جو جنگ بدر میں شریک ہوئے ہیں ان کی فضیلت بہت ہے اس وقت مجلس میں کچھ تنگی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حاضرین مجلس کو حکم فرمایا کہ مل کر بیٹھو اور ایک روایت میں ہے

کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض کو فرمایا کہ تم اُٹھ جاؤ اپنے کسی دوسرے کام میں لگو یا اُٹھ کر دوسری جگہ بیٹھ جاؤ۔ ان دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں ہے بلکہ آیت کا مجموعہ ان دونوں کے مجموعے پر دال ہے ممکن ہے کہ بعض کو مل کر بیٹھنے کا حکم دیا ہو اور بعض کو اٹھ جانیکا حکم دیا ہو۔ صحابہ رضی اللہ تعالٰی عنہم تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لبوں کو تکتے تھے وہ تو اس پر نہایت خوشی سے عامل ہوگئے۔ لیکن منافقین نے کہ وہ ایسے مواقع کے لئے ادھار کھائے بیٹھے رہتے تھے اس پر اعتراض کیا اور یہ گویا ان کو عیب جوئی کا ایک موقع مل گیا۔ حالانکہ اگر سرسری نظر سے بھی دیکھا جائے تب بھی اس انتظام میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کمال خوبی معلوم ہوتی ہے کہ تمام طالبان حق کی کس قدر رعایت کی کہ جگہ نہ ہونے کی مجبوری سے کوئی شخص محروم نہ رہ جائے لیکن چشم بدبیں میں ہنر بھی عیب ہی ہو کر نظر آتا ہے ؎

چشم بداندیش کہ برکندہ باد عیب نماید ہنرش در نظر

(بد اندیش آدمی جب کسی کام کو دیکھتا ہے تو اُس کی نظر میں اُس کا ہنر عیب معلوم ہوتا ہے)

منافقین کو اعتراض کا بہانہ مل گیا۔ کہنے لگے کہ یہ کیا بات ہے کہ نئے آنے والوں کی خاطر پہلے بیٹھے ہوؤں کو اُٹھایا جائے خدا تعالٰی نے اس اعتراض کے جواب میں یہ آیت نازل فرمائی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ اعتراض لغو اس لئے ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دہ دونوں حکم مناسب اور مستحسن تھے اور مستحسن کو غیر مستحسن کہنا حماقت ہے اور مستحسن ہونا اس طرح ظاہر فرمایا کہ ان حکموں کا خود بھی امر فرمایا اور خدا تعالٰی اگر کوئی حکم فرمائیں تو وہ قبیح ہو نہیں سکتا۔ عقلاً بھی اور نقلاً بھی جیسا کہ دوسری آیت میں ارشاد ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ اور اس کا حکم خدا تعالٰی نے فرمایا ہے تو معلوم ہوا کہ یہ مستحسن ہے کیونکہ ایسی ذات کا حکم ہے جس کی برابر کوئی حکیم نہیں پھر ہر حکم پر ایک ایک ثمرۂ مطلوبہ کو بھی مرتب فرمایا کہ وہ استحسان کی مزید دلیل ہے چنانچہ حکم اور ثمرہ دونوں کے لئے ارشاد ہے اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا۔ ایک حکم کا تو یہ صیغۂ امر اس میں ارشاد ہے اس کے بعد فرماتے ہیں

یَفۡسَحِ اللّٰہُ لَکُمۡ یہ اُس کا ثمرہ ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر تم اس پر عمل کروگے تو خدا تعالیٰ جنت میں تمہارے لئے فراخی فرمائیں گے یہاں تک تو پہلا حکم اور اس کا ثمرہ تھا آگے بذریعہ عطف دوسرا حکم فرماتے ہیں وَاِذَا قِیۡلَ انۡشُزُوۡا فَانۡشُزُوۡا۔ یعنی جب اٹھ جانے کا حکم ہوا کرے تو اُٹھ جایا کرو۔ نقلی استحسان تو اس ارشاد ہی سے ثابت ہوگیا باقی عقلی استحسان کی تقریر یہ ہے کہ صدر مجلس جب اہل ہو اور یہ حکم کرے تو وہ کسی مصلحت کی بنا پر ہوگا۔ پس اس کا قبول کرنا ضرور ہوگا اور مطلق صدر مجلس بلا تخصیص اس لئے کہا گیا کہ قرآن میں لفظ قیل ہے جو کہ ہر صدر مجلس کے کہنے پر صادق آتا ہے پس یہ شبہ جاتا رہا کہ یہ خاص ہے حضور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے ساتھ اگرچہ اُس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی نے ارشاد فرمایا تھا لیکن جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اس کی ضرورت پیش آئی اسی طرح جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب ہیں اور نیابت کی اہلیت ان میں ہے ان کو بھی صدر مجلس ہوجانے کی صورت میں ایسی ضرورت پیش آسکتی ہے اور اس کے قبول پر بھی عمل کرنا ایسا ہی واجب ہوگا جیسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشاد پر۔ تو اگر وہ اُٹھنے کا حکم دیں تو فوراً اُٹھ جانا چاہیئے اور اس کے امتثال میں ننگ و عار نہ کرنا چاہیئے کیونکہ مصلحتِ وقت سے ایسا کیا جاتا ہے اور توضیح مقام کی یہ ہے کہ ان حکموں کا حاصل تناوب فی الاستفاع ہے اور تناوب شرعاً بھی محمود ہے یعنی اگر کوئی مطلوب مشترک ہو اور اس کے حاصل کرنے کے لئے سب طالبین کی گنجائش ایک مجلس میں نہ ہو تو شریعت نے اس کے لئے تناوب تجویز فرمایا ہے اور عقل بھی اس کے ساتھ اس میں متفق ہے کہ سب طالبین کے کمال حاصل کرنے کی یہی صورت ہے کہ آپس میں تناوب ہو نہ یا دہ و مناحت کے لئے اِس کو ایک مثال میں سمجھئے مثلاً ایک کنواں ہے کہ شہر کے ہر شخص کو اس کے پانی کی ضرورت ہے اور ایک ساتھ سب کے سب اس سے پانی نہیں بھر سکتے تو سب کے پانی حاصل کرنے کی صورت یہی ہے کہ یکے بعد دیگرے سب کے سب پانی حاصل کریں اور چار آدمیوں کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ کنوئے پر جم کر بیٹھ جائیں

اور دوسروں کو جگہ نہ دیں یہ مثال ایسی ہے کہ اس کے تسلیم کرنے میں کسی کو بھی کلام نہیں تو جس طرح دُنیاوی نفع میں تناوب مسلم ہے اسی طرح دینی نفع میں بھی سب کے انتفاع کی یہی صورت ہے کہ علیٰ سبیل التناوب سب نفع حاصل کریں۔ اسی مثال کے قریب ایک دوسری مثال پیش کرتا ہوں کہ وہ وضاحت میں تو اس سے کم ہے مگر اس موقع کے زیادہ مناسب ہے وہ یہ کہ اگر ایک مدرسے میں ایک عالم ایسے ہوں کہ ہر طالب علم کو ان کی ضرورت ہو اور ہر شخص ان سے نفع حاصل کرنا چاہے کوئی بخاری شریف پڑھنا چاہے اور کوئی نسائی اور کوئی منطق و فلسفہ تو اگر بخاری شریف والے ان کو گھیر کر بیٹھ جائیں اور دوسروں کو وقت ہی نہ دیں تو دوسروں کے نفع حاصل کرنے کی کوئی صورت ہی نہیں ہے اور اسلئے بخاری والوں کو یہ حق نہیں ہے بلکہ ضروری ہے کہ دوسری جماعتوں کے لئے بھی وقت چھوڑ دیں۔ ان مثالوں سے معلوم ہوا ہوگا کہ نفع دنیاوی اور دینی دونوں میں اگر طالبین کا اجتماع نہ ہو سکے تو تناوب ہونا ضروری ہے۔ پس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد نہایت ہی قرین مصلحت تھا اور چونکہ تَفَسَّحُوا اور اُنْشُزُوا عام ہے بعض اور کل دونوں کو۔ اس لئے اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب کو اٹھنے کو فرمائیں سب کو اٹھ جانا واجب ہوگا اور اس میں یہ شبہہ نہ کیا جائے کہ بعض اس کا تو انتفاع الجمیع تھا سب کے اٹھا دینے میں تو حرمان الجمیع ہے جواب یہ ہے کہ اس میں بھی انتفاع الجمیع اس طرح ہو سکتا ہے کہ شاید آپ خلوت میں کچھ نفع عام کے لئے سوچیں یا آرام فرمائیں تاکہ پھر سب کی مصلحت کے لئے تازہ ہو جائیں پس اس میں بھی جمیع کا انتفاع ہوا اسی طرح اگر کسی دوسرے صدر مجلس کو بھی اس کی ضرورت پیش آئے کہ وہ کسی مصلحت سے بعض مجلس یا ساری مجلس کو اُٹھنے کا حکم دے تو اس کو اجازت ہے کہ کہدے کہ اب تم لوگ اٹھو اور اُس کا یہ کہدینا بدلیل اس کے اہل ہونے کے قرین مصلحت سمجھا جائے گا اور اس پر عمل کرنا واجب ہوگا۔ تو منافقین کی یہ شکایت محض حسد کی بنا پر تھی اور اس کے قبول کرنے سے اِباء کرنا محض عار و استنکاف تھا ورنہ واقع میں بعض طبائع ایسی ہوتی ہیں

عہ وجہ یہ کہ مجمع طلبہ کا زیادہ تھا اور ان کے حال کے مناسب ہونا اس مثال کا ظاہر ہے ۱۲ منہ

کہ وہ ایسے امور میں اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ اس وقت مجھے اپنی ایک حکایت یاد آئی اپنی اوائل عمر میں جبکہ میں بالغ ہوچکا تھا ایک مرتبہ اپنی مسجد میں نماز پڑھانے کے لئے کھڑا ہوا صف میں داہنی طرف آدمی زیادہ ہوگئے تھے اور بائیں طرف کم تھے۔ میں نے داہنی طرف کے ایک شخص کو کہا کہ آپ بائیں طرف آجائیں یہ سن کر ان کو اس قدر غصہ آیا کہ چہرہ تمتما گیا زبان سے تو کچھ نہیں کہا لیکن چہرے پر برہمی کے آثار نمایاں ہوتے حالانکہ یہ کوئی غصہ کی بات نہ تھی ترتیب صفوف تو شریعت میں بھی ضروری قرار دیگئی ہے ان کی یہ حرکت مجھے بھی ناگوار ہوئی آخر میں نے ان کے قریب کے آدمی سے کہا کہ بھائی تم ادھر آجاؤ کیونکہ ان کی تو شان گھٹ جائیگی اس پر تو وہ ایسے خفا ہوئے کہ صف میں سے نکل کر مسجد ہی کو چھوڑ کر چلے گئے۔ تو بعض طبیعتیں اس قسم کی ہوتی ہیں کہ اس کو عار سمجھتے ہیں کہ کسی دوسرے کا کہنا کریں اور اس کا اندازہ ایسے لوگوں کے حالات دیکھنے اور اُن سے ملنے سے ہوتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس آیت کے ذریعے سے یہ قانون دائمی مقرر کیا گیا ورنہ بظاہر اس کا قانون بنانے کی ضرورت نہ تھی کیونکہ یہ تو ایسی ظاہر بات ہے کہ معاشرت روزمرہ میں داخل اور فطرت سلیمہ کا مقتضا ہے مگر اسی قسم کی طبائع کی بدولت یہ قانون مقرر فرمایا کہ واجب سمجھ کر ماننا پڑے اور اس کا امر بھی فرمایا اور امر کے ساتھ ترغیب بھی دی تاکہ کوئی ہیبت سے مانے اور کوئی ترغیب سے۔ کیونکہ دو ہی قسم کی طبیعتیں ہوتی ہیں بعض پر رغبت کا زیادہ اثر ہوتا ہے اور بعض پر ہیبت کا زیادہ اثر ہوتا ہے جیسا کہ واقعات سے معلوم ہوتا ہے اور قرآن میں زیادہ لطف اُسی شخص کو آتا ہے جس کی نظر واقعات پر ہو اور وہ واقعات میں غور کرے مثلاً اگر اُن بڑے میاں کا واقعہ پیش نظر نہ ہوتا تو اس حکم کی مشروعیت کی حکمت سمجھنے کا لطف نہ آتا اور اب معلوم ہوتا ہے کہ کس قدر پاکیزہ انتظام فرمایا ہے کہ ذراسی بات کو بھی نہیں چھوڑا غرض اس قسم کے واقعات ہوئے بھی ہیں اور قیامت تک ہونے والے بھی ہیں اس لئے یہ قانون دائمی مقرر فرمادیا اور اُس پر اِس ثمرے کو مرتب فرمایا کہ

ہم تمہارے لئے جنت میں جگہ کو فراخ فرمائیں گے اور دوسرا حکم یہ فرمایا کہ اگر اُٹھ جانیکا حکم ہوا کرے تو اُٹھ جایا کرو۔ خدا تعالےٰ تم میں سے ایمان والوں کے اور اہل علم کے درجات بلند فرمائیں گے یہ حاصل ہے ارشاد کا۔ اس تقریر سے آپ کو سبب نزول آیت بھی معلوم ہوگیا اور حاصل آیت بھی جس میں حکم اور ثمرہ دونوں مذکور ہیں اب میں وہ بات بیان کرتا ہوں جس کا بیان کرنا اس وقت مقصود ہے میں نے کہا تھا کہ اس ثمرے کا ایک مبنیٰ ہے اس میں غور کرنے سے وہ قاعدہ عامہ نکلیگا جس کا استحضار ہر وقت ضروری ہے سو یہاں ایک امر تو یہ ہے کہ تَفَسَّحُوْا اور ثمرہ یہ ہے کہ یَفْسَحِ اللّٰہُ لَکُمْ یعنی جنت میں فراخی ہوگی اور دوسرا حکم یہ ہے کہ فَانْشُزُوْا اور اس کا ثمرہ یہ ہے کہ یَرْفَعِ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ تو ان دونوں میں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ صدر مجلس کے کہنے سے فراخی کردینے میں جنت میں فراخی کیوں ہوگی اور اُٹھ جانے میں رفع درجات کیوں ہوں گے جس کو ذرا بھی عقل ہوگی وہ تو اس میں بالکل بھی تامل نہ کرے گا بلکہ یہی کہیگا کہ مبنیٰ یہ ہے کہ اس نے خدا ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد خدا تعالےٰ کا ارشاد ہے اور اولی الامر کا حکم بھی خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے اس لئے کہ خدا تعالےٰ ہی نے ہم کو اولی الامر کا کہنا ماننے کو فرمایا ہے پس اگر ہم نے صدر مجلس کا حکم مان لیا تو خدا تعالےٰ کا حکم مان لیا غرض پھر پھرا کر مبنیٰ یہی نکلیگا کہ چونکہ اس امر کا امتثال کرنے والا خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ماننے والا ہے اس لئے اس کو یہ ثمرہ حاصل ہوا۔ سو اصل مقصود اس وقت اسی امر کا بیان کرنا ہے کہ یہ آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ خدا ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت پر یہ دو ثمرے مرتب ہوتے ہیں۔ اور دوسرے مضامین اگر آئیں گے تو استطراداً اسی کی توضیح کے لئے آئیں گے یا بعض اس پر مرتب ہونگے۔ اب رہی یہ بات کہ اس مضمون کو اس وقت کیوں اختیار کیا گیا اس کی بابت میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ آجکل اس کی سخت ضرورت ہے

کہ خیالات اور آراء اس وقت نہایت منتشر ہیں اور طلب مال وطلب جاہ کا بہت چرچا اس وقت ہورہا ہے جس کو دیکھئے اس میں منہمک ہے نیز ان کیلئے کچھ تدابیر بھی اپنی طرف سے تراش رکھی ہیں اور ان میں یہ بھی نہیں دیکھا جاتا کہ کونسی تدبیر حلال ہے اور کونسی تدبیر حرام ہے۔ بکثرت خیال ادھر متوجہ ہیں کہ اصل چیز مال اور جاہ ہے اور اسی کو ترقی کہا جاتا ہے اور اسی کے لئے سعی کی جاتی ہے خواہ وہ سعی شریعت کے موافق ہو یا مخالف۔ چنانچہ ذرائع تحصیل مال وہ ہیں جن کی بدولت شریعت سے بعد ہوتا چلا جاتا ہے۔ مثلاً یہ کہ تعلیم جدید کمال کے ساتھ حاصل کرنا چاہیئے اور اس میں بڑے بڑے درجے حاصل کرنے چاہئیں گو اس پر کیسے ہی آثار و مفاسد مرتب ہوں آجکل تعلیم جدید کے متعلق علماء پر اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ تعلیم جدید سے روکتے ہیں اور اس کو ناجائز بتلاتے ہیں۔ حالانکہ میں بہ قسم کہتا ہوں کہ اگر تعلیم جدید کے یہ آثار نہ ہوتے جو علی العموم اس وقت اس پر مرتب ہو رہے ہیں تو علماء ہرگز اس سے منع نہ کرتے لیکن اب دیکھ لیجئے کہ کیا حالت ہو رہی ہے جس قدر جدید تعلیم یافتہ ہیں باستثناء شاذ و نادر ان کو نہ نماز سے غرض ہے نہ روزے سے نہ شریعت کے کسی دوسرے حکم سے بلکہ ہر ہر بات میں شریعت کے خلاف ہی چلتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ اس سے اسلام کی ترقی ہوتی ہے۔ صاحبو! موٹی بات ہے کہ جب ان میں اسلام کی کوئی بات نہ رہی تو وہ اسلام کی ترقی کہاں ہوئی۔ البتہ مال و جاہ کی ترقی ہوئی سو اسلام روپیہ اور جاہ کو تو نہیں کہتے۔ خدا کا شکر ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلام کو محتاج تغیر نہیں چھوڑا اور خدا تعالٰی نے بھی اس کی تغیر کا خاص اہتمام فرمایا اور عجب نہیں کہ اسی زمانہ کے لئے اہتمام کیا ہو بیان اس کا یہ ہے کہ اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہیبت سے بہت سی باتیں نہیں پوچھ سکتے تھے تو خدا تعالٰی نے ایکبار جبرئیل

علیہ السلام کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بشکل انسان بھیجا وہ ایک مجلس عام کے وقت تشریف لائے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دوسروں کے سنانے کو چند سوال کئے چنانچہ ان سوالوں میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ مَا الْاِسْلَامُ یعنی اسلام کیا چیز ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اَنْ تَشْھَدَ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَاِقَامَ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءَ الزَّکٰوۃِ وَصَوْمَ رَمَضَانَ وَاَنْ تَحُجَّ الْبَیْتَ۔ الحدیث شہادتوں کا اقرار کرو دل سے بھی اور زبان سے بھی ظاہر ہوا اور نماز وزکوٰۃ وصوم وحج کا ادا کرنا پس جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تفسیر سے اسلام کی حقیقت معلوم ہوگئی تو اسلام کی ترقی تو یہ ہوگی کہ ان احکام کے امتثال میں ترقی ہو نماز میں ترقی ہو روزے میں ہو۔ نہ یہ کہ ٹم ٹم ہو اور عالیشان محل ہو یعنی اس کو اسلام کی ترقی نہ کہا جائے گا۔ غرض جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسلام کی تفسیر فرما چکے ہیں تو آج کون ہے کہ وہ بڑے بڑے عہدوں کو اور مال وجاہ کی ترقی کو اسلام کی ترقی بتلائے مسلمان اگر اپنی حالت دینیہ پر بھی پورے قائم رہتے تب بھی ان چیزوں کو اسلام کی ترقی نہ کہتے البتہ ترقی اہل الاسلام کہتے مگر جبکہ وہ دین پر بھی باقی نہیں ہیں تو اس حالت میں یہ ترقی مال لاہل الاسلام نہ ہوئی بلکہ ترقی مال لاہل الکفر ہوئی۔ یعنی جب نماز و روزہ عقائد اسلام سب رخصت ہوگئے تو اب اگر مال اور جاہ کی ترقی بھی ہوئی تو یہ اہل اسلام کی ترقی بھی نہ کہلائے گی بلکہ اہل کفر کی ترقی کہلائے گی غرض اس ترقی کو ایسا قبلہ توجہ بنا رکھا ہے کہ حلال وحرام کی بھی مطلق تمیز نہیں رہی چاہے سود سے حاصل ہو چاہے رشوت سے حاصل ہو چاہے شریعت کو بھی بالکل چھوڑنا پڑے مگر یہ فوت نہ ہو چنانچہ بعض نے تو تصریحاً یہ کہہ دیا کہ اس وقت حلال وحرام کے دیکھنے کا وقت نہیں ہے یہ وہ وقت ہے کہ جس طرح ہوسکے روپیہ سمیٹ لو۔ غور کیجئے جب

مسلمان ایسی رائے دینے لگے تو علماء کا کیا قصور ہے اگر وہ تعلیم جدید سے روکیں علیٰ ہذا ترقی جاہ کہ اُس میں بھی یہ تمیز نہیں رہی کہ ذریعہ اس کی تحصیل کا حلال ہے یا حرام اکثر ایسے ذرائع سے جاہ حاصل کی جاتی ہے جو کہ شریعت کے بالکل ہی خلاف ہیں اور پھر اس پر طرہ یہ کہ جاہ سے کام بھی ناپاک ہی لیا جاتا ہے کبھی اس کو آلۂ ظلم وستم بناتے ہیں اور اسی ظلم کو اپنی شان ریاست سمجھتے ہیں چنانچہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ لَا رِيَاسَةَ اِلَّا بِالسِّيَاسَةِ (ریاست بغیر تدبیر کے نہیں ہوتی) ہے، اور یہ جملہ فی نفسہٖ بالکل صحیح ہے لیکن سیاست کے معنے وہ نہیں ہیں جو کہ ان لوگوں نے سمجھ رکھے ہیں یعنی ظلم کرنا بلکہ سیاست کے معنی ہیں اصلاح اور اصلاح کہتے ہیں احکام کے جاری کرنے کو جیسا کہ دوسری آیت میں ارشاد ہے وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا (زمین کی اصلاح کے بعد اس میں فساد مت کرو) جس کی کافی تقریر ایک مستقل وعظ میں ایک مقام پر بیان کر دیگئی ہے غرض مال اور جاہ کو لوگوں نے مقصود بالذات کے درجے میں قبلۂ توجہ بنالیا ہے اور یہ مرض بالکل عالمگیر ہوگیا ہے اسی لئے اس وقت اس کے بیان کرنے کی ضرورت معلوم ہوئی اور حق تعالےٰ نے اس آیت میں دونوں حکموں پر دو ثمرے عجیب مرتب فرمائے ہیں جو اس وقت کے مقاصد کے نہایت مناسب ہیں یعنی یفسح جس کے معنے ہیں فراخی جو مناسب ہے ترقی مال و تنعم کے۔ دوسرا یرفع جو مناسب ہے ترقی جاہ کے گویا خدا تعالےٰ نے اس میں یہ فرما دیا ہے کہ اگر فراخی و رفعت ہوسکتی ہے تو اطاعت ہی سے ہوسکتی ہے اور ہم سمجھ رہے ہیں کہ خلاف شریعت کرنے میں فراخی ہوگی اور شریعت پر عمل کرنے میں تو ناجائز عہدے متروک ہونگے حرام مال سے بچنا پڑے گا تو بس تو پانچ روپئے کے ملازم رہیں گے۔ پھر نہ پلیٹ

---

عہ یہ وعظ حصہ پنجم کا پہلا وعظ مسمی بہ ضرورۃ العلماء ہے جو کہ ۸ رجادی الآخر ۱۳۳۰ھ کو خورجہ میں ہوا تھا۔ ۱۲ منہ

فارم پر جا سکیں گے نہ بے ٹکٹ گاڑی میں بیٹھ سکیں گے تو کچھ عزت بھی نہ ملیگی گویا ساری
عزت پلیٹ فارم پر جانے میں ہے تو خدا تعالےٰ اس کو فرماتے ہیں کہ ترتب
فراخی کا محض اطاعت پر ہے اور چونکہ حاصل مال کا تنعم ہے اور وسعت مکانی
بھی ایک تنعم ہے لہذا اگر ہم اس مضمون کو ذرا وسیع کر دیں تو مضائقہ نہیں
ہے تو اب ہم یوں کہیں گے کہ تنعم یعنی ترقی مال اور رفعت یعنی ترقی جاہ
دونوں اطاعت پر موقوف ہیں اگر یہ نہیں ہے تو نہ ترقی مال ہے اور نہ ترقی
جاہ بلکہ ذلت ہے اور تنگی ہے چنانچہ ایک مقام پر فرماتے ہیں وَمَنْ اَعْرَضَ
عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۔ (جس نے
منہ پھیرا میری یاد سے تو اس کو ملتی ہے گزران تنگی کی اور لائیں گے ہم اس کو قیامت کے دن اندھا)
اس میں حشر قیامت کے مقابلے میں معیشت ضنک فرمانا دلیل اس کی ہے کہ یہ
تنگی عیش قبل قیامت ہے اور قبل قیامت یا عالم برزخ ہے یا دنیا۔ سو آیت
میں چونکہ کسی عالم کی تخصیص نہیں ہے اس لئے دونوں کے لئے عام کہا جائیگا برزخ
کے ساتھ نہیں ہوگا خاص کر جبکہ واقعات اس کی تصدیق بھی کرتے ہوں کہ
معصیت سے دنیا میں بھی تنگی ہوتی ہے چنانچہ عنقریب مذکور ہوتا ہے۔ خلاصہ
یہ ہوا کہ اطاعت نہ کرنے کی صورت میں دو سزائیں ملیں گی ایک تو قیامت
میں کہ اندھا اٹھایا جائے گا اور ایک دنیا اور برزخ میں کہ تنگی عیش میں وقت
بسر ہوگا تو فراخی اور راحت کا ہونا اسی میں منحصر ہے کہ اطاعت ہو ورنہ
برزخ کے علاوہ دنیا میں بھی تنگی ہوگی اس مقام پر یہ شبہہ ہوسکتا ہے کہ
ہم تو دیکھتے ہیں کہ جو لوگ نافرمان ہیں وہ بڑے فراخی میں ہیں سو اس کا
جواب یہ ہے کہ جس کو آپ فراخی سمجھتے ہیں یہ سب ظاہری اور دیکھنے ہی کی حالت
ہے ورنہ اگر حقیقت حال کو دیکھئے تو فی الواقع وہ نہایت تنگی ہے اسلئے
فرماتے ہیں وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ
بِهَا فِى الدُّنْيَا (اور تعجب نہ کر ان کے مال اور اولاد سے یہی چاہتا ہے اللہ کہ عذاب کرے

ان کو ان چیزوں سے دنیا میں) تو اطاعت نہ ہونیکی صورت میں یہ سب لفافہ ہے اور حقیقت میں ایسے شخص کے قلب کے اندر بیحد پریشانی اور تنگی ہوتی ہے اور کسی وقت اس کو چین نہیں ہوتا اس واسطے کہ واقعات کثرت سے غیر اختیاری ہوتے رہیں اولاد ہے وہ بیمار بھی ہوتی ہے مرتی بھی ہے خود ان صاحب پر بھی مقدمات ہو جاتے ہیں مال کی بھی چوری ہو جاتی ہے اس میں نقصان بھی ہو جاتا ہے تکالیف بھی پیش آتی ہیں اور چونکہ تنعم کی زیادہ عادت ہو جاتی ہے اور امور پیش آتے ہیں طبیعت کے خلاف اور کوئی چیز* ان کو ہلکا کرنے والی ہوتی نہیں اسلئے ان کو بیحد تکلیف ہوتی ہے اور اس سے بھی زیادہ واضح کرنے کے لئے میں ایک مثال عرض کرتا ہوں فرض کیجئے کہ دو آدمیوں کے دو جوان لائق بیٹے مرگئے اور یہ دونوں شخص سب حالتوں میں مساوی ہیں لیکن صرف فرق اتنا ہے کہ ایک ان میں سے مطیع خدا ہے اور دوسرا مطیع نہیں بلکہ اسباب دنیا وغفلت میں منہمک ہے اب دیکھئے کہ بیٹے کے مرنے کا زیادہ غم کس کو ہوگا اور زیادہ دنوں تک کس کو رہیگا ظاہر ہے کہ مطیع کو ہرگز زیادہ غم نہ ہوگا کیونکہ وہ سمجھیگا کہ

ع ۔ ہرچہ آں خسرو کند شیریں بود

نیز وہ جانتا ہے کہ یہ تو آج ہی مرنے والا تھا ٹل نہ سکتا تھا۔ اور سمجھتا ہے کہ قیامت میں بھی مجھے ثواب ملیگا اور اب بھی ثواب ملا تو ان خیالات کی بدولت بہت جلد اس کو تسلی ہو جائے گی برخلاف اس غیر مطیع کے کہ اس کو عمر بھر کڑھتے اور غم کرتے ہی گذر جائے گی کبھی خیال ہوگا کہ افسوس فلاں حکیم کے بلانے میں دیر ہو جانے کی وجہ سے بچہ مرا کبھی خیال ہوگا کہ اگر فلاں نسخہ پلایا جاتا تو ضرور شفا ہو جاتی۔ غرض اس قسم کے توہمات کا سلسلہ عمر بھر کے لئے بندھ گیا اور گویا ایک گھن لگ گیا۔ تو اس کے پاس ظاہری سامان اگرچہ سب کچھ ہو

---

* یہ ہلکا کرنے والی چیز تعلق مع اللہ ہے آگے آتا ہے ۱۲ منہ

لیکن وہ سامان اس کے لئے سرمایہ فراخی نہیں ہے کیونکہ اس کے قلب میں تنگی ہے جو کہ اور قلب پر ایک عذاب ہے اور اسی راز کے سبب آپ کسی منہمک فی الدنیا کو آرام میں نہ دیکھیں گے یوں کہ نافرمانی کرکے سکون قلب نصیب نہیں ہو سکتا البتہ اگر فرمانبردار ہے تو وہ چین میں ہوگا گو امیر بھی نہ ہو اور اگر امیر بھی ہو تب بھی اس کی راحت کا سبب اس کی ریاست نہ ہوگی بلکہ اطاعت ہوگی تو علت تامہ راحت کی اطاعت ہے اب وہ شبہ جاتا رہا اسی طرح عزت بھی اطاعت ہی سے ہوتی ہے لیکن اس بارے میں بھی لوگ بڑی غلطی میں ہیں کہ مخالفت کرکے رفعت چاہتے ہیں غرض مشاہدہ ہے کہ موافقت میں چاہے مال زیادہ نہ ہو لیکن مال کا جو ست ہے یعنی منفعت وکارروائی اور جاہ کا جو ست ہے یعنی حفظ مضرت کیونکہ مال تو جلب منفعت کیلئے ہوتا ہے اس کے ذریعے سے انسان کے کام بہت چلتے ہیں مثلاً مال سے کھانے پینے کی چیزیں خریدی جاتی ہیں تو اس کو منفعتیں حاصل ہوتی ہیں اور جاہ دفع مضرت کے لئے ہوتی ہے یعنی اس کا اثر اور اس کی غایت یہ دفع مضرت ہے کیونکہ عقلاء کے نزدیک عزت محض اس لئے حاصل کی جاتی ہے کہ اس کی بدولت بہت سی آفتوں سے محفوظ رہیں گے مثلاً اگر آبرودار نہ ہو تو جس کا جو جی چاہے بیگار میں پکڑ لے اور عزت دار آدمی کو کوئی ستاتا نہیں تو عزت کی روح حفاظت ہوئی مضرتوں سے پھر ان دونوں کی روح ہے راحت سو یہ اطاعت ہی سے میسر ہوتی ہے گو ظاہر سامان کچھ ہی ہو چنانچہ دیکھ لیجئے کہ یہ راحت خدا ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے والے کو حاصل ہے یا مخالف کو شرق سے غرب تک تلاش کر لیجئے خدا ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مخالف ایک بھی راحت میں نہ ملیگا۔ اس کا پتہ واقعات میں غور کرنے سے چلتا ہے کہ مخالف ہر وقت کسی نہ کسی پریشانی میں مبتلا رہتا ہے غرض مال وجاہ کی جو روح ہے وہ اطاعت ہی پر مرتب ہے سو دنیوی راحت کا ذریعہ بھی اطاعت ہی ہوا تو اس تقریر کے بعد ان طالبانِ جاہ

وہاں سے کہا جائیگا کہ ؎

ترسم نہ رسی بہ کعبہ اے اعرابی کیں رہ کہ تو میروی بہ ترکستان ست

(مجھے ڈر ہے کہ اے اعرابی کہ تو کعبہ شریف تک نہ پہونچیگا اس وجہ سے کہ جو راستہ تو نے اختیار کیا ہے وہ ترکستان کو جاتا ہے)

یعنی جس رستے سے تم راحت دنیوی حاصل کرنا چاہتے ہو اس کا وہ رستہ ہی نہیں اسی کو اس آیت میں تبلایا ہے کہ فراخی اور رفعت خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت پر موقوف ہے یہ ہی مسئلہ اس وقت مقصود بالبیان تھا اور بہ قدرِ ضرورت بحمد اللہ اس کا بیان بھی ہو چکا اور اس کی بابت مسلمانوں کی غلطی رفع کر دی گئی البتہ کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ اس آیت میں تو جنت کی فراخی مراد ہے اور ہمیں ضرورت ہے دُنیا کی فراخی کی اور اس کا ترتب اطاعت پر آیت سے ثابت نہیں ہوا تو جنت کے ادھار پر کہاں تک بیٹھے رہیں اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ آیت میں کہیں جنت کا نام نہیں تو اگر ہم عموم پر دعوٰی کریں تو کون چیز مانع ہے بالخصوص جبکہ ہم مشاہدہ بھی کرا رہے ہیں جیسا کہ تقریر بالا سے معلوم ہوا۔ اور اگر فرض بھی کرلیں کہ یہ وعدہ جنت ہی کے لئے ہے تو جنت کے مقابلے میں دُنیا کیا چیز ہے جب جنت کی فراخی کا وعدہ ہو گیا تو دنیا کی کیا رغبت رہنا چاہیے۔ مثلاً اگر کوئی شخص کسی سے کہے کہ میں تم کو ایک روپیہ دوں گا تو اس کو پھر پیسے کی کیا تمنا رہے گی۔ اب اس مثال کے بعد یہ دیکھئے کہ ان دونوں میں کیا نسبت ہے سو حدیث میں ہے دنیا بمقابلہ آخرت ایسی ہے جیسے سمندر کے مقابلے میں ایک سوئی کے ناکے پر لگا ہوا قطرہ کہ اگر جزو لایتجزی ثابت ہو جاتے تو وہی ہو تو اس پانی کو سمندر کے ساتھ جو نسبت ہے وہی نسبت ہے دُنیا کو آخرت کے ساتھ تو اگر دنیا میں مال و جاہ نہ بھی حاصل ہوا اور اس آیت میں وہ نہ بھی مراد ہو تو کیا حرج ہے اور یہ بالکل اخیر درجے کی بات ہے ورنہ ہمارا دعوے یہ ہے کہ یہاں بھی فراخی ہوتی ہے زیادہ سے زیادہ یہ کہ تمہاری تخصیص فی التفسیر مان لینے کے بعد

وہ اس آیت سے ثابت نہ ہوگا مگر ہم دوسری آیات سے ثابت کر دینگے چنانچہ ارشاد ہے وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ (اگر وہ لوگ ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکتوں کو کھول دیتے) دوسری آیت میں ہے وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ (اور اگر وہ توریت اور انجیل اور اس چیز کو جو ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے اتاری گئی تھی قائم رکھتے تو اپنے اوپر سے بھی کھاتے اور پیروں کے نیچے سے بھی) ان کے سوا اور بہت سی آیتیں ہیں تو اگر بعض آیات میں ایک عالم کی وسعت مراد ہو اور دوسری بعض میں دوسرے عالم کی وسعت تو جزم کیا ہے۔ اور یہ تمام تر گفتگو دنیا پرستوں کے مذاق کے موافق لے گئی ہے ورنہ اصل تو یہ ہے کہ مسلمان کو دنیا کی طرف جس قدر رغبت اور طلب ہے نہ ہونا چاہیئے اس کا مطمع نظر آخرت ہی ہونا چاہیئے کیونکہ آخرت کی فراخی کے مقابلے میں دنیا کی فراخی اور آخرت کے عذاب کے مقابلے میں دنیا کا عذاب کچھ بھی نہیں ہے حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص کو جو کہ عمر بھر نعمت میں رہا ہوگا دوزخ میں ایک غوطہ دیکر کہیں گے کہ هَلْ رَاَيْتَ نَعِيْمًا قَطُّ۔ یعنی کیا تم نے کبھی کوئی نعمت و آرام دیکھا ہے تو وہ کہیگا کہ میں نے کبھی نہیں دیکھا اور ایک شخص کو جو کہ عمر بھر تکلیف میں رہا ہوگا جنت میں داخل کر کے پوچھا جائیگا کہ تم کو کبھی تکلیف ہوئی ہے تو وہ کہیگا کہ کبھی نہیں۔ توضیح کے لئے اس کو ایک مثال میں پیش کرتا ہوں فرض کیجئے کہ ایک شخص نے حالت خواب میں یہ دیکھا کہ مجھے خوب پیٹا جا رہا ہے اور مجھے چاروں طرف سے سانپ بچھو ڈس رہے ہیں لیکن بیدار ہوا تو کیا دیکھتا ہے کہ تخت شاہی پر آرام کرتا ہے کوئی مورچھل جھل رہا ہے کوئی عطر لا رہا ہے کوئی پان لا رہا ہے چاروں طرف لوگ دست بستہ کھڑے ہیں تو کیا اس کے دل پر اُس خواب کا کوئی اثر باقی رہے گا ہرگز نہیں بلکہ اگر وہ خواب از خود یاد بھی آویگا تو طبیعت اس کو

مبتلا دیکھ اور اس کے برعکس ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ میں تخت شاہی پر جلوہ افروز ہوں اور تمام لوگ میرے سامنے دست بستہ کھڑے ہیں لوگ اپنی حاجتیں میرے سامنے پیش کرتے ہیں اور میں ان کو پورا کرتا ہوں وغیرہ وغیرہ لیکن آنکھ جو کھلی تو دیکھا کہ ایک شخص سر پر جوتیاں مار رہا ہے اور بہت سے سانپ بدن کو لپٹے ہوئے ہیں اور ایک کتا منہ میں موت رہا ہے کیا کوئی شخص کہہ سکتا ہے کہ بیداری کی اس مصیبت کے بعد بھی خواب کی کسی قسم کی مسرت اس کے دل پر رہ سکتی ہے کبھی نہیں پس دُنیا کی مثال آخرت کے مقابلے میں بالکل ایسی ہی ہے جیسے کہ خواب کی مثال بیداری کے مقابلے میں کسی نے خوب کہا ہے ؎

حال دُنیا را بپرسیدم من از فرزانۂ  گفت یا خوابےست یا بادیست یا افسانۂ
باز گفتم حال آنکس گو کہ دل دروے بہبست  گفت یا غولیست یا دیویست یا دیوانۂ

(میں نے ایک عقلمند سے دنیا کی حالت دریافت کی تو اس نے تبلایا کہ یا تو وہ
ایک خواب ہے یا ہوا ہے یا افسانہ ہے پھر میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جو
دنیا میں پھنس گیا تو اس نے کہا کہ وہ کوئی جن ہے یا دیو ہے یا کوئی پاگل ہے۔)

تو واقعی دُنیا کی مثال خواب ہی کی سی ہے۔ اگر دُنیا میں عمر بھر عیش کیا اور مرنے کے ساتھ ہی پکڑا گیا تو وہ عیش کیا کام آئے گا۔ دُنیا کی حالت پر مجھے ایک حکایت یاد آئی ہے تو مہمل سی لیکن منطبق خوب ہے۔ ایک شخص کی عادت تھی کہ روزانہ سوتے میں پیشاب کرلیا کرتا تھا اور اس کی بیوی اس کو دھوتی تھی ایک روز بیوی نے کہا کہ کمبخت میں تو پیشاب دھوتے دھوتے بھی پریشان ہوگئی آخر تجھ پر یہ کیا شامت سوار رہتی ہے کہنے لگا کہ میں روزانہ خواب میں یہ دیکھتا ہوں کہ شیطان آتا ہے اور کہتا ہے کہ چل تجھے سیر کرالاؤں جب میں چلنے پر آمادہ ہوتا ہوں تو کہتا ہے کہ پہلے پیشاب تو کرلو میں سمجھتا ہوں کہ پیشاب خانہ میں پیشاب کر رہا ہوں حالانکہ وہ بستر ہوتا ہے۔

بیوی نے یہ خواب سنکر کہا کہ ہم لوگ غریب ہیں۔ شیطان تو جن کا بادشاہ ہے اس سے کہنا کہ ہم کو کہیں سے کچھ روپیہ لادے۔ چنانچہ شوہر نے کہنے کا وعدہ کیا رات کو جب سویا تو شیطان پھر خواب میں آیا اس نے شیطان سے کہا کہ یار ہم خالی خولی نہیں چلتے کہیں سے کچھ روپیہ دلواؤ۔ شیطان نے کہا کہ یہ کیا مشکل ہے تم میرے ساتھ چلو پھر جس قدر روپیہ کہوگے ملیگا اس نے ایک بادشاہ کے خزانے کے سامنے لیجاکر کھڑا کردیا اور ایک گٹھری میں بہت سا روپیہ بھر کر اس کے کندھے پر رکھدیا اس میں اس قدر بوجھ تھا کہ مارے بوجھ کے اس کا پاخانہ نکل پڑا جب صبح ہوئی تو بستر پر پاخانہ دھرا ہوا۔ پوچھا کہ یہ کیا ہوا۔ کہنے لگا کہ شیطان نے روپیوں کے اس قدر توڑے میرے کندھے پر رکھدیے کہ بوجھ کے مارے پاخانہ خطا ہوگیا۔ وہ کہنے لگی میاں تم پیشاب ہی کرلیا کرو ہمیں روپیوں کی ضرورت نہیں۔ خدا کے لئے ہگا تو نہ کرو۔ تو یہ حکایت ہے تو مہمل سی لیکن اگر غور کیجئے تو یہ ہماری حالت پر بالکل منطبق ہے کہ ہم بھی مثل اس شخص کے اس وقت خواب میں ہیں اور بہت سے درہم و دینار کے توڑے اپنے سروں پر لادے ہوئے ہیں لیکن جس وقت آنکھ کھلیگی جس کو موت کہتے ہیں اس وقت معلوم ہوگا کہ وہ سب خیال تھا و بس اور اس وقت ہم اپنے گناہوں کی نجاست میں لت پت ہوں گے۔ نہ روپیہ پیسہ ہمارے پاس ہوگا نہ کوئی یار و مددگار ہوگا۔ بالکل جریدہ و تنہا ہوں گے چنانچہ فرماتے ہیں وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ (اور تم ہمارے پاس آئے ایک ایک جیسے ہم نے بنائے تھے پہلی بار اور چھوڑ دیا جو ہم نے اسباب دیا تھا پیٹھ کے پیچھے) اور اگر بالفرض روپیہ ہوتا بھی تب بھی کچھ کام نہ آتا۔ چنانچہ دوسری آیت میں فرماتے ہیں وَلَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ

جَمِیْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِیَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۔ یعنی قیامت کے دن اگر دنیا ساری ایک شخص کو مل جائے اور وہ فدیہ میں دینا چاہے تو اس سے قبول نہ کی جائے گی۔ تو یہاں چند روز عیش کرکے اگر یہ انجام ہوا تو وہ عیش بھی کلفت ہے اور اگر یہاں چند روز تکلیف اٹھاکر ابدالآباد کی نعمت حاصل ہوگئی تو یہ کلفت بھی راحت ہے۔ حضرت سیدنا شیخ عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ پر جب متصل تین دن تک فاقہ ہوتا تو بیوی کہتیں کہ حضرت اب تو صبر نہیں ہوسکتا آپ فرماتے کہ ہمارے لئے جنت میں کھانے تیار ہو رہے ہیں ذرا صبر کرو انشاء اللہ اب بہت جلد اس نعمت سے مالا مال ہوں گے۔ اللہ اکبر۔ بیوی بھی ایسی شاکر صابر کہ جنت کے ادھار پر رضامند ہوکر خاموش ہوجاتیں۔ ایک اور بزرگ کا واقعہ ہے کہ ان کو ایک بادشاہ نے لکھا کہ آپ پر بہت تنگی ہے کھانے کی بھی کپڑے کی بھی بہتر ہو کہ آپ میرے پاس چلے آئیں اور یہاں رہیں آپ نے جواب میں ایک قطعہ لکھ کر بھیجا جس کے بعض اشعار یہ ہیں ؎

خوردن تو مرغِ مُسمّن و مے  بہتر از نانک جوین ما

(موٹے موٹے مرغ اور شراب کھانے پینے سے ہماری جو کی روٹی بہتر ہے)

پوشش تو اطلس و دیبا حریر  بخیہ زدہ خرقہ پشمین ما

(تمہارے لباس اطلسی اور ریشمی کپڑے ہیں اور ہماری پوشاک بخیہ کی ہوئی اونی گدڑی)

نیک ہمیں ست کہ بس بگذرد  راحتِ تو محنتِ دوشین ما

(بہتر یہی ہے کہ تو بس دل میں بات رکھ (سوچ لے) کہ تیرا آرام ہمارے کندھے کا بوجھ ہے)

باش کہ طبل قیامت زنند  آن تو نیک آید و یا این ما

(ٹھہر و طبل قیامت میں جب بجیگا تو اس وقت یا تو تمہارا بھلا ہوگا یا ہمارا)

واقعی وہاں جاکر نہ یہاں کا عیش رہیگا نہ مصیبت اور آخرت میں تو یہ گذشتہ

چیزیں کیا یاد رہتیں دنیا ہی میں دیکھ لیجئے کہ عمر گذشتہ پیش از خواب نہیں ہے۔ زمانہ گذرتا چلا جاتا ہے کہ جیسے برف کا ٹکڑا کہ پگھلنا شروع ہوا تو ختم ہی ہو کر رہا اسی واسطے حدیث شریف میں ہے کہ جب قیامت کے روز اہل مصیبت کو بڑے بڑے درجے عنایت ہونگے تو اہل نعمت کہیں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالیں مقراض سے کاٹی گئی ہوتیں لیکن آج ہم کو بھی یہ درجے ملتے تو اس حالت پر نظر کر کے دیکھا جائے تو بے تامل یہ کہنا پڑتا ہے کہ دنیا میں کچھ نہ بھی ملتا تو کچھ بھی حرج نہ تھا۔ تو یہ اعتراض محض لغو ہے کہ یہ جنت کا وعدہ ہے۔

صاحبو! کیا جنت تھوڑی چیز ہے۔ ابھی چونکہ دیکھا نہیں اس واسطے جنت کی کچھ قدر نہیں ہے جب دیکھو گے تو حقیقت کھلیگی اور جنہوں نے ان چیزوں کو دل کی آنکھوں سے آج دیکھ لیا ہے ان کی وہی حالت ہے جو دیکھنے والے کی ہوتی ہے رہا یہ شبہ کہ جب ہو گا تب ہو گا اس وقت تو مصیبت میں ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ آپ کی غلطی ہے اللہ سے تعلق رکھنے والا کبھی مصیبت میں نہیں ہے بات یہ ہے کہ جس چیز کا نام آپ نے مصیبت رکھا ہے وہ مصیبت ہی نہیں ہے تحقیق اس کی یہ ہے کہ جس طرح آرام کی ایک صورت اور ایک حقیقت ہوتی ہے اسی طرح مصیبت کی بھی ایک صورت اور ایک حقیقت ہوتی ہے دیکھو اگر ایک شخص کا محبوب مدت کا بچھڑا ہوا اچانک مل جائے اور اس عاشق کو بہت زور سے اپنی بغل میں دبائے حتٰی کہ اس کی ہڈیاں بھی ٹوٹنے لگیں تو بظاہر یہ نہایت تکلیف میں ہے لیکن قلب کی یہ حالت ہے کہ جی چاہتا ہے کہ اور دبائے تو اچھا ہے اور اگر محبوب کہے کہ تکلیف ہوتی ہو تو چھوڑ دوں تو جواب میں کہیگا کہ ؎

اسیرت نخواہد رہائی زبند شکارت نجوید خلاص از کمند

(میرا [illegible] سے چھٹکارا نہیں حاصل کرنا چاہتا)

اور اگر وہ کہے کہ اگر تم کو دبانے سے تکلیف ہو تو تم کو چھوڑ کر تمہارے اس رقیب کو اسی طرح دباؤں تو کہیگا ؎

نہ شود نصیب دشمن کہ شود ہلاک تیغت

سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی

(خدا کرے یہ دشمن کا نصیب نہ ہو کہ وہ تمہاری تلوار سے ہلاک ہو دوستوں کا سر سلامت رہے کہ تو خنجر آزمائی کرتا ہے)

اور کہے گا ؎

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے    یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

حتی کہ اگر اس کا دم بھی نکل جائے تو اس کے لئے عین راحت ہے حالانکہ بظاہر یہ نہایت ہی تکلیف میں ہے کہ اگر کسی اجنبی کو جس کو علاقۂ محبت معلوم نہ ہو اس کی خبر ہو تو وہ بہت ہی رحم کھائے اور محبوب سے سفارش کرے لیکن عاشق کو یہ رحم اور سفارش بے رحمی اور عداوت نظر آئیگی کیونکہ جانتا ہے کہ اس سفارش کا اثر یہ ہے کہ محبوب چھوڑ کر ابھی علیحدہ ہوا جاتا ہے اسی طرح جن لوگوں کو خدا تعالیٰ سے تعلق ہوگیا ہے وہ آپ کی اس خیر خواہی کو کہ ہائے یہ اللہ والے بڑی مصیبت میں ہیں ان کو اس سے نکلنے کی تدبیر بتلائیں نہایت ناگوار سمجھتے ہیں۔ میں نے اپنے استاد علیہ الرحمۃ سے ایک حکایت سنی ہے کہ ایک بزرگ چلے جاتے تھے رستے میں ایک شخص کو دیکھا کہ زمین پر پڑا ہوا ہے اور تمام بدن زخمی ہو رہا ہے غور کرکے دیکھا تو انوار اس شخص کو گھیرے ہوئے ہیں اور اہل اللہ میں سے ہیں ان کو بہت رحم آیا اور قریب جاکر ادب سے زخموں کی مکھیاں جھلنے لگے۔ کچھ دیر کے بعد ان کو افاقہ ہوا تو آپ نے فرمایا کہ یہ کون شخص ہے کہ میرے اور محبوب کے درمیان حائل ہو رہا ہے اور فرمایا کہ میری وہ حالت ہے کہ ؎

خوشا وقتے وخرم روزگارے کہ یارے برخورد از وصل یارے

(بہتر ہے وہ وقت، وہ بہتر زمانہ ہے کہ ایک دوست اپنے دوست سے ملنے جا رہا ہے)

تو محبت کا مذاق ایسی چیز ہے کہ ناگوار بھی گوارا ہوتا ہے۔ ایک شخص کا واقعہ لکھا ہے کہ کسی شخص کی محبت کے جرم میں اس کو چابک کی سزا دی جا رہی تھی ننانوے چابکوں میں تو آہ نہیں کی لیکن اس کے بعد جو ایک چابک لگا ہے تو اس میں بہت زور سے آہ کی لوگوں نے سبب پوچھا کہنے لگا کہ ننانوے چابک تک تو محبوب بھی میرے سامنے کھڑا تھا مجھے یہ حظ تھا کہ محبوب میری حالت کو دیکھ رہا ہے اس میں تکلیف محسوس نہیں ہوئی اور اخیر کے چابک میں وہ جا چکا تھا اس لئے اس کی تکلیف محسوس ہوئی حق سبحانہٗ تعالیٰ اسی کو فرماتے ہیں وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا (اور تو ٹھیرا رہ اپنے رب کے حکم تک تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس خیال میں بھی یہ خاصیت ہے کہ کلفت مبدل بہ راحت ہو جاتی ہے اور عشاق نے بھی اس کی تمنا کی ہے ؎

بجرم عشق توام میکشند غوغائیست تو نیز بر سر بام آکہ خوش تماشائیست

(تیرے عشق میں لوگ مجھے مار رہے ہیں اور ایک ہنگامہ ہے تو بھی بر سر بام آ اس لئے کہ ایک بہترین تماشہ ہے)

یہ جو بر سر بام بلا رہا ہے محض اسی حظ و راحت کے لئے تو جب محبت میں یہ خاصہ ہے تو جن کو آپ تکلیف میں سمجھتے ہیں اور ان کے اس حالت کے برداشت پر تعجب کرتے ہیں اگر ان کو بھی اس تکلیف میں راحت ہوتی ہو تو کیا تعجب ہے حدیث شریف میں ہے ایک صحابی نماز میں قرآن شریف پڑھ رہے تھے کہ ان کے ایک تیر آ کر لگا لیکن قرآن پڑھنا ترک نہیں کیا آخر ایک دوسرے صحابی سوتے تھے جاگنے کے بعد انھوں نے اس حالت کو دیکھا اور بعد سلام ان سے پوچھا تو فرمانے لگے جی نہ چاہا کہ

تلاوت قرآن کو قطع کر دوں۔ غرض محبت ایسی چیز ہے لیکن چونکہ ہم نے محبت کا مزہ چکھا نہیں اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ مصیبت میں ہیں اور واقع میں وہ مصیبت میں نہیں کیونکہ مصیبت نام ہے حقیقتِ مصیبت کا نہ کہ صورت مصیبت کا پس وہ شبہ بھی جاتا رہا کہ اللہ والے مصیبت میں ہیں اور یہ بھی ثابت ہو گیا کہ نافرمانی کے ساتھ راحت اور عزت نہیں اور اطاعت کے ساتھ تکلیف اور ذلت نہیں۔ پس اگر ہم عزت کے خواہاں ہیں تو اطاعت خداوندی کو اختیار کریں ہم نے جیسے اس کو چھوڑ دیا ہے اسی وقت سے ہماری راحت اور عزت بھی جاتی رہی ہے مجھکو اس وقت یہی بیان کرنا تھا جو کافی مقدار میں بحمد اللہ بیان ہو چکا۔ اب میں اس آیت کے متعلق کچھ فوائد متفرقہ بیان کرتا ہوں جو کہ زیادہ تر اہل علم کو مفید ہیں۔ یعنی علاوہ مضمون مذکور کے اس آیت کے کچھ مدلولات اور بھی ہیں اور ان مدلولات میں بھی لوگ غلطی کرتے ہیں۔ چنانچہ ایک مدلول یہ ہے کہ شریعت میں جیسے کہ عقائد اور معاملات وغیرہ مقصود ہیں اسی طرح حسنِ معاشرت بھی شریعت کا جزو ہے۔ چنانچہ تفسح فی المجالس وقیام وقت حاجت جو کہ معاشرت میں سے ہے آیت میں صاف مذکور اور مامور بہ ہے حاصل یہ ہے کہ اس وقت لوگوں نے اجزائے دین کو مختصر کیا ہے کسی نے تو صرف عقائد کو لیا کہ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ (جس شخص نے لا الٰہ الا اللہ کہا وہ جنت میں داخل ہوگا) کو لے کر نماز وغیرہ سب کو اڑا دیا ایسے لوگوں کا مقولہ ہے کہ سزا پاکر پٹ پٹا کر کسی وقت تو جنت میں ضرور چلے ہی جائیں گے تو ان لوگوں نے اعمال کو عملاً چھوڑ دیا۔ بعض ایسے ہیں کہ انھوں نے عقائد کے ساتھ اعمال کو بھی لیا لیکن اس میں سے معاملات کو عملاً خارج کر دیا یعنی نماز روزہ وغیرہ کا اہتمام

---

حـــہ باقی خون سے وضو اور نماز کا جاتا رہنا یہ ایک فقہی بحث ہے جو مختلف فیہ ہے اور قصہ کی توجیہ دونوں قول پر ہو سکتی ہے ۱۲ منہ

تو ہے لیکن لین دین میں اس کی ذرا پروانہیں کہ یہ جائز ہوا یا ناجائز ہوا نیز آمدنی کے ذرائع میں اس کا بالکل خیال نہیں. بعض وہ ہیں کہ انھوں نے معاملات کو بھی جزو شریعت قرار دیا لیکن اخلاقِ باطن کی درستی کو شریعت کا جزو نہ سمجھکر کچھ ضروری نہ سمجھا بہت ہی کم افراد ہیں کہ وہ اس کا بھی اہتمام کرتے ہوں. چنانچہ ایسے بھی لوگ ہیں کہ ان کو دوسرے کی اصلاح کرتے ہوئے مدتیں گذر جاتی ہیں لیکن خود ان کے اخلاق سے لوگوں کو عام طور سے تکلیف پہونچتی ہے اور ان کو اپنی حالت کی ذرا پرواہ نہیں بلکہ خبر بھی نہیں ہوتی کہ ہم نے کیا حرکت کی۔ اور ایسے تو بہت ہی ہیں کہ اگر رستے میں کوئی غریب مسلمان ان کو مل جائے تو ابتداء بالسلام کبھی نہ کریں گے بلکہ خود اس کے سلام کے منتظر رہیں گے. بعض لوگ عقائد و اعمال و معاملات کے ساتھ اخلاق باطنہ کو بھی داخلِ شریعت سمجھتے ہیں اور اس کا علاج بھی کرتے ہیں لیکن انھوں نے معاشرت کو شریعت سے خارج کر رکھا ہے کہتے ہیں کہ یہ تو ہمارے آپس کے برتاؤ ہیں ان سے شریعت کو کیا غرض اگرچہ یہ ضروری ہے کہ یہ سب اجزا مساوی نہیں ہیں تاہم واجب الرعایت سب ہیں تو اس قسم کے بہت سے لوگ دیکھنے میں آتے ہیں کہ وہ دیندار بھی ہیں ان کے اخلاق بھی مثل تواضع وغیرہ درست ہیں لیکن معاشرت میں اکثر چھوٹی باتوں میں اس طرف التفات نہیں کہ ان سے دوسروں کو اذیت تو نہ پہونچے گی بعض اوقات چھوٹی چھوٹی باتوں سے بہت زیادہ تکلیف پہونچ جاتی ہے لیکن اس طرف التفات نہیں ہوتا حالانکہ حدیث شریف میں بکثرت وارد ہے. کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو چھوٹی چھوٹی باتوں کی طرف بھی اسی قدر التفات اور ان کا بھی اتنا ہی اہتمام تھا جتنا کہ بڑی باتوں کا تھا۔ میں نے اس باب میں ایک رسالہ کی تالیف شروع کی ہے

اس کا نام آداب المعاشرت رکھا ہے اسی قسم کی بہت سی حدیثیں اس کے خطبے میں جمع کر دی ہیں آپ لوگ خدا تعالیٰ سے اس کے پورا ہونے کی دُعا کریں ان احادیث کے دیکھنے سے معلوم ہو گا کہ شریعت اسلام ایسے امور کو ہرگز جائز نہیں رکھتی جن سے کسی کو ذرا بھی تکلیف یا کسی قسم کا بھی بار پہونچے ۔ اس وقت یہ مرض ایسا عام ہوا ہے کہ جو لوگ اللہ اللہ کرنے والے اور ذاکر وشاغل بحق کہلاتے ہیں ان کو بھی اس کی پرواہ نہیں ہے اور انھوں نے بھی عملاً اس کو شریعت سے خارج کر رکھا ہے۔ میں نے یہی حالت دیکھ کر اپنے ذمے اس کو ضروری سمجھ لیا ہے کہ جو لوگ میرے پاس آئیں ان کو ذکر شغل میں لگنے سے زیادہ ان کے اخلاق اور معاشرت کی زیادہ توجہ کے ساتھ اصلاح کی جائے آداب معاشرت ہیں سے کسی جزو میں حتی الوسع کمی نہ ہو۔ کیونکہ اس کی بڑی ضرورت ہے ہم لوگوں سے اس کی اصلاح بالکل ہی مفقود ہو گئی ہے اور جب تک اس کی تفصیل معلوم نہ ہو میں اس کا ایک سہل معیار بتلائے دیتا ہوں کہ اس میں ذرا توجہ کرنے سے قریب قریب تمام آداب معاشرت خود بخود سمجھ میں آنے لگیں گے وہ معیار یہ ہے کہ جب کسی شخص کے ساتھ کوئی برتاؤ کرنا ہو گو وہ برتاؤ ادب وتعظیم ہی کا ہو اول یہ دیکھ لے کہ میرے ساتھ یہی برتاؤ ایسے شخص کی طرف سے کیا جائے کہ اس شخص کو میرے ساتھ وہ نسبت ہو جو مجھکو اس شخص سے ہے کیا جائے تو مجھ کو ناگوار اور گراں تو نہ ہو گا جو جواب اپنے ذہن سے لے اسی کے موافق دوسرے سے برتاؤ کرے ۔ ایک مرتبہ میں پڑھ رہا تھا کہ ایک صاحب میری پشت کی طرف آکر بیٹھ گئے میں نے ان کو منع کیا جب نہ مانے تو میں ان کی پشت کی طرف جاکر بیٹھ گیا گھبرا کر فوڑا کھڑے ہو گئے میں نے کہا کہ جناب پشت کی طرف بیٹھنا اگر بری بات ہے تب تو آپ باوجود منع کر چکنے

اس سے کیوں نہیں باز آئے۔ اور اگر اچھی بات ہے تو مجھے کیوں نہیں کرنے دیتے اور میں نے کہا کہ آپ اندازہ کیجئے کہ میرے پشت کی جانب بیٹھنے سے آپ کو کس قدر گرانی ہوئی اسی سے میری تکلیف کا بھی اندازہ کرلیجئے اور اگر بجائے میرے کوئی دوسرا بھی اسی طرح بیٹھ جائے تب بھی گرانی یقینی ہے گو میرے بیٹھنے اور اس کے بیٹھنے میں کچھ تفاوت ہو مگر ایذا رسانی کا تو کوئی جز و بھی بلا ضرورت جائز نہیں۔ خدا جانے لوگ پشت کی طرف بیٹھنے میں کیا مصلحت سمجھتے ہیں۔ آیا یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ شخص بزرگ ہے ہماری عبادت اس کے اندر سے نکل کر جائے گی تو ضرور قبول ہو گی گویا کہ وہ خس کی ٹٹی ہیں کہ ہوا کی طرح سے ان میں سے عبادت چھنکر جائے گی بعض لوگ تو یہ غفلت کرتے ہیں کہ جن کو بزرگ سمجھتے ہیں ان کے پس پشت کھڑے ہو کر نماز شروع کر دیتے ہیں کہ اگر وہ کسی ضرورت سے اٹھنا چاہیں تو اُٹھ ہی نہ سکیں صاحبو! یہ کیا ادب ہے کہ ایک شخص کو مقفل کر کے بٹھلا لیا فرض کیجئے کہ نماز کی نیت باندھنے کے ساتھ ہی اُن بزرگ کو قضاء حاجت کی ضرورت ہو اور تقاضا بھی شدت سے ہو تو وہ کیا کریں یا تو نماز کے سامنے سے اُٹھ کر جائیں یا ان کی چار رکعتیں پوری ہونے تک جبرًا و قہرًا بیٹھے رہیں علی ہذا بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ بزرگوں کے پاؤں باوجود ممانعت کے پکڑتے ہیں اور ان کی تکلیف کی ذرا پرواہ نہیں کرتے اور اگر روکا جاتا ہے تو اس کے روکنے کو تصنع اور تکلف پر محمول کرتے ہیں اور باز نہیں آتے حالانکہ غور کرنا چاہیئے کہ جب ان کے روکنے کو تصنع پر محمول کیا تو ان کو متصنع سمجھا تو پھر وہ بزرگ ہی نہ ہوئے پھر پانوں کیوں پکڑتے ہو۔ مجھے ایک مرتبہ بنگالے کے سفر کا اتفاق ہوا وہاں جا کر اس رسم کا کچھ ایسا رواج پایا کہ شاید ہی کہیں ہو۔ جو شخص مجھ سے ملنے آتا مصافحہ کے بعد پیر بھی ضرور ہی پکڑتا۔

دو چار آدمیوں کو تو میں نے منع کیا لیکن جب دیکھا کہ کوئی نہیں مانتا تو میں نے یہ علاج کیا کہ جو شخص میرے پیر پکڑتا میں اس کے پیر پکڑ لیتا وہ لوگ گھبراتے تب میں کہتا کہ جناب پیر پکڑنا اگر اچھی بات ہے تو مجھے کیوں اجازت نہیں دی جاتی کہنے لگے کہ آپ تو بزرگ ہیں میں نے کہا کہ میں بقسم کہتا ہوں کہ میں آپ کو بزرگ سمجھتا ہوں تب لوگوں نے پیر پکڑنا چھوڑا تو میں کہتا ہوں کہ ایذا کے جو اسباب ظاہری ہیں ان کے واجب الترک ہونے میں تو کسی کو کلام ہی نہیں مگر جن کا نام آج کل کی اصطلاح میں تکریم ہے وہ بھی اگر موجب ایذا ہو جائیں ان کا ترک بھی لازم ہے میں نے اپنے بزرگوں کی خدمت اکثر اس لئے نہیں کی کہ شاید میری ناواقفی کے سبب اس خدمت سے ان کو تکلیف ہو یا اُن کے قلب میں میرا لحاظ اور اس کے سبب سے ان کو تکلیف اور گرانی ہو کیونکہ بعض کے قلب میں بعض کا کچھ ایسا لحاظ ہوتا ہے کہ وہ کسی طرح نکلتا ہی نہیں اگرچہ طبیعت کو کتنا بھی مجبور کیا جائے تو اگر ایسا شخص آ کر بدن دبانے لگے یا پنکھا جھلنے لگے تو اس سے بجائے آرام کے تکلیف ہوتی ہے۔ اب لوگ اس کی مطلق پروا نہیں کرتے زبردستی بھی آکر چمٹ جاتے ہیں تو ان مواقع میں سمجھ سے کام لینا چاہیئے اور اگر اپنے کو اتنی سمجھ نہ ہو تو دوسرے کے کہنے کے بعد تو اصرار نہ کرے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جان فدا کرتے تھے فرماتے ہیں کہ چونکہ ہم کو یہ معلوم ہو گیا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہمارا تعظیم کے لئے اٹھنا پسند نہیں اس لئے ہم آپ کی تعظیم کو نہ اُٹھتے تھے مجھے اپنے ایام طالب علمی کا قصہ یاد ہے کہ جب حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ مدرسے میں تشریف لاتے تو ہم سب لوگ ادب سے اُٹھ کھڑے ہوتے ایک روز مولانا نے فرمایا کہ مجھکو اس سے تکلیف ہوتی ہے تم لوگ میرے آنے کے وقت مت اُٹھا کرو۔ اس روز سے ہم نے اٹھنا چھوڑ دیا۔ دل میں ولولہ پیدا ہوتا تھا لیکن یہ خیال ہوتا تھا کہ مقصود تو ان کو راحت پہنچانا ہے سو جس میں ان کو راحت ہو وہی کرنا مناسب ہے بعض لوگوں کو بزرگوں کے جوتے اٹھا کر چلنے پر اصرار ہوتا ہے تو فی نفسہٖ اس فعل کا تو مضائقہ نہیں

لیکن اگر کسی وقت منع کیا جائے تو فوراً رک جانا چاہیے کیونکہ اصرار میں تکلیف ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ تھانہ بھون کی جامع مسجد سے اُستاذی مولانا فتح محمد صاحب مرحوم جمعہ کی نماز پڑھ کر چلے وسط فرش تک پہونچے تھے کہ ایک شخص نے آکر ہاتھ سے جوتے لینا چاہے مولانا نے براہ تواضع انکار فرمایا لیکن اس نے نہ مانا آخر قیل وقال میں بہت دیر ہوگئی اور اس احمق کی بدولت مولانا کو طپش آفتاب میں کھڑا رہنا پڑا جب اس نے دیکھا کہ مولانا کسی طرح نہیں مانتے تو ایک ہاتھ سے مولانا کی کلائی پکڑ لی اور دوسرے ہاتھ سے جھٹکا مارا اور جوتے لے لئے اور دوڑ کر کنارہ فرش پر رکھ آیا اور اپنی اس کامیابی پر بہت خوش ہوا میں نے جو یہ حرکت دیکھی تو مجھے سخت ناگواری ہوئی اور اس شخص کو میں نے بہت ہی بُرا بھلا کہا اور میں نے کہا کہ ظالم تو نے جوتے لیکر چلنے کو تو ادب سمجھا لیکن اس بے تمیزی اور بے ادبی کا خیال تجھکو نہ ہوا کہ تو نے تپتے ہوئے فرش پر مولانا کو کھڑا کئے رکھا اور ہاتھ کو جھٹکا دیکر جوتا چھین لیا۔ آج کل لوگوں نے خدمت تعظیم کا نام رکھا ہے حالانکہ خدمت تعظیم کو نہیں کہتے۔ بلکہ خدمت راحت رسانی کو کہتے ہیں تو جو بزرگ تعظیم سے خوش نہ ہوں اور اس سے روکیں ان کی اتنی تعظیم مت کرو۔ خلاصہ یہ ہے کہ جس بات سے کسی کو تکلیف ہو اس کو بالکل ترک کر دینا چاہیے اگرچہ وہ بصورت تعظیم ہی ہو۔ اور اگر بصورت تعظیم بھی نہ ہو تب تو ظاہر ہے کہ وہ بُری اور واجب الترک ہوگی مثلاً رات کو ایک شخص کی آنکھ کھلی اور استنجے کی ضرورت ہوئی اور اس نے بیٹھ کر زور زور سے ڈھیلے توڑنے شروع کر دیے جس سے قریب کے سونے والوں کی نیند خراب ہوئی اور نیند خراب ہونے سے کسی کے سر میں درد ہوگیا کسی کی آنکھوں میں درد ہوگیا کسی کی نماز صبح قضا ہوگئی۔ تو یہ وہ باتیں ہیں کہ بظاہر نہایت چھوٹی اور معمولی معلوم ہوتی ہیں لیکن ان کے آثار بہت مضر ہیں۔ فقہاء نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ اگر ذکر جہر سے سونے والے کی نیند

میں خلل پڑتا ہو تو پکار کر ذکر کرنا حرام ہے۔ تو جب اللہ کا نام لینا بھی تکلیف پہونچا کر جائز نہیں تو دوسرے کام تو تکلیف پہونچا کر کیونکر جائز ہوں گے۔ نسائی شریف میں حدیث ہے کہ ایک مرتبہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے پاس آرام فرماتے تھے کہ رات کو اُٹھنے کی ضرورت ہوئی تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ قَامَ رُوَيْدًا یعنی نہایت آہستہ اُٹھے وَانْتَعَلَ رُوَيْدًا اور جوتے نہایت آہستہ سے پہنے وَفَتَحَ الْبَابَ رُوَيْدًا اور نہایت آہستہ سے دروازہ کھولا وَخَرَجَ رُوَيْدًا اور آہستہ سے باہر تشریف لے گئے۔ غرض کئی جگہ لفظ رویدا آیا ہے حدیث بہت بڑی ہے۔ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا بھی چپکے سے اُٹھ پیچھے پیچھے ہولیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنۃ البقیع میں تشریف لے گئے پیچھے پیچھے حضرت عائشہ بھی رہیں جب آپ واپس ہونے لگے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا جلدی سے آکر اپنے بستر پر لیٹ رہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تشریف لاکر دیکھا کہ ان کا سانس پھول رہا ہے پوچھا مَالَكِ يَا عَائِشَةُ حَشْيَا رَابِيَةً یعنی سانس کیوں پھول رہا ہے انھوں نے چھپانا چاہا لیکن چھپ نہ سکا تب انھوں نے اپنے پیچھے جانیکا تمام قصہ بیان کیا آپ نے فرمایا شاید تم کو خیال ہوا کہ میں تمہاری باری میں کسی دوسری بیوی کے پاس چلا جاؤں گا تو ایسا کب ہوسکتا ہے بڑی حدیث ہے۔ مجکو اس حدیث میں سے صرف بیان کرنا اس کا مقصود ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ آپ کی شان وہ محبوبیت مطلقہ ہے کہ اگر آپ کسی کو تکلیف بھی پہونچائیں تب بھی راحت ہی ہو پھر خاص کر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے ساتھ کہ عاشق زار تھیں تو اگر ان کی آنکھ کھل بھی جاتی تب بھی ناگواری کا احتمال نہ تھا۔ لیکن چونکہ صورت تکلیف کی تھی اسلئے آپ نے اس کو بھی گوارا نہیں فرمایا تو اتنے موانع کلفت کے ساتھ جب آپ نے اتنی رعایت فرمائی تو ہم کو کب اجازت ہے کہ کوئی ایسی حرکت کریں جس سے

دوسروں کو تکلیف کا احتمال ہو۔ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ سفر میں جانے والے کو کچھ نہ کچھ فرمائش کر دیتے ہیں اس سے بعض اوقات اس قدر تکلیف ہوتی ہے کہ خدا کی پناہ۔ جب میں کانپور میں تھا تو دیکھتا تھا کہ جب کوئی شخص لکھنؤ جاتا تو لوگ فرمائش کر دیتے کہ وہاں سے فلاں ترکاری لیتے آنا۔ اور بعض اوقات اس مسافر کا جائے قیام سبزی منڈی سے اتنی دور ہوتا تھا کہ وہاں تک پہنچنے کے لئے کم ازکم ۲ر میں یکہ کرایہ ہوتا تو ۲ر کرایہ کے اپنے پاس سے صرف کر کے تب اس فرمائش کرنے والے کی چار پیسے کی فرمائش پوری کرو اور شرم کے مارے یکے کے پیسے مت مانگو اور ایسا نہ کرو تو عمر بھر کی شکایت خرید و۔ پھر بعض تو یہ غضب کرتے ہیں کہ فرمائش کر کے قیمت بھی نہیں دیتے۔ گویا وہ اپنے گھر سے خزانہ لے کر چلا ہے کہ اپنی اور دوسروں کی سب کی ضرورتیں پوری کر کے لائیگا۔ بعض لوگ ایسا کرتے ہیں کہ جب کسی کو جاتے ہوئے دیکھا ایک دستی خط کسی کے نام دیدیا اس میں بھی اکثر اوقات بہت تکالیف ہوتی ہیں۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ مرسل مطمئن ہوجاتا ہے کہ خط مکتوب الیہ کو پہونچ گیا مگر اتفاق سے خود وہ مسافر ہی کبھی درمیان ہی میں رہ جاتا ہے کبھی خط ضائع ہوجاتا ہے یہ تو خود مرسل کی مضرت ہے کبھی مکتوب الیہ کو تنگی ہوتی ہے کہ آرندہ تقاضا جواب کا کرتا ہے کہ میں ابھی جاؤنگا بعض اوقات تو فرصت نہیں ہوتی اور بعض اوقات جواب بے تحقیق لکھدیا جاتا ہے چنانچہ میرے پاس بعض دستی فتوے آتے ہیں اور لانے والا تقاضا کرتا ہے کہ میں ابھی واپس جاؤں گا آخر دوسرے کام کا حرج کر کے لکھنا پڑتا ہے اس میں بعض مرتبہ جلدی کی وجہ سے کسی پہلو سے نظر چوک جاتی ہے اور جواب میں غلطی ہوجاتی ہے۔ بعض مرتبہ جواب لکھنے کے لئے کتاب دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے اور عین وقت پر روایت نہیں ملتی۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ اسی طرح ایک شخص کو میں نے ایک مسئلہ فرائض کا جواب لکھ کر دیا جب وہ لے کر چلا گیا تب یاد آیا کہ جواب غلط لکھا گیا سخت تشویش ہوئی اس شخص کو تلاش کرایا تو نہ ملا

اور یہ پوچھا نہ تھا کہ کدھر جاؤ گے آخر خدا تعالیٰ سے دُعا کی کہ یا الٰہی میرے اختیار سے تو یہ خارج ہو چکا ہے اب آپ کے اختیار کی بات ہے خدا تعالیٰ نے یہ دُعا قبول فرمائی پندرہ منٹ نہ گذرے تھے کہ وہ شخص واپس آیا کہنے لگا کہ مولوی صاحب آپنے مہر تو کی ہی نہیں مجھے بڑی مسرت ہوئی میں نے کہا کہ ہاں بھائی لے آؤ اُس سے لے کر جواب کو صحیح کیا اور اس سے کہا کہ بھائی مُہر تو میرے پاس ہے نہیں اس وقت تو خدا تعالیٰ نے میری دُعا قبول فرما کر تجھے واپس بھیجا ہے کیونکہ مسئلے میں ایک غلطی ہوگئی تھی۔ اس واقعے کے بعد سے میں نے عہد کرلیا کہ کبھی دستی فتوے کا جواب نہ دونگا اکثر لوگ ایسے امور پر مجھے بے مروت کہتے ہیں لیکن بتلایئے کہ ان واقعات پر کیونکر خاک ڈالدوں۔ اب میں نے یہ معمول کر رکھا ہے کہ جب کوئی شخص دستی فتویٰ لاتا ہے تو اس سے کہتا ہوں کہ اپنا پتہ لکھ کر اور دو پیسے کا ٹکٹ دیکر رکھ جاؤ میں اطمینان سے جواب لکھ کر تمہارے پاس ڈاک میں بھیجدوں گا۔ میرے چھوٹے بھائی منشی اکبر علی صاحب تو کبھی ایسا کرتے ہیں کہ جب ان کو کوئی دستی خط دیتا ہے تو کہتے ہیں کہ اس کو لفافے میں بند کرکے پورا پتہ اس پر لکھدو تاکہ پہونچانے میں سہولت ہو اس کے بعد دو پیسے کا ٹکٹ لگا کر اس کو ڈاکخانے میں چھوڑوا دیتے ہیں کہتے ہیں کہ دستی خط دینے کی زیادہ غرض یہی ہے کہ دو پیسے بچیں سو ہم اپنے پاس سے یہ دو پیسے صرف کر دیں گے مگر ان خلجانوں سے تو بچیں گے اور شاذ و نادر جہاں بے تکلفی ہو وہ موقع تو مستثنیٰ ہے لیکن عام طور پر ایسا کرنا بڑی تکلیف کا موجب ہوتا ہے۔ یہ چھوٹی چھوٹی مثالیں نمونہ کے طور پر عرض کر دی ہیں مقصود یہ ہے کہ معاشرت ایسی ہونی چاہیئے کہ کسی کو کسی سے تکلیف نہ پہونچے۔ اور معاشرت کا مسئلہ قرآن شریف میں کئی مقام پر مذکور ہے۔ چنانچہ ایک آیت میں ارشاد ہے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا

بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِکُمْ (لے لوگو! اپنے گھر کے علاوہ کسی غیر کے گھر میں مت داخل ہو) اور اُس آیت کا بھی مدلول ہے جس کو شروع میں تلاوت کیا گیا ہے جیساکہ مذکور ہوا کہ اس میں معاشرت کے دو مسئلے بیان فرمائے گئے ہیں اور یہاں ایک علمی نکتہ بھی ہے وہ یہ کہ دو حکم یہاں مذکور ہیں اس میں اول کو ثانی پر کیوں مقدم فرمایا سو وجہ یہ سمجھ میں آتی ہے کہ چونکہ ان میں دوسرا حکم اول سے اشد و اشق ہے کیونکہ تَفَسَّحُوْا میں تو مجلس سے نہیں اٹھنا پڑتا اور اُنْشُزُوْا میں مجلس ہی سے اٹھایا ہے اسی لئے تَفَسَّحُوْا کو مقدم کیا تاکہ تعلیم اور عمل میں تدریجی ترقی ہو یعنی اول سہل پر عمل کرنے سے اطاعت کی عادت پڑے پھر اشد کا کرنا بھی آسان ہو اور عجب نہیں کہ حکم ثانی پر رفع درجات کا ترتب بھی اسی لئے ہوا ہو یعنی چونکہ اُنْشُزُوْا کا حکم نفس پر اس وجہ سے زیادہ شاق تھا کہ اس میں عار آتی ہے تو اس پر عمل کرنا غایت تواضع ہے اور تواضع کی جزا رفعت ہے اس لئے اس پر یہ رفع کو مرتب فرمایا پس آیت میں دونوں حکم میں عنوان کے اعتبار سے ایک تفاوت تو یہ ہوا کہ پہلے عمل کو فراخی پر مرتب فرمایا جوکہ عادۃً مال کے ذریعے سے حاصل ہوتی ہے اور مال کم درجہ کا مطلوب ہے اور دوسرے عمل پر رفع درجات کو مرتب فرمایا جوکہ جاہ کے ذریعے سے ہوتا ہے اور جاہ بہ نسبت مال کے اعلیٰ درجے کا مطلوب ہے سو یہ تفاوت تو اسی لئے ہوا کہ عمل اول نفس پر سہل تھا اس لئے جزاء بھی اس کی دوسرے درجے کی ہوئی اور عمل ثانی نہایت شاق تھا اس لئے جزاء بھی اعلیٰ درجے کی ہوئی تو عمل ثانی کے متعلق جو وعدہ ہے وہ گویا من تواضع اللہ رفعہ اللہ (جس نے اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع کی اللہ تعالیٰ اس کا مرتبہ بلند فرما دینگے) کا ہم مضمون ہوا کہ غایت تواضع کی وجہ سے رفع درجات کا ثمرہ مرتب ہو اور دوسرا تفاوت عنوان میں یہ ہے کہ ثمرہ اول میں لکم بتعمیم خطاب فرمایا اور ثمرۂ ثانی میں یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ (اللہ تعالیٰ تم میں سے مومنوں اور اہل علم کے درجات کو

بلند فرماویں گے یہ تخصیص بعد تعمیم فرمایا یعنی ثمرۂ اول میں تمام مومنین کو درجہ مساوات
میں خطاب عام ہے اور ثمرۂ ثانی میں اہل علم کو تخصیص بعد تعمیم کے طور پر
اہل ایمان میں سے خاص کر کے بھی خطاب فرمایا وجہ اس کی یہ ہے کہ تفسح کوئی امر
شاق نہ تھا اس میں بہت کم احتمال تھا نیت کے صاف اور خالص نہ ہونے
کا تو اس کے امتثال میں سب مومنین قریب قریب یکساں ہونگے بخلاف دوسرے
عمل کے کہ نفس پر بہت شاق ہے اس میں احتمال ہے کہ بعضے لوگ محض وضعداری
سے اٹھ کھڑے ہوں اور اس میں وہ مخلص نہ ہوں اور خلوص میں زیادہ دخل
ہے علم کو کیونکہ اس سے اس کے دقائق معلوم ہوتے ہیں اس لئے اس میں
علم والوں کی تخصیص بعد تعمیم فرمائی کیونکہ اہل علم میں منشاء امتثال بدرجہ
اول پایا جاتے گا اس لئے وہ خلوص میں دوسرے مومنین سے زیادہ
ہوں گے ایک مدلول اس آیت کا یہ ہے کہ اصلاح معاشرت پر بھی آخرت
کے ثمرے ملتے ہیں جس سے اشارہ اس طرف ہے کہ احکام شرعیہ میں سے جس امر
کو تم بالکل دنیا سمجھتے ہو اس میں بھی تم کو اجر ملیگا وجہ دلالت ظاہر ہے
کہ فسحت اور قیام پر جو کہ معاشرت میں سے ہیں اجر آخرت کا وعدہ فرمایا
اس کے متعلق بعض اہلِ زیغ نے لکھا ہے کہ مولویوں نے شریعت کو طومار
بنا دیا ہے کہ روٹی توڑنا بھی شریعت میں داخل۔ پانی پینا بھی شریعت میں
داخل۔ اس پر مجھے ایک دردناک قصہ یاد آیا ایک شخص نے ایک کتاب
شعب ایمانیہ میں لکھی ہے انھوں نے میرے پاس وہ کتاب اصلاح کے لئے بھیجی
اور لکھا کہ میں نے یہ کتاب اپنے ایک عزیز کو بھی جو کہ وکالت کرتا ہے دکھلانے
کے لئے بھیجی تھی اس نے لکھا کہ اگر یہ سب باتیں ایمان میں داخل ہیں تو ایمان
(نعوذ باللہ) شیطان کی آنت ہوا۔ اور اس کفریہ کلمہ کو نقل کر کے سخت افسوس
اور رنج کا اظہار کیا تھا۔ اور اس کے جواب میں اس مولف نے اس وکیل کو
جو خط بھیجنے کا ارادہ کیا تھا وہ بھی میرے پاس اصلاح کے لئے بھیجدیا تھا میں نے

لکھا اختیار ہے۔ جواب بجید و لیکن یہ شخص بالکل مسخ ہو چکا ہے اس لئے نفع کی ہرگز امید نہیں۔ یہ مخاطبت سے رو براہ ہونے والا نہیں ہے اس کا اصلی جواب یہی ہے کہ اس کو خدا تعالےٰ کے حوالے کیا جائے اگر کمبخت کو یہ خبر نہ تھی کہ یہ ایمان کے شعبے ہیں تو اس مضمون کو کسی مہذب پیرایہ میں لکھ سکتا تھا لیکن خبیث روح کی خباثت تہذیب کی کیسے اجازت دیتی۔ اصل یہ ہے کہ جب تک علم یا اہل اللہ کی صحبت نہ ہو ایمان کا بھی بھروسہ نہیں ہے۔ دیکھئے جہل سے کیا کلمہ کفر کا بک دیا۔ کیوں صاحب تبلائیے۔ اگر اس شخص کی بھی تکفیر جائز نہیں تو اسلام میں کفر بھی داخل ہے لوگ کہتے ہیں کہ مولوی کافر بنا دیتے ہیں۔ صاحبو! انصاف شرط ہے یہ کافر بنانے کی نسبت تو مولویوں کی طرف اس وقت ہو سکتی تھی جب کہ وہ کسی کلمۂ کفر یا عمل کفر کی تلقین کرتے اور جبکہ لوگ خود ہی اپنی جہالت اور خباثت سے کفر کرتے ہوں تو مولویوں نے کب بنایا یہ تو خود بنے البتہ مولوی اس کو بتا دیتے ہیں تو علماء لوگوں کو کافر بناتے نہیں بلکہ کافر بننے والوں کو کافر بتا دیتے ہیں پس ایک نقطہ کا فرق ہے۔ غرض اسی قسم کے لوگوں نے دعویٰ کیا ہے کہ معاشرت دین کا جزو نہیں اور ان کے رد کے لئے یہ آیت بالکل کافی ہے دو طور پر ایک تو یہ کہ ان دونوں حکموں میں امر کا صیغہ آیا ہے جوکہ اصل میں وجوب کے لئے ہوتا ہے اور یہاں کوئی صارف اصل سے نہیں دوسرے اس طرح کہ اس پر ثواب کا وعدہ کیا اور ثواب ہوتا ہے دین کے کام پر پس اس میں اشارہ اس طرف ہوا کہ جس امر کو تم دنیا سمجھتے ہو اس میں بھی اگر امتثال امر کروگے تو اس پر بھی ثواب کا ثمرہ مرتب ہوگا اور اس سے اطاعت کی فضیلت بھی معلوم ہوگئی کہ اگر ادنیٰ امر میں بھی اطاعت ہو تب بھی ثمرے سے خالی نہیں۔ ایک مدلول اس آیت کا یہ ہے کہ قبول اعمال کے لئے ایمان شرط ہے کیونکہ بیان جزا میں اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ (جو لوگ تم میں سے

ایمان لاتے ہیں) فرمایا ہے اور اگر کسی کو شبہ ہو کہ حکم اول میں تو لفظ کُم فرمایا ہے جو کہ عام ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہاں بھی ضمیر کُم سے مراد اہل ایمان ہیں کیونکہ اوپر سے خطاب مومنین ہی کو ہے لیکن چونکہ حکم ثانی میں تخصیص بعد تعمیم کرنا تھا جیسا کہ پہلے بیان ہوا اس لئے اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کا لفظوں میں آنا مناسب ہوا۔ نیز دوسری آیات سے بھی یہ استثناء صاف معلوم ہوتا ہے۔ تو اس آیت سے اور دوسری آیات سے بھی ثابت ہے کہ بدون ایمان کے کوئی عمل مقبول نہیں ہوتا۔ اس مسئلے سے عوام الناس کے کام کی ایک بات ثابت ہوئی یعنی بعض عوام جو کہ بزرگوں سے ملنے کے شائق رہتے ہیں ان میں کچھ ایسی بے تمیزی ہوگئی ہے کہ تارک تعلقات ہندوؤں کو بھی بزرگ سمجھتے ہیں اور ان مسلمانوں کو بھی جو کہ شراب پی کر سکر کی حالت میں یا جنون کے مرض میں بے تکی ہانکنے لگتے ہیں ان کو مجذوب سمجھتے ہیں اور ان لوگوں نے مجذوبوں کی ایک عجیب پہچان تراشی ہے کہ اگر اس کی پشت کی طرف کھڑے ہو کر درود پڑھا جائے تو وہ فورًا اُدھر منہ کر لے سو اول تو یہ خود اطلاع کی بھی دلیل نہیں ممکن ہے کہ اتفاقًا منہ کر لیا دوسرے زیادہ سے زیادہ اس کے صاحب کشف ہونے کی دلیل ہوگی اور صاحب کشف ہونا کوئی بڑا کمال نہیں اگر کافر بھی مجاہدہ و ریاضت کرے تو اس کو کشف ہونے لگتا ہے نیز مجانین کو بھی کشف ہوتا ہے چنانچہ صاحب شرح اسباب نے لکھا ہے کہ مجنون کو کشف ہوتا ہے۔ میں نے خود ایک مجنون کو دیکھا کہ اس کو اس قدر کشف ہوتا تھا کہ بزرگوں کو بھی نہیں ہوتا لیکن جب اس کا مسہل ہوا تو مادہ کے ساتھ ہی کشف بھی نکل گیا تو کشف بھی دلیل مجذوب ہونے کی نہیں۔ غرض عوام کو یہ معلوم ہونا نہایت دشوار ہے کہ یہ شخص مجذوب ہے اور بالفرض اگر وہ اس علامت سے مجذوب بھی ثابت ہوگئے تو تم نے مجذوب کو تلاش کر لیا اور حضور

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نام مبارک کی بے ادبی کی کہ قصداً اس کی پشت کی طرف درود شریف پڑھا پھر یہ کہ اس کے مجذوب ہونے سے تم کو کیا فائدہ۔ مجذوب سے تو نہ دنیا کا فائدہ ہوتا ہے نہ دین کا دین کا تو اس لئے نہیں کہ وہ تعلیم پر موقوف ہے اور تعلیم اس سے حاصل نہیں ہوتی اور دنیا کا اسلئے نہیں کہ وہ دُعا سے ہوتا اور مجذوب دعا کرتے نہیں کیونکہ وہ لوگ اکثر صاحب کشف ہوتے ہیں ان کو معلوم ہوجاتا ہے کہ فلاں معاملے میں اس طرح ہوگا تو اس کے موافق دُعا کرنا تو تحصیل حاصل ہے اور خلاف دُعا کرنا تقدیر کا مقابلہ ہے، البتہ وہ کشف کی بنا پر بطور پیشین گوئی کچھ کہدیتے ہیں کہ فلاں معاملے میں یوں ہوگا۔ سو اگر وہ نہ بھی کہتے تب بھی اُسی طرح ہوتا اس طرح ہوجانا کچھ ان کے کہنے کے سبب نہیں ہوا۔ ہاں سالک سے ہر طرح کا نفع ہوتا ہے کیونکہ وہاں تعلیم بھی ہوتی ہے اور دُعا بھی بلکہ مجذوب کے فکر میں پڑنے سے ضرر یہ ہوتا ہے کہ لوگ شریعت کو بیکار سمجھنے لگتے ہیں حاصل یہ کہ غیر مؤمن کو مقبول سمجھنا بالکل قرآن کا معارضہ ہے لہٰذا جوگیوں اور جاہل فقیروں کے پیچھے پڑنا اپنی عاقبت خراب کرنا ہے۔ ایک مدلول اس آیت کا یہ ہے کہ اہل علم عام اہل ایمان سے افضل ہیں کیونکہ مقام مدح میں تخصیص بعد تعمیم بہ قاعدۂ بلاغت خود افضلیت خاص کی دلیل ہوتی ہے اور علماء کی افضلیت کی تفصیل کا یہ وقت نہیں اگر کوئی دوسرا موقع ملا تو انشاء اللہ تعالےٰ اس کو بیان کردیا جائیگا ایک مدلول اس آیت کا یہ ہے کہ عام اہل ایمان بھی اگرچہ وہ جاہل ہوں مقبول ہیں کیونکہ اہل علم سے قبل اہل ایمان کو بھی مقام فضل میں فرمایا ہے لہٰذا عام مومنین کو بھی حقیر اور ذلیل نہ سمجھنا چاہیئے پس ہر صاحب ایمان اگر وہ مطیع ہو مقبول ہے اور مطیع کی قید اس لئے لگائی کہ فسحت اور رفع درجات کو جس سے کہ اہل ایمان کے فضل پر استدلال کیا گیا ہے اطاعت ہی پر مرتب کیا ہے کیونکہ تقدیر کلام یہ ہے تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ اَنْ تَفَسَّحُوْا

یَفْسَحِ اللّٰہُ لَکُمْ وَاِذَا قِیْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا اَنْ تَنْشُزُوْا یَرْفَعِ اللّٰہُ لَکُمْ
(مجلسوں میں فراخی کرو اگر کروگے تو اللہ تعالےٰ تمہارے لئے فراخی کریں گے اور جب تم سے کہا جائے
کہ اُٹھ جاؤ تو اُٹھ جاؤ اگر اُٹھ گے تو اللہ تعالےٰ تمہارے مرتبے بلند فرماد ینگے) مطلب یہ
ہے کہ جب ان دو امر میں امتثال ہوگا تو یہ مرتبہ ملیگا اور اس مدلول کے
بیان کرنے سے جیسے اہل علم کی اصلاح کرنا مقصود ہے کہ عوام مؤمنین کو حقیر نہ
سمجھیں اسی طرح غیر اہل علم میں سے متکبرین کی بھی اصلاح کرنا مقصود ہے کہ ان
کو بھی جلاہے تیلیوں کو ذلیل سمجھنے کا کوئی حق نہیں کیونکہ یہاں مدار فضل مطلق ایمان
واطاعت خواہ کوئی قوم ہو۔ ایک مدلول اس آیت کا اور ہے جوکہ ذرا غور کرنے
سے معلوم ہوتا ہے یعنی فَانْشُزُوْا کے بعد جو ثمرہ مرتب کیا ہے تو ایک خاص عنوان
سے کیا ہے یعنی اس طرح فرمایا یَرْفَعِ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ
اور یوں نہیں فرمایا یَرْفَعْکُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ پس اس وضع مظہر موضع مضمر
میں اشارہ اس طرف ہوگیا کہ زیادہ دخل اس ترتب رفعت میں ایمان کو ہے
پس اس سے یہ بات نکل آئی کہ اگر کوئی مؤمن پورا مطیع نہ ہو مگر مومن ہو تو
وہ بھی عند اللہ ایک گونہ رفعت سے خالی نہیں تو جو لوگ عاصی مومن ہیں ان کو
بھی ذلیل نہ سمجھو البتہ اگر خدا کے لئے انپران کے سوء اعمال کے سبب غصہ کرو
تو جائز ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ہمدردی اور ترحم ہونا بھی ضروری ہے نفسانی
غیظ اور کبر نہ ہو اور ان میں فرق کے لئے میں ایک موٹی سی مثال بیان کرتا
ہوں جس کو میرے ایک دوست نے بہت پسند کیا اور ان ہی کی پسند سے
مجھے بھی اس کی بہت قدر ہوئی یعنی معمولی قصوں میں غصہ دو موقعوں پر آتا ہے
ایک تو اجنبی پر اور ایک اپنے بیٹے پر۔ سو اجنبی سے تو اس کی شرارت پر
نفرت اور عداوت ہو جاتی ہے اور اگر اپنا بیٹا وہی حرکت کرے تو اس سے
نفرت نہیں ہوتی بلکہ شفقت کے ساتھ تاسف ہوتا ہے اس کے لئے دُعاء
کرتا ہے دوسروں سے دُعاء کراتا ہے اس کی حالت پر دل کڑھتا ہے اور

غصہ جو ہوتا ہے تو اس کے ساتھ یہ شفقت ملی ہوتی ہے۔ پس اخوۃ اسلامیہ کا مقتضا یہ ہے کہ اجنبی عاصی کے ساتھ بھی بیٹے کا سا برتاؤ رکھنا چاہیئے یعنی اگر کبھی اس پر غصہ آئے اور خیال ہو کہ یہ غصہ خدا کے لیئے ہے اس میں نفس کی آمیزش نہیں تو اس وقت دیکھنا چاہیئے کہ اگر میرا بیٹا اس حالت میں مبتلا ہوتا تو اس پر مجھے اسی قسم کا غصہ آتا یا نہیں اگر قلب سے نفی میں جواب آئے تو سمجھے کہ یہ غصہ خدا کے لیئے نہیں ہے بلکہ ترفع کا غصہ ہے اور یہ اس شخص کی معصیت سے بھی بڑھکر معصیت ہے اور خوف کا مقام ہے۔ خدا تعالےٰ کی ایسی شان ہے کہ اگر ایک گنہگار اپنے کو ذلیل سمجھتا ہے تو وہ مغفور ہو جاتا ہے۔ اور اگر ایک مطیع اپنے کو بڑا سمجھتا ہے تو وہ مقہور ہو جاتا ہے سو نہ تو خدا پر ناز کرنا چاہیئے اور نہ نا امید ہونا چاہیئے۔ غرض تحقیر تو کسی مسلمان کی کرے نہیں لیکن غیظ و غضب جس کا منشا بغض فی اللہ اور رحم و ہمدردی ہو اس کا مضائقہ نہیں۔ باقی کبر و عجب تو خدا تعالےٰ کو بہت ناپسند ہے۔ ہمارے ہاں ایک لڑکی تھی نماز روزے کی پابند (اب اس کا انتقال ہو گیا ہے) اس کی شادی ایک ایسے شخص سے ہو گئی جو کہ اس قدر پابند نہ تھا ایک روز کہتی ہے کہ اللہ کی شان میں ایسی پرہیزگار پارسا اور میرا نکاح ایسے شخص سے ہو۔ صاحبو! کتنی حماقت کی بات ہے کیونکہ اگر کوئی بزرگ بھی ہے تو ناز کس پر کرتا ہے۔ بزرگی پر ناز کرنے کی مثال بالکل ایسی ہے جیسے کہ کوئی مریض طبیب کا نسخہ پیکر ناز کرنے لگے کہ ہم ایسے بزرگ ہیں کہ ہم نے دوا پی لی۔ کوئی اس سے پوچھے کہ اگر دوا پی لی

---

عہ خوب کہا ہے ؎

غافل مرو کہ مرکب مردان زہد را ۔۔۔ در سنگلاخ بادیہ پیہا بریدہ اند

نومید ہم مباش کہ رندان بادہ نوش ۔۔۔ ناگہ بیک خروش بمنزل رسیدہ اند

تو کس پر احسان کیا نہ پیتا مرض میں گھل گھل کر مرتا اسی طرح اگر کسی نے نماز پڑھی روزہ رکھا تو کس پر احسان کیا اور کیا کمال کیا نہ کرتا جہنم میں پڑتا البتہ بجائے ناز کے خدا تعالیٰ کا شکر کرنا چاہیئے کہ اس نے اپنی اطاعت کی توفیق عطا فرمائی حاصل یہ کہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ گنہگار بھی رفعت عند اللہ سے خالی نہیں۔ ایک مدلول اس آیت کا یہ ہے کہ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ میں تخصیص بعد تعمیم سے معلوم ہوا کہ قبول اعمال کا تفاوت خلوص سے ہوتا ہے کیونکہ اہل علم کے درجات میں امتیاز اسی خلوص ہی کے سبب سے تو ہوا جیسا اوپر مذکور ہوا ہے اور اس مسئلے کو بیان کرنا اس لئے ضروری ہے کہ آج کل لوگ اعمال کے تو شائق ہیں لیکن خلوص کی پروا اکثر نہیں ہوتی۔ حالانکہ خلوص وہ چیز ہے کہ اسی کی بدولت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا مرتبہ اس قدر بلند ہوا کہ ان کا نصف مُدجَو خرچ کرنا اور ہمارا احد پہاڑ برابر سونا خرچ کرنا ابرابر نہیں۔ اور اگر کوئی کہے کہ یہ صحبت نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت سے ہے تو میں یہ کہوں گا کہ ان کا خلوص بھی صحبت کی برکت سے ہے تو یہ دونوں متلازم ہیں اب خواہ صحبت کو سبب کہدیجئے خواہ خلوص کو بالکل وہ حالت ہے کہ ؎

عِبَارَاتُنَا شَتّٰی وَحُسْنُكَ وَاحِدٌ
فَكُلٌّ اِلٰی ذَاكَ الْجَمَالِ يُشِيْرُ

(ہماری تعبیرات مختلف ہیں اور تیرا حسن ایک ہے ساری تعبیریں اسی (ایک) جمال کی طرف اشارہ کرتی ہیں)

کہ سب ایک ہی جمال کی تعبیریں ہیں۔ میں نے اپنے پیر و مرشد سے سنا ہے کہ عارف کی ایک رکعت غیر عارف کی ایک لاکھ رکعت سے افضل ہے تو وجہ یہی ہے کہ اس کی ایک رکعت میں بوجہ معرفت کے خلوص زیادہ ہوگا۔ اور اسی مدلول پر ایک اور بات بھی متفرع ہوتی ہے یعنی آج کل

اکثر لوگ بعضے انگریزی خوانوں کی تعریف کیا کرتے ہیں کہ یہ اس قدر انگریزی پڑھے ہوئے ہیں لیکن قرآن کے بہت پابند ہیں یا نماز پنجوقتہ پڑھتے ہیں اور ان کی باطنی حالت خلوص وغیرہ پر بالکل نظر نہیں کی جاتی میں بھی مدتوں اس دھوکے میں مبتلا رہا مگر میرے ایک نوجوان دوست نے ایسے لوگوں کی نسبت کہا کہ بعض لوگوں میں دین کی صورت ہوتی ہے مگر دین کی حقیقت نہیں ہوتی یعنی ان کے دلوں میں دین رچا ہوا نہیں ہوتا اسی طرح اس قسم کے لوگوں میں دین کی کوئی عظمت اور محبت نہیں ہوتی گو ظاہری اعمال کے پابند ہوتے ہیں مگر امتحان کے وقت معلوم ہو جاتا ہے کہ ان میں کوئی خاص حمیت ومحبت دین کی نہیں اور جب یہ نہیں تو کچھ بھی نہیں کیونکہ اصل دینداری یہی ہے کہ دل میں دین کی عظمت ومحبت گھس گئی ہو اگرچہ شاذو نادر کسی عارض کی وجہ سے اعمال میں کسی قدر کمی بھی ہو جائے۔ آگے ارشاد فرماتے ہیں وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ یعنی اللہ تعالے تمہارے اعمال پر خبردار ہیں۔ اس کو ہر جملے سے تعلق ہے کہ تم ہر حکم کی پابندی کرو اور اس میں کوتاہی نہ ہونے دو کیونکہ خدا تعالے کو تمہارے باطن کی بھی خبر ہے تو خدا تعالے کو اس کی اور فرو گذاشت تک کی بھی اطلاع ہو جائیگی جو تمہاری نیتوں میں بھی ہوگی۔ گویا اس جملہ سے خدا تعالے نے اپنے بندوں کو ایک مضمون کا مراقبہ سکھلایا ہے کہ اگر اس کو مستحضر رکھیں تو عمل میں کبھی کوتاہی نہ ہو۔ یعنی ہر وقت یہ خیال رکھیں کہ اللہ تعالے میرے ظاہر و باطن کو دیکھ رہے ہیں اس کی مزاولت سے بعد چندے ایک حال پیدا ہوگا اور ذوقاً یہ سمجھیگا کہ گویا میں خدا تعالے کو دیکھ رہا ہوں اور قرآن وحدیث میں اس قسم کے جتنے مضامین ہیں یہ سب مراقبات ہیں ان میں بتلا دیا ہے کہ اطاعت کی اصل اور راسخ حالت اس وقت پیدا ہوتی ہے جبکہ یہ مراقبات مستحضر ہو جائیں کیونکہ جب یہ خیال پختہ ہو جاتا ہے کہ ہمارے اس کام کی حاکم کو بھی اطلاع ہے

تو پھر اس میں کوتاہی نہیں ہوا کرتی۔ اور یہ نہایت سہل مراقبہ ہے اس میں فی نفسہ کسی شیخ کی کسی خلوت وغیرہ کی ضرورت نہیں ہر شخص اس سے منتفع ہوسکتا ہے لیکن اس وقت کچھ ایسے عوارض ہوگئے ہیں کہ ان کی وجہ سے عادت اللہ یوں جاری ہے کہ کسی قدر خلوت کی اور کسی کامل شیخ سے مشورے کی بھی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اس وقت علوم اور اعمال میں ایک گونہ ضعف آگیا ہے توضیح اس کی یہ ہے کہ ہر عمل میں دو چیزوں کی ضرورت ہے ایک تو رائے کے درست ہونے کی اور دوسرے ہمت کی۔ ہم لوگوں میں دونوں کی کمی ہے۔ رائے کی کمی یہ کہ بسا اوقات بعض اعمال کے منشار یا ناشی کے متعلق ہم ایک امر کو شر سمجھتے ہیں اور وہ خیر ہوتا ہے اور بسا اوقات کسی امر کو ہم خیر سمجھتے ہیں اور وہ شر ہوتا ہے علیٰ ہذا بعض اوقات باوجود درستی رائے کے کسی عمل میں ہمت اکثر ٹوٹ جاتی ہے پس شیخ چونکہ صاحب تجربہ وصاحب بصیرت ہوتا ہے اس سے رائے کی بھی مدد ملتی ہے اور اس کے کہنے میں کچھ برکت ہوتی ہے کہ اس سے ہمت بھی زیادہ ہوجاتی ہے اور اس کی رسم اصلی جو کچھ بھی ہو یہ ضرور قدرتی بات ہے کہ جب کسی کو شیخ بنالیا جاتا ہے تو اس کی مخالفت کم ہوتی ہے۔ تو رائے کے صحیح کرنے کا اور ہمت کے قوی کرنیکا عادۃً بجز شیخ بنانے کے اور کوئی ذریعہ نہیں پس بقاعدہ مقدمۃ الواجب واجب عمل کے لئے کسی شیخ کا دامن پکڑنا ضرور ہوگا۔ اور شیخ کامل ہونا چاہیئے اور اس کے پہچاننے میں اکثر غلطی ہوجاتی ہے لہٰذا اس کی پہچان معلوم کرنا ضروری ہے سو پہچان یہ ہے کہ علم دین بقدر ضرورت رکھتا ہو خواہ پڑھ کر یا علماء کی صحبت سے عمل میں مستقیم ہو۔ امر بالمعروف نہی عن المنکر طالبین کو کرتا ہو۔ کسی مسلم شیخ سے تعلق رکھتا ہو۔ علماء سے نفور نہ ہو۔ ان سے استفادے میں عار نہ کرے۔ اس کی صحبت میں رغبت آخرت و نفرت عن الدنیا کی خاصیت ہو پس جس شخص میں یہ علامتیں ہوں وہ کامل ہے

اس سے ارتباط پیدا کرلے۔ یہ مضامین تھے جو اس وقت بیان کئے جانے ضروری سمجھے گئے۔

اب خدا تعالیٰ سے دُعا کیجیے کہ توفیق عمل عطا فرمائیں اور حسن خاتمہ آمین

## تمت بالخیر

**بنیان المشید** از حضرت شیخ احمد کبیر رفاعی قدس سرہٗ۔ یہ وہ ہستی ہیں کہ آپ نے روضہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر عرض کیا کہ آپ اپنا مبارک ہاتھ دیجیے کہ میں اسے بوسہ دیکر عزت حاصل کروں، اسی وقت روضہ اطہر صلے اللہ علیہ وسلم سے دست مبارک چمکتا ہوا نکلا اور آپ نے اسے بوسہ دیا۔ اس کتاب کے ترجمہ سے حضرت حکیم الامۃ رحمۃ اللہ علیہ کو بے حد خوشی ہوئی تھی۔ اس کا مطالعہ مبتدیان سلوک کے لئے بہت مفید اور نافع ہے یہ کتاب اس قابل ہے کہ روزانہ بطور ورد کے پڑھا جاوے یہ معرفت وحقیقت کا نایاب خزانہ ہے امید ہے کہ برادران اسلام عموماً اور برادران سلسلۂ امدادیہ اشرفیہ تھانوی خصوصاً اس کی قدر فرمائیں گے۔ /۳۰ علاوہ ڈاک خرچ

**مُعلّم الحجاج** یہ کتاب جس کے پاس ہو تو گویا اس کے ساتھ ایک چلتا پھرتا گائڈ ہے جن مسلمانوں کا ارادہ حج کا ہو وہ آج ہی سے اس کا مطالعہ کرنا شروع کردیں تاکہ تمام مسائل حج اور دُعائیں اور طریقے یاد ہوجادیں اور عین وقت پر فریضہ حج ادا کرنے میں سہولت رہے اور کوئی غلطی نہ ہو جاوے اس کتاب میں حج کے ہزاروں مسئلے اور باتیں اور دُعائیں اور طریقے سب درج ہیں اور ایک خاص بات یہ ہے کہ ۸ ذی الحجہ سے لے کر ۱۲ ذی الحجہ تک پانچ دن کا پورا طریقہ حج شائع کردیا ہے یوں سمجھئے کہ اگر حاجی حضرات پوری کتاب کا مطالعہ نہ کرسکیں اور صرف یہی مقام اگر دیکھ لیں تو ان کے سفر حج کا مکمل طریقہ حج او رنیت اور تمام دُعائیں شروع ضمیمہ میں ہی مل جائیں گی

RS. 15/-

**شفاء العلیل اُردو** مؤلفہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کے خاندانی عملیات وتعویذات اور تصوف میں نہایت مستند کارآمد کتاب ہے۔ اہل طریقت کے لئے یہ کتاب نعمت سے کم نہیں۔ RS. 15/-

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً
رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

# دعواتِ عبدیت جلد پنجم

کا

نواں وعظ ملقب بہ :-

# متاعُ الدُّنیا

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی دفتر الابقاء

مسافر خانہ بندر روڈ کراچی ۱

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

نواں وعظ ملقب بہ

# مَتَاعُ الدُّنیا

| أَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد | متفرقات |
| تھانہ بھون مکان جناب منشی اکبر علی صاحب | شب ۱۷ شعبان سنہ ۱۳۳۰ ہجری | ایک گھنٹہ | کھڑے ہو کر | دنیا کو اپنا وطن اور قرارگاہ نہ سمجھنا چاہئے | سید احمد تھانوی | تقریباً ۶۰ | مستورات میں یہ وعظ ہوا تھا جس کا سبب یہ ہوا تھا کہ واعظ کی برادرزادی کی ایک بچی مرگئی تھی |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَکُمْ اِذَا قِیْلَ لَکُمُ انْفِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَی الْاَرْضِ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا

مِنَ الْاٰخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِیْلٌ ٥ (اے ایمان والو! تمہیں کیا ہوگیا ہے جب تم سے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں کوچ کرو تو تم زمین کو سختی سے تھام لیتے ہو۔ کیا تمہیں آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی زندگی پسند ہے سو آخرت کے حساب میں دنیا کی زندگی بالکل کم درجہ ہے) یہ ایک آیت ہے جس میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے دین کے ایک خاص کام میں سستی کرنے پر ملامت فرمائی ہے مگر اس وقت اس خاص ہی کا بیان کرنا مقصود نہیں ہے بلکہ اس ملامت کی جو بناء اور علت بیان فرمائی ہے جس کا ذکر اَرَضِیْتُمْ سے شروع ہوتا ہے اس کا بیان کرنا مقصود ہے تاکہ اس کے عموم سے مضمون بھی عام ہو جائے ہر عمل کی کوتاہی کو فرماتے ہیں تم جو دین کے کام میں سستی کرتے ہو کیا حیات دنیا پر راضی ہوگئے ہو اور یہ سستی جو تم میں آگئی ہے تو کیا آخرت کی ضرورت اور خیال تم کو نہیں رہا پھر فرماتے ہیں کہ آخرت کے مقابلہ میں حیات دنیا کی متاع تو بالکل ہی قلیل ہے کچھ بھی نہیں اور باوجود اس کے تم پھر دنیا پر راضی ہو یعنی اس سے اتنی محبت ہے کہ اس کو اپنا قرارگاہ سمجھتے ہو اور اسی لئے اس دینی کام[عه] سے گھبراتے ہو سو یہ تو ایسی چیز نہیں کہ آدمی اس کی حیات پر راضی ہو جائے یہ ہے مضمون اس علت کا اور اسی کو بیان کرنا مقصود ہے اس کا حاصل اس کے ترجمے سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ خدا تعالیٰ ان لوگوں پر ملامت کر رہے ہیں جنھوں نے دُنیا پر قناعت کر لی ہے اور آخرت کو بھول گئے ہیں اور دنیا کو محبوب سمجھتے ہیں مسلمان ایسا تو کوئی نہیں ہے کہ اس کا یہ عقیدہ ہو کہ آخرت کوئی چیز نہیں مگر حالت ضرور ایسی ہے کہ ان کے برتاؤ اور معاملات سے ایسا ہی معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کوئی منکر ہو کیونکہ جتنی محبت دنیا کی ہے آخرت کی وہ محبت اور اس کا اتنا شوق نہیں ہے چنانچہ دلوں کو ٹٹول کر دیکھ لیں کہ دنیا میں قیام کی بابت ہم لوگ کیا کیا خیالات پکاتے ہیں کہ ہم یوں رہیں گے یوں بسیں گے یوں ہو آئے گی جائداد ہوگی یوں ہم ملازم ہوں گے ڈپٹی کلکٹر ہوں گے وغیرہ وغیرہ اب انصاف سے دیکھ لو کہ آخرت کے متعلق بھی کبھی ایسی امنگیں ہوئی ہیں کہ مرجائیں گے تو خدا کے سامنے جائیں گے یوں جنت ہوگی اس میں باغات اور مکانات ہوں گے یوں حوریں ہوں گی غالباً کبھی

عه لانہ سبب الفراق عن الدنیا زاھدًا ۱۲ منہ

بھی یہ امنگیں نہیں ہوتیں بلکہ خیال بھی بہت ہی کم آتا ہے۔ تو دُنیا کی جس قدر محبت ہے نہ آخرت کی وہ محبت ہے نہ وہاں جانے کا اتنا شوق اور اگر ہوتی تو جیسے یہاں کی زندگی کے متعلق دل میں خیالات پیدا ہوتے ہیں وہاں کی زندگی کے متعلق بھی تو ہوتے اور جیسے دنیاوی امور میں غلطاں پیچاں رہتے ہیں اور یہاں کی خوشیوں میں کھپے رہتے ہیں ایسا ہی امور آخرت کے متعلق بھی تو کچھ ہوتا سو بعض تو ایسے ہیں کہ وہ دنیا کی خوشیاں مناتے ہیں اور آخرت کی امنگ کبھی خواب میں بھی نہیں آتی اور بعض ایسے ہیں جن کے پاس دنیا میں خوشی کا کوئی سامان نہیں اور اس لئے وہ ہمیشہ غمزدہ رہتے ہیں اور ان کو کبھی خوشی نصیب نہیں ہوتی وہ شاید میرے جواب میں یوں کہیں کہ صاحب ہم تو دنیا کی خوشیاں نہیں مناتے بلکہ ہم تو یہ سوچا کرتے ہیں کہ کوئی والی نہیں وارث نہیں یہ زندگی کیسے کٹے گی تو میں جواب میں کہوں گا کہ مجھکو ان کی یہ شکایت ہے کہ جیسے تم نے دنیاوی زندگی کو سوچا کبھی آخرت کی زندگی کو بھی سوچا اور وہاں کی مصیبت کا بھی خیال کیا کہ وہ زندگی کیسے کٹے گی دوزخ میں جانا پڑا تو وہ مصیبت کیونکر بھی جائے گی پھر جیسے یہاں کی تکالیف کو سوچکر تدبیر سوچتے ہو کہ شاید فلاں تدبیر سے یہ مصیبت کٹ جائے یا فلاں تدبیر سے مشکل آسان ہو جائے ایسے کبھی آخرت کی مصیبت کو بھی سوچا ہے حالانکہ دنیا کے مصائب تو بعض ایسے بھی ہیں کہ ان کی کوئی تدبیر ہی نہیں ہے اور اس لئے اس کو سوچنا عبث ہے مگر پھر سوچتے ہو اور آخرت کی تو کوئی مصیبت بھی ایسی نہیں ہے جو لا علاج ہو بلکہ اس کی ہر مصیبت کی تدبیر موجود ہے مگر پھر بھی اس کا نہ ذکر نہ فکر اور اگر بعض ایسے لوگ ہوئے بھی کہ وہ کبھی علی سبیل التذکرہ آخرت کا ذکر کر دیتے ہوں اور اس لئے سمجھتے ہوں کہ ہم کو دین کی فکر ہے لیکن اس سے کیا ہوتا ہے دیکھو اگر کسی کے پاس آٹا بھی ہو اور توا بھی ہو لکڑیاں بھی ہوں اور پکاتے نہیں مگر ان سب سامانوں کا ذکر کرتا رہے اور سوچتا رہے تو اس ذکر سے اور اس سوچنے سے کیا ہوتا ہے تدبیر تو یہ ہے کہ ہمت کر کے اٹھے اور پکانا شروع کر دے اور جب بھوک لگے کھالے تو آخرت کی فکر بھی یہ ہے کہ یوں سمجھے کہ میں مروں گا خدا کا سامنا ہوگا یوں عذاب ہوگا اور یہ سوچکر عذاب سے بچنے اور نجات

حاصل کرنے کے لئے تدابیر شروع کردے۔ شیطان نے بہت سے لوگوں کو بہکا رکھا ہے کہ گاہ گاہ ان کو اس قسم کے خیالات پیدا ہو جاتے ہیں اور وہ دل میں ڈالدیتا ہے کہ تم کو دین کی بہت فکر ہے۔ صاحبو! اگر تمہارے پاس سامان نہ ہوتا تو اتنا ہی غنیمت تھا لیکن جب خدا نے ارادہ یا ہمت دی بھلے برے کی پہچان دی پھر کیا وجہ کہ دنیا کے معاملات میں تو نری فکر پر بس نہیں کیا جاتا اور دین کے کام میں نری فکر کو کافی سمجھا جاتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ سب باتیں ہی باتیں ہیں واقع میں آخرت کا خیال ہی نہیں ہے بہرحال اگر کوئی کہے کہ دنیا کی خوشیاں کیوں نہیں منائی جاتیں اور اگر کوئی دنیا کے غم میں رہتا ہے تو اس کی یہ شکایت ہے کہ آخرت کا غم کیوں نہیں کیا جاتا اور اگر کوئی خوشی منانے والا کہے کہ آخرت کی خوشی کہاں سے منائیں اس کی ہمیں امید ہی کہاں ہے ہم تو گنہگار ہیں اور دنیا کی خوشی تو حاضر ہے اس کو کیسے نہ منائیں تو یہ شیطان کا دھوکہ ہے اس میں دو دعوے ہیں اور دونوں غلط ہیں یعنی اول بھی غلط کہ دنیا کی خوشی حاضر ہے دوسرا بھی غلط کہ آخرت کی خوشی کہاں ہے پہلا تو اس لئے غلط کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ یوں بیٹا ہوگا یوں چین کریں گے تو یہ تمہارے قبضہ میں کہاں ہے ہزاروں آدمی ایسے ہیں کہ وہ سوچتے کچھ ہیں اور ہوتا کچھ ہے پھر اگر خوشی ہوتی بھی ہے تو تجربہ یہ ہے کہ تمنائیں ہمیشہ عدد میں حاصل سے بڑھی ہوئی ہوتی ہیں یعنی حاصل ہوتا ہے کم اور تمنا ہوتی ہے زیادہ تو جس کی تمنا جس قدر زیادہ ہوگی وہ ہمیشہ اسی قدر زیادہ غم میں رہے گا اللہ والے البتہ خوش رہتے ہیں اس لئے کہ وہ دنیا کی کچھ تمنا ہی نہیں کرتے اولاد ہوئی اس پر خوش ہیں نہ ہوئی اس پر خوش ہیں ہر حال میں راضی ہیں اور دنیا داروں کو خوشی کہاں واللہ راحت جس چیز کا نام ہے اگر وہ حاصل نہ ہوئی تو پھر اس کا جتنا سامان ہوگا زیادہ موجب تکلیف اور موجب حسرت ہوگا۔ لوگ روپے پیسے کو راحت سمجھتے ہیں حالانکہ راحت روپیہ پیسہ نہیں ہے ورنہ چاہیئے تھا کہ صندوق کو زیادہ لذت ہوتی مگر یہ لوگ صندوق سے بھی زیادہ بدتر ہیں کیونکہ اس کو ادراک الم کا تو نہیں ہے اور یہ لوگ تو آلام میں مبتلا رہیں تو معلوم ہوا کہ دنیا دار بہت ہی کم آرام میں رہیں غرض دنیا میں

کہیں خوشی نہیں ہے اور دوسری بات کہ آخرت میں کونسی خوشی ہے اس لئے غلط ہے کہ وہ بُعدِ وعدۂ الٰہیہ بالکل تمہارے اختیار میں ہے۔ چنانچہ دُنیا کی خوشی تو کبھی کبھی حاصل بھی نہیں ہوتی کہ ساری عمر چاہو اور نہ ہو اور آخرت کی کوئی راحت بھی ایسی نہیں ہے کہ وہ اختیاری نہ ہو خدا کی یہ رحمت ہے کہ آخرت کی کتنی ہی بڑی سے بڑی تمنا ہو مگر وہ باستثنا منصوص مثلاً درجات نبوت وغیرہ مباشرت اسباب سے ضرور پوری ہوتی ہے مثلاً اگر چھوٹے درجے کا آدمی جیسے عاصی گنہگار بڑے درجے میں جانا چاہے مثلاً حضرت جنید رحمۃ اللہ کے درجے میں تو جا سکتا ہے اس طرح سے کہ اپنے اعمال میں ترقی کرلے۔ تو بس وہاں تو خوشی ہی خوشی ہے جو بالکل اپنے اختیار میں ہے تو اس کی فکر کرو اور اس کی اُمنگیں پیدا کرو اور اس کی تدبیر کرو یعنی معصیت کو چھوڑ دو نمازیں پڑھو جواب تک چھوٹ گئی ہیں ان کی قضا کرو زکوٰۃ دو اس کے بعد سب خوشی تمہارے ہی واسطے ہے اس کے بعد حق ہے کہ خوشی مناؤ اسی طرح اگر کوئی مصیبت زدہ کہے کہ یہاں کی مصیبت تو حاضر ہے اس لئے اس کا اہتمام ہے اور وہاں تو اللہ غفور رحیم ہے پھر کیوں غم کریں تو سمجھ لو کہ یہ بھی شیطان کا دھوکہ ہے غفور رحیم نے یہ وعدہ کہاں کیا ہے کہ خواہ تم کچھ ہی کرو میں تم کو جنت میں بلا عقوبت اول ہی بار داخل کر دوں گا غرض نہ آخرت کی نعمت کو کوئی سوچتا ہے نہ وہاں کی مصیبت کو جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں نے دُنیا کو گھر بنا رکھا ہے۔

اے مسلمانوں تمہارا وطن آخرت ہے مگر تم نے اپنے لئے دنیا کو وطن بنا رکھا ہے اور اپنے لئے اور اپنے ہر عزیز کے لئے دنیا ہی دینا چاہتے ہو میری ایک خاندانی بزرگ بی بی نے مجھکو ایک بار یہ دعا دی تھی کہ اللہ کرے اس کا بھی دنیا میں ساجھا ہو گیسے گندے عنوان سے دعا کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اب تو دین ہی دین ہے خدا کرے دنیا میں بھی پھنسے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی نظر میں دنیا ہی بڑی چیز تھی اس لئے یہ چاہا کہ ہمارے پیارے بھی اس میں پھنسیں اِنَّا للہ الخ کیسے غضب کی بات ہے اور اس کے ساتھ یہ بھی سمجھ لو کہ سارے غم اس سے ہیں کہ دنیا کو گھر بنا رکھا ہے۔ ورنہ اگر اس کو گھر نہ سمجھتے

تو کوئی بھی غم نہ ہوتا۔ دیکھو جب کسی سفر میں جاتے ہیں اور کسی سرائے میں قیام ہوتا ہے تو وہاں کی چارپائی میں کیسے کھٹمل ہوتے ہیں کبھی چارپائی ٹوٹی پھوٹی ہوتی ہے مگر سوچتے ہو کہ ایک شب تو قیام ہی کرنا ہے جس طرح ہو گذار دو ایک شب کی تکلیف ہی کیا پھر تو گھر پہونچ جائیں گے غرض سرائے کی تکلیف اس لئے تکلیف نہیں معلوم ہوتی کہ اس کو گھر نہیں سمجھا یہی حال دنیا کی تکلیفوں کا ہے سو اگر آپ دنیا کو اپنا گھر نہ سمجھتے تو اسی طرح اس کے ساتھ بھی برتاؤ ہوتا ہرگز اس کے متعلق ہر وقت تذکرہ نہ ہوتا نہ اس کا اس قدر سلسلہ گھسیٹتے بلکہ ہر بات میں زبان پر یہ ہوتا کہ ہمارا گھر آخرت ہے وہاں چین و آرام کرینگے یہاں کی ذرا سی تکلیف کا کیا ہے حالانکہ ہم کو کبھی بھی یہ خیال نہیں ہوتا۔ خاص کر عورتیں کہ اگر کوئی غم آپڑ آجائے تو وہ حالت ہوتی ہے کہ گویا کبھی خدا تعالے کی کوئی نعمت ہی ان پر نہیں ہوئی اور اس وقت ان کو بجز اس مصیبت کے تذکرہ کے کوئی کام کوئی قصہ نہیں ہوتا گویا یہی ان کا دین ہے یہی دنیا ہے اور کم وبیش مرد بھی اس میں مبتلا ہیں کہ ان کو بھی آخرت یاد نہیں رہتی ورنہ اگر آخرت یاد ہو تو دنیا کی کوئی تکلیف سرائے کی دو روزہ تکلیف سے زیادہ نہیں ستا سکتی تھی۔ اور اپنے وطن اصلی کو یاد کر کے راحت ہوجایا کرتی خواہ کتنی ہی بڑی مصیبت ہوتی مثلاً اس شخص کا کوئی پیارا بچہ مرجاتا تب بھی اس کو پریشانی نہ ہوتی اس کی ایسی مثال ہے کہ مثلاً اگر کوئی سفر میں ہو اور اس کا کوئی بچہ گم ہوجائے اور اس کو یہ معلوم ہوجائے کہ میرا بچہ وہاں چلا گیا ہے جہاں میرا گھر ہے اور جہاں میں بھی جا رہا ہوں تو کیا وہ روتے پیٹیگا ہرگز نہیں بلکہ اس کو یہ سنکر اطمینان ہوجاوے گا اور سمجھیگا کہ اب کوئی دن میں میں بھی اس سے جاکر مل لوں گا۔ تو اگر ہم آخرت کو اپنا وطن سمجھتے تو اولاد کے جاتے رہنے پر اتنا بڑا قصہ لیکر نہ بیٹھا کرتے۔ ہاں جدائی کا غم ہوتا ہے سو اس کا کچھ مضائقہ نہیں اس کی اجازت ہے۔ لیکن جیسے جدائی کا غم ہوتا ہے تسلی بھی تو ہونی چاہئے کہ وہ اپنی راحت کی جگہ پہونچ گیا اپنے گھر پہونچ گیا

ہم بھی وہیں جائیں گے اور مل لیں گے خدا تعالیٰ نے یہی مضمون اس آیت کے دوسرے جملے میں سکھلایا ہے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ یعنی جو چیز گئی وہ خدا کے پاس گئی اور ہم بھی خدا کے پاس جائیں گے اور سب کے سب وہیں جمع ہوجائیں گے تو اس کو سوچکر تسلی ہونی چاہیے تھی اگر آخرت کو گھر سمجھتے لیکن اب تو وہ مار دھاڑ ہوتی ہے کہ گویا خدا تعالیٰ نے ان کی جائداد چھین لی۔ غرض یہ ہے کہ یوں ہونا چاہیے تھا جیسے دُنیا کی مثال میں سمجھا دیا مگر جب ایسا نہیں ہوتا تو اس سے سمجھ میں آیا ہوگا کہ اولاد کے مرنے کا ایسا غم بھی اسی لئے ہوتا ہے کہ دُنیا کو اپنا گھر سمجھتے ہیں پس بڑی بھاری غلطی ہماری یہ ثابت ہوئی کہ ہم نے دُنیا کو اپنا گھر سمجھ رکھا ہے اسی لئے یہاں سے جدا ہونے کا رنج وغم ہوتا ہے ورنہ جب آدمی سفر میں جاتا ہے تو جتنا گھر سے قریب ہوتا جاتا ہے خوشی بڑھتی جاتی ہے اور یہاں یہ حالت ہے کہ جوں جوں مرنے کے دن قریب آتے ہیں رُوح فنا ہوتی ہے اور یہ حالت دنیاداروں ہی کی ہے کیونکہ وہ دُنیا ہی کو اپنا گھر سمجھتے ہیں بخلاف اہل اللہ کے کہ ان کو اس کا ذرا بھی غم نہیں ہوتا اور ان کو نہ اپنے مرنے کی پروا ہوتی ہے نہ اولاد کے مرنے کی پروا ہوتی ہے حتّٰی کہ بعض دفعہ تو جاہل کو ان کے سنگدل ہونے کا شبہ ہو جاتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ان سے زیادہ تو کوئی رحمدل ہی نہیں ہوتا مگر اس پریشانی نہ ہونے کا سبب صرف یہ ہے کہ وہ آخرت کو اپنا گھر سمجھتے ہیں اس لئے ان کو اولاد کے مرنے کا غم اتنا ہی ہوتا ہے جتنا کہ سسرالے سے لڑکے کے گھر چلے جانے پر مسافر باپ کو ہوتا ہے کہ ایک گونہ مفارقت سے قلق ہوا بس زیادہ نہیں کیونکہ وہ آخرت کو اپنا وطن سمجھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ جب وہ مرنے کے قریب ہوتے ہیں تو خوشیاں مناتے ہیں جس طرح عادت ہے کہ سفر سے واپس آتے ہوتے گھر کے قریب پہونچکر خوشیاں منائی جاتی ہیں چنانچہ اس خوشی کو ایک بزرگ کہتے ہیں ؎

خرم آں روز کزیں منزل ویراں بروم — راحت جاں طلبم وزپئے جاناں بروم

نذر کردم کہ گر آید بسر ایں غم روزے تا در میکدہ شاداں و غزلخواں بروم

(وہ دن بڑی خوشی کا دن ہوگا جس دن کہ میں اس ویران منزل سے کوچ کروں گا راحت جان تلاش کروں گا اور محبوب کی طرف جاؤں گا۔ میں نے نذر مانی ہے کہ اگر یہ غم کسی دن مجھے ہوگا تو میں میکدے کے دروازے تک اور غزل پڑھتا ہوا جاؤں گا)

حضرت مولانا مظفر حسین صاحب (قدس سرہٗ) کاندھلوی سے ایک شخص نے کہا کہ حضرت اب تو آپ بڈھے ہوگئے۔ آپ نے داڑھی پر ہاتھ پھیر کر فرمایا کہ الحمد للہ اب قریب وقت آیا مگر ان حکایات سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ ان کو اعمال پر یا مقبول ہونے پر ناز ہوتا ہے اس لئے احتمال مواخذہ نہ ہونے سے خوش رہتے ہیں استغفر اللہ ناز کی مجال کس کو ہے بلکہ وہ خوشی صرف اس بات پر ہوتی ہے کہ وہ آخرت کو اپنا گھر سمجھتے ہیں رہی یہ بات کہ ان کو دار وگیر کا اندیشہ ہوتا ہے یا نہیں تو سمجھو کہ اندیشہ ضرور ہوتا ہے لیکن رحمت خداوندی سے امید بھی ہوتی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ پھر چھوٹ جائینگے اس کی ایسی مثال ہے جیسے کسی کا گھر ٹوٹا پھوٹا پڑا ہو اور سرائے نہایت پختہ ہو تو وہ اپنے گھر ہی کو پسند کریگا اور سوچیگا کہ اگرچہ اس وقت میرا گھر ٹوٹا پھوٹا ہے لیکن میں انشاء اللہ تعالیٰ پھر اس کو پختہ کرلونگا اسی طرح اگرچہ ان کو اندیشہ ہوتا ہے مگر جانتے ہیں کہ ایمان کی سلامتی ہے تو ضرور رحمت ہوگی۔ غرض وطن سے طبعی محبت ہوتی ہے گو وہاں کچھ تکلیف بھی ہو تو کوئی یہ شبہہ نہیں کرسکتا کہ ان کو ناز ہوتا ہے۔ غرض حقیقت واقعی یہ ہے جو مذکور ہوئی اس کو اگر کوئی سمجھ جائے تو ہزاروں غم کم ہوجائیں اور دنیا کی تمام ہوسیں فنا ہوجائیں۔ ہم جو دنیا میں چاہتے ہیں کہ یہ بھی ہوجائے وہ بھی ہوجائے یہ ایسا ہے جیسے کوئی سرائے میں یہ تمنا کرے کہ یہاں جھاڑ اور فانوس سب لگا دیئے جائیں اور پھر اپنی کمائی سے خرید کر لگا بھی دے تو ظاہر ہے کہ کتنی بڑی حماقت ہے خاصکر جبکہ یہ بھی حکم ہو کہ مثلاً چار دن سے زیادہ کوئی اس سرائے میں قیام

نہیں کرسکیگا اس وقت تو اپنی کمائی وہاں کی تزئین میں لگانا پورا خلل دماغ ہے اور دنیا ایسی ہی محدود القیام سرائے ہے کہ اس حد کے بعد بلا اختیار یہاں سے نکل جانا پڑیگا اول تو سرائے میں اگر قیام اختیاری بھی ہو تب بھی یہی ہونا چاہیئے کہ اس کے ساتھ گھر کا سا معاملہ نہ کرے اور جب اختیاری بھی نہ ہو تب تو ہرگز بھی اس میں دل نہ لگانا چاہیئے بلکہ اس سے توحش اور ضیق رہنا چاہیئے اور یہی معنی ہیں میرے نزدیک الدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ (دنیا مؤمن کا قید خانہ ہے) کے۔ لوگوں نے اس حدیث کے مختلف معنے کہے ہیں مگر میں کہتا ہوں کہ جیلخانہ تکلیف وغیرہ کی وجہ سے نہیں فرمایا کیونکہ بعض مومنین کو دنیا میں ذرا بھی تکلیف نہیں ہوتی بلکہ اس لئے فرمایا کہ جیلخانے میں کبھی جی نہیں لگا کرتا اگرچہ کیسا ہی عیش ہو تو مسلمان کی شان یہ ہے کہ دنیا میں اس کا جی نہ لگے اگرچہ بظاہر اس میں کیسا ہی عیش و آرام ہو کیونکہ جی لگنے کی جگہ گھر ہے اور وہ گھر نہیں ہے۔ پھر جب جی نہ لگیگا تو کیوں ہوسیں ہوں گی اور کیوں سوچیگا کہ یوں ہو اور یہ ہو اور وہ ہو بلکہ اب یہ سوچیگا کہ دنیا تو پردیس ہے یہاں جس طرح سے بھی دن گذر جائیں اور دنیا کے سوچ کے بجائے اب یہ ہوگا کہ آخرت کی سوچ ہوگی کہ اس کے لئے یہ سامان ہونا چاہیئے اور یہ فکر ہونا چاہیئے اپنے نفس کی اصلاح ہونی چاہیئے اور یہ سوچے کہ اگر یہ سامان ہوگیا تو پھر یوں بہار ہوگی اور یوں عیش ہوگا ورنہ یوں مصیبت ہوگی یوں پریشانی ہوگی اب غور کرکے دیکھ لو کہ کتنے آدمی ہیں جو یہ سوچتے ہیں میں تو کہتا ہوں کہ دنیادار تو الگ رہے دیندار وں کو بھی آخرت کے متعلق کبھی نہ امنگیں پیدا ہوتی ہیں نہ اندیشے۔ خدا تعالیٰ صاف فرماتے ہیں يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللّٰهَ (اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور چاہیئے کہ دیکھے نفس کہ اس نے کل کے لئے کیا بھیجا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو) دیکھو ایک دن کا سفر ہوتا ہے تو اس میں ناشتہ بھی ہمراہ لیا جاتا ہے اور سامان بھی ہوتا ہے آخرت کا اتنا بڑا سفر درپیش ہے اس کے لئے کیا زاد راہ تیار کر رکھا ہے بالخصوص جبکہ وہ وطن اور گھر بھی ہے کہ اس صورت میں تو اس کے لئے

بہت کچھ سامان کرنا چاہیئے تھا یعنی قطع سفر کے لئے زاد اور ناشتہ اور گھر پر بیٹھنے کے لئے کمائی اور ذخیرہ پس ایک اثر تو گھر سمجھنے کا یہ ہونا چاہیئے تھا۔ ایک دوسرا اثر اس کے گھر سمجھنے کا یہ ہونا چاہیئے تھا کہ دنیا کے حوادث سے غم نہ ہوتا نہ اپنے واسطے اور نہ لگے سگے کے واسطے۔ گھر تو وہاں ہے۔ اب جو موت سے ہم کو موت آتی ہے یہ صرف اسی لئے کہ اس کو گھر نہیں سمجھتے بلکہ موت کے خیال سے ایسی حالت ہوتی ہے جیسے کسی کو جیلخانے میں لیجاتے ہوں۔ ہمارے حضرت (حاجی صاحب) رحمۃ اللہ کے پاس ایک بوڑھا شخص آیا کہنے لگا کہ میری بیوی مرتی ہے حضرت فرمانے لگے کہ اچھا ہوا جیلخانے سے چھوٹتی ہے اور پھر فرمایا کہ یہ کیوں غم کرتا ہے تو بھی چلا جائے گا کہنے لگا روٹی کون پکائیگا۔ حضرت نے فرمایا کہ کیا ماں کے پیٹ سے وہی روٹی پکاتی ہوئی آئی تھی۔ تو موت کے متعلق اس تمام ترکرب و رنج کی وجہ یہی ہے کہ ہم لوگ آخرت کو بھولے ہوئے ہیں ورنہ اگر وہ یاد ہوتی تو موت کا کیا غم ہوتا۔ اور ایک اثر آخرت کو گھر سمجھنے کا یہ ہونا چاہیئے تھا کہ کسی سے عداوت اور رنج نہ ہوتا اگرچہ معمولی طور پر کسی بات میں لڑائی بھی ہو جایا کرتی دیکھو ریل میں مسافروں میں لڑائی تو ہوتی ہے مگر یہ نہیں ہوتا کہ اپنے سفر کے سامان کو چھوڑ کر کسی سے الجھنے لگیں کیونکہ جانتے ہیں کہ اس سے سفر کھوٹا ہوگا مگر اس طرح سے دنیا کے فضول قصوں میں بھی کسی نے سوچا ہے کہ ان میں پھنسنے سے آخرت کا سفر کھوٹا ہوگا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آخرت کو گھر نہیں سمجھتے نیز اگر ہم آخرت کو اپنا گھر سمجھتے تو دنیا کے ساز و سامان پر اترایا نہ کرتے چنانچہ اگر سفر میں کہیں بیچ بند کسا ہوا پلنگ ملے تو کوئی بھی اس پر نہیں اتراتا کیونکہ جانتا ہے کہ یہ تو مانگی ہوئی چیز ہے اور ہماری یہ حالت ہے کہ اگر ہمارے پاس چار پیسے ہوں تو ہم ان پر اتراتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ ہم دنیا کو اپنا گھر سمجھتے ہیں۔ اور بہت سے دلائل اس کے ہیں کہ ہم نے دنیا کو اپنا گھر سمجھ رکھا ہے یہی بڑی خرابی ہے اور اسی سے آخرت کے کاموں میں سستی اور کاہلی پیدا ہوتی ہے یہ تو ہماری حالتیں ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ہم نے آخرت کو اپنا گھر نہیں سمجھا۔ اب صحابہ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم کو دیکھئے کہ انھوں نے کیسی کیسی سختی اٹھائی لیکن

ان کو کبھی ہراس نہیں ہوا اور ان سختیوں سے تو ان کو کیا اثر ہوتا جو سب سے بڑی سختی ہے موت وہ اس کے مشتاق رہتے تھے کہ کونسا وقت ہوگا کہ ہم یہاں سے چھوٹیں گے۔ وہ حضرات کماتے بھی تھے۔ لیکن لاچاری کو جیسے بڑی زبردستی سے کوئی کام کرتا ہے پس وہ حضرات آخرت کو اپنا گھر سمجھتے تھے اور یہ اس کے آثار تھے۔ اور میں جو کہتا ہوں کہ دُنیا کو اپنا گھر نہ سمجھو اس کا یہ مطلب نہیں کہ دنیا مت کماؤ دُنیا کے کمانے کا مضائقہ نہیں مگر یہ نہ ہو کہ اس میں بالکل کھپ جاؤ جیسے ہم لوگوں کی حالت یہ ہے کہ گویا خدا تعالےٰ سے کوئی واسطہ ہی ہم کو نہیں مثلاً جب کپڑا لے کر پسند کرنے بیٹھیں گے تو معلوم ہوگا کہ گویا ان کا یہی دین اور یہی ایمان ہے۔ جب زیور کے پیچھے پڑیں گے تو اس طرح کہ بس وہی دل میں بسا ہوگا۔ میں پھر کہتا ہوں کہ میں دنیا کا کام کرنے سے منع نہیں کرتا مگر یہ کہتا ہوں کہ اس میں دل نہ لگاؤ۔ کام سب کرو مگر جی اترا ہوا ہونا چاہیئے۔ دل کا کھپا دینا یہی زہر ہے یہ وہ بلا ہے کہ اس سے اندیشہ ہے کہ مرتے وقت یہی غالب نہ ہو جائے اور اللہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے اس وقت بالکل بے تعلقی نہ ہو جائے لہٰذا جہاں تک ہو اس کی کوشش کرو کہ دنیا میں دل لگا ہوا نہ ہو۔ دل کو خدا تعالےٰ ہی میں لگاؤ ہاتھ سے کام کرو کچھ حرج نہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میں سب کام کر لیتے تھے لیکن جب اذان ہوتی تو یہ حالت ہوتی کہ قاموا کانہ لا یعرفنا (اس طرح کھڑے ہو تے جیسے کہ ہم کو پہچانتے ہی نہیں) اور ہم لوگوں کی اور بالخصوص عورتوں کی یہ حالت ہے کہ اگر مثلاً سینے میں لگیں تو نہ نماز کی فکر ہے نہ روزے کی۔ اسی طرح دنیا کے ہر کام میں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو دین کی کچھ خبر ہی نہیں۔ اور یہ دین کو کچھ سمجھتے ہی نہیں ہیں۔ افسوس کیا دین ایسی بے فکری کی چیز ہے یہ معاملہ تو دنیا کے ساتھ ہونا چاہیئے تھا خوب کہا ہے۔

غم دیں خور کہ غم غم دیں ست ◆ ہمہ غمہا فروتر از این ست
غم دنیا مخور کہ بیہودہ است ◆ ہیچ کس در جہان نیاسودہ است

(دین کا غم کھا اس وجہ سے کہ غم (درحقیقت) دین کا غم ہے اور تمام غم اس سے کمتر ہیں

دنیا کا غم مت کھا اس وجہ سے کہ وہ بیہودہ غم ہے کوئی شخص بھی دنیا میں آرام سے نہیں رہتا

واقعی یہاں کا غم ہی کیا ؟ یہاں کے غم کی تو ایسی حالت ہے جیسے خواب کا غم سو خواب میں اگر کوئی شخص یہ دیکھے کہ مجھے سانپ نے کاٹ لیا ہے اور اسی وقت آنکھ کھل جائے اور دیکھے کہ ایک نہایت عمدہ سیج بند کسے ہوئے پلنگ پر آرام کر رہا ہے اور بہت بڑا محل ہے لوگ ادھر ادھر کھڑے جھک جھک کر سلام کر رہے ہیں تو کیا اس شخص کے ذہن میں وہ خواب رہیگا ہرگز نہیں اسی طرح یہاں کی خوشی بھی خواب کی سی خوشی ہے چنانچہ اگر کوئی شخص خواب میں یہ دیکھے کہ میں تخت سلطنت پر متمکن ہوں اور آنکھ کھل جائے تو دیکھے کہ چاروں طرف پولیس کے سپاہی بیڑیاں لئے کھڑے ہیں اور اس کو جیلخانہ لیجانا چاہتے ہیں تو کیا اس خواب کی بادشاہت سے اس کو کچھ راحت پہونچے گی ہرگز نہیں۔ بس یہی حالت ہے دنیا کے غم اور دنیا کی خوشی کی کہ اگر خدا کے سامنے خوش گیا تو یہاں کے عمر بھر کے غم و رنج کچھ بھی نہیں ہیں اور اگر خدا کے سامنے غمزدہ گیا تو یہاں کی عمر بھر کی خوشی بھی خاک ہے مگر اب لوگ اس خواب و خیال کو حقیقی غم اور خوشی سمجھتے ہیں جس کی وجہ بس وہی ہے کہ جس کا بیان کر رہا ہوں کہ دنیا کو اپنا گھر سمجھ رکھا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں بس یہ بات نہ تھی اور یہی وجہ ہے کہ ان حضرات میں نہ تکبر تھا نہ شیخی تھی اور نہ وہ کسی مخلوق سے ڈرتے تھے۔ اس لئے کہ خدا تعالیٰ سے لو لگائے ہوئے تھے۔ ہر وقت وقتِ آخر کے منتظر تھے۔ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تو بڑی شان ہے اولیاء اللہ کی یہی حالت ہوتی ہے۔ حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی، قدس سرہٗ پر جب فقر و فاقہ ہوتا اور بیوی کئی کئی وقت کے بعد بہت پریشان ہو کر شکایت کرتیں تو آپ فرماتے کہ اب عنقریب ہم کو جنت میں ملنے والا ہے وہاں ہمارے لئے عمدہ عمدہ کھانے تیار ہو رہے ہیں وہ بھی ایسی نیکبخت تھیں کہ فوراً ہی مان جاتیں آجکل کی بیویاں نہ ہوئیں بعض تو اس وقت ایسی ہیں کہ عجب نہیں یوں کہتیں کہ بس وہ نعمتیں تم ہی

لیجو مجھے تو یہاں لا دو جس سے پیٹ بھرے مگر ان بندی خدا کی یہ حالت تھی کہ ان کے پاس زیور تو کیا ہوتا صرف ایک چاندی کا ہار تھا اور وہ بھی اس لئے رکھا تھا کہ مولانا رکن الدین یعنی صاحبزادے کے نکاح میں اگر دو چار مہمان آگئے تو ان کو ایک دو وقت کھانا کھلاویں گے مگر حضرت شیخ کو وہ بھی ناگوار تھا اور ہمیشہ اس کے جدا کرنے کا تقاضا فرماتے اور وہ یہ عذر کرتیں۔ تو دیکھئے یہ نہیں کہا کہ آخر کچھ تو میرے ناک کان میں ہونا چاہئے آخر عورت ہوں۔ سبحان اللہ وہ حضرات کیسے قانع اور صابر تھے۔ تو ان حضرات کی یہ حالت صرف اس لئے ہوتی ہے کہ وہ دنیا کو اپنا گھر نہیں سمجھتے اور یہی وجہ ہے کہ جب ان کا کوئی نقصان ہو جاتا ہے تو ان کو غم بھی نہیں ہوتا کیونکہ غم خلاف امید ہونے سے ہوتا ہے تو جو شخص کسی چیز کے بارے میں یہ امید رکھے کہ یہ ہم سے جدا نہ ہوگی اس کو اس چیز کے جدا ہونے کا غم ہوگا۔ ورنہ کوئی بھی غم نہ ہونا چاہئے ہاں طبعی رنج دوسری بات ہے میں پریشانی کے غم کی نفی کر رہا ہوں۔ یہ ہے فرق ان لوگوں میں جو دنیا کو اپنا گھر سمجھتے ہیں اور ان میں جو دنیا کو اپنا گھر نہیں سمجھتے۔ اسی کو خدا تعالیٰ فرماتے ہیں أَرَضِيتُم بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ۔ اس تقریر سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ ساری خرابیوں کی جڑ دنیا کی محبت ہے اس کو دل سے نکالنا چاہئے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ آخرت کو کثرت سے یاد کیا جائے اس سے دنیا کی محبت دل سے نکل جائیگی اور آخرت کی نعمت کی محبت اور آخرت کے عذاب سے خوف یوں پیدا کرو کہ بیٹھ کر سوچا کرو کہ ہم کو مرنا ہے اور خدا کے سامنے جانا ہے پھر ایک دن ہمارا حساب ہوگا اگر اچھی حالت ہے تو بڑی بڑی نعمتیں ملیں گی ورنہ سخت سخت عذاب ہوں گے اور نفس سے کہا کرو کہ لے نفس تو دنیا کو چھوڑنے والا ہے قبر میں تجھ سے سوال ہوگا اگر اچھے جواب

دے سکا تو ابد الآباد کا چین ہے ورنہ سدا کی تکلیف ہے پھر تجھے قیامت کو اُٹھنا ہے اور اس روز تمام نامہ اعمال اُڑائے جائیں گے تجھے پلصراط سے گذرنا ہوگا پھر آگے یا جنت ہے اور یا دوزخ ہے اس کو روزانہ سوچا کرو اس سے آخرت کے ساتھ تعلق ہوگا اور دنیا سے دل سرد ہوجائے گا اور موت کے مراقبہ سے ممکن ہے کہ کسی کو یہ خلجان ہو کہ اس سے تو وحشت ہوگی اور جی گھبرائے گا اس کا علاج یہ ہے کہ جب وحشت ہونے لگے تو خدا تعالےٰ کی رحمت کو یاد کیا کرو اور سوچا کرو کہ اس کو اپنے بندوں سے اتنی محبت ہے کہ ماں کو بھی اپنے بچے سے اتنی محبت نہیں ہے تو اس کے پاس جانے سے وحشت کی کوئی وجہ نہیں اور اگر اس مراقبہ کے بعد پھر کبھی دنیا کی طرف دل راغب ہو اور گناہ کو جی چاہے اور کوئی گناہ صادر ہوچکا ہو تو مراقبہ کی تجدید کے ساتھ توبہ کرلیا کرو اور توبہ کا متمم یہ بھی ہے کہ اگر کسی کا حق تمہارے ذمے ہو اس کو بہت جلدی ادا کردو۔ اس سے انشاء اللہ تعالےٰ خدا تعالےٰ سب گناہوں کو معاف کردے گا۔ پھر انشاء اللہ تعالےٰ تمہارے لئے آخرت کا دائمی عیش ہوگا۔ اور آخرت کا شوق پیدا ہونے گی۔ میں نے ایک کتاب لکھی ہے اس کا نام ہے شوق وطن۔ اس کا مطالعہ بھی بہت مفید ہوگا حاصل سب کا یہ ہوا کہ دنیا کی محبت ایک مہلک مرض ہے اور اس کا علاج موت کی یاد ہے اور اس سے توحش سے بچنے کے لئے خدا کی رحمت کو یاد کرنا علاج ہے اور اُن کے موکد کرنے کے لئے شوق وطن کا مطالعہ ہے

اب میں ختم کرتا ہوں۔ اپنے مرض کی اطلاع سب کو ہوگئی ہے اسے کو بہت جلد زائل کریں اور خدا تعالےٰ سے دعا کریں کہ وہ اپنی عطا فرماویں آمین یارب العالمین

ــــــــــــــــ

لہ شوق وطن۔ ملنے کا پتہ۔ مکتبہ تھانوی مسافر خانہ بندر روڈ۔ کراچی نمبر ا

# حج اور عمرہ اور زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حج کے ارادہ رکھنے والوں کو خوشخبری الحمد للہ ثم الحمد للہ۔ اللہ تعالیٰ نے بہترین کتابت اور بہترین کاغذ پر عکسی معلم الحجاج چھپوادی ہے جن خوش نصیب مسلمانوں کا ارادہ حج کا ہو وہ آج ہی سے اسکا مطالعہ کرنا شروع کر دیں تاکہ تمام مسائلِ حج اور دعائیں اور طریقے یاد ہو جائیں اور وقت پر حج ادا کرنے میں سہولت ہے اور کوئی غلطی نہ ہونے پائے اس کتاب میں ہزاروں مسئلے اور باتیں اور دعائیں اور طریقے سب درج ہیں۔ شروع میں ایک ضمیمہ یعنی حج کے پانچ دن یعنی ۸ ذی الحجہ سے لیکر ۱۲ ذی الحجہ تک حج کا مکمل طریقہ اور نیت اور طواف کے ساتوں چکروں کی دعائیں مع ترجمہ کے ملتزم اور مقام ابراہیم پر پڑھنے کی دعائیں درج ہیں۔ حج کی فرضیت قرآن و حدیث سے حج کی تاکید اور نہ کرنے والے کو وعید۔ سفر حج کے آداب اور دعائیں جہاز کا سفر۔ جہاز میں سمت قبلہ کامران اور یلملم۔ جدہ۔ حرم مکہ مکرمہ اور داخلہ میقات حرم شریف۔ احرام کا بیان۔ حج اور عمرہ کی نیت۔ مسائل احرام۔ نمازِ احرام بیہوش اور مریض کا احرام نابالغ اور مجنون کا احرام عورت کا احرام خنثیٰ مشکل کا احرام ممنوعاتِ احرام مکہ مکرمہ میں داخلہ کی دعائیں طواف کی سات قسمیں اور مسائل۔ آبِ زمزم پینے کا طریقہ۔ صفا مروہ کے درمیان سعی کرنیکا طریقہ اور دعائیں منیٰ سے عرفات کو جانا اور عرفات کی دعائیں اور مسائل غروب آفتاب کے بعد عرفات سے مزدلفہ کو جانا۔ مزدلفہ میں مغرب عشاء کی نماز جمع کرنا۔ پوری رات مزدلفہ میں ٹھہرنا بعد نمازِ فجر سورج نکلنے کے بعد منیٰ کو روانہ ہونا پھر منیٰ میں ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳ کو جمرات (تینوں شیطانوں) کو کنکریاں مارنا قربانی کرنا طواف زیارت کرنا۔ حج افراد۔ حج تمتع۔ حج قران اور صرف عمرہ۔ اور حج بدل کے جملہ مسائل اور طریقے اور دعائیں اگر خدا نہ کرے کوئی غلطی ہو جاوے تو اسکی جنایات دم کفارہ وغیرہ دینے کے مکمل طریقے اور مسائل سفر مدینہ منورہ۔ زیارت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے مسائل اور آداب اور دعائیں اور روضہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھنے کا طریقہ اور پورے سلام اور دعائیں اور مسائل قیام مدینہ منورہ میں کیا کیا کرے جنت البقیع۔ شہدائے اُحد اور تمام مساجد مقدسہ پھر واپسی کے وقت وداعی سلام غرضیکہ جسکے پاس یہ کتاب ہو پھر اسکو کسی دوسری کتاب کی ضرورت نہیں ضرور اسکو ساتھ رکھیں قیمت مجلد 15/- خرچہ ڈاک

ملنے کا پتہ: مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی نمبر ۱

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً
رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

# دعوات عبدیت جلد پنجم

کا

دسواں وعظ ملقب بہ

# مضار المعصیۃ

منجملہ ارشادات

حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

محمد عبد المنان غفرلہ

مکتبہ تھانوی "دفتر الابقاء"

مسافر خانہ بندر روڈ کراچی ۱

# دعواتِ عبدیت جلد پنجم

کا

دسواں وعظ ملقب بہ

# مضار المعصیۃ

| اَیْنَ | مَتٰی | کَمْ | کَیْفَ | مَاذَا | مَنْ ضَبَطَ | اَلْمُسْتَمِعُوْنَ | اَشْتَاتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہاں ہوا | کب ہوا | کتنا ہوا | بیٹھ کر یا کھڑے ہوکر | کیا مضمون تھا | کس نے لکھا | سامعین کی تعداد | متفرقات |
| جامع مسجد تھانہ بھون | ۱۸؍شعبان سنہ ۱۳۳۰ ہجری یوم جمعہ | | بیٹھ کر | معصیت سے طاعت کی برکت کم ہوجاتی ہے | مولوی سعید احمد صاحب مرحوم | تقریباً ۱۵۰ آدمی | |

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ حَقِّ الصَّآئِمِ مَنْ لَّمْ یَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ

وَالْعَمَلَ بِهٖ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِیْ اَنْ يَّدَعَ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے دار کے حق میں ارشاد فرمایا ہے کہ جس شخص نے قول باطل اور اُس پر عمل کرنا ترک نہیں کیا تو اللہ تعالیٰ کو اُس کے بھوکے رہنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

یہ عبارت ایک حدیث کا جزو یاد پڑتا ہے یا یہ پوری حدیث ہو یا اس کے قریب لفظ ہوں بہرحال یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے روزے کے بارے میں اور ہر چند کہ رمضان سے قبل ایک اور جمعہ بھی آنے والا ہے مگر چونکہ وہ جمعہ غالباً سفر میں ہوگا اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ آج ہی رمضان کے متعلق کچھ مختصر بیان کر دیا جائے اور اتفاق سے اس کے ساتھ ہی ایک مضمون موعود بھی بیان ہوگا جس کا خیال بہت دنوں سے تھا مگر خدا تعالیٰ کو منظور یہ تھا کہ چونکہ وہ مضمون علمی مضمون ہے عوام کی سمجھ میں نہ آسکتا تھا اس لئے ایک ایسے مضمون کے ساتھ جو کہ عام فہم بھی ہے اور دلچسپ بھی ہے بیان ہو جائے اور وہ مضمون یہ ہے کہ میں نے یہ بیان کیا تھا اور اجمالی دعوےٰ کیا تھا کہ ہرچند کہ طاعات کا صحیح ہونا اس پر موقوف نہیں کہ گناہ کو بالکل چھوڑا جائے اور یہ بات نہیں کہ گناہ کے رہتے ہوئے طاعت صحیح نہ ہو لیکن طاعات کی برکت ضرور کم ہو جاتی ہے یعنی اگر کوئی نماز بھی پڑھتا ہو اور غیبت بھی کرتا ہو تو یہ نہ کہیں گے کہ غیبت کی وجہ سے نماز صحیح نہیں ہوئی جیسا بعض لوگوں کا یہ خیال ہو جاتا ہے کہ جب گناہ نہ چھوڑے تو طاعت ہی کو ترک کر دیتے ہیں۔ اس لئے اس مضمون کے بیان کرنے کی ضرورت ہوئی کہ اگر گناہ بھی کرے اور طاعت بھی تو دونوں کی جزا و سزا الگ الگ ہے دونوں ملے ہوئے نہیں ہیں اس لئے طاعت ہی کے ترک کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے ورنہ ظاہراً اس مضمون کا بیان کرنا بھی لوگوں کی حالت کو دیکھ کر مناسب نہ تھا کیونکہ اگر وہ اعتقاد رہتا کہ گناہ کرنے سے طاعت صحیح نہ ہوگی تو شاید اس کی بدولت گناہ چھوڑنے کی کوشش کرتے اور اس سے بچ جاتے اور بیان کرنے میں اندیشہ ہے بے فکر ہو جانے کا لیکن مایوسی کی مضرت چونکہ بہت بڑی ہے یعنی اگر یہ خیال ہو گیا کہ

میری سب طاعات بیکار ہیں تو اس میں زیادہ مفسدہ ہے اور بے فکری میں ایسا زیادہ اندیشہ نہیں کیونکہ اس میں شعائر دین پر کسی قسم کا اثر نہیں پڑتا اور مایوسی کی حالت میں نماز روزہ وغیرہ پر اثر پڑتا ہے کہ اس کو چھوڑ بیٹھے گا یہ تو عملی اثر ہے کہ اسلام کی رونق جاتی رہے گی اور اعتقادی اثر یہ ہوگا کہ رحمت خداوندی اور بخشش سے مایوسی ہوجائیگی کیونکہ گناہوں کی پوٹ ہر وقت نظر کے سامنے ہوگی اور نیکی کوئی بھی پیش نظر نہ ہوگی اس لئے شیطان مایوس کر دیگا اور ایسی مایوسی کی حالت میں اگر خاتمہ ہوگیا تو کفر پر خاتمہ ہوگا اور یہ شخص اپنے گناہوں سے توبہ بھی نہ کرے گا کیونکہ بالکل نا اُمید ہو چکا ہے تو تلافی کی کوئی صورت نہ رہے گی چنانچہ بعض لوگوں کو یہ بات پیش آئی ہے الجواب الکافی میں حکایت لکھی ہے کہ ایک شخص سے مرتے وقت کہا گیا کہ کلمہ پڑھ لے مگر اُسنے کہا کہ ایک کلمہ سے کیا ہوگا۔ میرے گناہوں کی پوٹ اتنی ہے کہ ایک کلمہ اس کو میرے سر سے اتار نہیں سکتا آخر اسی میں خاتمہ ہوگیا تو چونکہ اس اعتقاد کا یہ مفسدہ سخت تھا اس لئے اس کے بیان کرنے کی ضرورت ہوئی۔ اور یہیں سے ان واعظین کی غلطی بھی معلوم ہوگئی ہوگی جو بیحد متشدد ہیں اور اپنے تشدد کی وجہ سے صرف سخت مضامین سناتے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سامعین کو بالکل ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے اور کچھ کہا ہی نہ جائے۔ مطلب یہ ہے کہ سختی کی بھی ایک حد ہونی چاہیئے۔ اس وقت قلوب علی العموم ضعیف ہیں ان کو اگر خوش کرکے اُبھارا جائے تو ان سے عمل دین کی زیادہ توقع ہے اور مایوس کرکے کوئی کام ان سے نہیں لیا جا سکتا اور اس لئے بھی ضروری ہے اس خیال کی تغلیط کر دیں کہ گناہ کرنے سے نیکی کا ثواب نہیں ملتا۔ اور ہرچند کہ یہ مضمون مستقل بیان کرنے کے قابل تھا مگر آج کے مضمون کے ساتھ مل جانا حُسنِ اتفاق ہے اور آج کا مضمون یہ ہے کہ جو شخص روزے کے درمیان میں جھوٹ اور برے کام کو نہ چھوڑے تو خدا تعالےٰ کو کوئی ضرورت نہیں کہ وہ شخص اپنا کھانا پینا چھوڑ دے یعنی جب کام گناہ کا اور بات گناہ کی نہ چھوڑے تو کیا فائدہ روزے کا ہوا۔ تو میرے اس بیان کے تین جزو ہوگئے ایک یہ کہ گناہ کرنے سے نیک کاموں کا ثواب ضائع نہیں ہوتا دوسرا دعوےٰ اور

یہی مقصود تھا، یہ کہ ہرچند کہ ثواب ملتا ہے مگر نیک کاموں کی برکت کم ہوجاتی ہے مثلاً غیبت کی اور پھر نماز بھی پڑھی تو یہ نہیں کہا جائے گا کہ نماز کا ثواب نہیں ملا لیکن نماز کی برکت ضرور کم ہوجائے گی یعنی جو نورانیت غیبت کے ترک کی حالت میں نماز کے اندر ہوتی ہے وہ نورانیت اب ارتکاب غیبت کے وقت نہ ہوگی اس کی ایسی مثال ہے کہ جیسے غذا اگر قوی تندرست کھائے تب بھی نافع اور مقوی اور بدل ماتحلل ہوگی اور مریض کھائے تب بھی۔ لیکن تندرست کو زیادہ نافع ہوگی اور بیمار کو کم مثلاً اگر غیرہ گاؤ زبان عنبری کسی ایسے شخص کو کھلایا جائے جس کا معدہ خراب ہو اور ہنوز تنقیہ نہ ہوا ہو تو زیادہ مفید نہ ہوگا اگرچہ کم وبیش اثر ضرور ہوگا اور اگر تنقیہ کرانے کے بعد کھایا جائے تو بے حد مفید ہوگا تو گناہوں کو چھوڑنے کے بعد جو نیک کام ہوں گے ان میں زیادہ برکت ہوگی۔ تیسرا جزو بیان کا یہ ہے کہ جس کے متعلق حدیث پڑھی ہے اور مسئلہ جو کہ حدیث میں مصرح ہے کہ جو شخص روزہ رکھ کر جھوٹ بولنا نہ چھوڑے تو اس کو روزہ رکھنے سے فائدہ کیا ہوا حاصل یہ ہے کہ روزہ کے آداب ضروریہ میں سے یہ ہے کہ جیسے منہ کھانے پینے سے بند رکھتے ہیں اسی طرح دوسرے گناہوں کو بھی بالکل ترک کر دیں عجیب بات ہے کہ لوگ روزے میں کھانے پینے اور صحبت کے ترک کو ضروری سمجھتے ہیں اور گناہ کے ترک کو ضروری نہیں سمجھتے حالانکہ وہ تینوں کام ایسے ہیں کہ دوسرے اوقات میں حلال بھی تھے اور رمضان میں بھی رات کے وقت جائز ہیں تو جب روزے کی وجہ سے بعض حلال کام بھی حرام ہوگئے تو جو اعمال ہر وقت حرام ہیں ان کا ترک روزے میں کیوں ضروری نہ ہوگا پس اگر کسی نے روزے میں غیبت کی اور بری نگاہ سے کسی کو دیکھا تو یہ تو نہ کہیں گے کہ اس کا روزہ نہیں ہوا مگر یہ کہیں گے کہ روزہ کی برکت جاتی رہی اور یہ مضمون دوسرے مسئلہ کی فرع بھی ہے اور دلیل بھی۔ اب صرف پہلے مسئلہ کی دلیل کی ضرورت رہی۔ تو پہلا مسئلہ یہ تھا کہ باوجود گناہ کے بھی نیک کاموں کا ثواب ملیگا۔ دلیل اس کی یہ آیت ہے فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ

ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ (جو شخص ایک ذرے کے برابر بھی کوئی بھلائی کرے گا اُس (کے فائدے) کو دیکھیگا اور جو شخص ایک ذرہ بھی برائی کرے گا وہ اُس کے سامنے آئے گی) لفظ من عام ہے مطیعین کو بھی اور عاصیین کو بھی تو توجب یہ فرمایا کہ جو شخص کرے گا تو اس کے عموم میں گنہگار اور فرمانبردار دونوں داخل ہوگئے۔ اس سے صاف طور سے معلوم ہوا کہ نیک کام کرنے پر ہر حالت میں ثواب ملیگا کسی وقت میں اس کا ثواب ضائع نہ ہوگا۔ اسی طرح دوسرے جملے میں بھی مَنْ عام ہے، اور اس سے ناز کا علاج بھی ہوگیا جیسے پہلے مَنْ سے مایوسی کا علاج ہوگیا تھا دوسرے مَن میں فرمانبردار بھی داخل ہونگے یعنی اگر کوئی بڑا ولی کامل بھی گناہ کرے تو اس کو بھی گناہ ہوگا۔ بعض لوگ اعتقاداً یا بعض حالاً یہ سمجھتے ہیں کہ ہم کچھ بھی کریں ہم کو گناہ نہیں ہوتا جن کا اس کا اعتقاد ہے وہ تو کفر میں مبتلا ہیں وہ اپنی مثال ایسی سمجھتے ہیں کہ جیسے ایک دریا ہو کہ اس میں اگر پیشاب کے قطرات گریں تو وہ دریا ناپاک نہیں ہوتا بلکہ وہ پیشاب ہی اس میں فنا ہوجاتا ہے ان لوگوں سے کوئی پوچھے کہ تم نے جو اپنے کو دریا سے تشبیہ دی یہ تشبیہ تمہاری تراشی ہوئی ہے یا قرآن و حدیث میں کہیں یہ تشبیہ ہے۔ اگر تراشی ہوئی ہے اور تمہارے نزدیک ٹھیک ہے تو یہ بھی کر دو کہ گورنمنٹ جس کی اب تک اطاعت کی ہے اب اس کی عملداری میں ڈکیتی ڈالو اور جب گرفتار ہوکر آؤ تو کہو کہ اب ہم دریا ہوگئے ہیں اگر اس عذر کو سنکر سرکار چھوڑ دے تو خدا سے بھی امید رکھو اور جیسے خدا سے امید باندھے بیٹھے ہو کہ وہ ہم کو دریا سمجھ کر چھوڑ دے گا ایسے ہی ڈکیتی ڈالنے میں سرکار سے بھی اُمید رکھنی چاہیئے یہ سب نفس کی شرارتیں ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کہ واقع میں دریا تھے چنانچہ ارشاد ہے لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ (اللہ تعالیٰ تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ معاف فرمادینگے) آپ نے تو کبھی یہ دعوےٰ کیا ہی نہیں تو آج کس کا منہ ہے

کہ وہ اپنے کو دریا کہے بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس مقبولیت پر یہ فرماتے تھے کہ اِنِّیْ اَخْشَاکُمْ اللہَ وَاَعْلَمُکُمْ بِاللہِ (میں تم لوگوں میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں اور سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو جاننے والا ہوں) تو جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی اس کا دعوے نہیں کیا اور اس بناء پر کبھی کسی کا حق نہیں دبایا حتیٰ کہ ایک مرتبہ آپ نے ایک صحابی کی کوکھ میں انگلی چبھودی تھی انہوں نے کہا کہ میں بدلہ لوں گا۔ آپ نے فوراً فرمایا کہ بدلہ لے لو اور اپنی کوکھ اُن کے سامنے کردی انھوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا بدن تو کھلا تھا اور آپ تو کپڑا پہنے ہوئے ہیں آپ نے فوراً کرتہ اُٹھا دیا وہ صحابی آپکے پہلوئے مبارک سے چمٹ گئے اور بوسے دینے لگے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا تو یہ مقصود تھا۔ لوگوں نے جو وفات نامہ میں حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی حکایت گھڑلی ہے وہ صحیح نہیں حکایت یہ ہے کہ جو میں نے اس وقت بیان کی ہمارے اطراف میں جتنی کتابیں عورتوں میں رائج ہیں سب گھڑی ہوئی ہیں جیسے ساڑھ نامہ معجزہ آل نبی۔ وفات نامہ۔ البتہ معجزہ ہرنی صحیح ہے اس کے علاوہ جتنی کتابیں قصوں کی ہیں بالخصوص جن کا میں نے نام گنوایا ہے سب لغو ہیں اور چھوڑ دینے کے قابل ہیں۔ ایک وہ مسدس ہے جس کا ٹیپ کا مصرع یہ ہے کہ ع: "مری بار کیوں دیر اتنی کری"۔ یہ مسدس بھی نہایت لغو ہے اس کو ہرگز نہ پڑھنا چاہیئے اس ظالم نے ابتداء سے انتہا تک خدا تعالیٰ سے لڑائی کی ہے کہیں انبیاء کے نبوت مل جانے پر حسد ہے کہیں سلاطین کی بادشاہت پر رشک ہے اور پھر ہر حسد کے بعد یہ شکایت کہ مجھے کیوں نہیں ملا یہ کتاب ہرگز اپنے پاس یا اپنے گھر میں رکھنے کے قابل نہیں یہ اس قابل ہے کہ ان کو بلا تامل آگ میں رکھدینا چاہیئے۔ معجزہ آل نبی جس میں یہ قصہ لکھا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پہلے اپنے صاحبزادے کو کسی سائل کو دیدیا اور اس نے بیچ ڈالا بالکل غلط اور لغو ہے۔ اسی طرح حضرت عکاشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حکایت

مشہور ہے بالکل غلط ہے۔ اصل میں اس کی صرف یہ ہے جو مندکو رہوئی۔ غرض حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کبھی کسی کا حق نہیں رکھا۔

اسی طرح حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کبھی اپنے کو اتنا بڑا نہیں سمجھا کبھی ایسا نہیں ہوا کہ اتفاقاً اگر کسی پر سختی ہو گئی ہو تو بدلہ نہ دیا ہو حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملک شام میں ایک لشکر کے سپہ سالار تھے وہاں کسی عیسائی بادشاہ کی تصویر کھڑی تھی بعض مسلمانوں نے جوش میں اس تصویر کی ایک آنکھ پھوڑ دی حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب خبر ہوئی تو آپ نے کہلا بھیجا کہ میں راضی ہوں کہ وہ لوگ اس تصویر کے بدلے میں میری ایک آنکھ پھوڑ ڈالیں۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا گیا کہ آپ اپنی زبان کو پکڑ کر کھینچ رہے اور فرما رہے ہیں ھٰذا اوردنی الموارد (اس نے مجھ کو مصیبت میں ڈالا) اسی طرح ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا گیا کہ مشکیزے میں پانی لیکر محلے میں بھرتے پھرتے ہیں پوچھا گیا تو فرمایا کہ ایک شخص نے آکر تعریف کی تھی میں نے غور کر کے دیکھا کہ نفس اس سے خوش ہوا اس لئے اس کا علاج کر رہا ہوں۔ غور کیجئے ان دونوں صاحبوں نے یہ نہیں فرمایا کہ ہم تو دریا ہیں ہمیں سب معاف ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کرتا پہنا اور اس کی آستینیں تراش دیں پوچھا گیا تو فرمایا کہ جب میں نے اس کو پہنا تو مجھے یہ اچھا معلوم ہوا اور طبیعت اس میں مشغول ہوئی اس لئے میں نے اس کی آستینیں پھاڑ دیں تاکہ یہ بدنما ہو جائے۔ اب یہ حالت ہے کہ اگر کہیں بخیے میں بھی کمی رہ جاتے تو درزی کے سر پر مارتے ہیں وہ حضرات اچھے کپڑے کو بھی خراب کر لیتے تھے۔ غرض یہ کہ کسی کا یہ خیال کہ ہم دریا ہو گئے ہیں اور ہمیں گناہ سے ضرر نہ ہوگا بالکل غلط خیال ہے۔ اس قسم کے لوگ اب بھی موجود ہیں اور پہلے بھی ہوتے ہیں چنانچہ حضرت جنید رحمۃ اللہ سے پوچھا گیا کہ بعض لوگ اپنی نسبت یہ کہتے ہیں کہ نَحْنُ وَصَلْنَا فَلَاحَاجَةَ اِلَى الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ یعنی اب ہم پہونچ گئے اس لئے ہم کو نماز روزے وغیرہ کی ضرورت نہیں آپ نے جواب میں فرمایا کہ صَدَقُوْا فِی الْوُصُوْلِ وَلٰکِنْ اِلَی السَّقَرِ

رہیو بچے ہیں تو وہ بچے ہیں لیکن جہنم میں پہونچے ہیں) اور فرمایا کہ اگر ہزار برس کی میری عمر ہو
تو اخیر عمر میں بھی ایک وظیفہ بھی نہ چھوڑوں۔ غرض یہ خیال بالکل غلط ہے اور اس
آیت میں فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ خدا تعالےٰ اس کا ابطال فرماتے
ہیں غرض اس جملے سے ناز اور دلال کی جڑ کاٹ دی ہے لیکن اس وقت مقصود
پہلا جملہ ہے کہ اس سے یہ معلوم ہوا کہ اگر گنہگار بھی نیک کام کرے تو اس پر
اجر ملیگا اور معصیت کا وبال معصیت پر اگر وہ معاف نہ ہو تو الگ ہوگا جیسے
کوئی حاکم اپنے عہدکے کام کو بھی انجام دے اور رشوت بھی لے تو اگر حکام بالا کو
اطلاع ہوجاوے تو رشوت ستانی پر سزا ملیگی لیکن جس وقت تک عدالت کا کام کیا ہے
اس وقت تک کی تنخواہ بھی ضرور ملے گی تو پہلا دعوےٰ اس آیت سے ثابت ہوگیا
رہا دوسرا دعوےٰ کہ گو نفس عمل ضائع نہیں ہوا لیکن اس کی برکت اور نورانیت
جاتی رہی اس کی دلیل کے متعلق میں پہلے بھی اشارہ کر آیا ہوں کہ یہی حدیث اس کی
دلیل ہے اگرچہ اس کے سوا اور بھی دلائل ہیں یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے فرمانے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اگر گناہ نہ چھوڑے تو خدا تعالےٰ کو کچھ
ضرورت نہیں۔ اس پر تو سب کا اجماع ہے کہ گناہ کرنے سے روزہ باطل نہ ہوگا
اور اس کی قضا کرنا نہ پڑے گی۔ تو معلوم ہوا کہ اس حدیث کے یہ معنے تو نہیں
ہیں کہ روزہ نہ ہوگا کوئی اور معنی ہیں سو وہ یہی ہیں کہ خدا تعالےٰ کو زیادہ توجہ
اس ترک طعام پر نہ ہوگی اور یہی حاصل ہے اس کہنے کا کہ روزے کی نورانیت کم
ہوگئی اور یہ امر شاہد بھی ہے کہ اگر نیک کام کیا جاوے اور گناہوں سے بچتا نہ رہے
تو اس وقت طاعت کی بدولت جو نور ہوگا وہ گناہوں کے ساتھ ہرگز نہ ہوگا اور
وہ رونق اور شگفتگی اور مسرت جو کہ طاعت کے کرنے سے ہوتی ہے وہ نہ ہوگی بلکہ
ایسا ہوگا جیسا کہ بہت لذیذ کھانا پکایا اور اس میں تھوڑی راکھ بھی جھونکدی تو راکھ
جھونکنے کے بعد بھی وہ کھانا تو رہا لیکن کرکرا ہوگیا اسی طرح گنہگار آدمی نماز تو پڑھتا
ہے لیکن طبیعت پھیکی پھیکی رہتی ہے وہ نشاط اور انبساط جو نماز سے ہوتا ہے وہ اسکو

نہیں ہوتا اگرچہ دلیل سے گھیر گھار کر یہ سمجھے کہ ثواب ملیگا لیکن قلب بالکل کورا ہوتا ہے معلوم ہوا کہ اس قدر رہ سکتی ہوتی ہے کہ جو ثواب ملتا ہے وہ نظر بھی نہیں آتا بلکہ گناہوں کے حجاب میں چھپ جاتا ہے اس کی ایسی مثال سمجھئے کہ جیسے کسی آئینے میں چراغ کو رکھ کر اوپر سے سیاہ کپڑا لپیٹ دو اس صورت میں چراغ کی روشنی تو باقی رہے گی لیکن اس قدر دھیمی ہو جائے گی کہ بعض اوقات رستہ بھی نظر نہ آئے گا البتہ بہت ہی کوئی دقیق النظر ہو وہ دیکھ لیگا یا کوئی دیکھ کر بتلادے تو مان لیں گے باقی خود کچھ نظر نہ آئے گا۔ تو چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ثواب ملیگا اسلئے ہم مانیں گے کہ اندر روشنی ہے مگر اس قدر مٹی پڑی ہے کہ وہ بالکل نظر نہیں آتی یہ تو اجمالاً دعوے تھا اور دلیل مگر دوسرے نصوص میں غور کرنے سے اس کی تفصیل کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ اس تفصیل میں اُن شقوں کا کا ذکر ہوگا جو کہ اس میں مسکوت عنہ ہیں یعنی گناہ کو طاعات سے دو قسم کا علاقہ ہے بعض تو وہ گناہ ہیں کہ نصوص سے ثابت ہے کہ وہ طاعات کو حبط کر دیتے ہیں آسان لفظوں میں اس کا حاصل یہ ہے (یہ عنوان طلبہ کے لئے سہل ہے) کہ بعض گناہ تو ایسے ہیں کہ قبولیت طاعات کے لئے ان کا نہ ہونا شرط ہے اور بعض ایسے ہیں کہ ان کو کوئی دخل نہیں ہے اور جن کو دخل ہے اُن کی دو قسمیں ہیں بعض کا نہ کرنا صحت کی شرط ہے اور بعض کا نہ ہونا بقا کی[ف] شرط ہے اوّل جیسے کفر کہ اس کے ہوتے ہوئے کوئی عمل نیک صحیح نہیں ہے اور نہ باقی رہتا ہے یعنی اگر کوئی کافر نماز پڑھے تو صحیح نہیں اور اگر کوئی نماز پڑھ کر کافر ہو جاوے تو وہ نماز باقی نہ رہے گی۔ یہاں سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیئے جو کہ کلمات کفر کی پرواہ ہی نہیں کرتے چنانچہ دیکھا ہوگا کہ بعض لوگوں کو جب روزہ رکھنے کے لئے کہا جاتا ہے تو وہ یہ جواب دیتے ہیں کہ روزہ وہ رکھے جس کے گھر کھانے کو نہ ہو اگر کسی کے منہ سے یہ کلمہ نکلیگا تو وہ کافر ہوگیا اور اس کو نکاح پھر کرنا چاہیئے

---

ف بطور مانعۃ الخلو ۱۲ منہ

حج پھر کرنا چاہیئے پہلے سب عمل اس کے حبط ہو گئے جب تک اس سے توبہ نہ کرے تب تک اگر یہ کوئی نیک عمل آیندہ کو کرے گا تو وہ بھی مقبول نہ ہو گا۔
دوسرے علاوہ اس کے ایک اور عمل بھی ہے کہ نص قطعی سے ثابت ہو گیا ہے کہ اس کا اثر بھی مثل کفر ہی کے ہے یعنی اس سے بھی حبط عمل ہو جاتا ہے اور وہ عمل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذا پہونچائی جائے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں بے ادبی کی جائے اگرچہ بلا مقصد ہو مگر قلت مبالات سے ہو اور اس سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرتبہ معلوم ہو گا کہ آپ کتنے جلیل القدر ہیں۔ وہ نص قطعی یہ ہے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْھَرُوْا لَہٗ بِالْقَوْلِ کَجَھْرِ بَعْضِکُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ٥ (اے ایمان والو! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز پر اپنی آواز بلند مت کرو اور نہ اُن سے اتنی زور سے بات چیت کرو جتنی زور سے تم آپس میں کرتے ہو (اس سے) تمہارے اعمال بیکار ہو جائیں گے اور تم کو احساس بھی نہ ہو گا) اس آیت میں صاف تصریح ہے کہ بے ادبی سے حبط عمل ہو گا اور اس آیت سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ شریعت اسلامی نے سلیقہ اور ادب بھی سکھلایا ہے۔
لوگ کہتے ہیں کہ شریعت میں سوائے نماز روزے کے اور رکھا کیا ہے واللہ العظیم لوگوں نے اسلام کی حقیقت دیکھی ہی نہیں اور جو کچھ دیکھا وہ ایسا ہے جیسا کہ کسی نے محبوب کا صرف ایک ناخن دیکھا ہو اور صورت چہرہ بالکل نہ دیکھا ہو۔ ایک بہت اچھی مثال یاد آئی اس سے ہماری حقیقت فہمی اور اصلی واقفیت کی پوری حقیقت کھل جاتے گی مشہور ہے کہ اندھوں کے شہر میں ایک ہاتھی آگیا تھا جب سنا تو اس کے دیکھنے کا شوق ہوا لیکن آنکھیں تو تھیں نہیں دیکھتے کیونکر آخر سب اکٹھے ہو کر پہونچے اور اس کے قریب جا کر سب نے ہاتھ سے چھو کر اسکو دیکھا کسی کا ہاتھ تو سونڈ پر پڑا کسی کا پیر پر پڑا کسی کے ہاتھ میں کان آگیا کسی نے دم پکڑ لی۔ دیکھ بھال کر آپس میں اس کی ہیئت کے متعلق گفتگو شروع ہوئی ایک نے

کہا کہ ایسا تھا جیسا کھمبا ہوتا ہے دوسرے نے کہا نہیں بلکہ جیسا سانپ تیسرے نے کہا نہیں بلکہ جیسے چھاج چوتھے نے کہا نہیں بلکہ جیسے موسل۔ مولانا رومی اس حکایت کو نقل کر کے لکھتے ہیں کہ اگر کوئی بینا ہوتا تو کہتا کہ تم سب سچے ہو اور سب جھوٹے ہو سچے تو اس لئے کہ جس نے جو کچھ دیکھا وہی آ کر بیان کر دیا۔ اور جھوٹے اس لئے کہ اصل حقیقت کی خبر ان میں سے کسی ایک کو بھی نہیں ہوئی اس وقت مسلمانوں کی بھی یہی حالت ہے کہ انھوں نے اسلام کو عموماً پورا نہیں دیکھا سمجھتے ہیں کہ صرف وضو نماز ہی کا نام اسلام ہے وبس۔ میں ایک مقام پر گیا وہاں ایک اسکول بھی تھا اور اس میں دینیات کی تعلیم بھی دی جاتی تھی نصاب دینیات کو دیکھا تو اس میں صرف راہ نجات اور غضب یہ کہ اس کو کافی سمجھتے تھے میں نے کہا کہ صاحبو اگر راہ نجات تمام ضروریات دین کے لئے کافی ہے تو بتلائیے اگر ایک شخص کے پاس تیل ہو دوسرا ایک کے پاس سرسوں ہو اور وہ دونوں ایک دوسرے سے بدلنا چاہیں تو اس کی کیا صورت ہوگی اور کیسے یہ بدلا جائے گا سنکر کہنے لگے کہ کیا یہ بھی کوئی مسئلہ ہے افسوس ہے کہ معاملات کو اور معاشرت کو علی العموم لوگوں نے دین سے خارج سمجھ رکھا ہے لیکن تعجب ہے کہ قانون خداوندی سے تو اپنے معاملات اور معاشرت کو مستثنیٰ سمجھ لیا اور گورنمنٹ کے قانون سے مستثنیٰ نہ سمجھا۔ کبھی کسی نے گورنمنٹ سے نہ کہا ہوگا کہ تجارت وغیرہ میں آپ کو کیا دخل ہے آپ صرف امور انتظام سلطنت میں ہم سے باز پرس کیجئے باقی یہ ہمارے ذاتی معاملات ہیں ہم کو لیسنس وغیرہ کا مقید کیوں کیا ہے کیا کوئی شخص ایسا کہہ سکتا ہے اور اگر کہے تو پھر دیکھئے گردن ناپی جاتی ہے یا نہیں۔ یقیناً گردن ناپی جائیگی اور کہا جائے گا کہ جب ہم حاکم ہیں تو ہم کو ہر امر میں قانون مقرر کرنے کا حق ہے۔ نہایت افسوس ہے کہ گورنمنٹ کو تو اس کہنے کا حقدار سمجھا جائے اور خدا تعالیٰ کے قانون کو صرف وضو اور نماز وغیرہ میں منحصر کر دیا جائے۔ تو خدا تعالیٰ نے ہر چیز کے لئے ایک قانون مقرر فرمایا ہے اور ہر چیز کا ایک قاعدہ بتلایا ہے مگر چونکہ لوگ دین کو تمام طور پر دیکھتے نہیں اس لئے صرف نماز روزہ یا زیادہ سے زیادہ معاملات تک شریعت کے

احکام کو وسعت دیجاتی ہے اور وضع اور معاشرت و اخلاق کو اس سے خارج سمجھتے ہیں نیز بعضے لوگوں کا یہ بھی خیال ہے کہ ہم تہذیب میں دوسری قوموں کے محتاج ہیں اور شریعت اسلام کو تہذیب سے معریٰ سمجھتے ہیں ان لوگوں کی بالکل ایسی مثال ہے جیسے کہ ایک یکچشم کی نسبت مشہور ہے کہ وہ دہلی گیا سیر کے لئے چاندنی چوک میں نکلا اتفاق سے آپ کی گردن بھی نہ مڑسکتی تھی اس لئے جاتے وقت صرف ایک طرف کی دکانیں نظر آئیں دوسری جانب کی نظر نہ آئیں جب وہاں سے واپس ہونے لگا تو دوسری جانب کی دکانیں نظر آئیں ان کو دیکھ کر آپ فرماتے ہیں کہ دلی کے لوگ بھی کیا ستم کے لوگ ہیں ابھی یہ دکانیں دہنی جانب تھیں ابھی ہمارے لوٹنے سے پہلے ان کو بائیں جانب اٹھاکر رکھدیا تو ہمارے بھائیوں نے بھی شریعت کو صرف ایک طرف سے دیکھا ہے اسلئے وہ محتاج سمجھتے ہیں ورنہ شریعت اسلام میں وہ تہذیب ہے کہ دنیا میں کسی قوم کے اندر بھی اتنی تہذیب نہیں ہے چند روز آکر ہمارے پاس رہو اور پھر دیکھو کہ وہ شریعت جس کو آج خونخوار تبلایا جارہا ہے وہ کیسی دل فریب ہے جب اس کی حقیقت سے واقف ہوگے تو اس پر عاشق ہوجاؤگے اور یہ کہوگے کہ ؎

زفرق تابقدم ہرکجاکہ مے نگرم کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست

کہ سر سے پیر تک جہاں نظر کرو دل کھنچا چلا جاتا ہے۔ تو ان ہی تہذیبوں میں سے ایک تہذیب یہ بھی ہے کہ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ اور اس سے معلوم ہوا کہ بڑوں کے سامنے ذرا جھک کر بولنا چاہیئے الخ بات جو کہو نہایت صاف کہو کہ اس میں کسی قسم کی پیچیدگی اور گنجلک نہ ہوجائے اسکا میں یہ منحوس حالت ہے کہ ہم دونوں میں فرق نہیں کرتے اب یا تو تکلف ہوتا ہے کہ اپنی حالت بھی صاف بیان نہیں کرتے جیساکہ آج کل مدعیان محبت کی یہ حالت ہے کہ اگر ادب کریں گے تو یہ کہ چار دن تک رہیں گے لیکن یہ نہ تبلائیں گے کہ کس ضرورت کے لئے آئے تھے اور جب عین چلنے کا وقت ہوگا تو کہیں گے کہ میرے بارے میں کیا ارشاد ہے اور اگر کہو کہ بھائی تم اپنی حالت تو کہی ہوتی پھر لے ڈالی ہوتی تو اس کا یہ جواب کہ حضرت

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تو سب روشن ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی تو خبر ہی نہیں ان کی حالت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر روشن ہوگئی میں کشف کا انکار نہیں کرتا لیکن کشف اختیاری نہیں ہوتا وہ بالکل خارج از اختیار ہے دیکھو حضرت یعقوب علیہ السلام کو مدت تک حضرت یوسف علیہ السلام کی خبر نہ ہوئی اگر کشف امر اختیاری تھا تو کیوں حضرت یعقوب علیہ السلام مطلع نہیں ہوئے اور جب خبر ہوئی تو اس طرح کہ مبشر کرتہ لیکر چلا تو آپ نے فرمایا کہ انی لاجد ریح یوسف لیکن یہ کہکر ڈرے کہ لوگ کہیں گے کہ اب تک تو آپ کو پتہ چلا نہیں اب یوسف علیہ السلام کی خوشبو آنے لگی اس لئے میرے کلام کو ہذیان پر محمول کرینگے۔ اس لئے فرمایا لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ (خوشبو آرہی ہے وہ (پاس والے) کہنے لگے کہ بخدا آپ تو اپنے اسی پرانے غلط خیال میں مبتلا ہیں۔) وہ حالت ہے کہ ؎

گہے برطارم اعلیٰ نشینم  گہے بر پشت پائے خود نہ بینم

(کبھی تو نہایت ہی بلند مقام پر بیٹھتا ہوں اور کبھی اپنے پیچھے بھی نہیں دیکھتا)

تو یہ کیا ضرورت ہے کہ ہر وقت کشف ہوا ہی کرے اور وہ تمہارا حال خود بخود جان جایا کرے۔ اس کی تعلیم فرماتے ہیں عارف شیرازی ؎

چندانکہ گفتم درد از طبیباں  درماں نہ کردند مسکیں غریباں

ما درد دل را با یار گفتیم  نتواں نہفتن درد از حبیباں

(میں نے ہر چند طبیبوں سے اپنا درد بیان کیا لیکن کسی نے مجھ مسکین غریب کا علاج نہیں کیا۔

ہم نے درد دل اپنے محبوب سے کہدیا اور محبوب سے درد کو پوشیدہ نہیں رکھ سکتے)

مصرع ثالث میں بتلا دیا کہ اپنا حالِ دل پوشیدہ نہ کرے۔ یہاں تک تعلیم ہے کہ اگر عیب بھی ہو تو مرشد سے صاف کہدے کہ میرے اندر یہ مرض ہے بعض لوگوں کی یہ حالت ہے کہ وہ لڑکوں کی محبت میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور اپنے اس مرض کو بلی کے گو کی طرح چھپاتے ہیں اس سے کچھ نتیجہ نہیں ہوتا۔ اور چھپانے کا حکم اس موقع پر ہے کہ جہاں اظہار میں کوئی مصلحت نہ ہو اور طبیب کو دکھلانے کی ممانعت نہیں ہے اظہار کی ممانعت ایسے

موقع بھرہے جیسے کہ ایک شخص کی نسبت سُنا ہے کہ جب حج کو گیا تو رمی جمار کے وقت ایک لنبا جوتہ لے کر ان تینوں پتھروں میں سے ایک پتھر کو خوب پیٹ رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ کمبخت فلاں دن تونے مجھ سے یہ گناہ کرایا تھا اور فلاں رات کو تونے مجھے زنا میں مبتلا کیا تھا تو ایسے موقع پر بلا کسی ضرورت اور مصلحت کے اظہار کرنا یہ تو حماقت ہے مگر طبیب سے ہرگز نہ چھپاؤ اور اگر یہ خیال ہے کہ ہم ان کی نظروں میں ذلیل ہو جائینگے تو ایسے شخص کو پیر نہ بناؤ جس پر یہ احتمال ہو کہ وہ تم کو ذلیل سمجھیگا یا رسوا کرے گا اور جو سچے لوگ ہوتے ہیں وہ کسی کو ذلیل نہیں سمجھتے کیونکہ جانتے ہیں کہ

ع تا یار کرا خواہد میلش بکہ باشد

(اس وجہ سے کہ پھر وہ دوست کس کو بناے گا اور کس کیطرف مائل ہوگا)

وہ تو کتے کو بھی ذلیل نہیں سمجھتے وہ کسی کی نسبت یہ خیال نہیں کرتے کہ یہ مقبول نہ ہوگا ان کا مذہب یہ ہے کہ ؎

غافل مرو کہ مرکب مردان زہد را     در سنگلاخ بادیہ پیما بریدہ اند
نومید ہم مباش کہ رندان بادہ نوش     ناگہ بیک خروش بمنزل رسیدہ اند

(غافل ہوکے مت چلا اس وجہ سے کہ اہل زہد کی سواریوں نے صحرا کی پتھریلی زمین میں ٹھوکریں کھائی اور اُن کے پاؤں کٹ گئے)

تو جن کا یہ مذہب ہو تو وہ کسی کو حقیر سمجھیں گے ہرگز نہیں اور اگر کہے کہ وہ کسی سے کہدینگے اور وہ ہم کو ذلیل سمجھیگا تو یاد رکھو کہ وہ کسی سے نہ کہیں گے وہ خدا کا راز تو کہتے نہیں جس کے ظاہر کرنے سے خدا تعالےٰ کا کوئی ضرر نہیں۔ تمہارا راز کیا کسی سے کہیں گے جس کا اظہار تمہارے لئے مضر ہے۔ حضرت شیخ عبدالحق ردولوی رحمۃ اللہ علیہ خود اسرار اللہ کے باب میں فرماتے ہیں کہ منصور بچہ بود از یک قطرہ بفریاد آمد اینجا مردانند کہ دریاہا فرو برند و آروغ نزنند (منصور بچہ تھا کہ ایک ہی قطرے میں فریاد کرنے لگا یہاں تو مرد ہیں کہ دریا کا دریا پی جاتے ہیں اور ڈکار تک نہیں لیتے) غرض جب یہ بھی اندیشہ نہیں تو ویسی ہی عزت سب کی نظر میں رہے گی جیسے کہ اب ہے اور ویسی ہی ان کی نظر میں بھی رہے گی

اور اسلئے حدیث میں آیا ہے کہ اگر ضرورت کی وجہ سے کچھ مانگو تو صلحا یعنی بزرگوں سے مانگو کیونکہ بھیک بوجہ اپنی ذلت اور دوسرے کی گرانی کے حرام ہے اور بزرگوں میں یہ دونوں باتیں نہ پائی جائیں گی ذلت تو اس لئے کہ وہ کسی کو ذلیل نہیں سمجھتے اور گرانی اس لئے نہیں ہوتی کہ وہ بوجہ آزادی کے پابند نہیں کہ ضرور ہی دیں اگر نہ ہو گا تو بے تکلف عذر کر دیں گے اور اگر کبھی غفلت سے ایسا ہوتا بھی کہ وہ ذلیل سمجھیں تو ان کو فوراً تنبیہ کی جاتی ہے اس لئے پھر آئندہ اس کا احتمال نہیں رہتا۔ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے مسجد میں ایک شخص کو دیکھا کہ خوب قوی اور تندرست موٹا تازہ ہے اور بھیک مانگتا ہے انھوں نے اپنے دل میں اس پر طعن اور اعتراض کیا رات کو خواب میں دیکھا کہ کوئی مردے کا گوشت کھانے کو کہتا ہے اور ان کے انکار پر کہتا ہے کہ تم نے آخر اس فقیر کی غیبت کر کے مردے کا گوشت کھایا نہیں تھا انھوں نے کہا کہ میں نے تو اس کو کچھ نہیں کہا۔ جواب ملا کہ کیا غیبت دل میں نہیں ہوتی بلکہ اول تو دل ہی میں پیدا ہوتی ہے ؎

ان الکلام لفی الفواد وانما جعل اللسان علی الفواد دلیلا

(کلام دل میں ہوتا ہے اور وہی زبان تو دل کی ترجمان بنائی گئی ہے)

آپ بیدار ہو کر چلے معاف کرانے کے لئے اس شخص نے آپ کو آتے دیکھ کر دور ہی سے یہ آیت پڑھی هُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ (وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتے ہیں) اور پھر فرمایا کہ پھر کبھی ایسا نہ کرنا۔ تو یہ شخص بہت بڑا کامل تھا غرض بزرگوں کی اس طرح اصلاح ہوتی رہتی ہے اس لئے وہ کسی کو حقیر نہیں سمجھتے بلکہ دنیا بھر سے اپنے ہی کو اذل و ارزل سمجھتے ہیں حتی کہ بزرگوں نے لکھا ہے کہ کوئی شخص مومن کامل نہیں ہوتا جب تک کہ اپنے کو کافر فرنگ سے بھی بدتر نہ سمجھے تو چونکہ وہ لوگ اپنے کو بہت ہی حقیر سمجھتے ہیں اس لئے ان کے سامنے اپنے عیب کا ظاہر کر دینا کچھ مضائقہ نہیں اور اگر کہو کہ کسی بزرگ کا کلام ہے کہ ؎

چہ حاجت است بپیش تو حال دل گفتن کہ حال خستہ دلاں را تو خوب میدانی

(تیرے سامنے حال دل کہنے کی کیا ضرورت ہے تو خستہ دلوں کی حالت کو خوب جانتا ہے)
تو سمجھو کہ یہ خطاب خدا تعالیٰ کو ہے نہ کہ کسی ولی یا بزرگ کو لیکن کہو خدا تعالیٰ سے بھی ضرور تاکہ تمہاری عاجزی اور احتیاج ظاہر ہو اور پیر سے اسلئے ضرور کہو کہ اس کو کشف ہونا ضروری نہیں ہے دوسرے اگر کبھی ہوا بھی ہو تو تم کو کیا خبر کیا تم کو بھی اس کے کشف کا کشف ہوا ہے تو یہ تو تکلف ہے بزرگوں کے پاس جاکر کچھ نہ کہئے اور یہ بے ادبی ہے کہ وہاں جاکر پتھر توڑنے لگے اسی کو فرماتے ہیں کہ لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ عرب میں بے تکلفی بہت زیادہ تھی بڑے بڑے لوگوں کے نام لیتے تھے چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام بھی بعض نے لیا خدا تعالیٰ نے اس تعلیم میں اس کی ممانعت فرمائی اور یہ فرمایا کہ ہم اس لئے کہتے ہیں کہ تمہارے اعمال حبط نہ ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ کے معنی میں یہ سمجھا ہوں کہ حبط ہوتا ہے ایذاء سے اور ایذا ہوتی ہے ایسے شخص کی بے ادبی سے جو مودب سمجھا جاتا ہو اور یہ فطری قاعدہ ہے چنانچہ حکام کو دیکھو کہ دیہاتیوں سے بہت سی باتیں گوارا کر لیتے ہیں جو کہ شہریوں سے ہرگز گوارا نہیں ہوسکتیں۔ ایک دیہاتی کی حکایت ہے کہ اس نے ایک درخواست پیش کی تو کاغذ پر ٹکٹ نہیں لگایا اور جب حاکم نے اس سے کہا کہ اس پر ٹکٹ لگاؤ تو روپیہ جیب سے نکال کر کہتا ہے لے روپیہ بس تیری صاحبی معلوم ہوگئی اس میں سے ٹکٹ لگا لیجو جو بچے رکھ لیجو حاکم ہنس کر خاموش ہوگیا اور درخواست مفت نے لی بھلا کوئی شہری تو ایسا کر کے دیکھے کہ اس کی کیا گت بنتی ہے اسی کو کہتے ہیں ؎

ملت عاشق ز ملتہا جدا ست عاشقاں را مذہب و ملت جدا ست

(عاشق کا مذہب سارے مذہبوں سے جدا ہے اور اُن کا مالک سب سے الگ ہے۔)

گر خطا گوید ورا خاطی مگو ور شود پُر خوں شہیداں را مشو

(اگر وہ غلط ہے تو اُن سے غلط گو مت کہو اور اگر وہ شہید ہو جائے تو اس کا خون مت دھوؤ

موسیا آداب داناں دیگر اند سوختہ جاں در دانا دیگر اند

(کالے بال والے اور آداب سے واقف دوسرے ہیں اور سوختہ جان اور روان ہونٹ والے دوسرے ہیں)

تو دیکھئے خود فرماتے ہیں کہ موسیا آداب دانا دیگر اند۔ اس لئے مولانا فرماتے ہیں کہ ؎

باادب تر نیست ز وکس در جہاں بے ادب تر نیست ز وکس در جہاں

(اس سے زیادہ باادب دنیا میں کوئی نہیں۔ اس سے زیادہ بے ادب دنیا میں کوئی نہیں)

اس کی کئی توجیہیں ہوسکتی ہیں منجملہ ان کے ایک یہ بھی ہے کہ بعض عشاق بہت باادب ہوتے ہیں اور بعض مغلوب الحال ہوتے ہیں اور پہلوں کو فوراً تنبیہ ہوتی ہے چنانچہ ایک بزرگ کا واقعہ ہے کہ انہوں نے ایک مرتبہ بارش پر یہ فرمایا کہ آج کیسے موقع سے بارش ہوئی ہے فوراً تنبیہ کی گئی کہ او بے ادب اور بے موقع کس روز ہوتی تھی سنکر ہوش اڑ گئے اور مواخذہ بالکل سچا ہے کیونکہ بے موقع کبھی بھی نہیں ہوتی تو باادب جب بے تمیزی کرتا ہے تو بہت ناگواری ہوتی اس کی اصلاح اس آیت میں فرماتے ہیں اور اس کی متعدد جگہ اصلاح فرمائی ہے چنانچہ ایک جگہ ارشاد ہے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنْكُمْ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ترجمہ کا حاصل یہ ہے کہ اے مومنو تم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھروں میں بجز دعوت کے ویسے مت جاؤ اور اس میں بھی پہلے سے جاکر انتظار تیاری میں مت بیٹھو بلکہ جب بلایا جائے جاؤ اور کھاتے ہی منتشر ہو جاؤ اور باتوں میں مشغول ہو کر مت بیٹھ جاؤ اس سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذا ہوتی ہے اور وہ لحاظ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کیوں شرمائے وہ تو خدا تعالیٰ ہیں۔ دیکھئے اس انداز سے کیا صاف معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے کیسا بید صڑک فرما دیا کہ واللہ لا یستحی من الحق ایک جگہ ارشاد ہے لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا (ان لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جنہوں نے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تکلیف پہونچائی تھی بس اللہ تعالیٰ نے انہیں ان کے قول سے بری کر دیا) غرض اس کا بہت اہتمام فرمایا گیا ہے کہ ایذا نہو تو ایذاء رسول حرام ہے اور اس کا وہ اثر ہے جو کہ کفر کا ہے اور بعض اوقات یہ خبر بھی نہیں ہوتی کہ ایذاء ہوتی ہے یا نہیں اور اعمال حبط ہوجاتے ہیں اس لئے ارشاد ہوا کہ وہ کام بھی نہ کرو جس میں ایذاء کا احتمال بھی ہو اور اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذاء پہونچانے سے اعمال حبط ہوجاتے ہیں البتہ اگر یہ ثابت ہوجائے کہ حبط کے کچھ اور معنی ہیں تو خیر لیکن اس وقت تک مجھے یہی معلوم ہے کہ حبط کے یہی معنی ہیں تو معاصی میں صرف یہ معصیت ایسی ہے البتہ کفر تو ایسی چیز ہے کہ طاعت کی بقاء اور صحت دونوں اس کے ترک پر موقوف ہیں۔ اور بعض معاصی ایسے ہیں کہ ان کا ترک ہی شرط بقاء عمل ہے یعنی عمل تو صحیح ہوگیا تھا لیکن وہ معلق رہا کہ اگر وہ عمل نہ ہوتا تو باقی رہتا ہے ورنہ باطل ہوجاتا ہے چنانچہ قرآن شریف میں ہے یَاۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى (اے مؤمنو اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور تکلیف پہونچا کر باطل مت کرو) لاتبطلوا کے معنی یہ ہیں کہ قبل مَنّ واذی ثواب تو ہوا تھا لیکن وہ من واذی سے پھر جاتا رہا۔ غرض بعض معاصی کو یہ دخل ہوا پس ہمارے اس دعوے میں کہ معاصی سے طاعات کا ثواب زائل نہیں ہوتا۔ معاصی سے مراد ایسے معاصی مذکورہ نہیں ہیں بلکہ وہ معاصی مراد ہیں جن کے وجود کو طاعت کے وجود یا بقاء میں دخل نہ ہو ایسے گناہوں میں دعویٰ کرتا ہوں کہ ان سے نیکیاں ضائع نہیں ہوتیں اور اس کی ایک اور بھی دلیل ہے فرماتے ہیں اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ (درحقیقت نیکیاں برائیوں کو ختم کرتی ہیں) تو گناہ کرنے سے اگر نیکیوں کا ثواب نہ ملے تو نیکیوں میں یہ اثر جو مصرح ہے کہاں سے آئیگا اور اس سے ایک بڑی بات یہ بھی معلوم ہوئی کہ گناہوں سے تو نیکیاں نہیں مٹتیں لیکن نیکیوں سے گناہ دھل جاتے ہیں تو یہ نہایت قوی دلیل ہے البتہ اس کے متعلق یہ مستقل تحقیق ہے کہ سیئات سے مراد یہاں صغائر ہیں یعنی نیکیوں سے جو گناہ معاف ہوتے ہیں وہ صغیرہ ہیں

اور کبائر صرف توبہ سے یا فضل بلا وعدہ سے معاف ہوتے ہیں البتہ ایک روایت سے شبہ ہوتا ہے کہ صغیرہ بھی جب معاف ہوتا ہے کہ جب کبیرہ سے بچا رہے کیونکہ حدیث میں ہے مَا اجتنب الکبائر۔ نیز ایک آیت سے بھی یہ شبہ ہوتا ہے آیت یہ ہے اِنْ تَجْتَنِبُوْا کَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ (اگر تم کبیرہ گناہوں سے جس سے کہ تمہیں روکا جاتا ہے بچتے رہو ہم اسے تمہارے صغیرہ گناہوں کا کفارہ بنادیں گے) اب ضرورت ہے اس حدیث اور آیت کے معنے سمجھنے کی تو حدیث کا مطلب یہ ہے کہ کفارات لما بینهن ما اجتنب الکبائر۔ اور ما عام ہے تو ترجمہ یہ ہوا کہ سارے گناہوںؔ کا کفارہ تو جب ہی ہے کہ کبائر سے بچے ورنہ سب کا نہیں بلکہ صرف صغائر کا ہوگاؔ یہ لازم نہیں آتا کہ صغیرہ بھی معاف نہ ہو اور آیت کے معنی اس سے بھی زیادہ صاف ہیں یعنی ان تجتنبوا میں ایک شرط کی دو جزائیں ہیں نُكَفِّرْ اور نُدْخِلْكُمْ مُدْخَلًا كَرِيمًا (ہم تمہیں بہترین جگہ داخل کریں گے) پس اس مجموعہ کے لئے جنا میں بیشک یہی شرط ہے کہ کبائر سے بھی بچے اور اگر کبائر صادر ہوتے تو مجموعہ مرتب نہ ہوگا۔ یعنی مدخل کریما بمعنی دخول جنت بلا عقاب وعتاب توبہ یا فضل پر موقوف ہوگا۔ پس اب وہ شبہ نہ رہا اور یہ ثابت رہا کہ گناہ معاف ہوتے ہیں حسنات سے تو اگر نیکیاں قبول نہ ہوتیں تو اس میں یہ اثر کہاں سے ہوا پس معلوم ہوا کہ قبول تو ہوئیں لیکن ان میں برکت نہیں ہوئی اور یہ برکت نہ ہونا اس حدیث سے ثابت ہے جس کو میں نے روزے کے باب میں پڑھا ہے۔ چنانچہ اب میں اس حدیث سے اس کو ثابت کرتا ہوں فرماتے ہیں کہ اگر گناہوں سے نہ بچے تو کھانا پینا چھوڑنے سے کیا فائدہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فائدہ کی نفی فرما رہے ہیں

---

عہ اریدبہا الصغائر وهذا توجیہ لفظی فقط لابقاء ما علی العموم والمراد فی موضعین هی الصغائر هکذا افاد فی الوعظ العلام ۱۲۔ فافهم۔

اور یہ میں پہلے بدلیل کہہ چکا ہوں کہ روزہ ہو جاتا ہے باوجود گناہوں کے بھی تو جو فائدہ منفی رہا وہ روزے کی برکت ہے اور اس سے وہ مقصود بھی ثابت ہوا جس کے لئے مقصوداً اس حدیث کو پڑھا ہے یعنی گناہ کے ترک کا اہتمام بالخصوص روزے میں ضروری ہے۔ اب میں زیادہ تطویل کرنا نہیں چاہتا ہر مسلمان جانتا ہے کہ گناہ برا ہے تو کم از کم مہینہ بھر کے لئے تو گناہ چھوڑ دو مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس مہینہ کے بعد گناہ کرنے کی اجازت ہے بلکہ نفس سے وعدہ لینا چونکہ مشکل ہے اس واسطے میں نے یہ کہا کہ ایک مہینے کے لئے تو گناہ نہ کرنے کا عہد کرلو۔ اس میں آسانی ہوتی ہے اور ہمیشہ کے لئے تنبہ ہو جاتا ہے۔ بعض نے اپنے نفس کو اسی طرح ایک ایک گھنٹہ دو دو گھنٹہ کا وعدہ لے کر بہلایا اور ذکر میں مشغول کیا ہے نفس جتنا شریر ہے اتنا ہی بھولا ہے اس کو شیطان نے شریر بنا رکھا ہے گو بزرگوں کے سامنے شیطان بھی بہت عاجز و پریشان ہوتا ہے اور اس کی عقل بھی چرخ ہو جاتی ہے۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کے پاس ایک شخص آیا نہایت ہی پریشان اور کہا کہ میں نے اپنا خزانہ ایک جگہ دفن کر دیا تھا اور اب مجھے یاد نہیں رہا کہ میں نے کہاں دفن کیا تھا آپ نے فرمایا کہ تو گھر جاکر نفلیں شروع کر دے اور پکا ارادہ کرلے کہ جب تک یاد نہ آئے گا برابر نفلوں میں مشغول رہوں گا انشاء اللہ تعالیٰ مل جائے گا۔ امام صاحب کا ذہن اس طرف گیا کہ شیطان نے اس کو بھلایا ہے۔ اور جب یہ نفلیں شروع کرے گا تو شیطان کو اس طاعت میں مشغول ہونے سے سخت رنج ہوگا اور وہ زیادہ دیر تک اس میں مشغول نہ رہنے دیگا اس لئے وہ فوراً یاد دلائےگا چنانچہ ایسا ہی ہوا تو اہل اللہ کے سامنے اس کی عقل بالکل چرخ ہے البتہ ہم جیسوں پر اس کا بہت زور ہے اور یہ ایسا گھاگ ہے کہ جب یہ مردود ہوا ہے تو لاغوین کے ساتھ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ بھی کہدیا تاکہ بات ہیٹی نہ ہو۔ حاصل یہ کہ شیطان کو بھی دھوکہ ہو جاتا ہے لیکن نفس کو بہت

ہی زیادہ ہوتا ہے کیونکہ نفس ہر ایک کا علیحدہ ہے اور کم عمر ہے تو گویا وہ بچہ ہے کہ شریر بھی اور بھولا بھی کیونکہ بچوں میں دو صفتیں ہوتی ہیں چنانچہ شریر بچوں کی حکایت یاد آئی ایک مرتبہ ایک میانجی کے پاس بتاشے آئے اس کو خیال ہوا کہ کھلے رکھونگا تو لڑکے کھا جائیں گے اسلئے بدھنے میں بھر کر اس کا منہ آٹے سے بند کردیا۔ ایک وقت جو میانجی کہیں گئے تو لڑکوں نے مشورہ کرکے بدھنے کی ٹونٹی میں کو پانی بھرا اور خوب شربت بنا کر پیا کسی نے خوب کہا ہے ؎

والنفس کالطفل ان تھملہ شب علی

حب الرضاع وان تفطمہ ینفطم

(نفس بچے کی طرح کہ اگر اسے چھوڑ دو تو جوان ہونے تک وہ دودھ پیتا رہتا ہے اور اگر دودھ چھڑا دو تو چھوڑ دے گا۔)

کہ نفس کی حالت بچے کی سی ہے کہ اگر دودھ نہ چھڑاؤ تو دس برس کی عمر تک بھی دودھ مانگے گا اور اگر چھڑا دو تو چھوڑ دیگا۔ اس لئے ایک بزرگ نے اس سے یہ صلح کرلی تھی کہ ایک گھنٹہ ذکر کرلو اس کے بعد پھر ایک گھنٹہ کے لئے اسی طرح مدتوں مشغول رہے ایک اور بزرگ کا واقعہ لکھا ہے کہ ان کو حلوا بہت مرغوب تھا تو اپنے نفس سے کہتے کہ دس رکعتیں پڑھ لو تو پھر حلوا کھا لینا چنانچہ پھر حلوا کھلا دیتے۔ ہمارے حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ نفس کو خوب کھلاؤ پلاؤ اور اس سے خوب کام لو کہ

ع۔ مزدور خوشدل کند کار بیش

(خوش دل مزدور زیادہ کام کرتا ہے)

واللہ یہ حکمت آب زر سے لکھنے کے قابل ہے اور حضرت کی ان حکمتوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ طبیب کامل تھے کیونکہ ہماری حالت یہ ہے کہ اگر کچھ دیتے رہو تو کام کرتا رہیگا ورنہ نہیں ہاں اتنا بھی نہ دو کہ شریر ہوجائے۔ غرض نہ اتنا کم دو کہ ضعیف ہوکر کام کرنے کے قابل بھی نہ رہے اور نہ اس قدر زیادہ دو کہ وہ بالکل ہی شریر ہوجائے۔ ہمارے تمام حضرات کا طریقہ یہی ہے کہ سہولت سے کام

ہو جائے۔ حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک شخص نے پوچھا کہ ذکر میں نیند بہت آتی ہے۔ فرمایا علاج یہ ہے کہ تکیہ رکھ کر سو رہا کرو۔ جب نیند بھر جائے پھر اٹھ کر کام میں لگ جاؤ۔ اللہ اکبر کس قدر آسانی ہے اور پھر یہ کہ مقصد میں کامیابی بھی ہوتی ہے۔ یہ محض اس کی بدولت ہے کہ ان حضرات کا سلسلہ بالکل سنت کے موافق اور یہ سب حضرات نہایت درجہ سنت کے متبع ہیں تو چونکہ اس سلسلے میں اتباع سنت ہے اسلئے اس میں لوگوں کو کامیابی تھوڑی سی توجہ میں ہو جاتی ہے تو یہ بزرگ جن کی حکایت بیان کی ان کی عادت سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ توسع کرنے دیتے۔ ہاں معاصی سے سختی سے روکنا چاہیئے اب بعض تو یہاں تک وسعت کرتے ہیں کہ معاصی سے بھی نہیں روکتے اور بعض اس قدر تنگی کرتے ہیں کہ مباحات کو بھی ترک کر دیتے ہیں حالانکہ مآل دونوں کا خراب ہے تو نفس سے یہ کہدو کہ رمضان تک کوئی گناہ نہ کرے اور صرف ایک مہینہ کا عہد اس سے لو پھر اس کے بعد میرا یقین ہے کہ رمضان تقوی کی حالت میں گذر گیا تو پھر یہ تقوے انشاء اللہ تعالی نہ ٹوٹیگا۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ رمضان جس حالت پر گذرتا ہے بقیہ گیارہ مہینے بھی نہایت آسانی سے اسی حالت پر گذر جاتے ہیں اور آسانی سے اس لئے کہا کہ تم یہ نہ کہو کہ گناہ سے گیارہ مہینہ تک بچا رہنا یہ تو ہمارا فعل اختیاری ہے اگر ہم قصد کرینگے تو بچے ہی رہیں گے اس میں رمضان کو کیا فضل ہوا۔ تو صاحبو فرق یہ ہے کہ ویسے دشواری سے بچتے اور رمضان کی برکت سے بآسانی بچ سکو گے اور قصد کی ضرورت تو ہر حال میں ہے غرض اس ماہ کے لئے سب گناہ چھوڑ دو زبان کے گناہ بھی جیسے گالیاں غیبت شکایت کرنا کسی ناجائز مضمون کا پڑھنا۔ کان کے گناہ بھی جیسے گالیاں سننا گانا سننا۔ ہاتھ کے گناہ بھی جیسے کسی پر ظلم کرکے اس کو مارنا پیٹنا۔ سودی مضمون کا لکھنا وغیرہ۔ اسی طرح پیر کے گناہ بھی جیسے ناچ کی مجلس میں جانا۔ جھوٹے مقدمے کی پیروی کے لئے جانا۔ جھوٹی شہادت کے لئے جانا اور سب سے بڑھ کر ایک گناہ ہے کہ اس کو تو ضرور ہی چھوڑ دینا چاہیئے یعنی پیٹ کا

گناہ کیونکہ اگر اس کو نہ چھوڑا تو دوسرے گناہوں کا چھوڑنا نہایت دشوار ہوگا اسلئے کہ پیٹ تمام بدن کا حوض ہے یہ ایک حدیث ہے پس اگر اس میں گندا پانی ہوگا تو تمام نالیوں میں گندا ہی پہونچیگا۔ اور یہ حدیث صحت ظاہر و باطن دونوں کیلئے عام ہے یعنی ظاہری بیماریاں بھی جتنی پیدا ہوتی ہیں اکثر ان کا سبب پیٹ ہی کی خرابی ہوتی ہے اسی طرح باطن کے امراض بھی جس قدر پیدا ہوتے ہیں ان کا منبع بھی بطن ہے تو جس طرح ظاہری امراض کے واسطے طبیب کے قول پر عمل کر کے پیٹ کی اصلاح کرتے ہو اسی طرح باطنی امراض کے ازالے کے لئے اطباء باطن کے قول پر عمل کر کے حرام کھانا چھوڑ دو ؎

صحت ایں حس بجوئید از طبیب    صحت آں حس بجوئید از حبیب

تو ایک صحت روحانی ہے اور ایک صحت جسمانی جسمانی تو یہ کہ جیسی غذا معدے میں ہوگی اُسی کے مناسب سب جگہ تقسیم ہوگی۔ اور روحانی یہ کہ اگر حلال غذا معدے میں پہونچی تو تمام اعضاء کو توفیق نیک اعمال کی ہوگی اور اگر حرام غذا پہونچی تو تمام اعضاء کو معاصی کی طرف میلان ہوگا۔ تو کم ازکم اتنا کرو کہ رمضان بھر کے لئے تو رشوت کا سود کا غصب کا موروثی کا اناج نہ کھاؤ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ رمضان کے بعد مثلاً موروثی کا کھانا حلال ہو جائیگا۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ اگر رمضان بھر اس سے بچے رہے تو پھر امید ہے کہ ہمیشہ بچے رہوگے اور جو لوگ ایسے ہیں کہ ان کے پاس تمام آمدنی موروثی ہی کی ہے وہ کم سے کم اتنا کریں کہ کسی سے بے سودی ادھار لے لیں اگرچہ اس کو اگلے ہی دن ادا کر دیں اور جس جگہ سے بھی ادا کریں گے مگر وہ اناج حلال ہو جائے گا اگرچہ یہ مسئلہ کہنے کے قابل نہ تھا کیونکہ اس سے لوگوں کی جرأت بڑھنے کا اندیشہ ہے لیکن شفقت کے غلبے نے کہلا دیا کہ ایک دس روپیہ کا اناج ادھار لے لو اور اگر روپیہ نہ ہوں تو اناج ہی اُدھار لے لو۔ اور اس میں ایک مسئلہ بھی سمجھ لو یعنی اناج اُدھار لینے کے دو طریقے ہیں ایک تو یہ کہ ہم تم کو اس کے عوض میں فلاں اناج دیدینگے

یہ تو ناجائز ہے اور اس میں بہت تفصیل ہے۔ دوسرا طریق وہ ہے کہ جس طرح علی العموم گھروں میں اُدھار لیا جاتا ہے کہ ایک سیر بھر آٹا دیدو جب ہمارے پاس ہوگا تو تم کو دیدیں گے تو تم اسی طرح بنئے سے اناج قرض لے لو اور پھر اس کا قرض چاہے موروثی اناج میں سے ادا کر دینا اور بنئے کے لئے موروثی اناج لینا حرام نہیں بلکہ اور بھی بہت سی باتیں اس کو حرام نہیں ہیں کیونکہ وہ خدا کا باغی ہے اس کے جرم بغاوت کے سامنے کہ وہ بہت بڑا جرم ہے ان چھوٹے چھوٹے جرموں پر مقدم نہیں ہوتا۔ غرض بنئے سے یوں کہہ کہ ہم کو اناج ادھار دیدو پھر ہم ادا کر دیں گے اس کے بعد چاہے ایک گھنٹہ میں ہی ادا کر دینا۔ اور اگر بے سودی نہ ملے تو ہرگز نہ لو مگر انشاء اللہ تعالے لا جائیگا مگر یہ نہ سمجھنا کہ یہ تو بہت اچھی ترکیب معلوم ہوگئی اب جب کبھی حرام چیز آیا کرے گی اس کے بدلے میں حلال چیز لے لیا کریں گے۔ سو یاد رکھو کہ میں نے جو بتایا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس میں کچھ بھی گناہ نہ ہوگا کئی گناہ اس میں بھی جمع ہیں۔ اول حرام اناج یا مال لینا۔ دوسرے کسی کو حرام دینا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اس صورت میں حرام کھانے سے بچ جائیگا گو دوسرے گناہ رہیں کہ ان کا ترک بھی واجب ہے اور حرام دینا یا کھلانا کسی کو ایسا گناہ ہے کہ کتے کو بھی کھلانا درست نہیں۔ اور اس سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ اکثر لوگ جو ناپاک چیز گائے یا بھینس کو کھلا دیتے ہیں یا بھنگن کو دیدیتے ہیں یہ جائز نہیں البتہ یہ جائز ہے کہ کسی جگہ رکھدیا جائے اور وہ حرص کے مارے بغیر تمہارے ایماء کے خود ہی اٹھا کر لیجائے یا کتا خود کھالے لیکن اگر تم سے کوئی پوچھے کہ میں اٹھالوں یا نہیں تو تم صاف کہدو کہ ہم سے کیوں پوچھتے ہو

غرض رمضان میں ہر قسم کے گناہ بالکل چھوڑ دو پھر انشاء اللہ تعالے وہ روزہ مبارک روزہ ہوگا اور پھر وہ روزہ تمہاری شفاعت کرے گا اور وہ روزہ وہ ہوگا جس کی بابت فرماتے ہیں انا اجزی بہ اور اگر گناہ

نہ چھوڑے تو روزہ تو ہو گا لیکن ایسا ہو گا کہ جیسے تم کسی اپنے دوست سے کہو کہ ہم کو ایک آدمی لادو اور وہ کسی ایسے آدمی کو لادے کہ اس کے کان بھی نہ ہوں آنکھ بھی نہ ہو لنگڑا بھی ہو لنجا بھی ہو بات بھی نہ کرسکتا ہو تو یہ شخص آدمی تو ضرور ہے لیکن محض بیکار صرف ایک سانس کے چلنے کی وجہ سے اس کو حیوان ناطق کہیں گے تو جیسے یہ شخص آدمی ہے بھی اور نہیں بھی ایسا ہی یہ روزہ ہے اور نہیں ہے اور یہ روزہ اس قابل ہے کہ اس کو روضہ میں دفن کردیا جائے اسلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس حدیث میں ترغیب دے رہے ہیں کہ روزہ میں گناہ کو بالکل چھوڑ دیا جائے۔

اب ختم کرتا ہوں مجھے جو کچھ کہنا تھا میں کہہ چکا ہوں۔ خدا تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ توفیق عطا فرمائیں آمین۔

تمت


# حج کا ارادہ اور حج کو جانے والے حضرات

## معلم الحجاج ضرور پڑھیں

یہ کتاب جس کے پاس ہو تو گویا اس کے ساتھ ایک چلتا پھرتا مولوی ہے جن مسلمانوں کا ارادہ حج کا ہو وہ آج ہی سے اس کا مطالعہ کرنا شروع کردیں تاکہ تمام مسائل حج اور دعائیں اور طریقے یاد ہو جائیں اور عین وقت پر فریضۂ حج ادا کرنے میں سہولت رہے اور کوئی غلطی نہ ہو جاوے اس کتاب میں حج کے ہزاروں مسئلے اور باتیں اور دعائیں اور طریقے سب درج ہیں اور ایک خاص بات یہ ہے کہ ۸ ذی الحجہ سے لے کر ۱۲ ذی الحجہ تک پانچ دن کا پورا طریقۂ حج شائع کردیا ہے یوں سمجھئے کہ اگر حاجی حضرات پوری کتاب کا مطالعہ نہ کرسکیں اور صرف یہی مقام اگر دیکھ لیں تو ان کے سفر حج کا مکمل طریقۂ حج اور نیت اور تمام دعائیں شروع ضمیمہ میں ہی مل جائیں گے۔ ۱۵/

ملنے کا پتہ: مکتبۂ تھانوی بندر روڈ کراچی ۱